ما اسند عثمان بن حنیف

8233- قال في المجمع جلد 1 صفحه 55' وفي اسناده جماعة لم أعرفهم . وقال جلد 2 صفحه 14' وفيه سعد بن عمران قال

التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيسَ الرَّازِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ دَاوُدَ بْنِ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، حَدَّثَنِي سَعْدُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ هِنْدَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عُثْمَانَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ أَنْ يَقْدَمَ مِنْ مَكَّةَ يَدْعُو النَّاسَ إِلَى الْإِيمَانِ بِاللَّهِ، وَتَصْدِيقًا بِهِ قَوْلًا بِلَا عَمَلٍ، وَالْقِبْلَةِ إِلَى بَيْتِ الْمَقْدِسِ، فَلَمَّا هَاجَرَ إِلَيْنَا نَزَلَتِ الْفَرَائِضُ، وَنَسَخَتِ الْمَدِينَةُ مَكَّةَ، وَالْقَوْلَ فِيهَا، وَنَسَخَ الْبَيْتُ الْحَرَامُ بَيْتَ الْمَقْدِسِ، فَصَارَ الْإِيمَانُ قَوْلًا وَعَمَلًا

ہیں کہ حضور ﷺ مکہ آنے سے پہلے لوگوں کو اللہ پر ایمان لانے اور بلاعمل تصدیق کرنے اور قبلہ بیت المقدس کی طرف بلاتے تھے' جب ہماری طرف ہجرت کی تو وراثت والی آیت نازل ہوئی' مدینہ نے مکہ کو منسوخ کر دیا اور اس میں قول (وتصدیق بلاعمل) کو بھی اور بیت اللہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے کے حکم والی آیت نے بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے کے حکم کو منسوخ کر دیا' تو ایمان قول وعمل والا ہو گیا۔

عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ الْجُمَحِيُّ

يُكْنَى أَبَا السَّائِبِ، بَدْرِيٌّ تُوُفِّيَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَنَةَ اثْنَتَيْنِ مِنَ الْهِجْرَةِ

نِسْبَةُ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونِ بْنِ حَبِيبِ بْنِ وَهْبِ بْنِ حُذَافَةَ بْنِ جُمَحِ بْنِ عَمْرِو بْنِ هُصَيْصِ بْنِ كَعْبٍ يُكْنَى أَبَا السَّائِبِ، وَكَانَ مِنْ مُهَاجِرَةِ الْحَبَشَةِ، وَقَدِمَ

حضرت عثمان بن مظعون جمحی رضی اللہ عنہ

آپ کی کنیت ابوسائب ہے' بدری ہیں' حضور ﷺ کے زمانہ میں ہجرت کے دوسرے سال فوت ہوئے۔

حضرت عثمان بن مظعون کا نسب: عثمان بن حبیب بن وہب بن حذافہ بن جمح بن عمرو بن ھصیص بن کعب ہے' آپ کی کنیت ابوسائب ہے' آپ نے حبشہ کی طرف ہجرت کی' ہجرت سے پہلے مکہ آئے' وہاں سے مدینہ کی

أبو حاتم: هو مثل الواقدي والواقدي متروك .

مَكَّةَ قَبْلَ الْهِجْرَةِ فَهَاجَرَ إِلَى الْمَدِينَةِ، وَشَهِدَ بَدْرًا

طرف ہجرت کی اور بدر میں شریک ہوئے۔

8234- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: وَأَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ، يَقُولُ: لَقَدْ رَدَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ التَّبَتُّلَ وَلَوْ أَحَلَّهُ لَاخْتَصَيْنَا

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کے بغیر شادی کے رہنے کو رد کر دیا' اگر آپ ﷺ اجازت دیتے تو ہم اپنے آپ کو خصی کر لیتے (یہ عثمان کا قول ہے)۔

8235- حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ حَدَّثَهُ، أَنَّ سَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ أَرَادَ أَنْ يَتَبَتَّلَ، فَنَهَاهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَعْدٌ: فَلَوْ أَجَازَ ذَلِكَ لَاخْتَصَيْنَا

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ نے بغیر شادی کے رہنے کا ارادہ کیا لیکن رسول کریم ﷺ نے اس سے منع کر دیا' حضرت سعد کا قول ہے: اس کی اگر آپ ﷺ اجازت دیتے تو ہم اپنے آپ کو خصی کر لیتے۔

8236- حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ رَاشِدٍ يُحَدِّثُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، قَالَ: رَدَّ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کو بغیر شادی کے رہنے کو رد کر دیا' اگر آپ ﷺ اجازت دیتے تو ہم اپنے آپ کو خصی کر لیتے۔

8234- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 10375' ورواه أحمد جلد1صفحه183,176,175' والبخاري رقم الحديث: 5074, 5073' ومسلم رقم الحديث: 1402' والنسائي جلد6صفحه58-59' والترمذي رقم الحديث: 1088' وابن ماجه رقم الحديث: 1848' وابن الجارود في المنتقى رقم الحديث: 674' والدارمي رقم الحديث: 2173' والبيهقي جلد7صفحه79 .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ التَّبَتُّلَ وَلَوْ أَجَازَ لَهُ التَّبَتُّلَ لَاخْتَصَيْنَا

8237- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: وَتَسْمِيَةُ الَّذِينَ خَرَجُوا إِلَى أَرْضِ الْحَبَشَةِ الْمَرَّةَ الْأُولَى قَبْلَ خُرُوجِ جَعْفَرٍ وَأَصْحَابِهِ: عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ، وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ، وَمَعَهُ امْرَأَتُهُ رُقَيَّةُ بِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ، وَأَبُو حُذَيْفَةَ بْنُ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ وَمَعَهُ امْرَأَتُهُ سَهْلَةُ بِنْتُ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو، وَوَلَدَتْ لَهُ بِأَرْضِ الْحَبَشَةِ مُحَمَّدَ بْنَ أَبِي حُذَيْفَةَ، وَالزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ، وَمُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ أَخُو بَنِي عَبْدِ الدَّارِ، وَعَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ، وَأَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الْأَسَدِ، وَامْرَأَتُهُ أُمُّ سَلَمَةَ، وَأَبُو سَبْرَةَ بْنُ أَبِي رُهْمٍ وَمَعَهُ أُمُّ كُلْثُومٍ بِنْتُ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو، وَسُهَيْلُ بْنُ بَيْضَاءَ، قَالَ: ثُمَّ رَجَعَ هَؤُلَاءِ الَّذِينَ ذَهَبُوا الْمَرَّةَ الْأُولَى قَبْلَ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي طَالِبٍ وَأَصْحَابِهِ حِينَ أَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ السُّورَةَ الَّتِي يَذْكُرُ فِيهَا: (وَالنَّجْمِ إِذَا هَوَى)

حضرت عروہ فرماتے ہیں: ان لوگوں کے نام جنہوں نے حضرت جعفر اور ان کے ساتھیوں کے نکلنے سے پہلے پہلی مرتبہ حبشہ کی طرف ہجرت کی' ان کے نام یہ ہیں: عثمان بن مظعون' عثمان بن عفان' آپ کے ساتھ رسول کریم ﷺ کی صاحبزادی حضرت رقیہ بھی تھیں' عبداللہ بن مسعود' عبدالرحمٰن بن عوف' ابوحذیفہ بن عتبہ بن ربیعہ' ان کی بیوی سہلہ بنت سہیل بن عمرو' حبشہ کی سرزمین پر ہی حضرت محمد بن ابوحذیفہ پیدا ہوئے' زبیر بن عوام' بنوعبدالدار کے فرد مصعب بن عمیر' عامر بن ربیعہ' ابوسلمہ بن عبدالاسد اور ان کی بیوی اُم سلمہ' ابوسبرہ بن ابورھم اور ان کے ساتھ اُم کلثوم بنت سہل بن عمرو اور سہل بن بیضاء۔ راوی کا بیان ہے: پھر حضرت جعفر بن ابوطالب سے پہلے یہ سارے جو پہلی بار گئے تھے' لوٹ آئے' جب اللہ تعالیٰ نے سورت نازل کی جس میں ذکر ہے: ''اور ستارے کی قسم جب وہ طلوع ہو''۔ مشرکین قریش نے کہا: اگر یہ آدمی ہمارے معبودوں کا ذکر بھلائی کے ساتھ کرے تو ہم اس کا اور اس کے ساتھیوں کا اقرار کر لیتے ہیں کیونکہ یہ کسی کا ذکر نہیں کرتے' ان میں سے جنہوں نے یہودیوں اور عیسائیوں میں ان کے دین کی مخالفت کی' اسی طرح وہ

عثمان بن مظعون الجمحی

-8237- قال فی المجمع جلد 6صفحه34 رواه الطبرانی هكذا مرسلًا وفيه ابن لهيعة أيضًا ۔ وزاد جلد 7صفحه72' ولا يحتمل هذا من ابن الهيعة ۔ قلت: فللحديث علتان الارسال وضعف ابن لهيعة لأن الراوی عنه ليس من العبادلة ۔ ولشيخنا محمد ناصر الدين الألبانی رسالة (نصب المجانيق لنسف قصة الغرانيق) فلتراجع ۔

(النجم: 1) ، وَقَالَ الْمُشْرِكُونَ مِنْ قُرَيْشٍ: لَوْ كَانَ هَذَا الرَّجُلُ يَذْكُرُ آلِهَتَنَا بِخَيْرٍ أَقْرَرْنَاهُ وَأَصْحَابَهُ، فَإِنَّهُ لَا يَذْكُرُ أَحَدًا مِمَّنْ خَالَفَ دِينَهُ مِنَ الْيَهُودِ، وَالنَّصَارَى بِمِثْلِ الَّذِي يَذْكُرُ بِهِ آلِهَتَنَا مِنَ الشَّتْمِ وَالشَّرِّ، فَلَمَّا أَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ السُّورَةَ الَّتِي يَذْكُرُ فِيهَا: (وَالنَّجْمِ) (النجم: 1) ، وَقَرَأَ: (أَفَرَأَيْتُمُ اللَّاتَ وَالْعُزَّى وَمَنَاةَ الثَّالِثَةَ الْأُخْرَى) (النجم: 20) أَلْقَى الشَّيْطَانُ فِيهَا عِنْدَ ذَلِكَ ذِكْرَ الطَّوَاغِيتِ فَقَالَ: وَإِنَّهُنَّ لَمِنَ الْغَرَانِيقِ الْعُلَى، وَإِنَّ شَفَاعَتَهُمْ لَتُرْتَجَى، وَذَلِكَ مِنْ سَجْعِ الشَّيْطَانِ وَفِتْنَتِهِ، فَوَقَعَتْ هَاتَانِ الْكَلِمَتَانِ فِي قَلْبِ كُلِّ مُشْرِكٍ، وَذَلَّتْ بِهَا أَلْسِنَتُهُمْ وَاسْتَبْشَرُوا بِهَا، وَقَالُوا: إِنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ رَجَعَ إِلَى دِينِهِ الْأَوَّلِ وَدِينِ قَوْمِهِ، فَلَمَّا بَلَغَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخِرَ السُّورَةِ الَّتِي فِيهَا النَّجْمُ، سَجَدَ وَسَجَدَ مَعَهُ كُلُّ مَنْ حَضَرَ مِنْ مُسْلِمٍ وَمُشْرِكٍ، غَيْرَ أَنَّ الْوَلِيدَ بْنَ الْمُغِيرَةِ كَانَ رَجُلًا كَبِيرًا فَرَفَعَ عَلَى كَفِّهِ تُرَابًا فَسَجَدَ عَلَيْهِ، فَعَجِبَ الْفَرِيقَانِ كِلَاهُمَا مِنْ جَمَاعَتِهِمْ فِي السُّجُودِ لِسُجُودِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَمَّا الْمُسْلِمُونَ فَعَجِبُوا مِنْ سُجُودِ الْمُشْرِكِينَ عَلَى غَيْرِ إِيمَانٍ وَلَا يَقِينٍ، وَلَمْ يَكُنْ

ہمارے معبودوں کا سب وشتم اور بُرائی کے ساتھ کرتے ہیں' پس جب اللہ تعالیٰ نے یہ سورت نازل کی جس میں ذکر ہے: ''قسم ہے نجم کی'' اور پڑھا: ''اے مشرکو! کیا تم نے لات اور عزیٰ کو دیکھا اور ایک اور تیسرے منات کو''۔ اس وقت شیطان نے مداخلت کی: طاغوتوں کے ذکر سے (یہ روایت پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچی' معتبر مفسرین نے اسے درست نہیں مانا' بہرحال ترجمہ کیا جا رہا ہے) اس کے بعد (شیطان نے) کہا: بے شک ان کی سفارش کی اُمید کی جاتی ہے' یہ شیطان کے جملے اور فتنہ تھا' پس یہ دونوں جملے ہر مشرک کے دل میں پڑے' اور اُنہوں نے کہا: حضرت محمد ﷺ نے اپنے پہلے اور قوم کے دین کی طرف رجوع کر لیا ہے۔ پس رسول کریم ﷺ سورت کے آخر پہ پہنچے جس میں نجم کا ذکر ہے (یعنی سورۂ نجم) تو سجدہ کیا اور آپ کے ساتھ موجود مسلمانوں اور مشرکوں سب نے سجدہ کیا سوائے ولید بن مغیرہ کے' وہ بوڑھا تھا۔ پس اس نے اپنی ہتھیلی پہ خاک لگا کر اس پر سجدہ کر لیا۔ پس دونوں فریقوں نے اس پہ بڑا تعجب کیا کہ رسول کریم ﷺ کے سجدہ کی وجہ سے سارے سجدے میں اکٹھے ہو گئے ہیں' بہرحال بغیر ایمان ویقین کے مشرکین کے سجدہ کرنے پر مسلمانوں کو حیرانی ہوئی جبکہ مسلمانوں نے وہ جملے نہ سنے جو شیطان نے مشرکوں کی زبان پر جاری کیے تھے لیکن مشرکوں کے دل نبی کریم ﷺ اور ان کے ساتھیوں کے حوالے سے مطمئن ہو گئے' جب اُنہوں نے وہ چیز سنی جو شیطان نے ان کے سامنے نبی کریم ﷺ کی اُمید بنا کر

الْمُسْلِمُونَ سَمِعُوا الَّذِي أَلْقَى الشَّيْطَانُ عَلَى أَلْسِنَةِ الْمُشْرِكِينَ، وَأَمَّا الْمُشْرِكُونَ فَاطْمَأَنَّتْ أَنْفُسُهُمْ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابِهِ لَمَّا سَمِعُوا الَّذِي أَلْقَى الشَّيْطَانُ فِي أُمْنِيَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَحَدَّثَهُمُ الشَّيْطَانُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ قَرَأَهَا فِي السَّجْدَةِ فَسَجَدُوا لِتَعْظِيمِ آلِهَتِهِمْ، فَفَشَتْ تِلْكَ الْكَلِمَةُ فِي النَّاسِ، وَأَظْهَرَهَا الشَّيْطَانُ حَتَّى بَلَغَتِ الْحَبَشَةَ، فَلَمَّا سَمِعَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ، وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ وَمَنْ كَانَ مَعَهُمْ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ أَنَّ النَّاسَ قَدْ أَسْلَمُوا وَصَلَّوْا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَبَلَغَهُمْ سُجُودُ الْوَلِيدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ عَلَى التُّرَابِ عَلَى كَفَّيْهِ أَقْبَلُوا سِرَاعًا، وَكَبُرَ ذَلِكَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا أَمْسَى أَتَاهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَشَكَا إِلَيْهِ فَأَمَرَهُ فَقَرَأَ عَلَيْهِ، فَلَمَّا بَلَغَهَا تَبَرَّأَ مِنْهَا جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَقَالَ: مَعَاذَ اللَّهِ مِنْ هَاتَيْنِ، مَا أَنْزَلَهُمَا رَبِّي وَلَا أَمَرَنِي بِهِمَا رَبُّكَ، فَلَمَّا رَأَى ذَلِكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَقَّ عَلَيْهِ، وَقَالَ: أَطَعْتُ الشَّيْطَانَ وَتَكَلَّمْتُ بِكَلَامِهِ وَشَرَكَنِي فِي أَمْرِ اللَّهِ فَنَسَخَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ مَا أَلْقَى الشَّيْطَانُ، وَأَنْزَلَ عَلَيْهِ: (وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَسُولٍ وَلَا نَبِيٍّ إِلَّا إِذَا

پیش کی اور ان لوگوں سے شیطان نے ہی یہ بات کی کہ رسول کریم ﷺ نے اس کو سجدہ میں پڑھا ہے۔ پس اُنہوں نے اپنے معبودوں کی تعظیم میں سجدہ کیا۔ پس یہ بات لوگوں میں عام ہوگئی حالانکہ اس کا اظہار کرنے والا فقط شیطان تھا یہاں تک کہ حبشہ تک پہنچ گئی۔ پس جب حضرت عثمان بن مظعون' حضرت عبداللہ بن مسعود اور ان کے مکی ساتھیوں نے سنی' مکہ والوں کے حوالے سے کہ لوگ مسلمان ہو گئے ہیں اور انہوں نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی ہے' اور ان کو ولید بن مغیرہ کے ہاتھوں پر مٹی اُٹھا کر سجدہ کرنے کا پتہ بھی چلا تو اُنہوں نے واپس آنے میں جلدی کی۔ رسول کریم ﷺ پر یہ چیز بڑی گراں گزری' پس جب شام ہوئی تو حضرت جبریل علیہ السلام' آپ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور شکایت کی۔ پس حضرت جبریل علیہ السلام نے پڑھنے کو کہا تو آپ نے پڑھا' پس جب آپ اس تک پہنچے تو جبریل نے ان سے برأت کا اظہار کر لیا اور بولے: ان دو جملوں سے خدا کی پناہ! میرے رب نے ان کو نازل نہیں کیا اور نہ تیرے رب نے مجھے حکم دیا۔ پس جب رسول کریم ﷺ نے یہ بات دیکھی تو آپ کو گراں گزری۔ فرمایا: کیا میں نے شیطان کا کہا مانا ہے اور اس کی کلام کی ہے اور اللہ کے معاملہ میں وہ میرے ساتھ شریک ہو گیا ہے' پس مٹا دی اللہ نے وہ چیز جو شیطان نے ڈالی تھی اور آپ ﷺ پر یہ آیات نازل فرمائیں: ''اور ہم نے تم سے پہلے کوئی رسول نہیں بھیجا اور نہ نبی مگر جب اس نے پڑھا تو شیطان نے اس کے پڑھنے

تَمَنَّى أَلْقَى الشَّيْطَانُ فِي أُمْنِيَّتِهِ فَيَنْسَخُ اللَّهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللَّهُ آيَاتِهِ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ لِيَجْعَلَ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ فِتْنَةً لِلَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ وَالْقَاسِيَةِ قُلُوبُهُمْ وَإِنَّ الظَّالِمِينَ لَفِي شِقَاقٍ بَعِيدٍ) (الحج:52) ، فَلَمَّا بَرَّأَهُ اللَّهُ مِنْ سَجْعِ الشَّيْطَانِ وَفِتْنَتِهِ، انْقَلَبَ الْمُشْرِكُونَ بِضَلَالِهِمْ وَعَدَاوَتِهِمْ، وَبَلَغَ الْمُسْلِمِينَ مِمَّنْ كَانَ بِأَرْضِ الْحَبَشَةِ وَقَدْ شَارَفُوا مَكَّةَ، فَلَمْ يَسْتَطِيعُوا الرُّجُوعَ مِنْ شِدَّةِ الْبَلَاءِ الَّذِي أَصَابَهُمْ وَالْجُوعِ وَالْخَوْفِ، خَافُوا أَنْ يَدْخُلُوا مَكَّةَ فَيُبْطَشَ بِهِمْ، فَلَمْ يَدْخُلْ رَجُلٌ مِنْهُمْ إِلَّا بِجِوَارٍ، وَأَجَارَ الْوَلِيدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُونٍ، فَلَمَّا أَبْصَرَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ الَّذِي لَقِيَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابَهُ مِنَ الْبَلَاءِ، وَعُذِّبَتْ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ بِالنَّارِ وَبِالسِّيَاطِ، وَعُثْمَانُ مُعَافًى لَا يُعْرَضُ لَهُ رَجَعَ إِلَى نَفْسِهِ فَاسْتَحَبَّ الْبَلَاءَ عَلَى الْعَافِيَةِ، وَقَالَ: أَمَا مَنْ كَانَ فِي عَهْدِ اللَّهِ وَذِمَّتِهِ وَذِمَّةِ رَسُولِهِ الَّذِي اخْتَارَ لِأَوْلِيَائِهِ مِنْ أَهْلِ الْإِسْلَامِ، وَمَنْ دَخَلَ فِيهِ فَهُوَ خَائِفٌ مُبْتَلًى بِالشِّدَّةِ وَالْكَرْبِ عَمَدَ إِلَى الْوَلِيدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ فَقَالَ: يَا ابْنَ عَمِّ، قَدْ أَجَرْتَنِي فَأَحْسَنْتَ جِوَارِي، وَإِنِّي أُحِبُّ أَنْ تُخْرِجَنِي إِلَى عَشِيرَتِكَ فَتَكُونَ أَمْنِي بَيْنَ أَظْهُرِهِمْ، فَقَالَ لَهُ

میں ڈال دیا تو اللہ اسے مٹا دیتا ہے جو شیطان ڈالتا ہے' پھر اللہ اپنی آیتوں کو پکا کر دیتا ہے اور اللہ خوب جاننے والا حکمت والا ہے تا کہ اللہ اس کو جو شیطان ڈالتا رہا ہے ان لوگوں کے لیے آزمائش بنا دے جن کے دلوں میں بیماری ہے اور جن کے دل سخت ہیں اور بے شک ظلم کرنے والے ضرور دُور کے جھگڑے میں ہیں''۔ پس جب اللہ تعالیٰ نے سجع شیطان اور اس کے فتنہ سے برأت کا اظہار فرمایا تو مشرکین دوبارہ گمراہی اور دشمنی کی طرف لوٹ گئے اور جب یہ بات حبشہ والوں کو پہنچی تو وہ مکہ کے قریب پہنچ چکے تھے۔ پس اب وہ واپس نہیں لوٹ سکتے تھے۔ سخت آزمائش' بھوک اور خوف کی وجہ سے کہ وہ مکہ میں داخل ہوئے تو ان کو پکڑ لیا جائے۔ پس ان میں سے کوئی آدمی مکہ میں داخل نہ ہوا' البتہ مضافات میں اُتر گئے جبکہ حضرت عثمان بن مظعون کو ولید بن مغیرہ نے پناہ دی۔ پس جب حضرت عثمان بن مظعون نے رسول کریم ﷺ اور آپ کے صحابہ کو آزمائش میں مبتلا دیکھا اور یہ دیکھا کہ ان میں سے ایک گروہ کو آگ اور کوڑوں سے تکالیف میں ڈالا گیا ہے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ عافیت میں ہیں' انہیں کوئی آزمائش نہیں آئی تو اُنہوں نے اس پر غور وفکر کیا۔ پس اُنہوں نے عافیت والی زندگی پر آزمائش والی زندگی کو پسند کیا اور کہا: بہرحال جو اللہ کے عہد اور ذمہ میں اور رسول کریم ﷺ کے ذمہ میں ہے جس نے اپنے اہل اسلام دوستوں اور اسلام میں داخل ہونے والوں کیلئے پسند کیا ہے کہ وہ خوف میں ہوں اور سختی اور مصیبت میں مبتلا ہوں تو

عثمان بن مظعون الجمحی

الْوَلِيدُ: ابْنَ أَخِي، لَعَلَّ أَحَدًا آذَاكَ وَشَتَمَكَ وَأَنْتَ فِي ذِمَّتِي فَأَنْتَ تُرِيدُ مَنْ هُوَ أَمْنَعُ لَكَ مِنِّي فَأَكْفِيكَ ذَلِكَ؟ قَالَ: لَا وَاللّٰهِ مَا بِي ذَلِكَ، وَمَا اعْتَرَضَ لِي مِنْ أَحَدٍ، فَلَمَّا أَبَى عُثْمَانُ إِلَّا أَنْ يَتَبَرَّأَ مِنْهُ الْوَلِيدُ أَخْرَجَهُ إِلَى الْمَسْجِدِ وَقُرَيْشٌ فِيهِ كَأَحْفَلِ مَا كَانُوا، وَلَبِيدُ بْنُ رَبِيعَةَ الشَّاعِرُ يُنْشِدُهُمْ، فَأَخَذَ الْوَلِيدُ بِيَدِ عُثْمَانَ فَأَتَى بِهِ قُرَيْشًا، فَقَالَ: إِنَّ هَذَا غَلَبَنِي وَحَمَلَنِي عَلَى أَنْ أَبْرَأَ إِلَيْهِ مِنْ جِوَارِي، أُشْهِدُكُمْ أَنِّي مِنْهُ بَرِيءٌ، فَجَلَسَا مَعَ الْقَوْمِ، وَأَخَذَ لَبِيدُ يُنْشِدُهُمْ، فَقَالَ:

(البحر الطويل)

أَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا اللّٰهَ بَاطِلُ

فَقَالَ عُثْمَانُ: صَدَقْتَ، ثُمَّ إِنَّ لَبِيدَ أَنْشَدَهُمْ تَمَامَ الْبَيْتِ:

وَكُلُّ نَعِيمٍ لَا مَحَالَةَ زَائِلُ

فَقَالَ: كَذَبْتَ فَأُسْكِتَ الْقَوْمُ وَلَمْ يَدْرُوا مَا أَرَادَ بِكَلِمَتِهِ ثُمَّ أَعَادَهَا الثَّانِيَةَ وَأَمَرَ بِذَلِكَ، فَلَمَّا قَالَهَا قَالَ مِثْلَ كَلِمَتِهِ الْأُولَى وَالْآخِرَةِ صَدَّقَهُ مَرَّةً، وَكَذَّبَهُ مَرَّةً، وَإِنَّمَا يُصَدِّقُهُ إِذَا ذَكَرَ كُلَّ شَيْءٍ يَفْنَى وَإِذَا قَالَ: كُلُّ نَعِيمٍ ذَاهِبٌ كَذَّبَهُ عِنْدَ ذَلِكَ: إِنَّ نَعِيمَ أَهْلِ الْجَنَّةِ لَا يَزُولُ، نَزَعَ عِنْدَ ذَلِكَ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ فَلَطَمَ عَيْنَ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ فَاخْضَرَّتْ مَكَانَهَا،

اُنہوں نے ولید بن مغیرہ کی طرف جانے کا ارادہ فرمایا' اس سے جا کر کہا: اے چچا کے بیٹے! تُو نے مجھے پناہ دی اور خوبصورت پناہ دی۔ میں پسند کرتا ہوں کہ تُو مجھے اپنے قریبی رشتہ داروں کے پاس جانے دے! جب میں ان کے درمیان ہوں گا تو تُو مجھ سے بری ہوگا۔ ولید نے اس سے کہا: اے میرے بھائی کے بیٹے! ممکن ہے کوئی تجھے تکلیف دے' تجھے گالی نکالے جبکہ تُو میرے ذمہ میں ہے' کیا تُو ان کے پاس جانا چاہتا ہے جو مجھ سے زیادہ تیرا دفاع کر سکتے ہیں' پس کیا میں تجھے ان چیزوں کی طرف سے کافی نہیں ہوں۔ کہنے لگے: نہیں! قسم بخدا! کوئی ایسا نہیں ہے' مجھے اور جو چیز مجھے کسی سے پیش آئے۔ پس جب حضرت عثمان نے ولید کے بری ہونے کے علاوہ ہر صورت سے انکار کر دیا تو ولید انہیں مسجد میں لے کر گیا' جبکہ قریش وہاں اکٹھے ہو کر بیٹھے تھے اور لبید بن ربیعہ شاعر شعر کہہ رہا تھا تو ولید' عثمان رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر قریشیوں کے سامنے لایا اور کہا: بے شک یہ آدمی مجھ پر غالب آ گیا اور اس نے مجھے مجبور کر دیا کہ میں اس کو پناہ دینے سے اپنی برأت کا اظہار کر دوں' میں تمہیں گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ میں اس سے بَری ہوں۔ پس وہ دونوں قوم کے ساتھ بیٹھ گئے اور لبید نے شعر کہنا شروع کر دیئے۔ پس اس نے کہا: (بحر کامل)

''خبردار! اللہ کے سوا ہر چیز باطل ہے''۔

تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: تُو نے سچ کہا۔

پھر لبید نے شعر کو مکمل کیا:

فَقَالَ الْوَلِيدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ وَأَصْحَابُهُ: قَدْ كُنْتَ فِي ذِمَّةٍ مَانِعَةٍ مَمْنُوعَةٍ، فَخَرَجْتَ مِنْهَا إِلَى هَذَا، وَكُنْتَ عَمَّا لَقِيتَ غَنِيًّا، ثُمَّ ضَحِكُوا، فَقَالَ عُثْمَانُ: بَلْ كُنْتُ إِلَى هَذَا الَّذِي لَقِيتُ مِنْكُمْ فَقِيرًا، وَعَيْنِي الَّتِي لَمْ تُلْطَمْ إِلَى مِثْلِ هَذَا الَّذِي لَقِيَتْ صَاحِبَتُهَا فَقِيرَةٌ، لِي فِيمَنْ هُوَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْكُمْ أُسْوَةٌ، فَقَالَ لَهُ الْوَلِيدُ: إِنْ شِئْتَ أَجَرْتُكَ الثَّانِيَةَ، فَقَالَ: لَا أَرَبَ لِي فِي جِوَارِكَ

''اور ہر نعمت کرنے والا لازمی طور پر ختم ہونے والا ہے''۔

کہا: تُو نے جھوٹ بولا' پس قوم پر خاموشی طاری ہو گئی لیکن وہ بات نہ سمجھ سکے کہ اس نے یہ کہنے سے کیا ارادہ کیا ہے' پھر اس نے یہ شعر دوسری بار کہے اور اس کے ساتھ حکم دیا۔ پس جب اس نے پہلا جملہ کہا تو آپ نے اس کی تصدیق کی اور جب اس نے دوسرا جملہ کہا تو اس کی تکذیب کی لیکن جب اس نے کہا: ہر شی فنا ہونے والی ہے تو آپ نے اس کی تصدیق کی' اور جب اس نے کہا: ہر نعمت کرنے والا' جانے والا ہے تو اس وقت آپ رضی اللہ عنہ نے اس کی تکذیب کی۔ (اور کہا کہ) بے شک جنتیوں کی نعمتیں ختم ہونے والی نہیں ہیں۔ یہ بات کہنے کے وقت قریشیوں میں سے ایک آدمی نکلا اور اُس نے حضرت عثمان بن مظعون کی آنکھ پر طمانچہ مارا تو وہ اسی وقت سیاہ ہو گئی۔ ولید بن مغیرہ اور اس کے ساتھیوں نے کہا: تحقیق تُو روکنے والے' روکے گئے ذمہ میں تھا تو تُو اس حالت کی طرف نکلا جبکہ تُو اس سے بے پرواہ تھا جس سے تُو ملا ہے' پھر سارے ہنس پڑے تو حضرت نے کہا: میں محتاج تھا اس صورت کی طرف تمہاری طرف سے جس سے میں ملا ہوں اور میری وہ آنکھ جس پر طمانچہ نہیں لگا' محتاج ہے اس آنکھ کی جس پر طمانچہ لگا ہے' تمہاری طرف سے یہ رویہ مجھے پسند ہے۔ ولید نے آپ سے کہا: اگر آپ چاہیں تو میں دوبارہ تمہیں پناہ دوں۔ آپ نے فرمایا: تمہاری پناہ کی مجھے کوئی ضرورت نہیں۔

8238- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مِهْرَانَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: لَمَّا مَاتَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ قَالَتِ امْرَأَتُهُ: هَنِيئًا لَكَ الْجَنَّةُ فَنَظَرَ إِلَيْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَظْرَةَ غَضْبَانٍ، فَقَالَ: وَمَا يُدْرِيكِ؟ فَقَالَتْ: فَارِسُكَ وَصَاحِبُكَ، فَقَالَ رَسُولُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاللَّهِ مَا أَدْرِي مَا يُفْعَلُ بِي فَاشْتَدَّ ذَلِكَ عَلَى أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قَوْلِهِ لِعُثْمَانَ، وَهُوَ مِنْ أَفْضَلِهِمْ، فَلَمَّا مَاتَتْ رُقَيَّةُ بِنْتُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْحَقِي بِسَلَفِنَا عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جب حضرت عثمان بن مظعون کا وصال ہوا تو ان کی بیوی نے کہا: آپ کو جنت مبارک ہو! (آپ وہاں پرسکون سے رہیں)' تو نبی کریم ﷺ نے ان کی طرف غصے کی نظر سے دیکھا۔ فرمایا: تجھے کیا معلوم؟ اس نے عرض کی: آپ کے شاہسوار اور آپ کے صحابی تھے (ابھی جنتی نہ ہوں گے)۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: قسم بخدا! میں اٹکل پچو (اندازے اور اپنی عقل) سے نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا ہوگا۔ پس حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے حوالے سے آپ کی یہ بات صحابہ کرام پر گراں گزری کیونکہ وہ ان پر فضیلت رکھنے والے تھے۔ پس جب حضرت رقیہ بنت رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوا تو فرمایا: ہمارے پہلے جانے والوں یعنی حضرت عثمان بن مظعون سے مل جاؤ۔

8239- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْعَلَاءِ، عَنِ ابْنِ أَنْعُمَ، أَنَّ سَعْدَ بْنَ مَسْعُودٍ الْكِنْدِيَّ، قَالَ: أَتَى عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي

حضرت سعد بن مسعود الکندی فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے' عرض کی: یارسول اللہ! میں شرم محسوس کرتا ہوں کہ میری بیوی میری شرمگاہ دیکھے' آپ ﷺ نے فرمایا: کیوں؟ تجھے اس کے لیے لباس اور اُسے تیرے لیے لباس

8238- قال في المجمع جلد 9صفحه302' ورجاله ثقات وفي بعضهم خلاف . وقال جلد 3صفحه17' رواه أحمد رقم الحديث:2127' وفيه علي بن زيد وفيه كلام وهو موثق . ورواه ابن سعد (290/1/3)' وابن عبد البر في الاستيعاب جلد3صفحه1055-1056) .

8239- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:10471' قال في المجمع جلد4صفحه294' وفيه يحيى بن العلاء وهو متروك .

أَسْتَحْيِي أَنْ يَرَى أَهْلِي عَوْرَتِي، قَالَ: وَلِمَ؟ وَقَدْ جَعَلَكَ لَهُمْ لِبَاسًا وَجَعَلَهُمْ لَكَ لِبَاسًا، قَالَ: أَكْرَهُ ذَلِكَ، قَالَ: فَإِنَّهُمْ يَرَوْنَهُ مِنِّي وَأَرَاهُ مِنْهُمْ، قَالَ: أَنْتَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَنَا، قَالَ: أَنْتَ؟ فَمَنْ بَعْدَكَ إِذًا؟ قَالَ: فَلَمَّا أَدْبَرَ عُثْمَانُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُونٍ لَحَيِيٌّ سِتِّيرٌ

بنایا گیا ہے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں تو یہ ناپسند کرتا ہوں کہ میں اس کی شرمگاہ دیکھوں اور وہ میری شرمگاہ دیکھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تُو اللہ کا رسول ہے یا میں ہوں؟ عرض کی: آپ اللہ کے رسول ہیں' آپ کے سوا کون ہوسکتا ہے؟ راوی کہتا ہے: پس جب حضرت عثمان چلے گئے تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک عثمان بن مظعون حیاؤں والا اور زیادہ پردہ کرنے والا ہے۔

8240- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، وَعُمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: دَخَلَتِ امْرَأَةُ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ - اسْمُهَا خَوْلَةُ بِنْتُ حَكِيمٍ - عَلَى عَائِشَةَ وَهِيَ بَاذَّةُ الْهَيْئَةِ فَسَأَلَتْهَا: مَا شَأْنُكِ؟ قَالَتْ: زَوْجِي يَقُومُ اللَّيْلَ وَيَصُومُ النَّهَارَ، فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذَلِكَ لَهُ عَائِشَةُ، فَلَقِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُثْمَانَ فَقَالَ: يَا عُثْمَانُ إِنَّ الرَّهْبَانِيَّةَ لَمْ تُكْتَبْ عَلَيْنَا، أَمَا لَكَ فِيَّ أُسْوَةٌ، فَوَاللَّهِ إِنَّ أَخْشَاكُمْ لِلَّهِ وَأَحْفَظَكُمْ لِحُدُودِهِ لَأَنَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حضرت عثمان بن مظعون کی اہلیہ کے پاس آئی' ان کا نام خولہ بنت حکیم تھا' ان کی حالت خراب تھی' انہوں نے اس کے متعلق پوچھا تو حضرت خولہ نے عرض کی: میرا شوہر رات کو قیام کرتا ہے اور دن کو روزہ رکھتا ہے۔ حضور ﷺ گھر آئے تو آپ کی بارگاہ میں یہ بات عرض کی گئی' حضور ﷺ حضرت عثمان سے ملے تو فرمایا: اے عثمان! رہبانیت ہم پر فرض نہیں ہے' میری زندگی تم حضرات کے لیے نمونہ ہے' اللہ کی قسم! میں تم سے زیادہ اللہ سے ڈرتا ہوں اور اللہ کی حدود کی حفاظت کرتا ہوں۔

8240- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 10375' أحمد جلد5صفحه268,226,106' والبزار (جلد 2صفحه126 زوائد البزار)' وروى أبو داؤد بعضه رقم الحديث: 1356' قال في المجمع جلد4صفحه301' وأسانيد أحمد رجالها ثقات الا أن طريق ان أخشاكم أسندها أحمد ووصلها البزار برجال ثقات .

مَا أَسْنَدَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُون

حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ احادیث

8241- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ قُدَامَةَ الْجُمَحِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، وَعَنْ عُمَرَ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ قُدَامَةَ بْنِ مَظْعُونٍ، عَنْ أَبِيهَا، عَنْ أَخِيهِ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ، أَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي رَجُلٌ تَشُقُّ عَلَيَّ هَذِهِ الْعُزْبَةُ فِي الْمَغَازِي، فَتَأْذَنُ لِي فِي الِاخْتِصَاءِ فَأَخْتَصِي؟ قَالَ: لَا، وَلَكِنْ عَلَيْكَ يَا ابْنَ مَظْعُونٍ بِالصِّيَامِ فَإِنَّهُ مَجْفَرَةٌ

حضرت عائشہ بنت قدامہ بن مظعون اپنے والد سے' یہ حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کے بھائی سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ایسا آدمی ہوں کہ مجھ پر جہاد میں میرے بیوی بچوں کے نہ جانے کی وجہ سے پریشانی ہوتی ہے' آپ مجھے خصی ہونے کی اجازت دیں کہ میں خصی ہو جاؤں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! اے عثمان! تُو روزہ رکھ کیونکہ روزہ ڈھال ہے۔

8242- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ الْمُتَوَكِّلِ، ثنا حَفْصُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ قُدَامَةَ بْنِ مُوسَى بْنِ قُدَامَةَ بْنِ مَظْعُونٍ، عَنْ أَبِيهِ مُوسَى بْنِ قُدَامَةَ بْنِ مَظْعُونٍ، عَنْ جَدِّهِ قُدَامَةَ بْنِ مَظْعُونٍ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَدْرَكَ عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُونٍ، وَهُوَ عَلَى رَاحِلَتِهِ، وَعُثْمَانُ عَلَى

حضرت قدامہ بن مظعون روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ رضی اللہ عنہ بلندی سے آتے ہوئے ثنیہ اثابیہ کے مقام پر حضرت عثمان بن مظعون سے ملے' جبکہ وہ اپنی سواری پر تھے اور حضرت عثمان اپنی سواری پر تھے۔ ان کی سواری' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی سواری سے ٹکرائی جبکہ رسول کریم ﷺ کی سواری سارے قافلے سے آگے گزر گئی تھی۔ حضرت عثمان بن مظعون بولے: اے فتنہ کو روکنے والے! آپ کی سواری

8241- قال فی المجمع جلد 4صفحه253-254' وفيه عبد الملك بن قدامة الجمحي وثقه ابن معين وغيره وضعفه جماعة وبقية رجاله ثقات . ومجفرة معناه قاطع للذكاة .

8242- ورواه البزار (233 زوائد البزار)' قال فی المجمع جلد 9صفحه72' وفيه جماعة لم أعرفهم ويحيى بن المتوكل ضعيف .

رَاحِلَتِهِ عَلَى ثَنِيَّةِ الْأُثَايَةِ مِنَ الْعَرْجِ، فَضَغَطَتْ رَاحِلَتُهُ رَاحِلَةَ عُثْمَانَ وَقَدْ مَضَتْ رَاحِلَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَامَ الرُّكَبِ، فَقَالَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ: أَوْجَعْتَنِي يَا غَلْقَ الْفِتْنَةِ، فَلَمَّا اسْتَهَلَّتِ الرَّوَاحِلُ دَنَا مِنْهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: يَغْفِرُ اللّٰهُ أَبَا السَّائِبِ، مَا هَذَا الِاسْمُ الَّذِي سَمَّيْتَنِيهِ؟ فَقَالَ: لَا وَاللّٰهِ مَا أَنَا الَّذِي سَمَّيْتُكَهُ سَمَّاكَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، هَذَا هُوَ أَمَامَ الرَّكْبِ يَقْدَمُ الْقَوْمَ مَرَرْتَ بِنَا يَوْمًا وَنَحْنُ جُلُوسٌ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: هَذَا غَلْقُ الْفِتْنَةِ -وَأَشَارَ بِيَدِهِ- لَا يَزَالُ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الْفِتْنَةِ بَابٌ شَدِيدُ الْغَلْقِ مَا عَاشَ هَذَا بَيْنَ ظَهْرَانَيْكُمْ

نے مجھے تکلیف دی ہے' جب سواریاں ایک دائرے میں ہوگئیں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کے قریب ہو کر کہا: اے ابوالسائب! یہ کیا نام تُو نے مجھے دیا ہے؟ اُنہوں نے کہا: نہیں! قسم بخدا! میں نے نہیں دیا بلکہ رسول کریم ﷺ نے آپ کو خود دیا ہے جو اس قافلے کے آگے ہیں۔ (غصہ یوں ہے کہ) ایک دن ہم رسول کریم ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' تم ہمارے پاس سے گزرے تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ فتنے کو روکنے والے ہیں اور ہاتھ سے اشارہ فرمایا' جب تک تمہارے اندر رہیں گے تمہارے اور فتنے کے درمیان مضبوط دروازہ ہیں' فتنہ رُکا رہے گا' جب یہ تمہارے اندر زندہ رہے۔

8243- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَهْرَامَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: بَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِفِنَاءِ بَيْتِهِ بِمَكَّةَ جَالِسًا إِذْ مَرَّ بِهِ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ، فَكَشَرَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ

حضرت شہر بن حوشب فرماتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اسی دوران کہ رسول کریم ﷺ مکہ میں اپنے گھر کے صحن میں تشریف فرما تھے' جب حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ گزرے' پس وہ رسول کریم ﷺ کی طرف دیکھ کر مسکرائے تو رسول کریم ﷺ نے ان سے فرمایا: کیا آپ ہمارے پاس نہیں

8243- ورواه أحمد رقم الحديث: 2922 قال الحافظ ابن كثير في تفسيره جلد 2صفحه583 اسناد جيد متصل حسن قد بين فيه السماع المتصل' ورواه ابن حاتم من حديث عبد الحميد بن بهرام مختصرًا . وقال في المجمع جلد 7 صفحه48' وشهر وثقه أحمد وجماعة وفيه ضعف لا يضر . وما نقله المرحوم أحمد محمد شاكر في تعليقه على المسند على هذا الحديث عن الهيثمي في مجمع الزوائد ليس على اسناد هذا الحديث' انما هو على حديث آخر .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا تَجْلِسُ؟ فَقَالَ: بَلَى، فَجَلَسَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَقْبِلَهُ، فَبَيْنَمَا هُوَ يُحَدِّثُهُ إِذْ شَخَصَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَصَرِهِ إِلَى السَّمَاءِ، فَنَظَرَ سَاعَةً إِلَى السَّمَاءِ فَأَخَذَ يَضَعُ بَصَرَهُ حَيْثُ وَضَعَهُ عَلَى يَمِينِهِ فِي الْأَرْضِ، فَتَحَرَّفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ جَلِيسِهِ عُثْمَانَ إِلَى حَيْثُ وَضَعَ بَصَرَهُ، فَأَخَذَ يَنْفُضُ بِرَأْسِهِ كَأَنَّهُ يَسْتَفْقِهُ مَا يُقَالُ لَهُ، وَابْنُ مَظْعُونٍ يَنْظُرُ، فَلَمَّا قَضَى حَاجَتَهُ وَاسْتَفْقَهَ قَالَ لَهُ: أَشْخَصَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَصَرَهُ حَتَّى تَوَارَى فِي السَّمَاءِ، فَأَقْبَلَ إِلَى عُثْمَانَ بِجِلْسَتِهِ الْأُولَى، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، فِيمَ كُنْتُ أُجَالِسُكَ؟ مَا رَأَيْتُكَ تَفْعَلُ كَفِعْلِكَ الْغَدَاةَ، قَالَ: فَطِنْتَ لِذَلِكَ؟ قَالَ عُثْمَانُ: نَعَمْ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَنْتَ جَالِسٌ، قَالَ: رَسُولُ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَمَا قَالَ لَكَ؟ قَالَ: (إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيتَاءِ ذِي الْقُرْبَى وَيَنْهَى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ) (النحل:90) قَالَ عُثْمَانُ: فَذَلِكَ حِينَ اسْتَقَرَّ الْإِيمَانُ فِي قَلْبِي وَأَحْبَبْتُ

بیٹھیں گے؟ عرض کی: کیوں نہیں! پس رسول کریم ﷺ ان کی طرف منہ کر کے بیٹھ گئے' اسی دوران کہ وہ آپ سے محو گفتگو تھے' رسول کریم ﷺ نے اپنی نظروں کو آسمان کی طرف اُٹھایا۔ ایک گھڑی آسمان کی طرف دیکھا' اس کے بعد آپ ﷺ نے اپنی نگاہ اس جگہ رکھی جہاں اس نے زمین میں اپنے دائیں ہاتھ پر رکھی ہوئی تھی۔ پس رسول کریم ﷺ اپنے ہم مجلس عثمان سے ہٹ کر اس جگہ ہوئے جہاں اس نے نگاہ رکھی تھی۔ پس اپنا سر ہلانے لگے' گویا وہ بات سمجھ رہے ہیں جو آپ سے کہی جا رہی ہے' دراں حالیکہ ابن مظعون دیکھ رہا تھا' پس جب آپ ﷺ نے اپنی ضرورت پوری کر لی اور کہنے والے نے جو بات کہی وہ سمجھ لی تو اس سے کہا: رسول کریم ﷺ نے آسمان کی طرف نگاہ اُٹھاء حتیٰ کہ وہ آسمان میں چھپ گئی' پس آپ ﷺ عثمان کی طرف متوجہ ہوئے' پہلی جگہ بیٹھ کر' اس نے عرض کی: اے محمد! کیا بات تھی جب میں آپ کے پاس بیٹھا تھا؟ کل کے فعل کی طرح میں نے آپ کو کبھی کرتے نہیں دیکھا۔ فرمایا: تُو یہ چیز سمجھ گیا تھا؟ عثمان نے کہا: جی ہاں! رسول کریم ﷺ نے فرمایا: میرے پاس اللہ کا قاصد آیا' جبکہ تُو میرے پاس تھا' اس نے کہا: اللہ کا قاصد؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: کیا کہہ گیا؟ فرمایا: ''بے شک اللہ انصاف اور بھلائی کرنے اور رشتہ داروں کو دینے کا حکم دیتا ہے اور بے حیائی اور بُرائی اور زیادتی کرنے سے منع کرتا ہے' تمہیں نصیحت کرتا ہے تاکہ تم نصیحت مانو''۔ حضرت عثمان کہتے ہیں: اس وجہ سے ایمان میرے دل میں

مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ٹھہر گیا اور میں حضرت محمد ﷺ سے محبت کرنے لگا۔

عُثْمَانُ بْنُ عَامِرِ بْنِ كَعْبِ بْنِ سَعْدِ

حضرت عثمان بن عامر بن کعب بن سعد رضی اللہ عنہ

ابْنِ تَيْمِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرِ بْنِ مَالِكٍ أَبُو قُحَافَةَ أَسْلَمَ يَوْمَ الْفَتْحِ، وَتُوُفِّيَ سَنَةَ أَرْبَعَ عَشْرَةَ بَعْدَ أَبِي بَكْرٍ بِسَنَةٍ، وَهُوَ ابْنُ سَبْعٍ وَتِسْعِينَ سَنَةً، وَوَرِثَ أَبَا بَكْرٍ هُوَ وَأُمُّهُ سَلْمَى بِنْتُ صَخْرِ بْنِ عَامِرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ كَعْبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ تَيْمِ بْنِ مُرَّةَ

ابن تیم بن مرہ بن کعب بن لوئی بن غالب بن فہر بن مالک ابوقحافہ' فتح مکہ کے دن اسلام لائے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے وصال کے دس سال بعد ۱۴ ہجری کو فوت ہوئے' اس وقت آپ کی عمر ۹۷ سال تھی' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے وارث ہوئے' آپ کی والدہ سلمی بنت صخر بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ ہیں۔

8244- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمَدِينِيِّ فُسْتُقَةُ، ثنا أَبُو عُمَرَ حَفْصُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُلْوَانِيُّ، ثنا بُهْلُولُ بْنُ مُوَرِّقٍ الشَّامِيُّ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَخِيهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: جَاءَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِأَبِيهِ أَبِي قُحَافَةَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُودُهُ، شَيْخٌ أَعْمَى يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا تَرَكْتَ الشَّيْخَ حَتَّى نَأْتِيَهُ؟ قَالَ: أَرَدْتُ أَنْ يُؤْجَرَ، وَاللّٰهِ لَأَنَا كُنْتُ بِإِسْلَامِ أَبِي طَالِبٍ أَشَدُّ فَرَحًا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اپنے والد ابوقحافہ کو رسول اللہ ﷺ کے پاس فتح مکہ کے دن لائے' یہ بزرگ اور نابینا تھے' حضور ﷺ نے حضرت ابوبکر سے فرمایا: تم نے بزرگوں کو رہنے دینا تھا' ہم خود ان کے پاس جاتے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میرا مقصد ثواب حاصل کرنے کا تھا' اللہ کی قسم! مجھے حضرت ابوطالب کے اسلام لانے کی زیادہ خوشی ہوتی میرے والد کے اسلام لانے سے' اس کے ذریعے میرا مقصد آپ کی آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچانا ہے' حضور ﷺ نے فرمایا: تم نے سچ کہا۔

8244- ورواه البزار جلد1 صفحه167 زوائد البزار)' قال في المجمع جلد6 صفحه174' وفيه موسى بن عبيدة وهو ضعيف . وروى بعضه أحمد جلد3 صفحه160 من حديث جابر .

مِنِّي بِإِسْلَامِ أَبِي، أَلْتَمِسُ بِذَلِكَ قُرَّةَ عَيْنِكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقْتَ

8245- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ الدَّبَرِيُّ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: أُتِيَ بِأَبِي قُحَافَةَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ كَأَنَّ رَأْسَهُ ثَغَامَةٌ بَيْضَاءُ، فَقَالَ: غَيِّرُوهُ وَجَنِّبُوهُ السَّوَادَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوقحافہ کو حضور ﷺ کے پاس لایا گیا فتح مکہ کے دن' اُن کا سر سفید تھا' حضور ﷺ نے فرمایا: اس کی سفیدی بدلو اور سیاہ خضاب سے بچو!

8246- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلُّوَيْهِ الْقَطَّانُ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عِيسَى الْعَطَّارُ، ثنا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، وَلَيْثِ بْنِ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيِّ حَدَّثَهُمْ، قَالَ: جِيءَ بِأَبِي قُحَافَةَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَأَنَّ رَأْسَهُ وَلِحْيَتَهُ ثَغَامَةٌ مِثْلَ هَذَا الْقُطْنِ الْأَبْيَضِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبُوا بِهِ إِلَى بَعْضِ نِسَائِهِ يُغَيِّرُوهُ، وَجَنِّبُوهُ السَّوَادَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس ابوقحافہ کو لایا گیا فتح مکہ کے دن' ان کی داڑھی اور سر کے بال اس سفید روئی کی طرح سفید تھے' حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو اپنی عورتوں میں سے کسی عورت کے پاس لے جا کر سفیدی کو کسی شی سے بدلو اور سیاہ خضاب سے بچو۔

8247- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُعَاذٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ابوقحافہ کو فتح کے دن حضور ﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا اس حالت میں کہ

8245- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20179' ومن طريقه أحمد جلد 3صفحه322' ورواه أيضًا جلد 3صفحه 338,316, 160' ومسلم رقم الحديث: 2102' وأبو داؤد رقم الحديث: 4186' والنسائي جلد 8صفحه138' وابن ماجه رقم الحديث:3624 .

بَـزِيعٍ، عَـنْ رَوْحِ بْـنِ الْـقَـاسِـمِ، عَـنْ أَيُّـوبَ السَّـخْتِيَـانِيِّ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: أُتِـيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ بِـأَبِي قُحَافَةَ، وَلِحْيَتُهُ وَرَأْسُهُ كَأَنَّهُ ثَغَامَةٌ، فَقَالَ رَسُـولُ الـلَّـهِ صَـلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَيِّرُوهُ بِشَيْءٍ، وَجَنِّبُوهُ السَّوَادَ

ان کے سر اور داڑھی کے بال سفید تھے' آپ نے حکم دیا کہ ان کی سفیدی کو بدلو لیکن سیاہی سے اجتناب کرو۔

8248- حَـدَّثَـنَـا مُـحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَـالِـدٍ الْـحَـرَّانِـيُّ، ثـنـا أَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو الـزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: جِـيءَ بِأَبِي قُحَافَةَ - أَوْ جَاءَ -عَـامُ الْـفَـتْـحِ، وَرَأْسُـهُ وَلِحْيَتُـهُ مِثْلَ الثَّغَامِ -أَوِ الثَّغَامَةِ -فَـأُمِرَ بِهِ إِلَى نِسَائِهِ فَقَالَ: غَيِّرُوا بِشَيْءٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: فتح مکہ کے دن حضرت ابوقحافہ کو لایا گیا' فرمایا: وہ خود آئے' حال یہ تھا کہ ان کا سر اور داڑھی سفید پھلوں اور پھولوں والے درخت کی مانند سفید ہو چکی تھی۔ حضرت ابوقحافہ کے تعلق والی کسی عورت کو حکم دیا گیا' فرمایا: اس سفیدی کو کسی شی سے بدل دو۔

8249- حَـدَّثَـنَـا خَـلَفُ بْـنُ عَـمْـرٍو الْـعُكْبَرِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيعِ الْبُورَانِيُّ، ثنا عَبْـدُ الْـعَـزِيزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الْعَمِّيِّ، عَنْ مَطَرِ بْـنِ طَهْمَانَ الْوَرَّاقِ يُكْنَى بِأَبِي رَجَاءٍ، عَنْ أَبِي رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: جِـيءَ بِـأَبِـي قُحَافَةَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَأْسُهُ وَلِحْيَتُهُ كَأَنَّهَا ثَغَامَةٌ، فَقَالَ رَسُـولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبُوا بِهِ إِلَـى بَـعْـضِ نِسَـائِهِ يُغَيِّرْنَهُ، قَالَ: فَـذَهَبُوا بِهِ فَحَمَّرُوهَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوقحافہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں لایا گیا' ان کے سر اور داڑھی کے بال سفید تھے' گویا سفید پھولوں والا پہاڑی درخت ہے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کو ان کی عورتوں کے پاس لے جاؤ جو ان کی سفیدی کو بدل دیں' ان کو لے گئے اور ان کے بال سرخ کیے گئے تھے۔

عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ

كَانَ يَنْزِلُ الْبَصْرَةَ

نِسْبَةُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

8250- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ الْأَسْوَدِ الْبَصْرِيُّ، ثنا قَعْنَبُ بْنُ الْمُحَرَّرِ الْبَاهِلِيُّ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ عَدِيٍّ، قَالَ: عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ، وَأَبُو الْعَاصِ اسْمُهُ وَهُوَ: أَبُو الْعَاصِ بْنُ بِشْرِ بْنِ عَبْدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ هَمَّامِ بْنِ أَبَانَ بْنِ بَشَّارِ بْنِ مَالِكِ بْنِ حُطَيْطِ بْنِ جُشَمِ بْنِ قَسِيِّ بْنِ مُنَبِّهِ بْنِ بَكْرِ بْنِ هَوَازِنَ بْنِ مَنْصُورِ بْنِ عِكْرِمَةَ بْنِ خَصَفَةَ بْنِ قَيْسِ بْنِ غَيْلَانَ بْنِ مُضَرَ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ

آپ بصرہ آئے تھے۔

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ کا نسب

حضرت ہیثم بن عدی فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص اور ابوالعاص کا نام: ابوالعاص بن بشر بن عبد بن عبداللہ بن ہمام بن ابان بن بشار بن مالک بن حطیط بن جشم بن قدی بن منبہ بن بکر بن ہوازن بن منصور بن عکرمہ بن خصفہ بن قیس بن غیلان بن مضر ہے۔

مِنْ أَخْبَارِهِ

8251- حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مُوسَى شِيرَانُ الرَّامَهُرْمُزِيُّ، ثنا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا أَبُو عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي خَلْدَةَ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، قَالَ: أَتَيْتُ عُثْمَانَ بْنَ الْعَاصِ فِي أَيَّامِ الْعَشْرِ، وَكَانَ لَهُ بَيْتٌ قَدْ أَخْلَاهُ لِلْحَدِيثِ، فَمُرَّ عَلَيْهِ بِكُبْشٍ، فَقَالَ لِصَاحِبِهِ: بِكَمْ أَخَذْتَهُ؟ قَالَ:

آپ کی باتیں

حضرت ابونضرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عثمان بن العاص رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' عشر کی راتوں میں ان کا ایک کمرہ تھا جس میں تنہا ہو کر حدیث پڑھتے پڑھاتے' پس کوئی آدمی مینڈھا لیکر گزرا۔ آپ نے اس کے مالک سے فرمایا: کتنے لگے گا؟ اس نے کہا: بارہ درہم! میں نے کہا: اگر میرے پاس بارہ درہم ہوتے تو میں

8251- قال فی المجمع جلد9صفحه371' ورجاله رجال الصحيح .

بِاثْنَيْ عَشَرَ دِرْهَمًا، فَقُلْتُ: لَوْ كَانَتْ مَعِي اثْنَا عَشَرَ دِرْهَمًا اشْتَرَيْتُ بِهَا كَبْشًا فَضَحَّيْتُ بِهِ وَأَطْعَمْتُ عِيَالِي، فَلَمَّا قُمْتُ اتَّبَعَنِي رَسُولُ عُثْمَانَ بِصُرَّةٍ فِيهَا خَمْسُونَ دِرْهَمًا، فَمَا رَأَيْتُ دَرَاهِمَ قَطُّ كَانَتْ أَعْظَمَ بَرَكَةً مِنْهَا، أَعْطَانِي وَهُوَ لَهَا مُحْتَسِبٌ، وَأَنَا إِلَيْهَا مُحْتَاجٌ

ان کے بدلے مینڈھا خرید لیتا' میں اسے ذبح کر کیا پنے گھر والوں کو کھلاتا' پس جب میں اُٹھ کر چلا تو حضرت عثمان کا قاصد میرے پیچھے ایک تھیلی لے کر آیا جس میں پچاس درہم تھے۔ میں نے اتنے درہم اکٹھے کبھی نہ دیکھے تھے۔ وہ بڑے برکت والے تھے' انہوں نے مجھے عطا کیے' وہ ان کا حساب لگانے والے اور میں ان درہموں کا محتاج تھا۔

8252- حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مُوسَى الرَّامَهُرْمُزِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ، ثنا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا أَبُو عَامِرٍ الْخَزَّازُ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: كَانَ لِعُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ بَيْتٌ قَدْ أَخْلَاهُ لِلْحَدِيثِ فَكُنَّا نَأْتِيهِ فِيهِ، وَكَانَ يَقُولُ: سَاعَةٌ لِلدُّنْيَا وَسَاعَةٌ لِلْآخِرَةِ، وَاللَّهُ أَعْلَمُ أَيُّ السَّاعَتَيْنِ تَغْلِبُ

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص کا ایک کمرہ ایسا تھا جس میں وہ حدیث کیلئے خلوت گزیں ہوتے تھے' پس اس میں ان کے پاس آتے اور وہ کہا کرتے تھے: ایک گھڑی دنیا کیلئے اور ایک گھڑی آخرت کیلئے ہے' اللہ بہتر جانتا ہے ان دو گھڑیوں میں سے کون سی گھڑی غالب آئے گی۔

8253- حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مُوسَى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي صَفْوَانَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَبِيبِ بْنِ نُدْبَةَ، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: أَشْرَفَ عَلَيْنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ يَوْمًا فَقَالَ: إِنِّي وَجَدْتُ الْمَرْءَ الْمُسْلِمَ بَيْنَ حَاجَتَيْنِ: حَاجَةٌ مِنَ الدُّنْيَا لَا بُدَّ لَهُ مِنْهَا، وَحَاجَةٌ لِلْآخِرَةِ لَا بُدَّ لَهُ مِنْهَا، وَاللَّهُ أَعْلَمُ أَيُّ الْحَاجَتَيْنِ تَغْلِبُ

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ ایک دن حضرت عثمان بن ابوالعاص نے ہم پر جھانک کر کہا: میں نے مسلمان آدمی کو دو ضرورتوں کے درمیان پایا' ایک دنیا کی ضرورت ہے' وہ بھی اس کیلئے ضروری ہے اور دوسری آخرت کی ضرورت ہے وہ بھی اس کی مجبوری ہے' بس اللہ ہی جانے کہ دونوں میں کون سی غالب آتی ہے۔

8254- حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مُوسَى، ثنا

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عثمان

8252- قال في المجمع جلد10صفحه308' ورواه الطبراني من طريقين ورجال أحدهما رجال الصحيح غير محمد بن عثمان ابن أبي صفوان وهو ثقة .

مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ، ثنا مُعْتَمِرٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: رَأَيْتُ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ يَرُشُّ عَلَيْهِ الْمَاءَ يَوْمَ عَرَفَةَ وَهُوَ صَائِمٌ

بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ کو عرفہ کے دن روزہ کی حالت میں اپنے اوپر پانی چھڑکتے ہوئے دیکھا۔

8255- حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مُوسَى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا أَشْعَثُ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: حَمَلَ عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ نَاسًا فِي الْبَحْرِ، فَبَلَغَ ذَلِكَ عُمَرَ، فَقَالَ: حَمَلَ نَاسًا لَيْسَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْمَاءِ إِلَّا الْأَلْوَاحَ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَئِنْ هَلَكُوا -أَوْ كَلِمَةٌ نَحْوَهَا- لَآخُذَنَّ عِدَّتَهُمْ مِنْ ثَقِيفٍ

حضرت حسن فرماتے ہیں: حضرت عثمان ابن ابوالعاص نے کچھ لوگوں کو سمندر پر سوار کر دیا۔ یہ بات حضرت عمر رضی اللہ عنہ تک جا پہنچی' پس آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس نے لوگوں کو سوار کیا ہے جن کے اور پانی کے درمیان سوائے چند تختوں کے کوئی چیز نہیں ہے' اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! اگر وہ ہلاک ہوئے یا اس جیسا کلمہ کہا' تو میں بنوثقیف سے ان کی دیت لوں گا۔

8256- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيِّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ، وَأَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا حَزْمُ بْنُ أَبِي حَزْمٍ الْقُطَعِيُّ، ثنا الْحَسَنُ، أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ، تَزَوَّجَ امْرَأَةً مِنْ نِسَاءِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، فَقَالَ: وَاللَّهِ مَا نَكَحْتُهَا حِينَ نَكَحْتُهَا رَغْبَةً فِي مَالٍ، وَلَا وَلَدٍ، وَلَكِنْ أَرَدْتُ أَنْ تُخْبِرَنِي عَنْ لَيْلِ عُمَرَ، فَسَأَلَهَا كَيْفَ كَانَتْ صَلَاةُ عُمَرَ بِاللَّيْلِ؟ قَالَتْ: كَانَ يُصَلِّي الْعَتَمَةَ، ثُمَّ يَأْمُرُنَا أَنْ نَضَعَ

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ (کے وصال کے بعد) کی عورتوں میں سے ایک عورت سے شادی کی۔ فرمایا: قسم بخدا! میں نے اس لیے نکاح نہیں کیا' جب میں نے نکاح کیا کہ مجھے مال یا اولاد ملے بلکہ میرا ارادہ یہ ہے کہ وہ مجھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے رات کے اعمال کے بارے میں بتائے۔ پس اُنہوں نے اس سے سوال کیا: رات کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی نماز کیسی ہوتی تھی؟ اس نے جواب دیا: آپ عشاء کی نماز پڑھا کرتے تھے' پھر ہمیں حکم دیتے کہ ہم ان کے سر کے پاس پانی کا لوٹا

8255- قال في المجمع جلد4صفحه64' والحسن لم يسمع من عمر .

8256- قال في المجمع جلد9صفحه73' ورجاله ثقات .

عِنْدَ رَأْسِهِ تَوْرًا مِنْ مَاءٍ وَنُغَطِّيهِ، وَيَتَعَارَّ مِنَ اللَّيْلِ فَيَضَعُ يَدَهُ فِي الْمَاءِ، فَيَمْسَحُ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ، ثُمَّ يَذْكُرُ اللَّهَ تَعَالَى مَا شَاءَ أَنْ يَذْكُرَ، ثُمَّ يَتَعَارَّ مِرَارًا حَتَّى يَأْتِيَ عَلَى السَّاعَةِ الَّتِي يَقُومُ فِيهَا لِصَلَاتِهِ فَقَالَ لَهُ ابْنُ بُرَيْدَةَ: مَنْ حَدَّثَكَ؟ فَقَالَ: حَدَّثَتْنِي بِنْتُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: ثِقَةٌ وَاللَّهِ

رکھ کر اسے ڈھانپ دیں' وہ رات کو اُٹھتے اور ہاتھ پانی میں رکھتے' اس سے اپنے چہرے اور ہاتھوں کو چھوتے پھر جتنا چاہتے اللہ کا ذکر کرتے (سو جاتے) پھر کئی بار اُٹھتے یہاں تک کہ وہ گھڑی آ جاتی جس میں وہ اپنی فرض نماز کیلئے اُٹھتے تھے۔ حضرت ابن بریدہ نے ان سے کہا: یہ حدیث آپ کو کس نے سنائی ہے؟ انہوں نے جواب دیا: عثمان بن ابوالعاص کی بیٹی نے۔ اُنہوں نے کہا: وہ ثقہ ہے' قسم بخدا!

مَا أَسْنَدَ عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ الْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

حضرت عثمان بن ابوالعاص کی روایت کردہ احادیث مغیرہ بن شعبہ' حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

8257- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا هِشَامُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، قَالَ: قَالَ عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ - وَكَانَ شَابًّا -: وَفَدْنَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَنِي أَفْضَلَهُمْ أَخْذًا لِلْقُرْآنِ، وَقَدْ فَضَلْتُهُمْ بِسُورَةِ الْبَقَرَةِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ أَمَّرْتُكَ عَلَى أَصْحَابِكَ، وَأَنْتَ أَصْغَرُهُمْ، فَإِذَا أَمَمْتَ قَوْمًا فَأَمَّهُمْ

حضرت مغیرہ بن شعبہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نوجوان تھا' ہم حضور ﷺ کے پاس آئے' آپ ﷺ مجھے قرآن یاد ہونے کے لحاظ سے زیادہ بہتر پایا' سورۂ بقرہ یاد ہونے کے لحاظ سے مجھے ان پر فضیلت حاصل ہوئی۔ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تجھے تیرے ساتھیوں پر امیر بناتا ہوں' تو ان سے چھوٹا ہے' پھر بھی تو ان کی امامت کروائے گا تو مختصر کر: کیونکہ پیچھے بزرگ اور بچے' کمزور اور محنت مزدوری کرنے والے ہوں گے' جب تو زکوٰۃ لے تو زیادہ دودھ دینے والی اونٹنی نہ لے' نہ عمدہ بکری' اور یہی حکم اس اونٹنی کا ہے جو بچہ کی

8257- قال في المجمع جلد3صفحه74' وفيه هشام بن سليمان وقد ضعفه جماعة من الأئمة ووثقه البخاري .

بِأَضْعَفِهِمْ، فَإِنَّ وَرَاءَكَ الْكَبِيرَ وَالصَّغِيرَ وَالضَّعِيفَ وَذَا الْحَاجَةِ، وَإِذَا كُنْتَ مُصَدِّقًا فَلَا تَأْخُذِ الشَّافِعَ -وَهِيَ الْمَاخِضُ -وَلَا الرُّبَّى وَلَا فَحْلَ الْغَنَمِ، وَحَزْرَةُ الرَّجُلِ هُوَ أَحَقُّ بِهَا مِنْكَ، وَلَا تَمَسَّ الْقُرْآنَ إِلَّا وَأَنْتَ طَاهِرٌ، واعْلَمْ أَنَّ الْعُمْرَةَ هِيَ الْحَجُّ الْأَصْغَرُ، وَأَنَّ عُمْرَةً خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا، وَحَجَّةً خَيْرٌ مِنْ عُمْرَةٍ

حالت میں ہو (دروزہ والی)' نہ بڑھوتری' اور نہ بکریوں کا نر اور زکوٰۃ دینے والا آدمی اپنے بہترین مال کا تجھ سے زیادہ حقدار ہے' بغیر وضو کے قرآن کو مت چھونا اور جان لے کہ عمرہ' حج اصغر ہے اور عمرہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے اور حج' عمرہ سے بہتر ہے۔

سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

سعید بن مسیّب' حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

8258- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: كَانَ آخِرُ مَا عَهِدَ إِلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَمَمْتَ قَوْمًا فَأَخِفَّ بِهِمُ الصَّلَاةَ

حضرت سعید بن مسیّب فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے آخری وعدہ جو مجھ سے لیا' وہ یہ تھا: جب تُو لوگوں کی امامت کروائے تو ان کو مختصر نماز پڑھانا۔

8259- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا غُنْدَرٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: آخِرُ مَا عَهِدَ إِلَيَّ

حضرت سعید بن مسیّب فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے آخری وعدہ جو مجھ سے لیا' وہ یہ تھا: جب تُو لوگوں کی امامت کروائے تو ان کو مختصر نماز پڑھانا۔

8258- ورواه أحمد جلد4صفحه21,22,216,217,218' ومسلم رقم الحديث: 468' وأبو داؤد رقم الحديث: 527' والنسائي جلد2صفحه23' وابن ماجه رقم الحديث: 988,987 .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَمَمْتَ قَوْمًا فَخَفِّفْ بِهِمُ الصَّلَاةَ

مُوسَى بْنُ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُثْمَانَ

موسیٰ بن طلحہ بن عبید اللہ' حضرت عثمان سے روایت کرتے ہیں

8260- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مُوسَى بْنَ طَلْحَةَ، يَذْكُرُ أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ أَخْبَرَهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عُثْمَانُ أُمَّ قَوْمَكَ مَنْ أَمَّ قَوْمًا فَلْيُخَفِّفْ، فَإِنَّ فِيهِمُ الضَّعِيفَ، وَإِنَّ فِيهِمُ الْمَرِيضَ، وَإِنَّ فِيهِمْ ذَا الْحَاجَةِ

حضرت موسیٰ بن طلحہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے عثمان! تُو اپنی قوم کی امامت کروا' جو لوگوں کی امامت کروائے تو مختصر کروائے کیونکہ باجماعت نماز پڑھتے وقت لوگوں میں کمزور' مریض اور ضرورت مند بھی ہوتے ہیں۔

نَافِعُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

نافع بن جبیر بن مطعم' حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

8261- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، أَنَّ عَمْرَو بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ السُّلَمِيُّ أَخْبَرَهُ، أَنَّ نَافِعَ بْنَ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ أَخْبَرَهُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، أَنَّهُ أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت جبیر بن مطعم' حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں تھے' حضرت عثمان کہتے ہیں: مجھے ایسی تکلیف تھی جو ہلاک کر دینے والی تھی' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنا دایاں ہاتھ اس پر سات مرتبہ پھیر اور پڑھ:

موسی بن طلحہ بن عبید اللہ عن عثمان' نافع بن جبیر عن عثمان

8261- ورواه مالك جلد2صفحه229' وأحمد جلد4صفحه217' ومسلم رقم الحديث: 2202' وأبو داؤد رقم الحديث: 3873' والترمذي رقم الحديث: 2162' والحاكم جلد1صفحه343' والفسوي في المعرفة والتاريخ جلد1صفحه364' وابن أبي شيبة جلد2صفحه55 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -قَالَ عُثْمَانُ: وَبِي وَجَعٌ قَدْ كَادَ يُهْلِكُنِي -فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: امْسَحْهُ بِيَمِينِكَ سَبْعَ مِرَارٍ، وَقُلْ: أَعُوذُ بِعِزَّةِ اللَّهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ قَالَ: فَفَعَلْتُ ذَلِكَ فَأَذْهَبَ اللَّهُ مَا كَانَ بِي فَلَمْ أَزَلْ آمُرُ بِهِ أَهْلِي وَغَيْرَهُمْ

''اعوذ بعزة اللّٰه وقدرته من شر ما اجد'' فرمایا: میں نے ایسے ہی کیا تو اللہ مجھ سے وہ تکلیف لے گیا' میں اپنے گھر والوں اور دیگر لوگوں کو اس کو پڑھنے کا حکم دیتا ہوں۔

حضرت شقیق سے روایت ہے' فرماتے ہیں: میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا تھا تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ تشریف لائے' حضرت حذیفہ نے کہا: لوگوں میں سب سے زیادہ راہنمائی' دلالت' ارادہ اور خطبہ کے لحاظ سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مشابہ اپنے گھر سے نکلنے سے لے کر واپس لوٹنے تک حضرت عبداللہ ہیں' لیکن میں نہیں جانتا کہ وہ اپنے گھر میں کیا کرتے ہیں' قسم بخدا! اصحابِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں سے محظوظ ہونے والے جانتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ قیامت کے دن' وسیلہ کے اعتبار سے سب سے قریب ہوں گے۔

8407- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ ہم نے

8407- ورواه البخاري رقم الحديث: 6097,2762' والترمذي رقم الحديث: 3895 .

الْحُبَابِ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، ح وَحَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ الْمَازِنِيُّ، قَالَا: ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: قُلْنَا لِحُذَيْفَةَ: أَخْبِرْنَا بِرَجُلٍ قَرِيبِ السَّمْتِ وَالْهَدْيِ وَالدَّلِّ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا أَعْلَمُ أَحَدًا أَقْرَبُ هَدْيًا وَسَمْتًا وَدَلًّا بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى يُوَارِي جِدَارُ بَيْتِهِ مِنِ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے کہا: ہمیں ایسے آدمی کے متعلق بتائیں جو رسول اللہ ﷺ کے زیادہ قریب ہو ہدایت اور نماز کے لحاظ سے؟ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے کسی کے متعلق معلوم نہیں ہے کہ کوئی ہدایت و رہنمائی کے لحاظ سے زیادہ قریب ہو یہاں تک کہ اپنے گھر کی دیوار میں چھپا ہوا ہو عبداللہ بن مسعود سے۔

8408- وَقَالَ: لَقَدْ عَلِمَ الْمَحْظُوظُونَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ ابْنَ أُمِّ عَبْدٍ أَقْرَبُهُمْ إِلَى اللَّهِ وَسِيلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اور فرمایا: حضور ﷺ کے اصحاب علم سے محظوظ ہوتے تھے کہ ابن مسعود اللہ کے ہاں قیامت کے دن وسیلہ کے لحاظ سے زیادہ قریب ہوں گے۔

8409- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الطُّفَيْلِ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ حُذَيْفَةَ بِحِذَاءِ دَارِ عَبْدِ اللَّهِ، فَقَالَ: مَا أَعْلَمُ أَحَدًا أَشْبَهَ دَلًّا وَلَا سَمْتًا بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ صَاحِبِ هَذِهِ الدَّارِ مِنْ حِينِ يَخْرُجُ حَتَّى يَدْخُلَ مَنْزِلَهُ فَإِذَا تَوَارَى فَاللَّهُ أَعْلَمُ، لَقَدْ عَلِمَ الْمَحْظُوظُونَ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ مِنْ أَقْرَبِهِمْ وَسِيلَةً إِلَى اللَّهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ ہم حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس حضرت عبداللہ کے گھر کے پاس آئے، حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے معلوم نہیں ہے کہ کوئی ہدایت و رہنمائی کے لحاظ سے اس کے زیادہ قریب ہو اس گھر والے جس وقت اپنے گھر سے نکلتا ہے تو اپنے گھر داخل ہونے تک اگر گھر کے اندر ہے تو اللہ زیادہ جانتا ہے، حضور ﷺ کے محظوظ ہونے والے اصحاب جانتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اللہ کے ہاں وسیلہ کے لحاظ سے ان سب سے زیادہ قریب ہوں گے قیامت کے دن۔

8410- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَقْرَبِ النَّاسِ، شَبَهًا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَدْيًا وَدَلًّا وَسَمْتًا؟ قُلْنَا: بَلَى، قَالَ: عَبْدُ اللَّهِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کیا تمہیں بتاؤں کہ لوگوں میں ہدایت و رہنمائی کے لحاظ سے رسول اللہ ﷺ کے زیادہ قریب کون ہے؟ ہم نے کہا: کیوں نہیں! فرمایا: عبداللہ۔

8411- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دَاهِرٍ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوسِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ، يَقُولُ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى أَشْبَهِ النَّاسِ هَدْيًا وَسَمْتًا وَنَحْرًا بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ يَخْرُجُ مِنْ مَنْزِلِهِ حَتَّى يَعُودَ فَلْيَنْظُرْ إِلَى عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس کو پسند ہو کہ وہ ہدایت و رہنمائی کے لحاظ سے رسول اللہ ﷺ کے زیادہ قریب ہو تو وہ اپنے گھر سے نکلنے سے لے کر داخل ہونے تک تو وہ عبداللہ بن مسعود کو دیکھ لے۔

8412- حَدَّثَنَا أَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا مَعَ حُذَيْفَةَ فَمَرَّ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ، وَأَبُو مُوسَى الْأَشْعَرِيُّ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ: أَشْهَدُ أَنَّ خَيْرَكُمَا وَأَنَّ أَشْبَهَكُمَا هَدْيًا بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدَلًّا لَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ

حضرت زید بن وہب فرماتے ہیں کہ میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا' حضرت عبداللہ بن مسعود اور ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہما گزرے' حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ تم دونوں میں سے بہتر' تم دونوں میں سے ہدایت و رہنمائی کے لحاظ سے رسول ﷺ کے زیادہ مشابہ ہو' عبداللہ بن مسعود کے۔

8412- ما بين المعكوفين من نسخة أحمد الثالث .

8413- وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا مَعَ حُذَيْفَةَ، وَأَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ، فَقَالَ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: هَلْ سَمِعْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ حَدِيثَ كَذَا وَكَذَا؟ فَقَالَ: لَا، فَقَالَ لَهُ الْآخَرُ: فَأَنْتَ سَمِعْتَهُ؟ فَقَالَ: لَا، فَقَالَ: فَإِنَّ صَاحِبَ هَذَا الدَّارِ يَزْعُمُ أَنَّهُ سَمِعَهُ، فَقَالَ أَبُو مُوسَى: لَئِنْ فَعَلَ إِنْ كَانَ لَيَدْخُلُ إِذَا حُجِبْنَا، وَيَشْهَدُ إِذَا غِبْنَا قَالَ سُلَيْمَانُ الْأَعْمَشُ: عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ يَعْنِي

حضرت زید بن وہب فرماتے ہیں کہ میں حضرت حذیفہ اور ابوموسیٰ رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھا ہوا تھا' ان میں سے ایک نے اپنے ساتھی سے کہا: کیا تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس اس طرح فرماتے ہوئے سنا ہے؟ کہا: نہیں! دوسرے نے کہا: کیا آپ نے سنا ہے؟ اس نے کہا: نہیں! حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا: یہ گھر والا گمان کرتا ہے کہ سنا ہے۔ حضرت موسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ضرور اگر اس نے کیا ہے تو وہ اس وقت داخل ہوتا ہو گا' جب ہم نہ ہوتے ہوں گے اور ہمارے غائب ہونے کی حالت میں حاضر ہوتا ہو گا۔ حضرت سلیمان اعمش نے کہا: عبداللہ بن مسعود مراد ہیں۔

8414- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مُغِيرَةَ، قَالَ: قَالَ إِبْرَاهِيمُ: أَتَى عَبْدُ اللَّهِ أَبَا مُوسَى فَتَحَدَّثَ عِنْدَهُ، فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَلَمَّا أُقِيمَتْ فَتَأَخَّرَ أَبُو مُوسَى، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللَّهِ: لَقَدْ عَلِمْتَ أَنَّ مِنَ السُّنَّةِ أَنْ يَتَقَدَّمَ صَاحِبُ الْبَيْتِ فَأَبَى أَبُو مُوسَى حَتَّى تَقَدَّمَ مَوْلًى لِأَحَدِهِمَا

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' ان کے پاس حدیث بیان کی' تو نماز کا وقت ہو گیا' پس جب نماز کھڑی ہوئی تو حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ پیچھے ہٹ گئے (مصلّٰی سے) تو حضرت عبداللہ نے ان سے کہا: آپ کو معلوم ہے کہ سنت طریقہ یہ ہے کہ گھر کا مالک امام ہو۔ پس حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے انکار کیا یہاں تک کہ دونوں میں سے کسی ایک کا مولیٰ آگے ہوا (اور نماز پڑھائی)۔

8415- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ

حضرت ابواحوص فرماتے ہیں: ہم حضرت ابوموسیٰ

8413- ومن طريقه رواه أبو نعيم في الحلية جلد1 صفحه126-127 .

8414- قال في المجمع جلد2 صفحه66' ورجاله رجال الصحيح . وقال: رجاله ثقات .

8415- ورواه مسلم رقم الحديث: 2461 .

حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، ثنا قُطْبَةُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ قَالَ: كُنَّا فِي دَارِ أَبِي مُوسَى مَعَ نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُمْ يَنْظُرُونَ فِي مُصْحَفٍ، فَقَامَ عَبْدُ اللَّهِ فَقَالَ أَبُو مَسْعُودٍ: مَا أَعْلَمُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرَكَ بَعْدَهُ أَحَدًا أَعْلَمُ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ هَذَا الْقَائِمِ، فَقَالَ أَبُو مُوسَى: أَمَا لِأَنْ قُلْتَ ذَاكَ، لَقَدْ كَانَ يَشْهَدُ إِذَا غِبْنَا، وَيُؤْذَنُ لَهُ إِذَا حُجِبْنَا

رضی اللہ عنہ کے گھر میں رسول کریم ﷺ کے گھر میں رسول کریم ﷺ کے صحابہ میں ایک گروہ کے ساتھ تھے جبکہ وہ ایک مصحف میں دیکھ رہے تھے (یا غور کر رہے تھے) پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اُٹھ کھڑے ہوئے تو حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نہیں جانتا کہ رسول کریم ﷺ نے اپنے بعد کسی کو چھوڑا جو اللہ کی وحی کو اس کھڑے شخص سے زیادہ جانتا ہو۔ پس حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے کہا: بہرحال تُو نے یہ کہہ دیا' یقیناً یہ حاضر ہوتے تھے جبکہ ہم غائب۔ ان کو حاضری کی اجازت ملتی جبکہ ہمیں روک دیا گیا ہوتا۔

8416- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: مَا أَرَى رَجُلًا أَعْلَمُ بِمَا أُنْزِلَ عَلَى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَبْدِ اللَّهِ، فَقَالَ أَبُو مُوسَى: إِنْ يُقَلْ ذَاكَ فَإِنَّهُ كَانَ يَسْمَعُ حِينَ لَا يُسْمَعُ وَيَدْخُلُ حِينَ لَا يُدْخَلُ

حضرت عقبہ بن عمرو فرماتے ہیں کہ میں نے عبداللہ سے بڑھ کر کوئی آدمی نہیں دیکھا جو محمد ﷺ پر نازل ہونے والی وحی کو زیادہ جاننے والا ہو' پس حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے کہا: اگر یہ کہا جائے تو سنا جاتا رہے گا' جب سننے والا نہ ہوگا اور داخل ہوگا جب داخل نہ ہوا جا سکے گا۔

8417- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْجُنَيْدِ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا شَيْبَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، قَالَ: أَتَيْتُ أَبَا

حضرت ابواحوص فرماتے ہیں: میں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے پاس آیا تو وہاں ان کے پاس حضرت عبداللہ بن مسعود اور حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ موجود تھے' اس حال میں کہ وہ ایک مصحف میں دیکھ

8416- ورواه الحاكم جلد3صفحه316 من هذا الطريق' الا أنه لم يذكر أبا الأحوص في السند .

مُوسَى الْأَشْعَرِيَّ وَعِنْدَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، وَأَبُو مَسْعُودٍ الْأَنْصَارِيُّ وَهُمْ يَنْظُرُونَ فِي مُصْحَفٍ فَتَحَدَّثْنَا سَاعَةً ثُمَّ خَرَجَ عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ أَبُو مَسْعُودٍ: لَا وَاللّٰهِ مَا أَعْلَمُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرَكَ أَحَدًا أَعْلَمَ بِكِتَابِ اللّٰهِ مِنْ هَذَا الْقَائِمِ

رہے تھے' پس ہم نے ایک گھڑی گفتگو کی پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نکل کھڑے ہوئے۔ حضرت ابومسعود نے کہا: قسم بخدا! میں نہیں جانتا کہ اس کھڑا ہونے والے آدمی سے زیادہ کتاب اللہ کو جاننے والا کوئی آدمی رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پیچھے چھوڑا ہو۔

8418- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّهُ: سَمِعَ أَبَا مُوسَى يَقُولُ: لَقَدْ قَدِمْتُ أَنَا وَأَخِي مِنَ الْيَمَنِ، فَمَكَثْنَا حِينًا لَا نَرَى إِلَّا أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ مِنْ أَهْلِ بَيْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ دُخُولِهِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اور میرا بھائی یمن سے آئے' ہم کچھ دیر ٹھہرے' ہم دیکھتے تھے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہل بیت کے پاس آتے تھے۔

8419- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَمَّالُ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ رُسْتَةَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِي مُوسَى، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أَرَى ابْنَ مَسْعُودٍ مِنْ أَهْلِ الْبَيْتِ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو اہل بیت میں شمار کرتا تھا۔

8420- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت ابوعطیہ الوادعی فرماتے ہیں کہ ایک آدمی

8418- ورواه الحاكم جلد 3صفحه314-315' وصححه على شرط الشيخين ووافقه الذهبي . مع أن البخاري رواه رقم الحديث: 3763,4384' ومسلم رقم الحديث: 2460 .

8420- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 13895' والدارقطني جلد3صفحه173' ومن طريقه البيهقي جلد 7صفحه461'

الـدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، كِلَاهُمَا، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي حَصِينٍ، عَنْ أَبِي عَطِيَّةَ الْوَادِعِيِّ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى أَبِي مُوسَى فَقَالَ: إِنَّ امْرَأَتِي حُبِسَ لَبَنُهَا فِي ثَدْيِهَا، فَجَعَلْتُ أَمُصُّهُ ثُمَّ أَمُجُّهُ فَدَخَلَ فِي بَطْنِي شَيْءٌ مِنْهُ، فَقَالَ: حُرِّمَتْ عَلَيْكَ فَأَتَى عَبْدَ اللَّهِ قَالَ أَبُو عَطِيَّةَ: فَقَامَ وَقُمْنَا مَعَهُ، فَقَالَ: ارْضَعْ ثَدْيِ هَذَا، فَإِنَّمَا الرَّضَاعُ مَا أَنْبَتَ اللَّحْمَ وَالدَّمَ، فَقَالَ أَبُو مُوسَى: لَا تَسْأَلُونِي عَنْ شَيْءٍ مَا دَامَ هَذَا الْحَبْرُ بَيْنَ ظَهْرَانَيْكُمْ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اس نے کہا: میری عورت کے پستان میں دودھ رُک گیا' میں نے پستان منہ میں ڈال کر اس کو چوسا اور نکال پھینکا' میرے پیٹ میں اس سے کچھ داخل ہوگیا۔ کسی نے کہا کہ وہ عورت تیرے اوپر حرام ہوگئی۔ وہ آدمی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' حضرت ابوعطیہ نے فرمایا: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے' ہم بھی آپ کے ساتھ کھڑے ہوئے' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس پستان سے پینے سے حرمت رضاعت ثابت ہوتی ہے جب گوشت اور خون بنے' حضرت ابوموسیٰ نے فرمایا: جب تک یہ بڑا عالم تمہارے درمیان موجود ہے' مجھ سے کوئی مسئلہ نہ پوچھو۔

8421- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ أَبِي حَصِينٍ، عَنْ أَبِي عَطِيَّةَ، أَنَّ أَبَا مُوسَى، أَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: إِنَّ امْرَأَتَهُ وَرِمَ ثَدْيُهَا فَجَعَلَ يَمُصُّهُ وَيَمُجُّهُ فَدَخَلَ بَطْنَهُ، فَقَالَ: لَا أُرَاهَا تَصْلُحُ لَهُ، فَأَتَى ابْنَ مَسْعُودٍ فَسَأَلَهُ عَنْ ذَلِكَ فَقَالَ: لَمْ تُحَرَّمْ عَلَيْكَ، إِنَّمَا يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعِ مَا أَنْبَتَ اللَّحْمَ وَشَدَّ

حضرت ابوعطیہ الوادعی فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اس نے کہا: اس کی عورت کے پستان میں ورم آ گیا تھا' اس نے پستان منہ میں ڈال کر اس کو چوسا اور باہر نکال دیا' کچھ اس کے پیٹ میں داخل ہوگیا۔ میں نے کہا کہ وہ عورت میرے اوپر حرام ہوگئی۔ وہ آدمی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اس بارے سوال کیا۔ حضرت ابوعطیہ نے فرمایا: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ عورت تیرے اوپر

ورواه مالك جلد 2صفحه45 عن يحيى بن سعيد مرسلًا ومن طريقه البيهقي جلد7صفحه460-461' ورواه أحمد رقم الحديث: 4114' وأبو داؤدرقم الحديث: 2045 من طريق آخر فيه مجهولان . ورواه الدارقطني جلد 4 صفحه 172' ومن طريقه البيهقي جلد 7صفحه462' ورواه سعيد بن منصور رقم الحديث: 987,975 من طريقين آخرين . والحافظ الهيثمي لم يذكر هذه الرواية .

الْعَظْمَ، وَلَا رَضَاعَ بَعْدَ فِطَامٍ، فَقِيلَ لِأَبِي مُوسَى فَقَالَ: لَا تَسْأَلُونَا عَنْ شَيْءٍ مَا قَامَ هَذَا الْحَبْرُ بَيْنَ أَظْهُرِنَا مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حرام نہیں ہوئی' اس پینے سے حرمت رضاعت ثابت ہوتی ہے جب گوشت اور خون بنے اور ایک بار دودھ چھڑانے کے بعد حرمت رضاعت نہیں ہے' پس حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کو یہ بات بتائی گئی تو حضرت ابوموسیٰ نے فرمایا: جب تک یہ بڑا عالم تمہارے درمیان موجود ہے' مجھ سے کوئی مسئلہ نہ پوچھو۔

8422- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ: (اتَّقُوا اللَّهَ حَقَّ تُقَاتِهِ) (آل عمران: **102**) ، قَالَ: أَنْ يُطَاعَ وَلَا يُعْصَى، وَيُذْكَرَ وَلَا يُنْسَى، وَيُشْكَرَ وَلَا يُكْفَرَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اس آیت: ''اللہ سے ڈرو جس طرح ڈرنے کا حق ہے'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے مراد اللہ کی اطاعت کرنا' اور نافرمانی نہ کرنا' اس کا ذکر کرنا اور نہ بھولنا' اس کا شکر کرنا اور ناشکری نہ کرنا۔

8423- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا يُوسُفُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، فِي قَوْلِهِ: (اتَّقُوا اللَّهَ حَقَّ تُقَاتِهِ) (آل عمران: **102**) ، قَالَ: أَنْ يُطَاعَ وَلَا يُعْصَى، وَأَنْ يُشْكَرَ وَلَا يُكْفَرَ، وَأَنْ يُذْكَرَ، وَلَا يُنْسَى

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اس آیت: ''اللہ سے ڈرو جس طرح ڈرنے کا حق ہے'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے مراد اللہ کی اطاعت کرنا' اور نافرمانی نہ کرنا' اس کا ذکر کرنا اور اسے نہ بھولنا' اس کا شکر کرنا اور نافرمانی نہ کرنا۔

8424- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ مُرَّةَ فِي قَوْلِهِ: (وَآتَى الْمَالَ عَلَى حُبِّهِ) (البقرة: **177**) ، قَالَ: قَالَ ابْنُ

حضرت مرہ' اللہ کے ارشاد: ''اللہ کی محبت میں مال دیتے ہیں'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی محبت میں دینے سے مراد یہ ہے کہ تندرستی وخوشی سے دینا جبکہ زندہ رہنے کی اُمید موجود بھی ہو

8422- قال في المجمع جلد6صفحه326 رواه الطبراني باسنادين رجال أحدهما رجال الصحيح' والآخر ضعيف .

8424- قال في المجمع جلد6صفحه316' ورجاله رجال الصحيح .

مَسْعُودٍ: أَنْ تُؤْتِيَهُ، وَأَنْتَ صَحِيحٌ شَحِيحٌ تَأْمُلُ الْعَيْشَ، وَتَخْشَى الْفَقْرَ

اور محتاجی کا خوف بھی ہو۔

8425- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ عَاصِمٍ، قَالَ: قَالَ زِرٌّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ: الْكَبَائِرُ مَا بَيْنَ أَوَّلِ سُورَةِ النِّسَاءِ إِلَى رَأْسِ الثَّلَاثِينَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کبیرہ گناہ کا ذکر سورۂ نساء کے شروع سے لے کر تیس آیتوں تک ہے۔

8426- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ بَذِيمَةَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ حَبْتَرٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: يَا حَبَّذَا الْمَكْرُوهَانِ: الْمَوْتُ وَالْفَقْرُ، وَايْمُ اللَّهِ أَلَا إِنَّ الْغِنَى وَالْفَقْرَ وَمَا أُبَالِي بِأَيِّهِمَا ابْتُلِيتُ، إِنْ كَانَ الْغِنَى إِنَّ فِيهِ لِلْعَطْفِ، وَإِنْ كَانَ الْفَقْرُ إِنَّ فِيهِ لِلصَّبْرِ

حضرت قیس بن حبتر فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہائے کتنی بُری ہیں دو تکلیف دِہ چیزیں! موت اور محتاجی' اللہ کی قسم! مال داری ہو یا محتاجی ہو' مجھے کوئی پرواہ نہیں ہے' ان دونوں میں سے مجھے کس میں مبتلا کیا گیا ہے' اگر مال داری ہے تو اس میں مہربانی ہے' اگر محتاجی بھی ہے تو اس میں صبر ہے۔

8427- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ، قَالَ: كُنَّا إِذَا سَمِعْنَا مِنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، شَيْئًا نَكْرَهُهُ سَكَتْنَا حَتَّى يُفَسِّرَهُ لَنَا، فَقَالَ لَنَا عَبْدُ اللَّهِ ذَاتَ يَوْمٍ: إِنَّ السَّقَمَ لَا يُكْتَبُ لِصَاحِبِهِ أَجْرٌ، فَسَاءَنَا ذَلِكَ

حضرت ابومعمر فرماتے ہیں کہ جب ہم نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے کوئی شی سنی جسے ہم ناپسند کرتے تو ہم خاموش ہو جاتے' یہاں تک کہ آپ ہمارے لیے تفسیر کرتے' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک دن ہمیں فرمایا: بیمار کیلئے کوئی اجر نہیں لکھا جاتا ہے' پس اس چیز نے ہمیں تکلیف دی اور ہم پر گراں گزری تو فرمایا: لیکن اللہ عزوجل اس کے ذریعے غلطیاں معاف کرتا ہے۔

8425- قال فی المجمع جلد7صفحه4' رواه البزار جلد1صفحه250' ورجاله رجال الصحيح' ولم ينسبه الى الطبرانی .

8426- ومن طريقه رواه أبو نعيم فی الحلية جلد1صفحه132 .

8427- قال فی المجمع جلد2صفحه301' واسناده حسن .

وَكَبُرَ عَلَيْنَا، فَقَالَ: وَلَكِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُكَفِّرُ بِهِ الْخَطَايَا

8428- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: أَلَا أُنْذِرُكُمْ فُضُولَ الْكَلَامِ، بِحَسْبِ أَحَدِكُمْ أَنْ يَبْلُغَ حَاجَتَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ خبردار! فضول باتوں سے بچو! تم میں سے کسی کے لیے کافی ہے کہ اپنی ضرورت تک رہے۔

8429- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَأَنْ أَذْكُرَ اللّٰهَ يَوْمًا إِلَى اللَّيْلِ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَحْمِلَ عَلَى الْجِيَادِ يَوْمًا إِلَى اللَّيْلِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دن سے لے کر رات تک اللہ کا ذکر کرنا' مجھے زیادہ پسند ہے کہ میں دن سے لے کر رات تک عمدہ گھوڑے پر سوار ہوں۔

8430- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي صَادِقٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنِّي لَأَعْلَمُ أَهْلَ أَبْيَاتٍ يُفْزِعُهُمُ الدَّجَّالُ، قَالُوا: مَنْ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ؟، قَالَ: بُيُوتُ أَهْلِ الْكُوفَةِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اُن گھروں کے متعلق جانتا ہوں جن کو دجال ڈرائیگا' انہوں نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! وہ کون ہیں؟ فرمایا: کوفہ والوں کے گھر ہیں۔

8431- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنْ

حضرت اشعث بن ابوالشعثاء اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس دجال کا ذکر کیا گیا' آپ نے فرمایا: اس کا زیادہ ذکر نہ

8428- قال في المجمع جلد10صفحه303' وفيه المسعودي وقد اختلط .

8429- قال في المجمع جلد10صفحه75 القاسم له يسمع من جده ابن مسعود . قلت: والمسعودي قد اختلط .

8430- قال في المجمع جلد7صفحه351' ورجاله ثقات الا أن أبا صادق لم يدرك ابن مسعود .

8431- قال في المجمع جلد8صفحه351' وفيه المسعودي

أَبِيهِ، قَالَ: ذُكِرَ الدَّجَّالُ عِنْدَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: لَا تُكْثِرُوا ذِكْرَهُ فَإِنَّ الْأَمْرَ إِذَا قُضِيَ فِي السَّمَاءِ كَانَ أَسْرَعُ لِنُزُولِهِ إِلَى الْأَرْضِ أَنْ يَظْهَرَ عَلَى أَلْسِنَةِ النَّاسِ، قَالَ: أَلَا وَكَيْفَ بِكُمْ وَالْقَوْمُ آمِنُونَ وَأَنْتُمْ خَائِفُونَ؟ وَكَيْفَ بِكُمْ وَالْقَوْمُ فِي الظِّلِّ وَأَنْتُمْ فِي الضِّحِّ؟

کرو کیونکہ جب اس کا فیصلہ آسمان میں کر دیا گیا تو لوگوں کی زبان پر جاری ہونے سے پہلے زمین پر جلدی آئے گا' تمہارا کیا حالہوگا جب' لوگ اس پر ایمان لائیں گے اور تم ڈرتے ہوگے؟ اور کیسے ہوگا تمہارے لیے لوگ اسکے سایہ میں ہوں گے اور تم کھلی جگہ دھوپ میں؟

8432- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: ذَكَرُوا الدَّجَّالَ عِنْدَ عَبْدِ اللَّهِ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَوْ خَرَجَ لَرَمَيْنَاهُ بِالْحِجَارَةِ، فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: لَوْ أَصْبَحَ بِبَابِلَ أَصْبَحَ بَعْضُهُمْ يَشْكُو إِلَيْهِ الْحَفَاءَ مِنَ السُّرْعَةِ

حضرت خیثمہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس دجال کا ذکر کیا گیا' ان میں سے بعض نے کہا: اگر نکلا تو ہم اس کو پتھروں سے ماریں گے۔ حضرت عبداللہ نے فرمایا: اگر اس نے صبح بابل میں کی تو ان میں بعض نے آپ سے شکوہ کیا کہ جلدی چلنے کی وجہ سے اس کے پاؤں نہیں گھس جائیں گے۔

8433- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: مَنْ يُرَائِي يُرَائِي اللَّهُ بِهِ، وَمَنْ يُسَمِّعْ يُسَمِّعِ اللَّهُ بِهِ، وَمَنْ تَطَاوَلَ تَعَظُّمًا يَخْفِضْهُ اللَّهُ، وَمَنْ تَوَاضَعَ تَخَشُّعًا يَرْفَعْهُ اللَّهُ، وَالنَّاسُ مُوَسَّعٌ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا مَقْتُورٌ عَلَيْهِ فِي الْآخِرَةِ، وَمَقْتُورٌ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا مُوَسَّعٌ عَلَيْهِ فِي الْآخِرَةِ، وَمَقْتُورٌ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَمُوَسَّعٌ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَمُسْتَرِيحٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں: جو ریا کرتا ہے' اللہ اسے ریا کاری کی سزا دے گا' جو دکھاوا کرتا ہے اللہ اسے دکھاوے کی سزا دے گا' جس نے اپنی عظمت جتلانے کیلئے ہاتھ لمبے کیے' اللہ اسے پست کر دے گا' جس نے اللہ سے ڈرتے ہوئے عاجزی کی تو اللہ اسے بلند کر دیگا' بعض لوگوں پر دنیا وسیع ہے' ان پر آخرت تنگ ہو گی' جن پر دنیا تنگ ہے ان پر آخرت وسیع ہو گی' بعض پر دنیا و آخرت دونوں تنگ ہوں گی اور بعض پر دنیا و آخرت دونوں وسیع ہوں گی' وہ راحت حاصل کرے گا اور اس سے راحت حاصل کی جائے گی۔ ہم نے عرض کی:

8432- قال فی المجمع جلد7صفحه351 ورجاله رجال الصحيح الا أن خيثمة لم أجد من قال انه سمع من ابن مسعود .

8433- قال فی المجمع جلد10صفحه235' وفيه المسعودی وقد اختلط .

وَمُسْتَرَاحٌ مِنْهُ، قُلْنَا: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، مَا الْمُسْتَرِيحُ وَالْمُسْتَرَاحُ مِنْهُ؟ قَالَ: أَمَّا الْمُسْتَرِيحُ فَالْمُؤْمِنُ إِذَا مَاتَ اسْتَرَاحَ، وَأَمَّا الْمُسْتَرَاحُ مِنْهُ فَهُوَ الَّذِي يَظْلِمُ النَّاسَ وَيَغْتَابُهُمْ

اے ابوعبدالرحمٰن! مسترح اور مستراح منہ کون ہے؟ فرمایا: بہرحال راحت حاصل کرنے والا تو مؤمن ہے' جب فوت ہوتا ہے تو راحت پاتا ہے اور جس سے راحت حاصل کی جاتی ہے' وہ آدمی ہے جو لوگوں پر ظلم کرتا ہے اور ان کی غیبت کرتا ہے (جب وہ مر جاتا ہے' قبر میں اُتر جاتا ہے تو لوگ اس سے راحت پاتے ہیں)۔

8434- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ مَعْنٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: شَامَمْتُ أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدْتُ عِلْمَهُمُ انْتَهَى إِلَى سِتَّةٍ: إِلَى عُمَرَ، وَعَلِيٍّ، وَعَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، وَأَبِي الدَّرْدَاءِ، وَزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، ثُمَّ شَامَمْتُ السِّتَّةَ فَوَجَدْتُ عِلْمَهُمُ انْتَهَى إِلَى عَلِيٍّ، وَعَبْدِ اللَّهِ

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب کو سونگھا (مطلب پوچھا) میں نے علم چھ افراد کے پاس پایا: حضرت عمر' علی' عبداللہ بن مسعود' ابوالدرداء اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہم' پھر میں نے ان چھ کو سونگھا تو میں نے علم کی انتہاء حضرت علی اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما میں پائی۔

8435- حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِي إِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عُمَيْرَةَ، أَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ، لَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ قُلْنَا لَهُ: أَوْصِنَا، قَالَ: أَجْلِسُونِي، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ الْعِلْمَ، وَالْإِيمَانَ مَكَانَهُمَا مِنَ الْتَمَسَهُمَا وَجَدَهُمَا -

حضرت یزید بن عمیرہ فرماتے ہیں کہ حضرت معاذ بن جبل کی وفات کا وقت قریب آیا ہم نے آپ سے عرض کی: ہمیں وصیت کریں! آپ نے فرمایا: مجھے بٹھاؤ! پھر فرمایا: علم اور ایمان دونوں موجود ہیں' جس نے ان دونوں کو تلاش کیا' اس نے دونوں کو پا لیا۔ یہ آپ نے تین مرتبہ فرمایا' پھر فرمایا: علم چار افراد سے سیکھو! حضرت عویمر ابوالدرداء' سلمان فارسی' عبداللہ بن مسعود اور عبداللہ بن

8434- قال فی المجمع جلد9صفحه160' ورجاله رجال الصحيح غير القاسم بن معين وهو ثقة .

8435- ورواه النسائی فی فضائل الصحابة من السنن الكبرىٰ رقم الحديث:149' والمصنف فی مسند الشاميين رقم الحديث:1932

قَالَ ذَلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ -وَاطْلُبُوا الْعِلْمَ عِنْدَ أَرْبَعَةٍ: عُوَيْمِرٍ أَبِي الدَّرْدَاءِ، وَسَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ، وَعَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، وَعَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَلَامٍ

سلام سے۔

8436- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: مَا بَقِيَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ إِلَّا أَرْبَعَةٌ، أَحَدُهُمْ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اُحد کے دن حضور ﷺ کے ساتھ چار افراد باقی رہ گئے' ان میں ایک حضرت عبداللہ بن مسعود تھے۔

بَابٌ

باب

8437- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ أُمِّ مُوسَى، قَالَتْ: سَمِعْتُ عَلِيًّا، يَقُولُ: أَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنَ مَسْعُودٍ أَنْ يَصْعَدَ شَجَرَةً فَيَأْتِيَهُ بِشَيْءٍ مِنْهَا، فَنَظَرَ أَصْحَابُهُ إِلَى حُمُوشَةِ سَاقَيْهِ فَضَحِكُوا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يُضْحِكُكُمْ؟ لَرِجْلُ عَبْدِ اللَّهِ فِي الْمِيزَانِ أَثْقَلُ مِنْ أُحُدٍ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو درخت پر چڑھنے کا حکم دیا کہ اس سے ٹہنی توڑ کر لاؤ' صحابہ کرام آپ کی پتلی پنڈلی کو دیکھ کر مسکرائے' حضور ﷺ نے فرمایا: تم کیوں ہنسے ہو؟ عبداللہ کی ایک ٹانگ میزان میں اُحد پہاڑ سے زیادہ وزنی ہوگی۔

8436- ورواه البزار جلد2صفحه161 زوائد البزار عن محمد بن عثمان بن كرامة حدثني رجل من أهل الكوفة ثنا يحيى بن سلمة به . قال في المجمع جلد6صفحه164' وفيه يحيى بن عبد الحميد الحماني وهو ضعيف . قلت: وفي سند البزار مجهول .

8437- ورواه أحمد رقم الحديث: 920' وأبو يعلى جلد1صفحه40' قال في المجمع جلد 9صفحه289' ورجاله رجال الصحيح غير أم موسى وهي ثقة .

8438- حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا تَمِيمُ بْنُ الْمُنْتَصِرِ، ثنا إِسْحَاقُ الْأَزْرَقُ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنِ الْأَزْهَرِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: صَعِدْتُ أَرَاكَةً لِأَجْنِيَ مِنْهَا أَرَاكَةً، فَجَعَلَ أَصْحَابِي يَتَعَجَّبُونَ مِنْ خِفَّتِي، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَعْجَبُونَ، فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَهُوَ أَثْقَلُ فِي الْمِيزَانِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ أُحُدٍ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں درخت پر چڑھا تاکہ اس سے مسواک توڑوں' صحابہ کرام آپ کی پتلی پنڈلی کو دیکھ کر متعجب ہوئے' حضور ﷺ نے فرمایا: تم کیوں متعجب ہوتے ہو؟ عبداللہ کی ایک ٹانگ میزان میں اُحد پہاڑ سے زیادہ وزنی ہوگی۔

خُطْبَةُ ابْنِ مَسْعُودٍ، وَمِنْ كَلَامِهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود کا خطبہ اور آپ کی گفتگو

8439- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ أَبِي

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دو ہی چیزیں ہیں: ہدایت اور کلام۔ خوبصورت کلام اللہ کا کلام

8439- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20076' وقد جاء مرفوعًا رواه ابن ماجه رقم الحديث: 46' وعند المصنف وابن أبي عاصم في السنة (25) قال الشيخ الاسلام ابن تيمية في اقامة الدليل صفحه 95' رواه ابن ماجه وابن أبي عاصم بأسانيد جيدة الى محمد بن جعفر ابن أبي كثير عن موسى بن عقبة (عن أبي اسحاق) عن أبي الأحوص عن عبد الله بن مسعود أن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال.....فذكره . وهذا اسناده جيد لكن المشهور أنه موقوف على ابن مسعود . قال شيخنا: وقد جاء ت أكثر فقراته متفرقة في أحاديث أخرى صحيحة مثل أحسن الكلام' وهجر المسلم والكذب والصدق وغيرها' وقد ضعفه شيخنا ثم قال ما تقدم . قلت: وكذلك العضة . فانظر مسند الامام أحمد رقم الحديث: 4187,4160,4108,4095,4022,3727,3638' وصحيح البخاري رقم الحديث: 6094' والأدب المفرد له رقم الحديث: 386' ومسلم رقم الحديث: 2607' وسنن أبي داؤد رقم الحديث: 4962' والترمذي رقم الحديث: 2038' والدارمي رقم الحديث: 213' وبالنسبة للموقوف انظر مسند الامام أحمد رقم الحديث: 3896' والبخاري رقم الحديث: 213,7277,6098' وأورده مالك جلد 2 صفحه 254 بلاغًا . ورواه أبو عوانة جلد 2 صفحه 8,7 .

إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنَّمَا هِيَ اثْنَانِ الْهَدْيُ وَالْكَلَامُ، فَأَحْسَنُ الْكَلَامِ كَلَامُ اللَّهِ، وَأَحْسَنُ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَلَا وَإِيَّاكُمْ وَالْمُحْدَثَاتِ وَالْبِدَعِ، فَإِنَّ شَرَّ الْأُمُورِ مُحْدَثَاتُهَا، وَكُلَّ مُحْدَثَةٍ ضَلَالَةٌ، أَلَا لَا يَطُولَنَّ عَلَيْكُمُ الْأَمَدُ فَتَقْسُوا قُلُوبُكُمُ الْأَمَلَ، مَا هُوَ آتٍ قَرِيبٌ، أَلَا إِنَّ الْبَعِيدَ مَا لَيْسَ آتٍ، أَلَا إِنَّ الشَّقِيَّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ أُمِّهِ وَالسَّعِيدُ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهِ، وَشَرَّ الرَّوَايَا رَوَايَا الْكَذِبِ، أَلَا إِنَّ الْكَذِبَ لَا يَصْلُحُ فِي جِدٍّ، وَلَا هَزْلٍ، أَلَا أَنَّ الْكَذِبَ يَهْدِي إِلَى الْفُجُورِ، وَإِنَّ الْفُجُورَ يَهْدِي إِلَى النَّارِ، وَإِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِي إِلَى الْبِرِّ، وَإِنَّ الْبِرَّ يَهْدِي إِلَى الْجَنَّةِ، وَإِنَّهُ يُقَالُ لِلصَّادِقِ: صَدَقَ وَبَرَّ، وَيُقَالُ لِلْكَاذِبِ: كَذَبَ وَفَجَرَ

ہے اور خوبصورت ہدایت' محمد ﷺ کی ہدایت ہے' خبردار! نئے نئے کام ایجاد کرنے اور بُری بدعتوں سے بچو! کیونکہ بُرے کام' کچھ نئے کام ہیں' ہر بُری بدعت گمراہی ہے' خبردار! اُمیدیں تم پر لمبی نہ ہوں' ایسا نہ ہو کہ اُمید سے تمہارے دل سخت ہو جائیں' جو چیز آدنی ہے وہ قریب ہے' خبردار! جو دُور ہے وہ گویا آنے والی نہیں ہے' خبردار! بدبخت وہی ہے جو اپنی ماں کے پیٹ میں بدبخت تھا اور خوش بخت وہ ہے جو دوسرے کو دیکھ کر نصیحت حاصل کرے' بُری باتیں جھوٹی باتیں ہیں' خبردار! جھوٹ نہ سنجیدگی اور نہ مذاق میں جائز ہے' خبردار! جھوٹ' گناہ کی طرف لے جاتا ہے اور گناہ' جہنم کی طرف لے جاتا ہے۔ سچ' نیکی کی طرف اور نیکی جنت کی طرف لے جاتی ہے' سچے کو کہا جاتا ہے: تُو نے سچ بولا اور نیکی کی۔ جھوٹے کو کہا جاتا ہے: تُو نے جھوٹ بولا اور گناہ کمایا۔

8440- وَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ الْعَبْدَ لَيَكْذِبُ حَتَّى يَكْتُبَ كَذَّابًا، وَيَصْدُقُ حَتَّى يَكْتُبَ صِدِّيقًا -ثُمَّ قَالَ- إِيَّاكُمْ وَالْعَضَهَ، أَتَدْرُونَ مَا الْعَضَهُ؟ النَّمِيمَةُ وَنَقْلُ الْأَحَادِيثِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو بندہ جھوٹ بولتا ہے تو وہ جھوٹا لکھا جاتا ہے' سچ بولتا ہے تو سچا لکھا جاتا ہے' پھر فرمایا: کاٹنے والی سے بچو! فرمایا: تم جانتے ہو کہ کاٹنے سے مراد کیا ہے؟ فرمایا: چغل خوری اور (بغیر سند کے) حدیثوں کو نقل کرنا۔

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ وَاضِحٍ الْعَسَّالُ الْبَصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أَنَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اسی طرح کی حدیث روایت کرتے ہیں۔

مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، نَحْوَهُ

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ إِدْرِيسَ الْأَوْدِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، بَلَغَ الْحَدِيثُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَخْطُبُ يَوْمَ الْخَمِيسِ قَائِمًا يَقُولُ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّمَا هِيَ اثْنَتَانِ الْهَدْيُ وَالْكَلَامُ ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ

حضرت ابواحوص' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے حدیث حضور ﷺ تک پہنچائی کہ آپ ﷺ جمعرات کو کھڑے ہو کر خطبہ دیتے تھے' اے لوگو! دو چیزیں ہیں: ہدایت اور گفتگو' پھر اس کے بعد معمر والی حدیث ذکر کی' اُنہوں نے ابواسحاق سے روایت کی۔

8441- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: إِنَّمَا هُمَا اثْنَتَانِ: الْهَدْيُ وَالْكَلَامُ، وَأَصْدَقُ الْحَدِيثِ كَلَامُ اللَّهِ وَأَحْسَنُ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَشَرُّ الْأُمُورِ مُحْدَثَاتُهَا، وَكُلُّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ، وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ وَكُلُّ ضَلَالَةٍ فِي النَّارِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وہ صرف دو چیزیں ہیں: ہدایت اور کلام' سب سے سچی بات کلام اللہ ہے اور سب سے خوبصورت ہدایت حضرت محمد ﷺ کی ہدایت ہے' بُرے ترین اُمور نئے کام ہیں' ہر نئی بُری چیز بدعت ہے' ہر بُری بدعت گمراہی ہے اور ہر گمراہی جہنم میں ہے۔

8442- حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أَنَا خَالِدٌ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ حَمَّادِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت ہے کہ وہ ہر جمعرات کو آ کر کھڑے ہوتے' بیٹھتے نہیں تھے' پس فرماتے: لوگوں کو فتنے میں مت ڈالو کیونکہ ان میں کمزور بھی ہیں اور بڑے بوڑھے بھی اور ضرورت

8441- ورواه البزار رقم الحديث: 311-312 .

يَجِيءُ كُلَّ يَوْمِ خَمِيسٍ يَقُومُ قَائِمًا لَا يَجْلِسُ فَيَقُولُ: لَا تَفْتِنُوا النَّاسَ، فَإِنَّ فِيهِمُ الضَّعِيفَ وَالْكَبِيرَ وَذَا الْحَاجَةِ، فَيَقُولُ هُمَا اثْنَانِ، وَأَحْسَنُ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ، وَأَصْدَقُ الْحَدِيثِ كِتَابُ اللَّهِ، وَشَرُّ الْأُمُورِ مُحْدَثَاتُهَا، وَكُلُّ مُحْدَثٍ ضَلَالَةٌ، إِنَّ الشَّقِيَّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ أُمِّهِ، وَإِنَّ السَّعِيدَ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهِ، أَلَا فَلَا يَطُولَنَّ عَلَيْكُمُ الْأَمَدُ وَلَا يُلْهِيَنَّكُمُ الْأَمَلُ، فَإِنَّ كُلَّ مَا هُوَ آتٍ قَرِيبٌ، وَإِنَّمَا بَعِيدٌ مَا لَيْسَ آتِيًا، وَإِنَّ مِنْ شِرَارِ النَّاسِ تَطَاوَلَ النَّهَارَ خِيفَةَ اللَّيْلِ، فَإِنَّ قَتْلَ الْمُؤْمِنِ كُفْرٌ، وَإِنَّ سِبَابَهُ فُسُوقٌ، وَلَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثٍ، أَلَا إِنَّ شِرَارَ الرَّوَايَا الْكَذِبُ: وَإِنَّهُ لَا يَصْلُحُ مِنَ الْكَذِبِ جِدٌّ وَلَا هَزْلٌ، وَلَا أَنْ يَعِدَ الرَّجُلُ صَبِيَّهُ وَلَا يُنْجِزُهُ، أَلَا وَإِنَّ الْكَذِبَ يَهْدِي إِلَى الْفُجُورِ وَإِنَّ الْفُجُورَ يَهْدِي إِلَى النَّارِ، وَإِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِي إِلَى الْبِرِّ، وَإِنَّ الْبِرَّ يَهْدِي إِلَى الْجَنَّةِ، وَإِنَّ الصَّادِقَ يُقَالُ لَهُ صَدَقَ وَبَرَّ، وَإِنَّ الْكَاذِبَ يُقَالُ لَهُ كَذَبَ وَفَجَرَ

مند بھی۔ فرماتے: دو چیزیں ہیں: خوبصورت ہدایت حضرت محمد ﷺ کی ہدایت ہے اور سب سے زیادہ سچی بات کتاب اللہ ہے' بُرے کام نئے ایجاد کردہ ہیں' ہر نیا بُرا کام گمراہی ہے اور شقی وہ ہے جو ماں کے پیٹ میں بد بخت تھا' خوش بخت وہ ہے جو دوسرے سے نصیحت پکڑے' خبردار! لمبی اُمیدیں مت باندھو! اُمید تمہیں غافل نہ کردے۔ بے شک ہر چیز جس نے آنا ہے وہ قریب ہے' دُور وہی ہے جس نے نہیں آنا ہے' لوگوں میں سے بُرے وہ ہیں جو دن کو رات آنے کے ڈر سے لمبی دیر کام کرتے ہیں' بیشک مؤمن کو قتل کرنا کفر ہے' اسے گالی دینا گناہ ہے' کسی مسلمان کیلئے حلال نہیں کہ وہ اپنے بھائی کو تین دن تک چھوڑے رکھے' خبردار! راویوں میں سے بُرے چھوٹے راوی ہیں' سنجیدگی اور مذاق میں جھوٹ جائز نہیں اور نہ اس وقت جب آدمی اپنے بچے کو وعدہ دے رہا ہو اور پورا نہ کرے' خبردار! جھوٹ گناہ ہے اور گناہ جہنم میں لے جائے گا۔ سچ' نیکی ہے اور نیکی جنت میں لے جائے گی' صادق کو کہا جاتا ہے: تُو نے سچ کہا اور نیکی کی اور جھوٹے کو کہا جاتا ہے: تُو نے جھوٹ بولا اور گناہ کیا۔

8443- وَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ الْعَبْدَ لَيَصْدُقُ فَيُكْتَبُ عِنْدَ اللَّهِ صِدِّيقًا، وَإِنَّهُ لَيَكْذِبُ حَتَّى يُكْتَبَ عِنْدَ اللَّهِ كَذَّابًا، أَلَا هَلْ تَدْرُونَ مَا

اور میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو بندہ جھوٹ بولتا ہے تو وہ جھوٹا لکھا جاتا ہے' سچ بولتا ہے تو سچا لکھا جاتا ہے' پھر فرمایا: کاٹنے والی سے بچو! فرمایا: تم جانتے ہو کہ کاٹنے سے مراد کیا ہے؟ فرمایا: چغل خوری اور

8443- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20198 قال في المجمع جلد10 صفحه236 باسناد منقطع ورجال اسناده ثقات .

لُعَضُهُ؟ هِيَ النَّمِيمَةُ الَّتِي تُفْسِدُ بَيْنَ النَّاسِ

8444- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرِ بْنِ بُرْقَانَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ: كُلُّ مَا هُوَ آتٍ قَرِيبٌ، أَلَا إِنَّ الْبَعِيدَ مَا لَيْسَ بِآتٍ، لَا يَعْجَلُ اللَّهُ لِعَجَلَةِ أَحَدٍ وَلَا يَخِفُّ لِأَمْرِ النَّاسِ، مَا شَاءَ اللَّهُ لَا مَا شَاءَ النَّاسُ، يُرِيدُ اللَّهُ أَمْرًا وَيُرِيدُ النَّاسُ أَمْرًا مَا شَاءَ اللَّهُ كَانَ وَلَوْ كَرِهَ النَّاسُ، لَا مُقَرِّبَ لِمَا بَاعَدَ اللَّهُ وَلَا مُبَعِّدَ لِمَا قَرَّبَ اللَّهُ، وَلَا يَكُونُ شَيْءٌ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ، أَصْدَقُ الْحَدِيثِ كِتَابُ اللَّهِ وَأَحْسَنُ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ، وَشَرُّ الْأُمُورِ مُحْدَثَاتُهَا، وَكُلُّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ

8445- قَالَ مَعْمَرٌ: وَقَالَ غَيْرُ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ: وَخَيْرُ مَا أُلْقِيَ فِي الْقَلْبِ الْيَقِينُ، وَخَيْرُ الْغِنَى غِنَى النَّفْسِ، وَخَيْرُ الْعِلْمِ مَا نَفَعَ، وَخَيْرُ الْهَدْيِ مَا اتُّبِعَ، وَمَا قَلَّ وَكَفَى خَيْرٌ مِمَّا كَثُرَ وَأَلْهَى، وَإِنَّمَا يَصِيرُ أَحَدُكُمْ إِلَى مَوْضِعِ أَرْبَعِ أَذْرُعٍ فَلَا تَمَلُّوا النَّاسَ، وَلَا تَسْأَمُوهُمْ، وَإِنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ شَيْطَانًا وَإِقْبَالًا، أَلَا وَإِنَّ لَهَا سَآمَةً وَإِدْبَارًا، أَلَا وَشَرُّ الرَّوَايَا الْكَذِبُ، أَلَا وَإِنَّ الْكَذِبَ يَقُودُ إِلَى الْفُجُورِ وَإِنَّ الْفُجُورَ يَقُودُ إِلَى النَّارِ، أَلَا وَعَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ وَإِنَّ الصِّدْقَ يَقُودُ إِلَى الْبِرِّ

لوگوں کے درمیان فساد کرنا۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہر وہ جو آنے والا ہے' وہ قریب ہے۔ خبردار! جو دُور ہے' وہی ہے جو آنے والا نہیں ہے' کسی کے جلدی کرنے سے اللہ جلدی نہیں فرماتا ہے اور لوگوں کے کہنے سے ہلکا کرتا ہے (وہ اپنی مرضی کرتا ہے) جو اللہ چاہے۔ (بات ہے) نہ کہ جو لوگ چاہیں' ایک کام کا ارادہ اللہ کرتا ہے اور ایک کا ارادہ لوگ کرتے ہیں' جو اللہ چاہتا ہے وہ ہوتا ہے اگرچہ لوگ ناپسند کریں' جو اللہ دُور کر دے اسے قریب کرنے والا کوئی نہیں' ہر شی اللہ کی اجازت سے ہوتی ہے' سب سے سچی بات اللہ کی کتاب ہے' سب سے خوبصورت ہدایت محمد ﷺ کی ہدایت ہے' بُرے کام نئے ایجاد کردہ ہیں' ہر بُرا نیا کام بدعت اور ہر بُری بدعت گمراہی ہے۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں: دل میں ڈالی جانے والی چیزوں میں بہترین چیز یقین ہے' بہترین غنا دل کی غنا ہے' بہترین علم جو نفع دے' بہترین ہدایت جس کی اتباع کی جائے' جو کم اور کافی ہو' وہ زیادہ اور سست کرنے والے مال سے بہتر ہے' بے شک تم چار گز زمین تک محدود ہو جاؤ گے' پس لوگوں کو تنگ نہ کرو اور نہ انہیں تکلیف دو' ہر جان کے ساتھ شیطان ہے اور بخت بھی۔ خبردار! اس کیلئے زوال ہے' خبردار! بُری روایت جھوٹ ہے' خبردار! جھوٹ گناہ کی طرف قیادت کرتا ہے اور گناہ دوزخ میں لے جاتا ہے' خبردار! تم پر سچ لازم ہے' سچ نیکی کی طرف رہنمائی کرتا ہے اور نیکی جنت میں لے

وَإِنَّ الْبِرَّ يَقُودُ إِلَى الْجَنَّةِ وَاعْتَبِرُوا ذَلِكَ، إِنَّهُمَا إِلْفَانِ الْتَقَيَا يُقَالُ لِلصَّادِقِ: صَدَقَ، حَتَّى يُكْتَبَ صِدِّيقًا، وَلَا يَزَالُ الْكَاذِبُ يَكْذِبُ حَتَّى يُكْتَبَ كَذَّابًا، أَلَا وَإِنَّ الْكَذِبَ لَا يَصْلُحُ فِي جِدٍّ، وَلَا هَزْلٍ، وَلَا أَنْ يَعِدَ الرَّجُلُ مِنْكُمْ صَبِيَّهُ ثُمَّ لَا يُنْجِزَ لَهُ، وَلَا تَسْأَلُوا أَهْلَ الْكِتَابِ عَنْ شَيْءٍ فَإِنَّهُمْ قَدْ طَالَ عَلَيْهِمُ الْأَمَدُ، وَقَسَتْ قُلُوبُهُمْ وَابْتَدَعُوا فِي دِينِهِمْ، فَإِنْ كُنْتُمْ لَا مَحَالَةَ سَائِلِيهِمْ فَمَا وَافَقَ كِتَابَكُمْ فَخُذُوا وَمَا خَالَفَهُ فَاهْدُوا عَنْهُ وَاسْكُتُوا

جاتی ہے' اس سے عبرت حاصل کرو' یہ دونوں ایک دوسرے سے مانوس ہی مل جائیں گے' سچے کیلئے کہا جاتا ہے: اس نے سچ بولا یہاں تک کہ سچا لکھا جاتا ہے اور جھوٹا' جھوٹ بولتا رہتا ہے یہاں تک کہ جھوٹا لکھ دیا جاتا ہے' جھوٹ نہ سنجیدگی میں اور نہ مذاق میں جائز ہے اور نہ یہ کہ کوئی آدمی اپنے چھوٹے سے کسی چیز کا وعدہ کرے پھر پورا نہ کرے' اہل کتاب سے کسی چیز کا سوال نہ کرو کیونکہ ان پر اُمید لمبی ہوئی' ان کے دل سخت ہو گئے اور اُنہوں نے اپنے دین میں بُری بدعتیں ایجاد کیں' اگر تمہیں سوال کرنا ضروری ہو تو جو تمہاری کتاب کے مطابق ہو' اسے لے لو اور جو مخالف ہو اس سے دُور ہو جاؤ اور خاموش رہو۔

8446- حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أَنَا شُعْبَةُ، ح وَحَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، سَمِعَ مُرَّةَ، يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: إِنَّ أَصْدَقَ الْحَدِيثِ كِتَابُ اللَّهِ، وَأَحْسَنَ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ، وَشَرَّ الْأُمُورِ مُحْدَثَاتُهَا، وَإِنَّ مَا تُوعَدُونَ لَآتٍ وَمَا أَنْتُمْ بِمُعْجِزِينَ، إِنَّ بَعِيدًا مَا لَيْسَ آتِيًا، أَلَا عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ فَإِنَّهُ إِلَى الْجَنَّةِ وَلَا يَزَالُ الرَّجُلُ يَصْدُقُ حَتَّى يُكْتَبَ عِنْدَ اللَّهِ صِدِّيقًا، وَيَثْبُتَ الْبِرُّ فِي قَلْبِهِ، وَلَا يَكُونَ الْفُجُورُ فِي قَلْبِهِ مَوْضِعَ إِبْرَةٍ لِيَسْتَقِرَّ فِيهَا، أَلَا وَإِيَّاكُمْ وَالْكَذِبَ فَإِنَّهُ يَهْدِي إِلَى النَّارِ، وَلَا يَزَالُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: سب سے سچی بات کتاب اللہ ہے' سب سے خوبصورت ہدایت حضرت محمد ﷺ کی ہدایت ہے' بُرے کام نئے ایجاد کردہ ہیں جس کا وعدہ تم سے کیا جاتا ہے وہ آنے والا ہے اور تم عاجز کرنے والے نہیں ہو' بے شک دُور آنے والا نہیں ہے' خبردار! تم پر سچ لازم ہے کیونکہ یہ جنت میں ہے اور آدمی لگاتار سچ بولتا رہتا ہے حتیٰ کہ اللہ کے پاس سچا لکھ دیا جاتا ہے اور نیکی اس کے دل میں لکھ دی جاتی ہے اور گناہ کو اس کے دل میں سوئی کے برابر بھی قرار پذیر ہونے کیلئے جگہ نہیں ملتی۔ خبردار! جھوٹ سے بچو کیونکہ یہ جہنم میں لے جاتا ہے' ایک آدمی سلسل جھوٹ بولتا رہتا ہے حتیٰ کہ اللہ کے پاس جھوٹا لکھ دیا جاتا ہے اور گناہ اسکے دل میں ڈیرے ڈال لیتا ہے اور اسکے دل میں نیکی کو رہنے کیلئے ایک سوئی

الرَّجُلُ يَكْذِبُ حَتَّى يُكْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ كَذَّابًا وَيَسْتَقِرَّ الْفُجُورُ فِي قَلْبِهِ فَلَا يَكُنْ فِي قَلْبِهِ مَوْضِعُ إِبْرَةٍ لِيَسْتَقِرَّ فِيهَا

کے برابر بھی جگہ میسر نہیں آتی ہے۔

8447- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَا يَصْلُحُ مِنَ الْكَذِبِ هَزْلٌ وَلَا جِدٌّ، وَلَا أَنْ يَعِدَ أَحَدُكُمْ صَبِيَّهُ شَيْئًا ثُمَّ لَا يُنْجِزَ لَهُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نہ مذاق میں اور نہ سنجیدگی میں جھوٹ بولنا درست ہے اور یہ کہ تم میں سے کوئی بچے سے کسی شی کا وعدہ کرے اور پورا نہ کرے۔

8448- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَا يَصْلُحُ مِنَ الْكَذِبِ جِدٌّ وَلَا هَزْلٌ

حضرت ابواحوص فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہ سنجیدگی اور نہ مذاق میں جھوٹ بولنا جائز ہے۔

8449- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَا: ثنا ابْنُ عَوْنٍ قَالَ: أَتَيْنَا أَبَا وَائِلٍ وَمَعَهُ جَارِيَةٌ يُقَالُ لَهَا: بُرَيْدَةُ، فَقُلْنَا: يَا بُرَيْدَةُ، قُولِي لِأَبِي وَائِلٍ يُحَدِّثْنَا، فَقَالَتْ: أَبَا وَائِلٍ حَدِّثِ الْقَوْمَ بِمَا سَمِعْتَ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ يَقُولُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّكُمْ مَجْمُوعُونَ فِي صَعِيدٍ وَاحِدٍ يُسْمِعُكُمُ الدَّاعِي وَيَنْفُذُكُمُ الْبَصَرُ، أَلَا وَإِنَّ الشَّقِيَّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ أُمِّهِ،

حضرت ابن عون فرماتے ہیں: ہم ابووائل کے پاس آئے جبکہ اُن کے ساتھ ایک لونڈی تھی' جس کا نام بُریدہ تھا' پس ہم نے کہا: اے بریدہ! ابووائل سے کہو کہ ہمیں کوئی حدیث سنائیں! پس اس نے کہا: اے ابووائل! جو آپ نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے حدیثیں سنی ہیں' وہ قوم کو سناؤ! فرمایا: میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: اے لوگو! تم ایک مٹی میں جمع کیے جاؤ گے' داعی تمہیں سنائے گا' آنکھ تمہیں دیکھے گی' خبردار! بدبخت وہی ہے جو ماں کے پیٹ میں بدبخت تھا اور خوش بخت وہ ہے جو دوسرے سے نصیحت حاصل کرے۔

8447- ورواه البخاري في الأدب المفرد رقم الحديث: 387 .

قَالَ: وَيَحْسِبُهُ يَتْبَعُهَا، وَالسَّعِيدُ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهِ

8450- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، ثنا كُلْثُومُ بْنُ جَبْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الطُّفَيْلِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: الشَّقِيُّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ أُمِّهِ وَالسَّعِيدُ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهِ

حضرت ابوالطفیل فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے سنا: بدبخت وہی ہے جو ماں کے پیٹ میں بدبخت تھا اور خوش بخت وہی ہے جو دوسرے سے نصیحت حاصل کرے۔

8451- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا رَبِيعَةُ بْنُ كُلْثُومِ بْنِ جَبْرٍ، حَدَّثَنِي أَبِي كُلْثُومِ بْنِ جَبْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الطُّفَيْلِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: الشَّقِيُّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ أُمِّهِ وَالسَّعِيدُ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهِ

حضرت ابوالطفیل فرماتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے سنا: بدبخت وہی ہے جو ماں کے پیٹ میں بدبخت تھا اور خوش بخت وہی ہے جو دوسرے سے نصیحت حاصل کرے۔

8452- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا رَبِيعَةُ بْنُ كُلْثُومِ بْنِ جَبْرٍ، حَدَّثَنِي أَبِي كُلْثُومِ بْنِ جَبْرٍ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ عَمْرِو بْنِ وَاثِلَةَ، قَالَ: كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ إِذَا خَطَبَنَا بِالْكُوفَةِ قَالَ: الشَّقِيُّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ أُمِّهِ، وَالسَّعِيدُ مَنْ سَعِدَ فِي بَطْنِ أُمِّهِ

حضرت ابوطفیل عمرو بن واثلہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ جب کوفہ میں خطیب تھے فرمایا: بدبخت وہی ہے جو ماں کے پیٹ میں بدبخت تھا اور خوش بخت وہی ہے جو ماں کے پیٹ میں خوش بخت تھا۔

8453- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ

حضرت رباح النخعی فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ہمیں ہر جمعرات کے دن خطبہ دیتے

8452- هذا الحديث عليه اشارة لا في نسخة أحمد الثالث ونسخة الظاهرية ينقص منها عشرة أوراق . ولذا كتبناه لعله لم يكن ناقصًا في نسخة الظاهرية . وهو مكرر ما قبله .

أَبِي حَمْزَةَ، عَنْ رَبَاحٍ النَّخَعِيِّ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ يَخْطُبُنَا كُلَّ خَمِيسٍ فَيَقُولُ: إِنَّ أَصْدَقَ الْحَدِيثِ كِتَابُ اللّٰهِ، وَخَيْرَ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكُلَّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ وَكُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ، وَشَرَّ الْأُمُورِ مُحْدَثَاتُهَا، وَإِنَّكُمْ مَجْمُوعُونَ بِصَعِيدٍ وَاحِدٍ يَنْفُذُكُمُ الْبَصَرُ وَيُسْمِعُكُمُ الدَّاعِي، أَلَا وَإِنَّ الشَّقِيَّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ أُمِّهِ وَالسَّعِيدُ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهِ

تھے' وہ فرماتے: سب سے سچی بات' کتاب اور سب سے خوبصورت ہدایت' حضرت محمد ﷺ کی ہدایت ہے' ہر نیا ایجاد کردہ بُرا کام بدعت ہے اور ہر بُری بدعت گمراہی ہے' بُرے کام نئے ایجاد کردہ ہیں اور تم ایک ہی سرزمین پر اکٹھے کیے جاؤ گے' آنکھ تمہیں دیکھے گی اور داعی تمہیں سنائے گا' خبردار! بدبخت وہ ہے جو ماں کے پیٹ میں بدبخت تھا اور خوش بخت دوسرے کو دیکھ کر نصیحت پکڑنے والا ہے۔

8454- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ فَإِنَّهُ يُقَرِّبُ إِلَى الْبِرِّ، وَإِنَّ الْبِرَّ يُقَرِّبُ إِلَى الْجَنَّةِ، وَإِيَّاكُمْ وَالْكَذِبَ فَإِنَّهُ يُقَرِّبُ إِلَى الْفُجُورِ وَإِنَّ الْفُجُورَ يُقَرِّبُ إِلَى النَّارِ، إِنَّهُ يُقَالُ لِلصَّادِقِ: صَدَقَ وَبَرَّ، وَلِلْكَاذِبِ: كَذَبَ وَفَجَرَ، أَلَا وَإِنَّ لِلْمَلَكِ لَمَّةً، وَلِلشَّيْطَانِ لَمَّةً، فَلَمَّةُ الْمَلَكِ إِيعَادٌ لِلْخَيْرِ، وَلَمَّةُ الشَّيْطَانِ إِيعَادٌ بِالشَّرِّ، فَمَنْ وَجَدَ لَمَّةَ الْمَلَكِ فَلْيَحْمَدِ اللّٰهَ، وَمَنْ وَجَدَ لَمَّةَ الشَّيْطَانِ فَلْيَتَعَوَّذْ مِنْ ذَلِكَ، فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ: (الشَّيْطَانُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَأْمُرُكُمْ) (البقرة: **268**) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ، قَالَ: أَلَا إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَضْحَكُ إِلَى رَجُلَيْنِ رَجُلٍ قَامَ

حضرت مرہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے لوگو! تم پر سچ لازم ہے کیونکہ یہ نیکی کے قریب کر دیتا ہے اور نیکی جنت کے قریب کر دیتی ہے' جھوٹ بولنے سے بچو! کیونکہ یہ گناہ کے قریب کرتا ہے اور گناہ' دوزخ کے قریب کرتا ہے۔ سچے آدمی کے بارے کہا جاتا ہے: اس نے سچ بولا اور نیکی کی اور جھوٹے کیلئے کہا جاتا ہے: اس نے جھوٹ بولا اور گناہ کیا۔ خبردار! بادشاہ کیلئے ایک لمّہ ہے اور شیطان کیلئے بھی ایک لمّہ ہے' بادشاہ کی لمّہ یہ ہے کہ وہ خیر کو بار بر لاتا ہے اور شیطان کی لمّہ یہ ہے کہ وہ شر کو لوٹا لاتا ہے' جو بادشاہ کی لمّہ کو پائے وہ اللہ کی حمد کرے اور جو شیطان کی لمّہ پائے وہ اللہ سے پناہ مانگے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''شیطان تمہیں اندیشہ دلاتا ہے محتاجی کا اور حکم دیتا ہے'' آیت کے آخر تک۔ فرمایا: خبردار! بے شک اللہ دو آدمیوں کی طرف دیکھ کر ہنستا ہے: (۱) وہ آدمی جو ٹھنڈی رات میں اپنے بستر' لحاف اور دُستے سے

فِي لَيْلَةٍ بَارِدَةٍ مِنْ فِرَاشِهِ وَلِحَافِهِ وَدِثَارِهِ فَتَوَضَّأَ ثُمَّ قَامَ إِلَى صَلَاةٍ، فَيَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِمَلَائِكَتِهِ: مَا حَمَلَ عَبْدِي هَذَا عَلَى مَا صَنَعَ؟ فَيَقُولُونَ: رَبَّنَا رَجَاءَ مَا عِنْدَكَ، وَشَفَقَةً مِمَّا عِنْدَكَ، فَيَقُولُ: فَإِنِّي قَدْ أَعْطَيْتُهُ مَا رَجَا وَأَمَّنْتُهُ مِمَّا خَافَ، وَرَجُلٍ كَانَ فِي فِئَةٍ فَعَلِمَ مَا لَهُ فِي الْفِرَارِ، وَعَلِمَ مَا لَهُ عِنْدَ اللّٰهِ، فَقَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ فَيَقُولُ لِلْمَلَائِكَةِ: مَا حَمَلَ عَبْدِي هَذَا عَلَى مَا صَنَعَ؟، فَيَقُولُونَ: رَبَّنَا رَجَاءَ مَا عِنْدَكَ، وَشَفَقَةً مِمَّا عِنْدَكَ، فَيَقُولُ: فَإِنِّي أُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ أَعْطَيْتُهُ مَا رَجَا وَأَمَّنْتُهُ مِمَّا خَافَ أَوْ كَلِمَةً شَبِيهَةً بِهَا

نکل کر کھڑا ہو' وضو کیا پھر نماز میں کھڑا ہو گیا تو اللہ اپنے فرشتوں سے فرماتا ہے: میرے بندے کو یہ کام کرنے پر کس چیز نے برانگیختہ کیا؟ پس وہ کہتے ہیں: اے میرے رب! اس چیز کی اُمید نے جو تیرے پاس ہے اور تیرے خوف نے۔ اللہ فرماتا ہے: جس چیز کی اس نے اُمید کی' میں نے اسے دے دی اور جس چیز سے وہ ڈرا' میں نے اس سے اسے امن دیا۔ (۲) وہ آدمی جو کسی گروہ میں (لشکر میں) ہو' اسے معلوم ہے کہ بھاگنے میں کیا فائدہ ہے (کہ جان بچ جائے گی) اور اسے معلوم ہے کہ اللہ کے پاس کیا ہے (یعنی جنت)۔ پس وہ جہاد کرتا ہے حتیٰ کہ شہید کر دیا جاتا ہے۔ ملائکہ کو فرماتا ہے: میرے بندے نے جو کام کیا اس پر اسے کس چیز نے تیار کیا۔ پس وہ کہتے ہیں: اے ہمارے رب! تیرے پاس موجود اُمید اور ڈر نے۔ اللہ فرماتا ہے: میں نے اس کی اُمید پوری کی اور خوف سے امن دیا' یا اس کے مشابہ کلمات فرمائے۔

8707- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ رَجُلًا مَرَّ بِرَجُلٍ، وَهُوَ سَاجِدٌ فَوَطِئَ عَلَى رَقَبَتِهِ، فَقَالَ: أَتَطَأُ عَلَى رَقَبَتِي وَأَنَا سَاجِدٌ؟ وَاللّٰهِ لَا يَغْفِرُ اللّٰهُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ ایک آدمی' دوسرے آدمی کے پاس سے گزرا جبکہ وہ سجدہ میں تھا' پس اس نے اس کی گردن پر پاؤں دھر دیا' اس نے کہا: کیا تُو میری گردن کو تو روندتا ہے حالانکہ میں سجدے میں ہوں؟ قسم بخدا! اللہ تیری مغفرت نہیں فرمائے

8706- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20274' قال في المجمع جلد7صفحه11' ورجاله رجال الصحيح الا أن ابن سيرين ما أظنه سمع من ابن مسعود .

8707- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20275' قال في المجمع جلد 10صفحه194 رواه الطبراني باسنادين ورجال أحدهما رجال الصحيح .

نَكَ أَبَدًا، فَقَالَ اللّٰهُ: أَتَتَأَلَّى عَلَيَّ، أَمَا إِنِّي قَدْ غَفَرْتُ لَهُ

گا۔ پس اللہ نے فرمایا: کیا مجھ پر قسم کھاتا ہے (اور وہ بھی یہ کہ میں میں مغفرت نہ کروں گا) لے! میں نے اسکی بخشش کردی۔

8708- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، إِنَّ مَثَلَ الْمُحَقَّرَاتِ مِنَ الذُّنُوبِ كَمَثَلِ قَوْمٍ سَفْرٌ نَزَلُوا بِأَرْضٍ قَفْرٍ، مَعَهُمْ طَعَامٌ لَا يُصْلِحُهُمْ إِلَّا النَّارُ، فَتَفَرَّقُوا فَجَعَلَ هَذَا يَأْتِي بِالرَّوْثَةِ، وَيَجِيءُ هَذَا بِالْعَظْمِ، وَيَجِيءُ هَذَا بِالْعُودِ، حَتَّى جَمَعُوا مِنْ ذَلِكَ مَا أَصْلَحُوا بِهِ طَعَامَهُمْ، فَكَذَلِكَ صَاحِبُ الْمُحَقَّرَاتِ يَكْذِبُ الْكَذِبَةَ، وَيُذْنِبُ الذَّنْبَ وَيَجْمَعُ مِنْ ذَلِكَ مَا لَعَلَّهُ أَنْ يَكُبَّهُ اللّٰهُ عَلَى وَجْهِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ بڑے گناہوں کی مثال اس گروہ کی ہے جو سفر میں تھے' کسی چٹیل زمین میں اُترے' ان کے پاس کھانا تھا جسے آگ جلا کر کھانے کے قابل بنایا جا سکتا تھا۔ پس وہ بکھر گئے' پس ان میں سے کوئی خشک گوبر لایا' کوئی ہڈی لایا اور کوئی لکڑی لایا یہاں تک کہ اس سے اتنی مقدار اکٹھی ہوگئی کہ جس کے ساتھ وہ اپنے کھانے کی اصلاح کرلیں۔ پس اسی طرح گناہ بڑے ہو جاتے ہیں' ایک طرف جھوٹ بولا' دوسری طرف کوئی اور گناہ کیا (تیسری طرف اور جھوٹ بولا) اور اس سے اتنے گناہ ہوگئے کہ اللہ جہنم کی آگ میں اسے اوندھے منہ ڈالے گا۔

8709- حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ رَجُلٍ، أَنَّهُ قَالَ: اسْتَأْذَنَّا عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ بَعْدَ صَلَاةِ الصُّبْحِ، فَأَذِنَ لَنَا وَأَلْقَى عَلَى امْرَأَتِهِ قَطِيفَةً، وَقَالَ: إِنِّي كَرِهْتُ أَنْ أَحْبِسَكُمْ

ایک مرد کہتا ہے: صبح کی نماز کے بعد ہم نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی بارگاہ کی حاضری کی اجازت طلب کی' پس اُنہوں نے اجازت دے دی اور اپنی بیوی پر کپڑے کا ٹکڑا ڈال دیا اور فرمایا: میں نے ناپسند کیا کہ تمہیں روکوں۔

8710- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دو آدمی

8708- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20278' قال في المجمع جلد 10 صفحه 190 رواه الطبراني موقوفًا باسنادين ورجال أحدهما رجال الصحيح .

8709- قال في المجمع جلد 8 صفحه 46' والرجل لم أعرفه وبقية رجاله رجال الصحيح .

8710- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20281' قال في المجمع جلد 2 صفحه 255' وفيه أبو عبيدة ولم يسمع من أبيه .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: رَجُلَانِ يَضْحَكُ اللَّهُ إِلَيْهِمَا: رَجُلٌ تَحْتَهُ فَرَسٌ مِنْ أَمْثَلِ خَيْلِ أَصْحَابِهِ، فَلَقِيَهُمِ الْعَدُوُّ فَانْهَزَمُوا، وَثَبَتَ الْآخَرُ إِنْ قُتِلَ قُتِلَ شَهِيدًا فَذَلِكَ يَضْحَكُ اللَّهُ إِلَيْهِ، وَرَجُلٌ قَامَ مِنَ اللَّيْلِ لَا يَعْلَمُ بِهِ أَحَدٌ فَأَسْبَغَ الْوُضُوءَ، وَصَلَّى عَلَى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَحَمِدَ اللَّهَ، وَاسْتَفْتَحَ الْقِرَاءَةَ فَيَضْحَكُ اللَّهُ إِلَيْهِ، يَقُولُ: انْظُرُوا إِلَى عَبْدِي لَا يَرَاهُ أَحَدٌ غَيْرِي

ایسے ہیں کہ جن کو دیکھ کر اللہ ہنستا ہے' (۱) وہ آدمی جس کے نیچے اپنے دوستوں کے گھوڑوں کی مثل گھوڑا ہو' پس ان سے دشمن ملے تو وہ شکست کھا جائیں لیکن وہ آدمی ڈٹا رہے' اگر وہ قتل ہوگا تو شہید ہوگا' اس آدمی کی طرف دیکھ کر اللہ کو بھی ہنسی آ جاتی ہے (۲) وہ آدمی جو رات کو اُٹھے' جس کے اُٹھنے کا کسی کو پتہ نہ ہو' پس اچھے طریقہ سے وضو کرے' محمد ﷺ پر درود پڑھے' اللہ کی حمد کرے اور قرآن کی تلاوت شروع کر دے' پس اس کو دیکھ کر اللہ ہنستا ہے۔ فرماتا ہے: دیکھو! میرے بندے کی طرف جس کو میرے سوا دیکھنے والا کوئی نہیں ہے۔

8711- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: ثَلَاثٌ أَحْلِفُ عَلَيْهِنَّ، وَالرَّابِعَةُ لَوْ حَلَفْتُ عَلَيْهَا لَبَرَرْتُ: لَا يَجْعَلُ اللَّهُ مِنْ لَهُ سَهْمٍ فِي الْإِسْلَامِ كَمَنْ لَا سَهْمَ لَهُ، وَلَا يَتَوَلَّى اللَّهَ عَبْدٌ فِي الدُّنْيَا فَوَلَّاهُ غَيْرُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلَا يُحِبُّ رَجُلٌ قَوْمًا إِلَّا جَاءَ مَعَهُمْ، وَالرَّابِعَةُ الَّتِي لَوْ حَلَفْتُ عَلَيْهَا لَبَرَرْتُ لَا يَسْتُرُ اللَّهُ عَلَى عَبْدٍ فِي الدُّنْيَا إِلَّا سَتَرَهُ اللَّهُ فِي الْآخِرَةِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تین چیزوں پر میں حلف دے سکتا ہوں اور چوتھی چیز پر اگر میں قسم کھاؤں تو بَری ہوں گا' جس آدمی کا اسلام میں کچھ حصہ ہے' اللہ تعالیٰ اسے اس آدمی کی طرح نہ بنائے گا جس کا کوئی حصہ نہیں ہے' دنیا میں جس کو اللہ سے محبت ہے' قیامت کے دن ایسا نہ ہوگا کہ غیر کو اس کا دوست بنا دے' جو آدمی کسی قوم سے (مثلاً نیکوں سے یا بُروں سے) محبت کرتا ہے تو قیامت کے دن اللہ اسے انہیں کے ساتھ اُٹھائے گا اور چوتھی چیز پر اگر میں قسم اُٹھاؤں تو میں (قسم اُٹھانے میں) نیک ہوں گا' اللہ نے دنیا میں جس بندے کا پردہ رکھا' قیامت کے دن بھی اس کا پردہ رکھے گا۔

وفي المصنف نقص في الحديث .

8711- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20318' قال في المجمع جلد1 صفحه38' واسناده منقطع . وانظر ما بعده .

بَابُ

8712- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: ثَلاثٌ أَحْلِفُ عَلَيْهِنَّ، وَالرَّابِعَةُ لَوْ حَلَفْتُ عَلَيْهَا رَجَوْتُ أَنْ لا آثَمَ، وَلَبَرَرْتُ: أَنْ لا يَجْعَلَ اللَّهُ ذَا سَهْمٍ فِي السَّلامِ كَمَنْ لا سَهْمَ لَهُ، وَلا يَتَوَلَّى اللَّهَ عَبْدٌ مُسْلِمٌ فَيُوَلِّيَهُ سِوَاهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلا يُحِبُّ رَجُلٌ قَوْمًا إِلَّا بَعَثَهُ اللَّهُ مَعَهُمْ، وَأَسْهُمُ الإِسْلامِ ثَلاثَةٌ: الصَّلاةُ، وَالزَّكَاةُ، وَالصِّيَامُ، وَالرَّابِعَةُ لَوْ حَلَفْتُ عَلَيْهَا لَرَجَوْتُ أَنْ لا آثَمَ: لا يَسْتُرُ اللَّهُ عَلَى عَبْدٍ فِي الدُّنْيَا إِلَّا سَتَرَ اللَّهُ عَلَيْهِ فِي الآخِرَةِ

باب

حضرت قاسم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا: تین پر تو میں قسم کھا سکتا ہوں اور چوتھی چیز پر اگر میں حلف دوں تو اُمید ہے میں گناہ گار نہیں ہوں گا اور میں بَری ہوں گا کہ اللہ اسلام میں حصے والا نہ بنائے اس آدمی کی طرح جس کا حصہ نہیں ہے کوئی مسلمان بندہ اللہ سے محبت نہیں کرتا تو نہ ہوگا کہ قیامت کے دن وہ کسی دوسرے کو اس کا والی بنا دے اور جو آدمی کسی گروہ کسی قوم سے محبت کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسکو انہیں کے ساتھ اُٹھائے گا اسلام کے حصے تین ہیں: (۱) نماز (۲) زکوٰۃ (۳) روزہ۔ اور چوتھی چیز اگر میں اس پر قسم کھاؤں تو اُمید ہے گناہگار نہ ہوں گے اللہ دنیا میں جس بندے کا پردہ رکھتا ہے قیامت کے دن بھی اس کا پردہ رکھے گا۔

8713- حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: ذَهَبْتُ أَنَا وَرَجُلٌ إِلَى عَبْدِ اللَّهِ فَإِذَا هُوَ قَائِمٌ يُصَلِّي، وَقَدِ اكْتَنَفَهُ رَجُلانِ، فَلَمَّا سَلَّمَ سَأَلاهُ عَنْ آيَةٍ، فَقَالَ لأَحَدِهِمَا: مَنْ أَقْرَأَكَ؟ قَالَ: عُمَرُ، فَقَالَ لِلآخَرِ: مَنْ أَقْرَأَكَ؟ قَالَ: أَبُو حَكِيمٍ -قَالَ: أَوْ أَبُو عَمْرَةَ- فَقَالَ: اقْرَأْ كَمَا أَقْرَأَكَ عُمَرُ، ثُمَّ بَكَى حَتَّى بَلَّ

حضرت زید بن وہب سے روایت ہے فرماتے ہیں: میں اور ایک آدمی حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی طرف گئے ہم نے دیکھا کہ وہ کھڑے نماز ادا کر رہے ہیں اور ان کی جھونپڑی میں دو آدمی بیٹھے ہیں پس جب اُنہوں نے سلام پھیرا تو ان دونوں نے ایک آیت کے بارے سوال کیا پس آپ نے ان میں سے ایک کیلئے کہا: تجھے کس نے پڑھایا ہے؟ اس نے جواب دیا: عمر نے! آپ نے دوسرے سے فرمایا: تجھے کس نے پڑھایا ہے؟ اس نے

8712- انظر ما بعده .

8713- قال في المجمع جلد9صفحه78 رواه الطبراني بأسانيد ورجال أحدها رجال الصحيح .

الْحَصَا دُمُوعُهُ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ كَانَ لِلْإِسْلَامِ حِصْنًا حَصِينًا يَدْخُلُونَ فِي الْإِسْلَامِ، وَلَا يَخْرُجُونَ، فَلَمَّا أُصِيبَ عُمَرُ، انْثَلَمَ الْحِصْنُ

جواب دیا: ابوحکیم نے! یا اُس نے کہا: ابوعمرہ نے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تُو اسی طرح پڑھ جس طرح عمر نے تجھے پڑھایا ہے' پھر رونا شروع کر دیا یوں روئے کہ آپ کے آنسوؤں سے سنگریزے تر ہو گئے' پھر فرمایا: بے شک عمر' اسلام کیلئے مضبوط قلعہ تھے' اسلام میں جو داخل ہوتے وہ نکلتے نہ تھے' پس جب عمر کو شہید کیا گیا تو قلعۂ اسلام گر گیا۔

8714- حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيَى، ثنا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: تَمَارَى رَجُلَانِ فِي آيَةٍ مِنَ الْقُرْآنِ فَأَتَيَا عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ، فَقَالَ أَحَدُهُمَا: أَقْرَأَنِيهَا أَبُو عَمْرَةَ، وَقَالَ الْآخَرُ: أَقْرَأَنِيهَا عُمَرُ، فَلَمَّا ذُكِرَ عُمَرُ بَكَى عَبْدُ اللَّهِ، وَهُوَ قَائِمٌ، وَمَسَحَ عَيْنَيْهِ، وَنَفَضَ يَدَهُ فِي الْحَصَا، ثُمَّ قَالَ: لَهِيَ أَبْيَنُ مِنْ طَرِيقِ السِّيلِحِينَ، ثُمَّ قَالَ: اقْرَأْهَا كَمَا أَقْرَأَكَهَا عُمَرُ، إِنَّ أَهْلَ بَيْتٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ لَمْ يَدْخُلْهُمْ حُزْنٌ عَلَى عُمَرَ يَوْمَ أُصِيبَ لَأَهْلُ سُوءٍ، عُمَرُ كَانَ أَتْقَانَا، وَأَقْرَأَنَا لِكِتَابِ اللَّهِ

حضرت زید بن وہب سے روایت ہے' فرماتے ہیں: قرآن کی ایک آیت میں دو آدمی جھگڑ پڑے تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' پس ان میں سے ایک نے کہا: مجھے ابوعمرہ نے پڑھایا ہے' دوسرے نے کہا: مجھے حضرت عمر نے پڑھایا' پس جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ذکر آیا تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ رو پڑے اس حال میں کہ آپ کھڑے تھے' آپ نے اپنی آنکھیں پونچھ کر سنگریزوں میں اپنا ہاتھ جھاڑا' پھر فرمایا: یقیناً یہ سیلحین کے راستے سے بھی زیادہ واضح ہے۔ پھر فرمایا: اس کو پڑھ جس طرح عمر نے تجھے پڑھایا' بے شک جس دن حضرت عمر شہید ہوئے' اس دن مسلمانوں کے جس گھر میں غم نہیں آیا وہ اہل سوء سے ہے' حضرت عمر ہم میں سے زیادہ متقی اور کتاب کے ہم سے زیادہ قاری تھے۔

8715- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: تَنَازَعَ رَجُلَانِ فِي آيَةٍ، فَبَيْنَمَا نَحْنُ كَذَلِكَ إِذْ أَقْبَلَ عَبْدُ اللَّهِ مِنْ قِبَلِ أَخْتَانِهِ فَقَامَا إِلَيْهِ،

حضرت زید بن وہب سے روایت ہے' فرماتے ہیں: ایک آیت شریفہ میں دو آدمیوں کا جھگڑا ہو گیا' پس ہم اسی حال پر تھے جب حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اپنے سسرال کی جانب سے آ رہے تھے' پس وہ دونوں آدمی کھڑے ہو گئے اور میں بھی ان کے ساتھ کھڑا ہو گیا۔ پس ان دونوں

وَقُمْتُ إِلَيْهِ مَعَهُمَا، فَقَالَا: إِنَّا تَنَازَعْنَا فِي آيَةٍ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ لِأَحَدِهِمَا: اقْرَأْ فَقَرَأَ، فَقَالَ: مَنْ أَقْرَأَكَهَا؟ فَقَالَ: أَبُو عَمْرَةَ مَعْقِلُ بْنُ مُقَرِّنٍ، ثُمَّ قَالَ لِلْآخَرِ: اقْرَأْهُ فَقَرَأَ، فَقَالَ: مَنْ أَقْرَأَكَهَا؟ فَقَالَ: عُمَرُ، فَجَاءَتَا عَيْنَاهُ بِأَرْبَعَةٍ فَبَكَى حَتَّى رَأَيْتُهُ أَخَذَ مِنْ دُمُوعِهِ بِكَفِّهِ، فَقَالَ بِهِ هَكَذَا، فَرَأَيْتُ أَثَرَيْنِ فِي الْحَصَا مِنْ دُمُوعِ عَبْدِ اللّٰهِ، ثُمَّ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَا أَظُنُّ أَهْلَ بَيْتٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ لَمْ يَدْخُلْ عَلَيْهِمْ حُزْنُ عُمَرَ يَوْمَ أُصِيبَ إِلَّا بَيْتُ سُوءٍ، إِنَّ عُمَرَ كَانَ أَعْلَمَنَا بِاللّٰهِ وَأَقْرَأَنَا لِكِتَابِ اللّٰهِ، وَأَفْقَهَنَا لِدِينِ اللّٰهِ، وَاقْرَأْهَا كَمَا أَقْرَأَكَهَا عُمَرُ، فَوَاللّٰهِ لَهِيَ أَبْيَنُ مِنْ طَرِيقِ السِّيلِحِينَ

نے عرض کی: ایک آیت میں ہمارا تنازعہ ہے' پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ایک سے فرمایا: پڑھ! اس نے پڑھا تو فرمایا: تجھے یہ آیت کس نے پڑھائی؟ اس نے کہا: ابوعمرہ معقل بن مقرن نے۔ پھر دوسرے سے فرمایا: تُو پڑھ! پس اس نے پڑھا تو فرمایا: تجھے یہ آیت کس نے پڑھائی؟ عرض کی: حضرت عمر نے۔ پس آپ رو پڑے (عمر کا نام سن کر) یہاں تک کہ میں نے دیکھا کہ آپ نے اپنے آنسو اپنی ہتھیلی پر لیے اور فرمایا: اسی طرح! پس میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے آنسوؤں کا اثر سنگریزوں میں دیکھا۔ پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرا گمان ہے کہ جس دن حضرت عمر شہید ہوئے' مسلمانوں کے ہر گھر میں غمی تھی مگر بُرے عقیدے کے لوگوں کے گھر' بے شک حضرت عمر ہم سے بڑے عالم اور اللہ کی کتاب کے بڑے قاری تھے اور اللہ کے دین کے بڑے فقیہ' اور تُو اس کو پڑھ جس طرح تجھے حضرت عمر نے پڑھایا' قسم بخدا! سیلحین کے راستے سے یہ زیادہ واضح ہے۔

8716- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: أَتَى عَبْدَ اللّٰهِ رَجُلَانِ -وَكُنَّا عِنْدَهُ- فَقَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، كَيْفَ نَقْرَأُ هٰذِهِ الْآيَةَ؟ فَقَرَأَهَا عَلَيْهِ عَبْدُ اللّٰهِ، فَقَالَ الرَّجُلُ: فَإِنَّ أَبَا حَكِيمٍ أَقْرَأَنِيهَا كَذَا، وَكَذَا، قَالَ: وَقَرَأَ الْآخَرُ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَنْ أَقْرَأَكَهَا؟ فَقَالَ: عُمَرُ، فَقَالَ عَبْدُ

حضرت زید بن وہب سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس دو مرد آئے' ہم بھی وہاں موجود تھے' ایک نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! ہم یہ آیت کیسے پڑھیں؟ پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس کے سامنے آیت پڑھی تو اس آدمی نے عرض کی: ابوحکیم نے تو مجھے ایسے ایسے پڑھائی ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ دوسرے نے پڑھی تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تجھے کس نے پڑھائی ہے؟ اس نے کہا: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے۔

باب

اللّٰهِ: اقْرَأْ كَمَا أَقْرَأَكَ عُمَرُ، ثُمَّ بَكَى عَبْدُ اللّٰهِ حَتَّى رَأَيْتُ دُمُوعَهُ تَحَدَّرُ فِي الْحَصَا، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ عُمَرَ كَانَ حِصْنًا حَصِينًا عَلَى الْإِسْلَامِ يَدْخُلُ النَّاسُ فِيهِ، وَلَا يَخْرُجُونَ، وَإِنَّ الْحِصْنَ أَصْبَحَ قَدِ انْثَلَمَ فَالنَّاسُ يَخْرُجُونَ مِنْهُ، وَلَا يَدْخُلُونَ

تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اسی طرح پڑھ جس طرح تجھے حضرت عمر نے پڑھائی ہے۔ پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روئے یہاں تک کہ میں نے ان کے آنسوؤں کو کنکریوں پر گرتے دیکھا' پھر فرمایا: بے شک عمر مضبوط قلعہ تھے جس میں لوگ داخل ہوتے لیکن نکلتے نہ تھے' قلعہ گرادیا گیا' لوگ نکلتے ہیں اب داخل نہیں ہوتے۔

8717- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: أَتَيْنَا ابْنَ مَسْعُودٍ فَوَجَدْنَاهُ يُصَلِّي، فَانْتَظَرْنَاهُ حَتَّى فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ، فَجَاءَهُ رَجُلَانِ قَدِ اخْتَلَفَا فِي آيَةٍ فَقَرَأَهُ أَحَدُهُمَا، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: أَحْسَنْتَ، مَنْ أَقْرَأَكَ؟ قَالَ: أَقْرَأَنِي أَبُو حَكِيمٍ الْمُزَنِيُّ، وَاسْتَقْرَأَ الْآخَرَ فَقَالَ: مَنْ أَقْرَأَكَ؟ فَقَالَ: أَقْرَأَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَبَكَى عَبْدُ اللّٰهِ حَتَّى خَضَّبَتْ دُمُوعُهُ الْحَصَا، ثُمَّ قَالَ: اقْرَأْ كَمَا أَقْرَأَكَ عُمَرُ، ثُمَّ دَوَّرَ دَارَةً بِيَدِهِ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ عُمَرَ كَانَ حِصْنًا حَصِينًا لِلْإِسْلَامِ يَدْخُلُ النَّاسُ مِنْهُ، وَلَا يَخْرُجُونَ مِنْهُ، فَلَمَّا مَاتَ عُمَرُ انْثَلَمَ الْحِصْنُ، فَالنَّاسُ يَخْرُجُونَ مِنْهُ، وَلَا يَدْخُلُونَ

حضرت زید بن وہب سے روایت ہے' فرماتے ہیں: ہم حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آئے تو آپ نماز پڑھ رہے تھے' پس ہم نے ان کے نماز سے فارغ ہونے تک انتظار کیا' پس ان کے پاس دو آدمی آئے' ایک آیت میں جن کا اختلاف تھا' پس ان میں سے ایک نے پڑھی تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تُو نے اچھا پڑھا! تجھے کس نے پڑھایا؟ اس نے کہا: ابوحکیم مزنی نے۔ دوسرے سے پڑھنے کا مطالبہ کیا' فرمایا: تجھے کس نے پڑھایا؟ اس نے کہا: مجھے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے پڑھایا۔ پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ رو پڑے حتیٰ کہ آپ کے آنسوؤں سے سنگریزے تر ہو گئے' پھر فرمایا: پڑھ جیسے حضرت عمر نے تجھے پڑھایا ہے۔ پھر اپنے ہاتھ کو زور سے گھمایا' پھر کہا: بے شک عمر اسلام کیلئے مضبوط قلعہ تھے جس کے حوالے سے لوگ (اسلام میں) داخل ہوتے' نکلتے نہ تھے' پس جب حضرت عمر شہید ہوئے تو قلعہ گر گیا' پس لوگ نکلتے ہیں داخل نہیں ہوتے۔

8718- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت قاسم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ

8718- قال فی المجمع جلد9صفحه62' ورجاله رجال الصحيح الا أن القاسم لم يدرك جده ابن مسعود .

ـ نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: إِنَّ إِسْلَامَ عُمَرَ كَانَ فَتْحًا، وَإِنَّ هِجْرَتَهُ كَانَتْ نَصْرًا، وَإِنَّ إِمَارَتَهُ كَانَتْ رَحْمَةً، وَاللَّهِ مَا اسْتَطَعْنَا أَنْ نُصَلِّيَ عِنْدَ الْكَعْبَةِ ظَاهِرِينَ حَتَّى أَسْلَمَ عُمَرُ

عنہ نے فرمایا: بے شک عمر کا اسلام فتح' ان کی ہجرت' نصرت اور ان کی خلافت' رحمت تھی' قسم بخدا! ہمیں طاقت نہ ہوتی کہ ہم کعبہ کے پاس نماز پڑھیں یہاں تک کہ حضرت عمر اسلام لائے۔

8719- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، وَحَمَّادٍ، قَالَا: سَمِعْتَهُمْ يَقُولُونَ: سَمِعَهُمَا يَقُولَانِ: كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ يَقُولُ: إِنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ كَانَ حِصْنًا حَصِينًا لِلْإِسْلَامِ يُدْخَلُ فِي الْإِسْلَامِ، وَلَا يُخْرَجُ مِنْهُ، فَلَمَّا مَاتَ عُمَرُ، انْثَلَمَ مِنَ الْحِصْنِ ثُلْمَةٌ فَهُوَ يَخْرُجُ مِنْهُ، وَلَا يَدْخُلُ فِيهِ، وَكَانَ إِذَا سَلَكَ طَرِيقًا، وَجَدْنَاهُ سَهْلًا، فَإِذَا ذُكِرَ الصَّالِحُونَ فَحَيَّ هَلَا بِعُمَرَ، كَانَ فَضْلَ مَا بَيْنَ الزِّيَادَةِ وَالنُّقْصَانِ، وَاللَّهِ لَوَدِدْتُ أَنِّي أَخْدُمُ مِثْلَهُ حَتَّى أَمُوتَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بے شک حضرت عمر بن خطاب اسلام کیلئے مضبوط قلعہ تھے جس کے حوالے سے لوگ (اسلام میں) داخل ہوتے' نکلتے نہ تھے' پس جب حضرت عمر شہید ہوئے تو قلعہ گر گیا' پس لوگ نکلتے ہیں داخل نہیں ہوتے' جب آپ راستے پر چلتے تھے تو ہم آپ کو آسان پاتے تھے' جب بھی نیک لوگوں کا ذکر کیا جائے گا تو ان میں حضرت عمر' سرفہرست ہوں گے' آپ زیادتی اور کمی میں فاصلہ کرنے والے تھے' اللہ کی قسم! میں چاہتا ہوں کہ میں آپ کی خدمت کرتے ہوئے مرتا۔

8720- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا الْأَعْمَشُ، عَنْ شَقِيقٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: وَاللَّهِ إِنِّي لَأَحْسِبُ عِلْمَ عُمَرَ لَوْ وُضِعَ فِي كِفَّةِ الْمِيزَانِ، وَوُضِعَ سَائِرُ أَحْيَاءِ أَهْلِ الْأَرْضِ فِي كِفَّةِ الْمِيزَانِ لَرَجَحَ عَلَيْهِ عِلْمُ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ

حضرت شقیق سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قسم بخدا! میرا گمان ہے کہ اگر میزان کے ایک پلڑے میں عمر کا علم رکھا جائے اور دوسرے میں سارے زندوں کا تو عمر کا علم بھاری ہوگا۔ حضرت سلیمان نے کہا: پس میں نے ان سے اس کا ذکر کیا تو فرمایا: عبداللہ نے اس سے زیادہ فضیلت والی بات کی ہے۔

8719- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20407' وهو منقطع .

8720- انظر ما بعده .

عَنْهُ قَالَ سُلَيْمَانُ: فَذَكَرْتُهُ فَقَالَ: لَقَدْ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ أَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ: إِنِّي لَأَظُنُّ عُمَرَ قَدْ ذَهَبَ بِتِسْعَةِ أَعْشَارِ الْعِلْمِ

فرمایا: میرا گمان ہے کہ عمر علم کے دس حصوں میں سے نو حصے لے کر چلے گئے۔

8721- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا وَكِيعٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَوْ أَنَّ عِلْمَ عُمَرَ وُضِعَ فِي كِفَّةِ مِيزَانٍ، وَوُضِعَ عِلْمُ أَهْلِ الْأَرْضِ فِي كِفَّةٍ لَرَجَحَ عِلْمُهُ بِعِلْمِهِمْ قَالَ وَكِيعٌ: قَالَ الْأَعْمَشُ: فَأَنْكَرْتُ ذٰلِكَ، فَأَتَيْتُ إِبْرَاهِيمَ فَذَكَرْتُهُ لَهُ، فَقَالَ: وَمَا أَنْكَرْتَ مِنْ ذٰلِكَ، فَوَاللّٰهِ لَقَدْ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ أَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ، قَالَ: إِنِّي لَأَحْسِبُ تِسْعَةَ أَعْشَارِ الْعِلْمِ ذَهَبَ يَوْمَ ذَهَبَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے علم کو میزان کے ایک پلڑے میں اور تمام زمین کے رہنے والوں کے علم کو دوسرے پلڑے میں رکھا جائے تو حضرت عمر کا علم ان سے زیادہ ہوگا۔ حضرت وکیع فرماتے ہیں: حضرت اعمش نے فرمایا: میں نے اس کو ناپسند کیا' میں ابراہیم کے پاس آیا' میں نے اس کا ذکر کیا' فرمایا: تُو اس کو ناپسند کیوں کرتا ہے' اللہ کی قسم! حضرت عبداللہ اس سے افضل ہیں' فرمایا: میرا خیال ہے کہ جس دن حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا تو نو حصے علم چلا گیا۔

8722- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا مَنْصُورٌ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنِّي لَأَحْسِبُ عُمَرَ قَدْ رُفِعَ مَعَهُ يَوْمَ مَاتَ تِسْعَةُ أَعْشَارِ الْعِلْمِ، وَإِنِّي لَأَحْسِبُ عِلْمَ عُمَرَ لَوْ وُضِعَ فِي كِفَّةِ الْمِيزَانِ، وَعِلْمُ مَنْ بَعْدَهُ لَرَجَحَ عَلَيْهِ عِلْمُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرا خیال ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شہادت کے ساتھ نو حصے علم چلا گیا' میرا خیال ہے کہ اگر حضرت عمر کا علم ایک پلڑے میں اور آپ کے بعد کے دوسروں کا علم دوسرے پلڑے میں رکھا جائے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا علم زیادہ ہو گیا۔

بَابٌ

باب

8723- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت

8721- قال في المجمع جلد9صفحه69 رواه الطبراني بأسانيد ورجال هذا رجال الصحيح غير أسد بن موسى وهو ثقة .

8723- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:20406' قال في المجمع جلد9صفحه78' واسناده حسن .

ـنَبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ ـكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ سَعِيدَ بْنَ زَيْدٍ، قَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ ـرَّحْمَنِ، قُبِضَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَيْنَ هُوَ؟، قَالَ: فِي الْجَنَّةِ هُوَ، قَالَ: تُوُفِّيَ أَبُو بَكْرٍ فَأَيْنَ هُوَ؟ قَالَ: ذَاكَ الْأَوَّاهُ عِنْدَ كُلِّ خَيْرٍ يُبْغَى، قَالَ: تُوُفِّيَ عُمَرُ فَأَيْنَ هُوَ؟ قَالَ: فَإِذَا ذُكِرَ الصَّالِحُونَ فَحَيَّ هَلَا بِعُمَرَ

سعید بن زید نے فرمایا: اے ابوعبدالرحمٰن! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال ہوا' آپ کہاں ہیں؟ فرمایا: آپ جنت میں ہیں۔ آپ سے عرض کی گئی: حضرت ابوبکر کا وصال ہوا ہے' وہ کہاں ہیں؟ فرمایا: اسی جگہ ہیں جہاں ہم کو بھلائی ملتی ہے۔ آپ سے عرض کی گئی: حضرت عمر کا وصال ہوا' وہ کہاں ہیں؟ فرمایا: جب نیک لوگوں کا ذکر کیا جائے تو حضرت عمر کے ذکر سے ابتداء کر۔

8724- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: إِذَا ذُكِرَ الصَّالِحُونَ فَحَيَّ هَلَا بِعُمَرَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب نیک لوگوں کا ذکر کیا جائے تو حضرت عمر کے ذکر سے ابتداء کی جائے گی۔

8725- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: إِذَا ذُكِرَ الصَّالِحُونَ فَحَيَّ هَلَا بِعُمَرَ، إِنَّ إِسْلَامَهُ كَانَ نَصْرًا، وَإِنَّ إِمَارَتَهُ كَانَتْ فَتْحًا، وَايْمُ اللَّهِ مَا أَعْلَمُ عَلَى الْأَرْضِ شَيْئًا إِلَّا، وَقَدْ وَجَدَ فَقْدَ عُمَرَ حَتَّى الْعِضَاهَ، وَايْمُ اللَّهِ إِنِّي لَأَحْسِبُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ مَلَكًا يُسَدِّدُهُ وَيُرْشِدُهُ، وَايْمُ اللَّهِ إِنِّي لَأَحْسِبُ الشَّيْطَانَ يَفْرَقُ مِنْهُ أَنْ يُحْدِثَ فِي الْإِسْلَامِ حَدَثًا فَيَرُدَّ عَلَيْهِ عُمَرُ، وَايْمُ اللَّهِ لَوْ

حضرت زر سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب نیک لوگوں کا ذکر ہو تو عمر کا ذکر کر' بے شک ان کا اسلام' مدد تھا' ان کی امارت وخلافت' فتح تھی' قسم ہے اللہ کی! زمین پر کسی شی کو نہیں جانتا مگر اس نے عمر کی عدم موجودگی کو محسوس کیا حتیٰ کہ خاردار درخت نے بھی' قسم بخدا! میرا خیال ہے کہ ان کی دونوں آنکھوں کے درمیان ایک فرشتہ موجود رہتا تھا جو ان کو سیدھے راستے کی طرف رہنمائی کرتا' قسم بخدا! میرا گمان ہے کہ شیطان ان سے ڈرتا تھا کہ وہ اسلام میں کوئی نئی بات کرے مگر عمر اس کا رد کر دیتا' قسم بخدا! اگر مجھے معلوم ہو کہ کوئی کتا بھی ان سے

8724تا8732- رواه الطبراني من طرق وفي بعضها عاصم ابن أبي النجود وهو حسن الحديث . وبقية رجالها رجال الصحيح' وبعضها منقطع الاسناد ورجالهما ثقات .

أَعْلَمُ كَلْبًا يُحِبُّ عُمَرَ لَأَحْبَبْتُهُ

محبت کرتا ہے تو اس سے بھی محبت کروں۔

8726- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ رَقَبَةَ بْنِ مَصْقَلَةَ الْعَبْدِيِّ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَقَدْ أَحْبَبْتُ عُمَرَ حَتَّى لَقَدْ خِفْتُ اللّٰهَ، وَلَوْ أَعْلَمُ أَنَّ كَلْبًا يُحِبُّ عُمَرَ لَأَحْبَبْتُهُ، وَلَوَدِدْتُ أَنِّي كُنْتُ خَادِمًا لِعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَلَقَدْ وَجَدَ فَقْدَهُ كُلُّ شَيْءٍ حَتَّى الْعِضَاهَ، وَإِنَّ هِجْرَتَهُ كَانَتْ نَصْرًا، وَإِنَّ سُلْطَانَهُ كَانَ رَحْمَةً

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تحقیق مجھے عمر سے اتنی محبت ہے کہ مجھے اللہ سے ڈر لگا اور اگر مجھے معلوم ہو جائے کہ فلاں کتا عمر سے محبت کرتا ہے تو میں اس سے بھی محبت کروں' میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا خادم ہونا پسند کیا' تحقیق ہر شی حتیٰ کہ خاردار درخت (کیکر) نے بھی عمر کی عدم موجودگی کو محسوس کیا' ان کی ہجرت' نصرت تھی اور ان کی بادشاہی' رحمت تھی۔

8727- حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَوْ أَنَّ عُمَرَ، أَحَبَّ كَلْبًا كَانَ أَحَبَّ الْكِلَابِ إِلَيَّ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی کتا حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے محبت کرے تو وہ کتا مجھے تمام کتوں سے زیادہ محبوب ہوگا۔

8728- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَقَدْ خَشِيتُ اللّٰهَ فِي حِبِّي عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اللہ سے ڈرتا ہوں حضرت عمر کی محبت کے متعلق۔

8729- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِذَا ذُكِرَ الصَّالِحُونَ فَحَيَّ هَلًا بِعُمَرَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب نیک لوگوں کا ذکر کیا جائے تو حضرت عمر کے ذکر سے ابتداء کی جائے گی۔

8730- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ، يَقُولُ: إِذَا ذُكِرَ الصَّالِحُونَ فَحَيَّ هَلَا بِعُمَرَ، وَدِدْتُ أَنِّي خَادِمٌ لِمِثْلِ عُمَرَ حَتَّى أَمُوتَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب نیک لوگوں کا ذکر کیا جائے تو حضرت عمر کے ذکر سے ابتداء کی جائے گی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ جیسی شخصیات کا خادم ہونا مجھے پسند ہے یہاں تک کہ مجھ پر موت آ جائے۔

8731- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِذَا ذُكِرَ الصَّالِحُونَ فَحَيَّ هَلَا بِعُمَرَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب نیک لوگوں کا ذکر کیا جائے تو حضرت عمر کے ذکر سے ابتداء کی جائے گی۔

8732- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنْ كَانَ إِسْلَامُ عُمَرَ لَفَتْحًا، وَإِمَارَتُهُ لَرَحْمَةً، وَاللّٰهِ مَا اسْتَطَعْنَا أَنْ نُصَلِّيَ بِالْبَيْتِ حَتَّى أَسْلَمَ عُمَرُ، فَلَمَّا أَسْلَمَ عُمَرُ قَابَلَهُمْ حَتَّى دَعَوْنَا فَصَلَّيْنَا

حضرت ابوقاسم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر عمر کا اسلام فتح اور ان کی خلافت رحمت نہ ہوتی تو قسم بخدا! ہم بیت اللہ میں نماز بھی نہ پڑھ سکتے' حتیٰ کہ عمر اسلام لائے' پس جب وہ مسلمان ہوئے تو اُنہوں نے ان کا مقابلہ کیا حتیٰ کہ ہمیں بلایا تو ہم نے نماز پڑھی۔

بَابٌ

باب

8733- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ، ثنا مُعَاوِيَةُ، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَا زِلْنَا أَعِزَّةً مُنْذُ أَسْلَمَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب سے حضرت عمر اسلام لائے' اسلام ہمیشہ عزت والا رہا ہے۔

8734- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب سے حضرت عمر اسلام لائے' اسلام ہمیشہ عزت والا رہا

8733- ورواه البخاري رقم الحديث: 3863,3864 .

إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ، يَقُولُ: مَا زِلْنَا أَعِزَّةً مُنْذُ أَسْلَمَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

ہے۔

8735- حَدَّثَنَا أَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمَوَيْهِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: مَا زِلْنَا أَعِزَّةً مُنْذُ أَسْلَمَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب سے حضرت عمر اسلام لائے' اسلام ہمیشہ عزت والا رہا ہے۔

8736- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، ثنا عَاصِمٌ، عَنْ شَقِيقٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: لَقِيَ الشَّيْطَانُ رَجُلًا مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَارَعَهُ فَتَعَرَّهُ الْمُسْلِمُ وَأَرَمَّ بِإِبْهَامِهِ، فَقَالَ: دَعْنِي أُعَلِّمْكَ آيَةً لَا يَسْمَعُهَا أَحَدٌ مِنَّا إِلَّا وَلَّى، فَأَرْسَلَهُ فَأَبَى أَنْ يُعَلِّمَهُ فَعَادَ فَصَارَعَهُ فَتَعَرَّهُ الْمُسْلِمُ وَأَرَمَّ بِإِبْهَامِهِ، قَالَ: أَخْبِرْنِي بِهَا فَأَبَى أَنْ يُعَلِّمَهُ، فَلَمَّا عَادَ الثَّالِثَةَ، قَالَ: الْآيَةُ الَّتِي فِي سُورَةِ الْبَقَرَةِ: (اللَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ) (البقرة:255) إِلَى آخِرِهَا فَقِيلَ لِعَبْدِ اللَّهِ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ: مَنْ ذَلِكَ الرَّجُلُ؟ فَقَالَ: مَنْ عَسَى أَنْ يَكُونَ إِلَّا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کے صحابہ میں سے ایک آدمی کو شیطان ملا' اس نے شیطان سے کشتی کی' مسلمان اس پر غالب آ گیا اور اس کا انگوٹھا اپنے منہ سے پکڑ لیا۔ اس نے کہا: مجھے چھوڑ دو! میں تجھے ایک آیت سکھاتا ہوں جسے ہم میں سے کسی نے نہ سنا ہوگا۔ پس صحابی رسول ﷺ نے اسے چھوڑا تو اس نے انہیں سکھانے سے انکار کر دیا۔ انہوں نے پھر اسے پکڑ کر گرا لیا۔ پس مسلمان اس سے جھگڑنے لگا' کہا: بتا وہ آیت! پس اس نے سکھانے سے انکار کر دیا' پس جب تیسری بار ایسا ہوا تو اس نے کہا: وہ آیت ''اللہ (معبود ہے) اس کے سوا کوئی معبود نہیں' وہ خود زندہ ہے' ہمیشہ رہنے والا ہے'' آخر تک۔ پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے عرض کی گئی: اے ابوعبدالرحمٰن! وہ آدمی کون ہے؟ تو آپ نے فرمایا: ہوسکتا ہے کہ وہ حضرت عمر رضی اللہ عن ہی ہوں۔

8737- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ،

حضرت قاسم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ

8737- القاسم لم يسمع من ابن مسعود فهو منقطع .

ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: إِنِّي لَأَحْسِبُ الشَّيْطَانَ يَفِرُّ مِنْ حِسِّ عُمَرَ

عنہ نے فرمایا: بے شک میں یہ گمان کبھی نہیں کر سکتا کہ شیطان حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی گرفت سے بھاگ جائے گا۔

8738- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا أَبُو عَاصِمٍ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنِي الشَّعْبِيُّ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ: لَقِيَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِنَ الْجِنِّ فَصَارَعَهُ فَصَرَعَهُ الْإِنْسِيُّ، فَقَالَ لَهُ الْجِنِّيُّ: عَاوِدْنِي، فَعَاوَدَهُ فَصَرَعَهُ، فَقَالَ لَهُ الْإِنْسِيُّ: إِنِّي لَأَرَاكَ ضَئِيلًا شَحِيبًا كَأَنَّ ذُرَيْعَتَيْكَ ذُرَيْعَتَا كَلْبٍ، فَكَذَلِكَ أَنْتُمْ مَعْشَرَ الْجِنِّ -أَوْ أَنْتَ مِنْهُمْ كَذَلِكَ- قَالَ: لَا وَاللَّهِ إِنِّي مِنْهُمْ لَضَلِيعٌ، وَلَكِنْ عَاوِدْنِي الثَّالِثَةَ فَإِنْ صَرَعْتَنِي عَلَّمْتُكَ شَيْئًا يَنْفَعُكَ فَعَاوَدَهُ فَصَرَعَهُ، قَالَ: هَاتِ عَلِّمْنِي، قَالَ: هَلْ تَقْرَأُ آيَةَ الْكُرْسِيِّ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: إِنَّكَ لَنْ تَقْرَأَهَا فِي بَيْتٍ إِلَّا خَرَجَ مِنْهُ الشَّيْطَانُ لَهُ خَبَجٌ كَخَبَجِ الْحِمَارِ لَا يَدْخُلُهُ حَتَّى يُصْبِحَ قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، مَنْ ذَاكَ الرَّجُلُ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، قَالَ: فَعَبَسَ عَبْدُ اللَّهِ، وَأَقْبَلَ عَلَيْهِ، وَقَالَ: مَنْ يَكُونُ هُوَ إِلَّا عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک صحابیٔ رسول ﷺ جنوں میں سے کسی جن کو ملا تو ان دونوں کی کشتی ہوگئی' پس انسان نے اسے پچھاڑ دیا' پس جن نے اس سے کہا: دوبارہ کشتی کریں! پس اُنہوں نے دوبارہ کشتی کی تو پھر اُسے پچھاڑ دیا۔ پس انسان نے جن سے کہا: میں تجھے دیکھتا ہوں کہ تُو کمزور اور دُبلا پتلا ہے۔ پس تم سارے اسی طرح ہو' اے جنوں کے گروہ! یا تو ایک ان میں سے ایسا ہے۔ اس نے جواب دیا: نہیں! قسم بخدا! میں تو ان میں سے موٹا تازہ ہوں لیکن تم مجھ سے تیسری مرتبہ کشتی کرو! پس اگر تُو نے مجھے گرالیا تو میں تجھے ایک چیز سکھاؤں گا جو تجھے نفع دے گی۔ پس اُنہوں نے پھر اس سے کشتی کر کے اسے گرالیا۔ مسلمان نے کہا: جی ہاں! مجھے سکھاؤ۔ اس نے کہا: کیا تُو آیۃ الکرسی پڑھتا ہے؟ مسلمان نے جواب دیا: جی ہاں! اس نے کہا: تُو اسے جس گھر میں پڑھے گا' وہاں سے شیطان نکل جائے گا' وہ اس گھر میں صبح ہونے تک داخل نہ ہوگا۔ جماعت میں سے ایک آدمی نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! وہ کون صحابی تھے؟ راوی کا بیان ہے: آپ چیں بجبیں ہوئے اور اس آدمی کی طرف متوجہ ہو کر آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عمر ہی ہو سکتے ہیں۔

8739- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مَعْمَرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: مَا كُنَّا نُبْعِدُ أَنَّ السَّكِينَةَ تَنْطِقُ عَلَى لِسَانِ عُمَرَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم اس بات کو بعید از قیاس نہیں سمجھتے تھے کہ حضرت عمر کی زبان پر سنجیدگی' متانت اور وقار بولتا ہے۔

8740- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ أَبِي نَهْشَلٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: فَضَلَ عُمَرُ النَّاسَ بِأَرْبَعٍ: بِذِكْرِهِ الْأُسَارَى يَوْمَ بَدْرٍ فَأَمَرَ بِقَتْلِهِمْ، فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: (لَوْلَا كِتَابٌ مِنَ اللَّهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيمَا أَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ) (الأنفال:68) وَبِذِكْرِهِ الْحِجَابَ، فَقَالَتْ زَيْنَبُ: وَإِنَّكَ لَتَغَارُ مِنَّا، وَالْوَحْيُ يَنْزِلُ فِي بُيُوتِنَا، فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: (وَإِذَا سَأَلْتُمُوهُنَّ مَتَاعًا فَاسْأَلُوهُنَّ مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ) (الأحزاب:53) وَدَعْوَةِ نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللَّهُمَّ أَيِّدِ الْإِسْلَامَ بِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، وَبِرَأْيِهِ فِي

حضرت ابووائل فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: چار وجہ سے عمر لوگوں پر فضیلت لے گئے: بدر کے قیدیوں کے ذکر میں' اُنہوں نے ان کے قتل کا مشورہ دیا تو آیت کریمہ نازل ہوئی: ''اگر اللہ کی طرف سے (لوحِ محفوظ پر خطاء اجتہادی کی معافی کا حکم) پہلے سے لکھا ہوا نہ ہوتا تو (مسلمان ان ظالم کافر قیدیوں سے رہائی کے بدلے) تم نے جو مال لیا اس میں تمہیں بڑا عذاب پہنچتا'' اور پردہ کے ذکر میں۔ حضرت زینب نے کہا: آپ ہم سے غیرت کرتے ہیں حالانکہ وحی ہمارے گھروں میں اُترتی ہے تو اللہ نے یہ حکم نازل فرمایا: ''اور جب تم نبی کی بیویوں سے کوئی ضرورت کی چیز مانگو تو ان سے پردے کے پیچھے سے مانگو'' اور نبی کریم ﷺ کی دعا: ''اے اللہ! عمر بن خطاب سے اسلام کو طاقت عطا فرما'' اور آپ کی

8739- قال في المجمع جلد9صفحه67' واسناده حسن . قلت: كيف يكون حسنًا وأبو عبيدة لم يسمع من أبيه .

8740- قال في المجمع جلد9صفحه67' رواه أحمد رقم الحديث: 4362' والبزار جلد1صفحه275' والطبراني فيه أبو نهشل ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات . قلت: المسعودي اختلط وقال الذهبي في المغني: أبو نهشل لا يعرف' وقال الحسيني مجهول' وذكر البخاري له في الكنى وابن أبي حاتم' وعدم ذكرهما فيه جرحًا ولا تعديلًا دليل على جهالته . ولا اعتداد بتوثيق ابن حبان خلافًا للمرحوم أحمد محمد شاكر في تعليقه على هذا الحديث في المسند' ورواه الدولابي في الكنى جلد2صفحه142 من طريق المسعودي به .

أَبِي بَكْرٍ كَانَ أَوَّلَ النَّاسِ بَايَعَهُ

رائے سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے اور سب سے پہلے آپ نے اُن کی بیعت کی۔

بَابٌ

8741- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: أَفْرَسُ النَّاسِ ثَلَاثَةٌ: صَاحِبَةُ مُوسَى الَّتِي قَالَتْ: (يَا أَبَتِ اسْتَأْجِرْهُ إِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَأْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْأَمِينُ) (القصص: 26) ، قَالَ: وَمَا رَأَيْتِ مِنْ قُوَّتِهِ؟ قَالَتْ: جَاءَ إِلَى الْبِئْرِ وَعَلَيْهِ صَخْرَةٌ لَا يُقِلُّهَا كَذَا، وَكَذَا فَرَفَعَهَا، قَالَ: مَا رَأَيْتِ مِنْ أَمَانَتِهِ؟ قَالَتْ: كُنْتُ أَمْشِي أَمَامَهُ فَجَعَلَنِي خَلْفَهُ، وَصَاحِبُ يُوسُفَ حَيْثُ قَالَ: (أَكْرِمِي مَثْوَاهُ عَسَى أَنْ يَنْفَعَنَا أَوْ نَتَّخِذَهُ وَلَدًا) (يوسف: 21) ، وَأَبُو بَكْرٍ حِينَ اسْتَخْلَفَ عُمَرَ

باب

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تمام لوگوں سے بڑھ کر صاحبِ فراس تین تھے: (۱) حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بیگم صاحبہ جنہوں نے اپنے والد کی خدمت میں عرض کی: ''اے میرے باپ! ان کو نوکر رکھ لو' بے شک سب سے بہتر نوکر جو تم رکھو وہ ہے جو طاقتور امانت والا ہو''۔ باپ نے کہا: تُو نے اس میں کیا قوت دیکھی ہے؟ اس نے جواب دیا: وہ کنویں کی طرف آئے جبکہ اس پر پتھر پڑا تھا جسے کوا تنے اتنے لوگ بھی نہ ہٹا سکتے تھے' پس انہوں نے اسے اکیلے اُٹھالیا۔ باپ نے کہا: تُو نے اس کی امانت کے حوالے سے کیا دیکھا؟ اس نے عرض کی: میں ان کے آگے چل رہی تھی تو اُنہوں نے مجھے اپنے پیچھے کر دیا' اور حضرت یوسف علیہ السلام کا ساتھی' جس نے کہا: ''اکرمی مثواہ الی آخرہ'' اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ جنہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اپنا خلیفہ بنایا۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا الْأَحْوَصُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، ثنا نَاسٌ، مِنْ أَصْحَابِ عَبْدِ اللَّهِ قَالُوا: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: مِنْ أَفْرَسِ ثَلَاثَةٍ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت ابواسحاق سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے شاگردوں میں چند آدمیوں نے ہمیں یہ حدیث سنائی' کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تین میں سے بہترین صاحبِ فراست' اس کے بعد

8741- قال فی المجمع جلد10صفحه268 رواه الطبرانی باسنادین ورجال أحدهما رجال الصحيح ان كان محمد بن كثير هو العبدی' وان كان هو الثقفی فقد وثق علی ضعف كثير فيه . ورواه الحاكم جلد 3صفحه90' وصححه مع أنه منقطع عنده و وافقه الذهبی .

اس جیسی روایت ذکر کی۔

بَابٌ

8742- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: إِنِّي لَأَحْسِبُ بَيْنَ عَيْنَيْ عُمَرَ مَلَكٌ يُسَدِّدُهُ

باب

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرا خیال ہے کہ حضرت عمر کی دونوں آنکھوں کے درمیان فرشتہ تھا جو آپ کی راہنمائی کرتا تھا۔

8743- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ وَاصِلٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: مَا رَأَيْتُ عُمَرَ قَطُّ إِلَّا، وَكَأَنَّ مَلَكًا بَيْنَ عَيْنَيْهِ يُسَدِّدُ

حضرت ابووائل فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو کبھی نہیں دیکھا' میرا گمان ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی دونوں آنکھوں کے درمیان گویا ایک فرشتہ ہوتا ہے جو ان کو سیدھی راہ دکھاتا ہے۔

8744- حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ يَحْيَى بْنِ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: مَا رَأَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ إِلَّا وَيُخَيَّلُ إِلَيَّ أَنَّ بَيْنَ عَيْنَيْهِ مَلَكًا يُسَدِّدُهُ

حضرت ابووائل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے جب بھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا تو یہی خیال کیا کہ ان دونوں آنکھوں کے درمیان ایک فرشتہ ان کو سیدھی راہ دکھاتا ہے۔

8745- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: إِنَّ عُمَرَ كَرِهَ الصَّلَاةَ بَعْدَ الْعَصْرِ، وَأَنَا أَكْرَهُ مَا كَرِهَ عُمَرُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر عصر کے بعد نوافل پڑھنے کو ناپسند کرتے تھے' جو حضرت عمر ناپسند کرتے ہیں' وہی میں بھی ناپسند کرتا ہوں۔

8742- اسناده منقطع .

8743- قال فی المجمع جلد9صفحه72 رواه الطبراني بأسانيد ورجال أحدهما رجال الصحيح .

بَابٌ

8746- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا عَاصِمُ بْنُ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ شَقِيقٍ، قَالَ: لَمَّا قُتِلَ عُمَرُ سَارَ إِلَيْنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ سَبْعًا فَخَطَبَنَا، فَقَالَ: إِنَّ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ عُمَرَ أَصَابَهُ أَبُو لُؤْلُؤَةَ غُلَامُ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، وَهُوَ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ فَقَتَلَهُ فَبَكَى، وَبَكَى النَّاسُ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّا اجْتَمَعْنَا أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ فَأَمَّرْنَا خَيْرَنَا ذَا فُوقٍ

باب

حضرت عاصم بن ابوالنجود' حضرت شقیق رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا تو ساتویں دن حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ چل کر ہماری طرف آئے اور ہمیں خطبہ ارشاد فرمایا: بے شک امیر المؤمنین حضرت عمر پر حضرت مغیرہ بن شعبہ کا غلام ابولؤلؤ (فیروز) حملہ آور ہوا' اس حال میں کہ آپ رضی اللہ عنہ فجر کی نماز پڑھا رہے تھے۔ (اتنی بات کر کے) آپ رو دیئے' لوگ بھی رونے لگے' پھر کہا: بے شک ہم نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کو اکٹھا کر کے' ان میں سے بہترین اور فوقیت رکھنے والی ہستی کو امیر بنایا۔

8747- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، سَارَ مِنَ الْمَدِينَةِ إِلَى الْكُوفَةِ حِينَ اسْتُخْلِفَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ فَحَمِدَ اللَّهَ، وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، مَاتَ، فَلَمْ نَرَ نَشِيجًا أَكْثَرَ مِنْ يَوْمَئِذٍ، وَإِنَّا اجْتَمَعْنَا أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ وَلَمْ نَأْلُ عَنْ خَيْرِنَا ذَا فُوقٍ، فَبَايَعْنَاهُ فَبَايِعُوا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ

حضرت ابووائل سے روایت ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ مدینہ سے کوفہ کی طرف چلے' اس وقت جب حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کو خلیفہ بنایا گیا' پس آپ نے حمد وثنائے الٰہی کی' پھر بولے: اس کے بعد امیر المؤمنین حضرت عمر بن خطاب شہید ہو گئے' پس اس دن سے زیادہ ہم نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کو اکٹھا کر کے جس کو بہتر دیکھا ہے' اسی کی بیعت کی ہے' پس تم لوگ بھی حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی بیعت کرو۔

حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ

ایک اور سند سے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اس جیسی حدیث روایت کرتے ہیں۔

الْمُخْتَارِ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، نَحْوَهُ

8748- حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ كُلْثُومٍ الْخُزَاعِيِّ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَا يَسُرُّنِي أَنِّي رَمَيْتُ عُثْمَانَ بِسَهْمٍ أَخْطَأَهُ -أَحْسِبُهُ قَالَ: أُرِيدُ قَتْلَهُ -وَأَنَّ لِي مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے پسند نہیں ہے کہ میں حضرت عثمان غنی کو غلطی سے پتھر ماروں' قتل کرنے کے لیے اور میرے پاس اُحد پہاڑ کے برابر سونا ہو۔

حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنِ النَّزَّالِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، نَحْوَهُ

حضرت نزال بن سبرہ' حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اسی طرح کی حدیث روایت کرتے ہیں۔

8749- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ، ثنا زَائِدَةُ، ثنا سُلَيْمَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: جَاءَ عَبْدُ اللّٰهِ يَنْعَى عُمَرَ، وَاسْتِخْلَافَ عُثْمَانَ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَاللّٰهِ مَا أَلَوْنَا عَنْ أَعْلَانَا ذَا فَوْقُ

حضرت عبداللہ بن سنان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ آئے' آپ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شہادت اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو خلیفہ بنایا' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! ہم نے افضل کو مقرر کیا ہے۔

8750- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا أَبُو يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَمَّا بَايَعَ عَبْدُ اللّٰهِ لِعُثْمَانَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَا أَلَوْنَا عَنْ أَعْلَاهَا ذَا فَوْقُ

حضرت عبداللہ بن سنان فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان کی جب بیعت کی تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! ہم نے افضل کو ہی خلافت کیلئے چنا ہے۔

8751- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ

حضرت نزال بن سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

8751- قال في المجمع جلد9صفحه88 رواه الطبراني بأسانيد ورجال أحدها رجال الصحيح .

لْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنِ النَّزَّالِ بْنِ سَبْرَةَ، قَالَ: لَمَّا سُتُخْلِفَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ: أَمَّرْنَا خَيْرَ مَنْ بَقِيَ وَلَمْ نَأْلُ

جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو خلیفہ مقرر کیا گیا تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو صحابہ کرام موجود ہیں' ان سے ہم نے افضل کو ہی امیر مقرر کیا اور ہم جھکے نہیں۔

8752- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا أَبُو يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنِ النَّزَّالِ بْنِ سَبْرَةَ، قَالَ: لَمَّا اسْتُخْلِفَ عُثْمَانُ، قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ: أَمَّرْنَا خَيْرَ مَنْ بَقِيَ وَلَمْ نَأْلُ

حضرت نزال بن سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو خلیفہ مقرر کیا گیا تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو صحابہ کرام موجود ہیں' ان سے ہم نے افضل کو امیر بنایا ہے اور ہم جھکے نہیں۔

8753- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ قَيْسٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، صَعِدَ الْمِنْبَرَ، وَهُوَ يُرِيدُ أَنْ يَنْعَى عُمَرَ، فَخَنَقَتْهُ الْعَبْرَةُ مَرَّةً - أَوْ مَرَّتَيْنِ - ثُمَّ قَالَ: إِنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ كَانَ حِصْنًا حَصِينًا لِلْإِسْلَامِ يَدْخُلُ فِيهِ، وَلَا يَخْرُجُ مِنْهُ فَانْهَدَمَ الْحِصْنُ، ثُمَّ نَعَاهُ، ثُمَّ قَالَ: وَاسْتُخْلِفَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ فَلَمْ نَأْلُ عَنْ خَيْرِهَا فَوْقُ

حضرت ولید بن قیس سے مروی ہے کہ حضرت ابن مسعود منبر پر تشریف لائے' وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شہادت کی خبر دینا چاہتے تھے' پس ایک بار یا دو بار آنسوؤں کی وجہ سے ان کی آواز گلے میں اٹک گئی' پھر فرمایا: بیشک حضرت عمر رضی اللہ عنہما سلام کیلئے مضبوط قلعہ تھے' ایسا قلعہ جس میں داخل ہو کر نکلتا کوئی نہیں' پس اسلام کے قلعے کو گرا دیا گیا ہے' پھر ان کی شہادت کی خبر دی' پھر فرمایا: حضرت عثمان بن عفان کو خلیفہ بنایا گیا۔

8754- حَدَّثَنَا الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: عَلَيْكُمْ بِالْعِلْمِ قَبْلَ أَنْ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تم پر علم چلے جانے سے پہلے علم سیکھنا لازم ہے اور علماء کے چلے جانے سے علم چلا جائے گا' تم پر علم سیکھنا لازم ہے کیونکہ تم میں

8754- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20465 قال في المجمع جلد 1 صفحه 126' وأبو قلابة لم يسمع من ابن مسعود .

يُقْبَضَ، وَقَبْضُهُ ذَهَابُ أَهْلِهِ، وَعَلَيْكُمْ بِالْعِلْمِ فَإِنَّ أَحَدَكُمْ لَا يَدْرِي مَتَى يُفْتَقَرُ إِلَى مَا عِنْدَهُ، وَعَلَيْكُمْ بِالْعِلْمِ، وَإِيَّاكُمْ وَالتَّنَطُّعَ، وَالتَّعَمُّقَ، وَعَلَيْكُمْ بِالْعَتِيقِ فَإِنَّهُ سَيَجِيءُ قَوْمٌ يَتْلُونَ كِتَابَ اللَّهِ يَنْبُذُونَهُ وَرَاءَ ظُهُورِهِمْ

سے کوئی نہیں جانتا ہے کہ جو کچھ اس کے پاس ہے' کب اس کی ضرورت پڑ جائے' تم پر علم حاصل کرنا لازم ہے' غلو' تکلف' خواہشاتِ نفسانی سے اور چرب زبانی سے بچو اور تم پر پیروی اور پرانی سوچ پر کاربند ہونا لازم ہے' کیونکہ عنقریب وہ قوم آئے گی جو کتاب اللہ کی تلاوت کریں گے لیکن کتاب اللہ کے احکام کو پیٹھ پیچھے ڈال دیں گے۔

8755- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، تَعَلَّمُوا فَإِنَّ أَحَدَكُمْ لَا يَدْرِي مَتَى يَحْتَلُّ إِلَيْهِ، فَجَاءَهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَرَأَيْتَ رَجُلًا يَقْرَأُ الْقُرْآنَ مَنْكُوسًا؟ قَالَ: ذَلِكَ مَنْكُوسُ الْقَلْبِ، فَقَالَ: وَأُتِيَ بِمُصْحَفٍ قَدْ زُيِّنَ، وَذُهِّبَ، فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: إِنَّ أَحْسَنَ مَا زُيِّنَ بِهِ الْمُصْحَفُ تِلَاوَتُهُ فِي الْحَقِّ

حضرت ابووائل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے لوگو! تم میں سے کوئی نہیں جانتا ہے کہ کب اس کی ضرورت ہو۔ پس ایک آدمی نے آ کر عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! جو آدمی اُلٹا قرآن پڑھتا ہے' اسکے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟ آپ نے فرمایا: ان کا دل ہی اُلٹا ہوا ہے؟ راوی کا بیان ہے: سجاوٹ کر کے اور سنہری حروف والا قرآن آپ کے پاس لایا گیا تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حق کے ساتھ تلاوت کرنا' قرآن کی بہترین سجاوٹ ہے۔

8756- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ إِنْ كُنْتَ كَتَبْتَنِي فِي أَهْلِ الشَّقَاءِ فَامْحُنِي، وَاثْبِتْنِي فِي

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ یہ دعا کیا کرتے تھے: اے اللہ! اگر تُو نے مجھے بدبختوں میں لکھا ہے تو اسے مٹا کر مجھے خوش بختوں میں لکھ دے۔

8755- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 7947' قال في المجمع جلد7 صفحه168' ورجاله ثقات .

8756- قال في المجمع جلد10 صفحه185' ورجاله رجال الصحيح الا أن أبا قلابة لم يدرك ابن مسعود .

أَهْلِ السَّعَادَةِ

8757- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، كَانَ رُبَّمَا يَتَمَثَّلُ بِالْبَيْتِ مِنَ الشِّعْرِ مِمَّا كَانَ فِي وقائعِ الْعَرَبِ

حضرت قتادہ سے مروی ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کبھی کبھی شعر کے کسی فقرے کے ساتھ تمثیل بیان کر دیتے تھے' اس میں سے جو عربوں کے واقعات میں موجود ہیں۔

8758- حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي حَيَّانَ التَّيْمِيِّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ، يَقُولُ: مَا مِنْ كَلَامٍ أَتَكَلَّمُ بِهِ لِذِي سُلْطَانٍ أَدْرَأُ عَنِّي مِنْهُ ضَرْبَتَيْنِ بِالسَّوْطِ إِلَّا كُنْتُ مُتَكَلِّمًا بِهِ

حضرت حارث بن سوید نے فرمایا: میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: نہیں ہے کوئی کلام جس کے ساتھ میں گفتگو کرتا ہوں بادشاہ کیلئے تو (پہلے) اس سے کوڑے کی دو ضربوں سے شکوک وشبہات دور کرتا ہوں' پھر اس کے ساتھ کلام کرتا ہوں۔

8759- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيُحَدِّثُ بِالْحَدِيثِ فَيَسْمَعُهُ مَنْ لَا يَبْلُغُ عَقْلُهُ فَهْمَ ذَلِكَ الْحَدِيثِ فَيَكُونُ عَلَيْهِ فِتْنَةً

حضرت عبید بن عبداللہ روایت فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول ہے: بے شک آدمی ایسی کلام کرتا ہے جو اس سے وہ آدمی سنتا ہے جس کی عقل اسکو سمجھنے سے قاصر ہے تو وہ اس پر فتنہ ثابت ہوتی ہے۔

8760- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: كَانَ قَرْيَتَانِ إِحْدَاهُمَا صَالِحَةٌ، وَالْأُخْرَى ظَالِمَةٌ،

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دو بستیاں تھیں' ان میں سے ایک نیکوں اور دوسری بدوں کی تھی' پس نیکوں کی بستی کا ارادہ کر کے ایک آدمی ظالموں کی بستی سے نکلا' پس اس کے پاس موت آ گئی جہاں اللہ نے

8757- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20504' وقال في المجمع جلد 8صفحه13' ورجاله رجال الصحيح الا أن قتادة لم يدرك ابن مسعود .

8759- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20555 .

8760- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20550' قال في المجمع جلد10صفحه213' ورجاله رجال الصحيح .

فَخَرَجَ رَجُلٌ مِنَ الْقَرْيَةِ الظَّالِمَةِ يُرِيدُ الْقَرْيَةَ الصَّالِحَةَ، فَأَتَاهُ الْمَوْتُ حَيْثُ شَاءَ اللّٰهُ فَاخْتَصَمَ فِيهِ الْمَلَكُ، وَالشَّيْطَانُ، فَقَالَ الشَّيْطَانُ: وَاللّٰهِ مَا عَصَانِي قَطُّ، فَقَالَ الْمَلَكُ: إِنَّهُ قَدْ خَرَجَ يُرِيدُ التَّوْبَةَ، فَقُضِيَ بَيْنَهُمَا أَنْ يُنْظَرَ إِلَى أَيِّهِمَا أَقْرَبُ فَوَجَدُوهُ أَقْرَبُ إِلَى الْقَرْيَةِ الصَّالِحَةِ بِشِبْرٍ فَغُفِرَ لَهُ قَالَ مَعْمَرٌ: وَسَمِعْتُ مَنْ يَقُولُ: قَرَّبَ اللّٰهُ إِلَيْهِ الْقَرْيَةَ الصَّالِحَةَ

چاہا' پس اس کے بارے فرشتے اور شیطان کا جھگڑا ہو گیا۔ پس شیطان نے کہا: اس نے کبھی میری نافرمانی نہیں کی' قسم ہے۔ پس فرشتے نے کہا: یہ تو توبہ کے ارادے سے نکلا ہے' پس ان کے درمیان فیصلہ یہ کیا گیا ہے کہ وہ دیکھ لیں کس بستی سے زیادہ قریب ہے' تو اُنہوں نے اسے صرف ایک بالشت نیکوں کی بستی کے قریب پایا تو اسکی بخشش کر دی گئی۔ حضرت معمر فرماتے ہیں: اور ایک کہنے والے سے میں نے سنا کہ اللہ نے نیکوں کی بستی کو اسکے قریب کر دیا (حالانکہ وہ دور تھا)۔

8761- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنَّ مُحَرِّمَ الْحَلَالِ كَمُسْتَحِلِّ الْحَرَامِ

حضرت ابواسحاق' حضرت عبدالرحمٰن بن یزید سے' وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: حلال چیز کو حرام قرار دینے والا' حرام کو حلال کرنے والے کی طرح ہے۔

8762- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، فَأَتَاهُ رَجُلٌ يَسْأَلُهُ عَنِ ابْنِهِ الْقَاسِمِ، فَقَالَ: غَدَا إِلَى الْكُنَاسَةِ يَطْلُبُ الضِّبَابَ، فَقَالَ: أَتَأْكُلُهُ؟ فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ: وَمَنْ حَرَّمَهُ؟ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ، يَقُولُ: إِنَّ مُحَرِّمَ الْحَلَالِ كَمُسْتَحِلِّ الْحَرَامِ

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں: میں حضرت عبدالرحمٰن بن عبداللہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا تو ان کے پاس ایک آدمی آ کر ان کے بیٹے قاسم کے بارے پوچھ رہا تھا تو اُنہوں نے فرمایا: وہ گوہ تلاش کرنے کیلئے گئے ہیں۔ پس اس نے عرض کی: کیا آپ اسے کھاتے ہیں؟ حضرت عبدالرحمٰن نے فرمایا: اس کو کس نے حرام کیا ہے؟ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے سنا' وہ فرما رہے تھے: بیشک حلال کو حرام کہنے والا' حرام کو حلال کہنے والے کی طرح ہے۔

8761- قال في المجمع جلد1 صفحه177' ورجاله رجال الصحيح . ورواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20573 .

8762- قال في المجمع جلد4 صفحه39' ورجاله رجال الصحيح .

8763- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَا تَرَكْتُ بَعْدِي شَيْئًا أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ إِبِلٍ أَسْقِيهِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے بعد کوئی ایسی شی نہیں چھوڑ رہا ہوں جو مجھے زیادہ پسند ہو' اس اونٹ سے جس کو میں پلاتا ہوں۔

8764- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ سَائِلٌ كُلَّ ذِي رَعِيَّةٍ فِيمَا اسْتَرْعَاهُ، أَقَامَ أَمْرَ اللَّهِ فِيهِمْ أَمْ أَضَاعَهُ؟ حَتَّى إِنَّ الرَّجُلَ لَيُسْأَلُ عَنْ أَهْلِ بَيْتِهِ

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ عزوجل ہر رعیت والے سے اس کی رعیت کے متعلق پوچھے گا کہ اس نے اللہ کا حکم ان میں قائم کیا یا اُسے ضائع کیا؟ یہاں تک کہ آدمی سے اس کے گھر والوں کے متعلق پوچھا جائے گا۔

8765- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: شُكِيَ إِلَى ابْنِ مَسْعُودٍ الْفُرَاتَ، فَقَالُوا: إِنَّا نَخَافُ أَنْ يَنْبَثِقَ عَلَيْنَا فَلَوْ أَرْسَلْتَ إِلَيْهِ مَنْ يُسَكِّرُهُ، فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: لَا نُسَكِّرُهُ فَوَاللَّهِ لَيَأْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ لَوِ الْتَمَسُوا فِيهِ عَلَى طَسْتٍ مِنْ مَاءٍ مَا وَجَدْتُمُوهُ، لَيَرْجِعَنَّ كُلُّ مَاءٍ إِلَى عُنْصُرِهِ، وَيَكُونُ فِيهِ الْمَاءُ، وَالْمُسْلِمُونَ بِالشَّامِ

حضرت قاسم بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے فرات کی شکایت کی گئی تو لوگوں نے کہا: ہمیں ڈر ہے کہ وہ ہم پر پھوٹ کر کناروں سے نکل آئے گا' پس اگر آپ ادھر کسی کو بھیجیں جو اس کو روک دیں (پشتہ باندھ کر)۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قسم بخدا! ہم اسے نہیں روکیں گے' لوگوں پر ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ اگر وہ پانی کا ایک تھال اس میں تلاش کرنا چاہیں گے تو نہیں پائیں گے' ضرور بضرور ہر پانی اپنی اصل کی طرف لوٹ جائے گا اور صرف اسی میں پانی ہوگا جبکہ مسلمان شام میں ہوں گے۔

8763- قال فی المجمع جلد4صفحه67' ورجاله رجال الصحيح ۔ ورواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20648 ۔

8764- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20650' قال فی المجمع جلد 7صفحه208' وقتادة لم يسمع من ابن مسعود ورجاله رجال الصحيح ۔

8765- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20779' قال فی المجمع جلد 7صفحه330' ورجاله رجال الصحيح الا أن القاسم لم يدرك ابن مسعود ۔

8766- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: مُدَّ الْفُرَاتُ عَلَى عَهْدِ عَبْدِ اللَّهِ فَكَرِهَ ذَلِكَ النَّاسُ، فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: لَا تَكْرَهُوا فَإِنَّهُ يُوشِكُ أَنْ يَأْتِيَ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يُلْتَمَسُ فِيهِ طَسْتٌ مِنْ مَاءٍ، وَلَا يُوجَدُ ذَلِكَ حِينَ يَرْجِعُ كُلُّ مَاءٍ إِلَى عُنْصُرِهِ، وَيَكُونُ بَقِيَّةُ الْمَاءِ، وَالْمُؤْمِنُونَ بِالشَّامِ

حضرت قاسم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں فرات کا پانی پھیل گیا' لوگوں نے اس کو ناپسند کیا' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم مجبور نہ کرو! قریب ہے لوگوں پر ایسا زمانہ آئے کہ وہ تھال میں پانی تلاش کریں' اور وہ نہ پایا جائے' جب ہر پانی اپنی اصل کی طرف لوٹ جائے گا اور بقیہ پانی ہوگا اور مؤمن شام میں ہوں گے۔

8767- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ رَجُلٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِذَا كَانَتْ سَنَةُ خَمْسٍ وَثَلَاثِينَ حَدَثَ أَمْرٌ عَظِيمٌ، فَإِنْ هَلَكُوا فَبِالْحَرِيِّ، وَإِنْ يَنْجُوا فَعَسَى، وَإِذَا كَانَتْ سَنَةُ سَبْعِينَ رَأَيْتُمْ مَا تُنْكِرُونَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب ۳۵ ہجری ہوگی تو ایک بڑا حادثہ ہوگا' اس میں مرنا زیادہ بہتر ہوگا' اور اس سے بچ گئے تو ممکن ہے جب ۷۰ ہجری ہو گی تو تم دیکھو گے وہ چیز جو تم ناپسند کرتے ہو گے۔

8768- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: كَأَنِّي بِالتُّرْكِ قَدْ أَتَتْكُمْ عَلَى بَرَاذِينَ مُحَزَّمَةِ الْآذَانِ حَتَّى تَرْبِطَهَا بِشَطِّ الْفُرَاتِ

حضرت ابن سیرین سے مروی ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے محسوس ہوتا ہے کہ ترک تمہارے پاس آئیں گے اس حال میں کہ وہ غیر عربی گھوڑوں پر سوار ہوں گے اور اپنے کانوں کو مضبوطی سے باندھے ہوئے ہوں گے یہاں تک کہ ان کو فرات کے

8766- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20785 .

8767- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20798' قال فی المجمع جلد 7 صفحه 312' ورجاله رجال الصحيح ان كان ابن سيرين سمع من ابن مسعود .

8768- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20798' قال فی المجمع جلد 7 صفحه 312 ورجاله رجال الصحيح ان كان ابن سيرين سمع من ابن مسعود .

کنارے باندھیں گے۔

8769- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنَّ مِنَ الْإِيمَانِ أَنْ يُحِبَّ الرَّجُلُ أَخَاهُ لَا يُحِبُّهُ إِلَّا لِلَّهِ وَفِيهِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایمان یہ ہے کہ آدمی اپنے بھائی کے لیے وہی پسند کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے' اللہ کی رضا کے لیے۔

8770- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ، عَنْ زِيَادِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، أَوْ عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، -شَكَّ مَعْمَرٌ- قَالَ: رَأَى ابْنُ مَسْعُودٍ، فِي عُنُقِ امْرَأَتِهِ خَرَزًا قَدْ تَعَلَّقَتْهُ مِنَ الْحُمْرَةِ فَقَطَعَهُ، وَقَالَ: إِنَّ آلَ عَبْدِ اللَّهِ لَأَغْنِيَاءُ عَنِ الشِّرْكِ

حضرت معمر فرماتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اپنی بیوی کی گردن میں نگینہ دیکھا جو سرخ دھاگے سے بندھا تھا' آپ نے دھاگے کو کاٹ دیا' فرمایا: آل عبداللہ شرک سے بے پرواہ ہیں۔

8771- حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا مُوسَى بْنُ دَاوُدَ الضَّبِّيُّ، ثنا أَبُو إِسْرَائِيلَ الْمُلَائِيُّ، عَنْ مَيْسَرَةَ بْنِ حَبِيبٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، دَخَلَ عَلَى بَعْضِ أُمَّهَاتِ أَوْلَادِهِ فَرَأَى فِي عُنُقِهَا تَمِيمَةً، فَلَوَى السَّيْرَ حَتَّى قَطَعَهُ، وَقَالَ: أَفِي بُيُوتِي الشِّرْكُ؟ ثُمَّ قَالَ: التَّمَائِمُ، وَالرُّقَى،

حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ اپنے بیٹوں کی ماؤں میں سے ایک کے پاس آئے تو اس کے گلے میں ایک ایسا تعویذ دیکھا کہ جو زمانۂ جاہلیت میں شرکیہ کلمات لکھ کر تیار کیا جاتا تھا' پس دھاگے کو مروڑ کر اسے توڑ دیا اور فرمایا: شرک اور پھر میرے گھر میں؟ پھر فرمایا: شرکیہ کلمات والے تعویذ' شرکیہ کلمات پڑھ کر دَم اور جادو شرک یا شرک کا جز

8769- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20323' قال في المجمع جلد [صفحه90' وفي اسناده اسحاق الدبري وهو منقطع بين عبد الرزاق واسحاق . قلت: في المجمع أبي اسحاق فان كان يقصد أبي اسحاق فبينها معمر وان كان يقصد اسحاق الدبري فهذا يشمل جميع ما رواه الطبراني عن اسحاق عن عبد الرزاق .

8770- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20343 .

وَالتُّوَلَةُ شِرْكٌ، أَوْ طَرَفٌ مِنَ الشِّرْكِ

ہے۔

8772- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ: رَأَى فِي عُنُقِ امْرَأَةٍ مِنْ أَهْلِهِ سَيْرًا فِيهِ تمائمُ فَمَدَّهُ مَدًّا شَدِيدًا حَتَّى قَطَعَ السَّيْرَ، وَقَالَ: إِنَّ آلَ عَبْدِ اللّٰهِ لَأَغْنِيَاءُ عَنِ الشِّرْكِ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ التُّوَلَةَ، وَالتَّمَائِمَ، وَالرُّقَى لَشِرْكٌ، فَقَالَتِ امْرَأَةٌ: إِنَّ أَحَدَنَا لَيَشْتَكِي رَأْسُهَا فَيَسْتَرْقِي فَإِذَا اسْتَرْقَتْ ظُنَّ أَنَّ ذَلِكَ قَدْ نَفَعَهَا، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنَّ الشَّيْطَانَ يَأْتِي أَحَدَكُمْ فَيَخُشُّ فِي رَأْسِهَا فَإِذَا اسْتَرْقَتْ خَنَسَ فَإِذَا لَمْ تَسْتَرْقِ نَخَسَ، فَلَوْ أَنَّ إِحْدَاكُنَّ تَدْعُو بِمَاءٍ فَتَنْضَحُهُ فِي رَأْسِهَا وَوَجْهِهَا، ثُمَّ تَقُولُ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ، ثُمَّ تَقْرَأُ: قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ، وَقُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، وَقُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ نَفَعَهَا ذَلِكَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ

حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں کہ اُنہوں نے اپنی ایک اہلیہ کے گلے میں ایک دھاگہ دیکھا جس میں شرکیہ کلمات والے تعویذ تھے۔ پس اسے سختی سے کھینچ کر توڑ دیا اور فرمایا: عبداللہ کی اولاد شرک سے بے پرواہ ہے۔ پھر فرمایا: بے شک جادوٹونہ شرکیہ کلمات والے تعویذ اور شرکیہ کلمات پڑھ کر دَم کرنا شرک ہے۔ پس عورت نے عرض کی: ہم میں سے کسی کا سر درد کرتا ہے تو ہم دَم کرواتی ہیں' جب دَم ہوتا ہے تو گمان ہے کہ اس نے نفع دیا۔ پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بے شک شیطان تم میں سے کسی کے پاس آتا ہے' وہ اس کے سر میں داخل ہو جاتا ہے' پس جب وہ دَم کرواتی ہے تو پیچھے ہو جاتا ہے' جب وہ دَم نہیں کرواتی ہے تو چوک دیتا ہے' پس اگر تم میں سے کوئی عورت پانی منگوا کر اپنے سر اور چہرے میں چھڑک دے' پھر پڑھے: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم! پھر پڑھے: سورۂ اخلاص' سورۂ فلق اور سورۂ ناس' تو ان شاء اللہ اسے نفع ہوگا۔

8773- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أَنَا

حضرت عمرو بن میمون سے روایت ہے کہ حضرت

8772- ورواه أحمد رقم الحديث: 3615' وأبو داؤد رقم الحديث: 3865' بعضه وابن ماجه رقم الحديث: 3530' والحاكم جلد4صفحه417-418 كلهم من طريق آخر مرفوعًا . وصححه الحاكم على شرط الشيخين ووافقه الذهبي .

8773- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20867' قال في المجمع جلد 10صفحه418' وسقط من اسناده رجلان . يظهر أنه سقط من نسخة الحافظ والهيثمي رجلان والا فهو لا نقص فيه ولا سقوط . وروى عنه مرفوعًا . قال الحافظ المنذري في الترغيب جلد6صفحه305' وقد روى عن ابن مسعود ولم يرفعه وهو أصح .

عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ الْأَوْدِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنَّ الْمَرْأَةَ مِنَ الْحُورِ الْعِينِ لَيُرَى مُخُّ سَاقِهَا مِنْ وَرَاءِ اللَّحْمِ، وَالْعَظْمِ، وَمِنْ تَحْتِ سَبْعِينَ حُلَّةٍ كَمَا يُرَى الشَّرَابُ الْأَحْمَرُ فِي الزُّجَاجَةِ الْبَيْضَاءِ

ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بے شک موٹی آنکھوں والی حوروں میں سے ایک عورت ایسی ہوگی جس کی پنڈلی کا گودا اس کی ہڈی و گوشت کے اوپر سے دکھائی دے گا اور ستر عمدہ لباس کے نیچے سے جیسے سرخ شراب' سفید شیشے میں دکھائی دیتی ہے۔

8774- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَوْتُ الْفَجْأَةِ تَخْفِيفٌ عَلَى الْمُؤْمِنِ، وَأَسَفٌ عَلَى الْكَافِرِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اچانک موت مؤمن کے لیے آسان ہے اور کافر کے لیے دشوار ہے۔

8775- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: إِنَّ الْمُؤْمِنَ يَخْرُجُ نَفْسُهُ رَشْحًا، وَإِنَّ الْكَافِرَ يَخْرُجُ نَفْسُهُ فِي شِدْقِهِ كَمَا يَخْرُجُ نَفَسُ الْحِمَارِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مؤمن کی روح پسینہ کے نکلنے کی طرح نکلتی ہے اور کافر کی روح اتنی سخت نکلتی ہے جس طرح گدھے کی جان نکلتی ہے۔

8776- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی

8774- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 6776' وابن أبي شيبة جلد 3صفحه375 حدثنا يحيى بن آدم حدثنا أبو شهاب عن الأعمش عن زبيد عن أبي الأحوص عن عبد الله وعائشة قالا: موت الفجاة رأفة بالمؤمن الخ . ورواه جلد 3 صفحه369-370 من طريق آخر عن بعض أصحاب عبد الله عن عبد الله وقال فيه: راحة بدل رأفة .

8775- ورواه ابن أبي شيبة في المصنف جلد3صفحه7 من طريق آخر عن عبد الله .

8776- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20995' قال في المجمع جلد 10صفحه135' ورجاله رجال الصحيح الا أن قتادة لم يدرك ابن مسعود .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ، إِذَا أَرَادَ أَنْ يَدْخُلَ، قَرْيَةً، قَالَ: اللَّهُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ، وَمَا أَظَلَّتْ، وَرَبَّ الشَّيَاطِينِ، وَمَا أَضَلَّتْ، وَرَبَّ الرِّيَاحِ، وَمَا أَذْرَتْ، أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا، وَخَيْرَ مَا فِيهَا، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا، وَشَرِّ مَا فِيهَا

اللہ عنہ جب کسی بستی میں داخل ہونے کا ارادہ کرتے تھے تو یہ دعا کرتے: ''اللّٰھم رب السماوات الیٰ آخرہٖ''۔

8777- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللَّهِ يُقِلُّ الصَّوْمَ، فَذُكِرَ ذَلِكَ لَهُ، فَقَالَ: إِنِّي إِذَا صُمْتُ ضَعُفْتُ عَنِ الْقِرَاءَةِ، وَتِلَاوَةُ الْقُرْآنِ أَحَبُّ إِلَيَّ

حضرت شقیق فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بہت کم نفلی روزے رکھتے تھے' اس کے متعلق آپ سے عرض کی گئی تو آپ نے فرمایا: جب میں روزہ رکھوں گا تو میں قرآن کی تلاوت نہیں کرسکوں گا' قرآن کی تلاوت مجھے زیادہ پسند ہے۔

8778- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّهُ كَانَ لَا يَكَادُ أَنْ يَصُومَ، فَقَالَ: إِنِّي إِذَا صُمْتُ ضَعُفْتُ عَنِ الصَّلَاةِ، وَالصَّلَاةُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنَ الصِّيَامِ، فَإِنْ صَامَ صَامَ ثَلَاثًا مِنَ الشَّهْرِ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نفلی روزہ کم رکھتے تھے' فرمایا: جب میں روزہ رکھوں گا تو کمزور ہو جاؤں گا' تو نماز نہیں پڑھ سکوں گا' نماز مجھے روزے سے زیادہ پسند ہے' اگر آپ روزے رکھتے تو ایک ماہ میں تین روزے رکھتے تھے۔

8779- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللَّهِ يُقِلُّ الصِّيَامَ، فَقُلْنَا لَهُ: إِنَّكَ تُقِلُّ الصَّوْمَ، قَالَ: إِنِّي

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نفلی روزہ کم رکھتے تھے' فرمایا: جب میں روزے رکھوں گا تو کمزور ہو جاؤں گا' نماز نہیں پڑھ سکوں گا' نماز مجھے روزے سے زیادہ پسند ہے' اگر آپ روزے

8778- قال فی المجمع جلد2صفحه257' ورجاله رجال الصحيح .

8779- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 7903 .

إِذَا صُمْتُ ضَعُفْتُ عَنِ الصَّلَاةِ، وَالصَّلَاةُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنَ الصِّيَامِ

رکھتے تو ایک ماہ میں تین روزے رکھتے تھے۔

8780- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا بُكَيْرُ بْنُ عَامِرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: الصَّلَاةُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنَ الصَّوْمِ وَلَمْ يَكُنْ يُصَلِّي الضُّحَى

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نماز مجھے روزے سے زیادہ پسند ہے' نمازِ چاشت نہیں پڑھتے تھے۔

8781- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ قِيلَ لَهُ: إِنَّكَ تُقِلُّ الصَّوْمَ، فَقَالَ: أَجَلْ، إِنِّي إِذَا صُمْتُ ضَعُفْتُ عَنِ الصَّلَاةِ، وَالصَّلَاةُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنَ الصَّوْمِ

حضرت شقیق فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بہت کم نفلی روزہ رکھتے تھے' اس کے متعلق آپ سے عرض کی گئی تو آپ نے فرمایا: جب میں روزہ رکھوں گا تو میں قرآن کی تلاوت نہیں کرسکوں گا' قرآن کی تلاوت مجھے زیادہ پسند ہے۔

8782- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، أَخْبَرَنِي شَيْخٌ، مِنْ بَجِيلَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ، يَقُولُ: كَانَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ، لَا يُصَلِّي الضُّحَى، وَيُصَلِّي مَا بَيْنَ الظُّهْرِ، وَالْعَصْرِ مَعَ عُقْبَةٍ مِنَ اللَّيْلِ طَوِيلَةٍ

حضرت امام شعبی فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نمازِ چاشت نہیں پڑھتے تھے' آپ ظہر اور عصر کے درمیان نماز پڑھتے' ساتھ پچھلی رات کو لمبی نماز پڑھتے تھے۔

8783- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ

حضرت ابوعبیدہ اپنی والدہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتی ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو

8780- قال فی المجمع جلد2صفحه257' وفيه بكير بن عامر وثقه أحمد وضعفه ابن معين وجماعة .

8782- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:4874' قال فی المجمع جلد2صفحه258' وفيه رجل لم يسم .

8783- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 7902' قال فی المجمع جلد 2صفحه257' وفيه من لم يسم . قلت: ان أراد أم أبی عبيدة والا فليس فيه من لم يسم .

الْجَزَرِيِّ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ أُمِّهِ، قَالَتْ: مَا رَأَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ صَائِمًا قَطُّ يَوْمَيْنِ إِلَّا رَمَضَانَ، قَالَ: مَا أَدْرِي مَا شَأْنُ ذَيْنِكَ الْيَوْمَيْنِ

لگاتار دو دن روزے رکھتے نہیں دیکھا سوائے رمضان کے' فرمایا: مجھے معلوم ہے کہ ان دو دنوں سے مراد کیا ہے۔

8784- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ، وَابْنُ كَثِيرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ: كَانَ لَا يَكَادُ أَنْ يَصُومَ، قَالَ: إِنِّي إِذَا صُمْتُ ضَعُفْتُ عَنِ الصَّلَاةِ، وَالصَّلَاةُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنَ الصِّيَامِ، فَإِنْ صَامَ ثَلَاثًا مِنَ الشَّهْرِ

حضرت شقیق فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بہت کم روزہ رکھتے تھے' اس کے متعلق آپ سے عرض کی گئی تو آپ نے فرمایا: جب میں روزہ رکھوں گا تو میں قرآن کی تلاوت نہیں کرسکوں گا' قرآن کی تلاوت مجھے زیادہ پسند ہے۔ پس آپ نے ہر مہینے کے تین روزے رکھے۔

8785- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عِصْمَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْخَزَّازُ، ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: اخْتَلَفْتُ إِلَى ابْنِ مَسْعُودٍ سَنَةً فَمَا رَأَيْتُهُ صَائِمًا يَوْمًا قَطُّ إِلَّا فِي رَمَضَانَ، وَكَانَ يَشْرَبُ النَّبِيذَ الشَّدِيدَ فِي جَرٍّ أَخْضَرَ

حضرت شعبہ اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میرا حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پیچھے ان کی طرف ایک سال گیا' میں نے آپ کو سوائے رمضان کے اور کوئی روزے رکھتے نہیں دیکھا' آپ سبز مٹکے کی سخت نبیذ پیتے تھے۔

8786- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ قَيْسِ بْنِ عَبْدٍ، قَالَ: كُنْتُ أَخْتَلِفُ إِلَى ابْنِ مَسْعُودٍ السَّنَةَ فَمَا رَأَيْتُهُ مُصَلِّيًا الضُّحَى، وَمَا رَأَيْتُهُ صَائِمًا تَطَوُّعًا إِلَّا

حضرت قیس بن عبد فرماتے ہیں کہ میرا حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی طرف ایک سال جاتا رہا' میں نے آپ کو نمازِ چاشت اور نفل روزے سوائے عاشوراء کے رکھتے ہوئے نہیں دیکھا۔

8785- قال فی المجمع جلد2صفحه157' واسناده فيه عصمة بن سليمان وعم الشعبى ولم أجد من ترجمهما .

8786- قال فی المجمع جلد3صفحه177' وقيس بن عبد ذكره ابن أبى حاتم ولم يرو عنه غير الشعبى ابن أخيه .

يَوْمَ عَاشُورَاءَ

حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ قَيْسِ بْنِ عَبْدٍ، قَالَ: اخْتَلَفْتُ إِلَى ابْنِ مَسْعُودٍ فَذَكَرَ مِثْلَ حَدِيثِ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ

حضرت قیس بن عبد فرماتے ہیں کہ میرا حضرت ابن مسعود رضی اللہ عن کے ساتھ اختلاف ہوا' اس کے بعد حماد بن زید کی مثل حدیث ذکر کی۔

8787- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ عَبْدِ اللَّهِ فَأُتِيَ بِشَرَابٍ، فَقَالَ: نَاوِلْهُ الْقَوْمَ، فَقَالُوا: نَحْنُ صِيَامٌ، فَقَالَ: لَكِنِّي لَسْتُ صَائِمًا فَشَرِبَ، ثُمَّ قَرَأَ: (يَخَافُونَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيهِ الْقُلُوبُ وَالْأَبْصَارُ) (النور: **37**)

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھے' آپ کے پاس پانی لایا گیا' فرمایا: لوگوں کو دو! لوگوں نے عرض کی: ہم روزے کی حالت میں ہیں' آپ نے فرمایا: میں روزے کی حالت میں نہیں ہوں' آپ نے نوش کیا' پھر یہ آیت پڑھی: ''وہ اس دن سے ڈرتے ہیں جب دل اور آنکھیں پھٹ جائیں گی''۔

8788- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ، يَقُولُ: يَذْهَبُ الصَّالِحُونَ أَسْلَافًا، وَيَبْقَى أَهْلُ الرِّيَبِ مَنْ لَا يَعْرِفُ مَعْرُوفًا، وَلَا يُنْكِرُ مُنْكَرًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ پہلے نیک لوگ چلے جائیں گے' شک والے لوگ رہ جائیں گے' جو نیکی اور بُرائی کو نہیں جانیں گے۔

8789- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْأَعْمَشُ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ ضِرَارٍ الْأَسَدِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: قَسَّمَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ الْخَيْرَ فَجَعَلَهُ عَشَرَةَ أَعْشَارٍ، فَجَعَلَ تِسْعَةَ أَعْشَارٍ بِالشَّامِ، وَبَقِيَّتَهُ فِي سَائِرِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ نے بھلائی کو تقسیم کیا ہے' اس کے دس حصے بنائے ہیں' ۹ حصے ملک شام میں اور باقی ساری زمین والوں کے لیے' بُرائی بھی تقسیم کی اور اس کے بھی دس حصے بنائے' ایک حصہ ملک شام میں اور باقی ساری زمین کے لیے۔

8787- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 7904 .

8789- قال في المجمع جلد10 صفحه60' وعبد الله بن ضرار ضعيف .

الْأَرْضِ، وَقَسَّمَ الشَّرَّ فَجَعَلَهُ عَشَرَةَ أَعْشَارٍ فَجَعَلَ جُزْءًا مِنْهُ بِالشَّامِ وَبَقِيَّتَهُ فِي سَائِرِ الْأَرْضِ

8790- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَبِشْرُ بْنُ مُوسَى، قَالَا: ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: مَنْ أَحَبَّ لِقَاءَ اللَّهِ أَحَبَّ اللَّهُ لِقَاءَهُ، وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللَّهِ كَرِهَ اللَّهُ لِقَاءَهُ، وَالْمَوْتُ قَبْلَ لِقَاءِ اللَّهِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو اللہ سے ملاقات کو پسند کرتا ہے' اللہ بھی اس سے ملاقات کو پسند کرتا ہے' جو اللہ سے ملاقات کو ناپسند کرتا ہے' اللہ بھی اس سے ملاقات کو ناپسند کرتا ہے۔

8791- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: إِذَا طَلَبَ أَحَدُكُمُ الْحَاجَةَ فَلْيَطْلُبْهَا سِرًّا، فَإِنَّمَا لَهُ مَا قُدِّرَ لَهُ، وَلَا يَأْتِي أَحَدُكُمْ صَاحِبَهُ فَيَمْدَحَهُ فَيَقْصِمُ ظَهْرَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تم میں سے کوئی کسی سے ضرورت کی چیز مانگے تو چھپا کر مانگے کہ اس کیلئے وہی کچھ ہے جو اس کیلئے تقدیر میں لکھا ہے' ایسا نہ کرے کہ وہ اپنے ساتھی کی اس کے منہ پر تعریف کر کے اس کی کمر توڑ دے۔

8792- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْأَعْمَشُ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ رَبِيعَةَ، قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ عَبْدِ اللَّهِ فَذَكَرَ الْقَوْمُ رَجُلًا فَذَكَرُوا مِنْ خُلُقِهِ، فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: أَرَأَيْتُمْ لَوْ قَطَعْتُمْ رَأْسَهُ أَكُنْتُمْ تَسْتَطِيعُونَ أَنْ تُعِيدُوهُ؟ قَالُوا: لَا: قَالَ: فَيَدَهُ؟ قَالُوا: لَا، قَالَ: فَرِجْلَهُ؟ قَالُوا: لَا، قَالَ: فَإِنَّكُمْ لَنْ تَسْتَطِيعُوا أَنْ تُغَيِّرُوا خُلُقَهُ حَتَّى

حضرت مالک بن حارث' حضرت عبداللہ بن ربیعہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ہم حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے تھے تو قوم نے ایک آدمی کا ذکر کیا اور اس کے اخلاق بیان کیے' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تم اسکا سر کاٹ کر اسے دوبارہ درست کرنے کی طاقت رکھتے ہو؟ اُنہوں نے جواب دیا: جی نہیں! آپ نے فرمایا: اس کا ہاتھ؟ فرمایا: جی نہیں! آپ نے فرمایا: اس کا پاؤں؟ اُنہوں نے کہا: جی

8792- قال فی المجمع جلد7صفحہ196' ورجالہ ثقات .

تُغَيِّرُوا خَلْقَهُ، إِنَّ النُّطْفَةَ لَتَسْتَقِرُّ فِي الرَّحِمِ أَرْبَعِينَ لَيْلَةً، ثُمَّ تَنْحَدِرُ دَمًا، ثُمَّ تَكُونُ عَلَقَةً، ثُمَّ تَكُونُ مُضْغَةً، ثُمَّ يُبْعَثُ إِلَيْهِ الْمَلَكُ فَيَكْتُبُ رِزْقَهُ، وَخُلُقَهُ وَشَقِيٌّ أَوْ سَعِيدٌ

نہیں! فرمایا: تم اس کے اخلاق نہیں بدل سکتے یہاں تک کہ اس کی تخلیق بدل دو' بے شک نطفہ' رحم میں چالیس رات قرار پذیر رہتا ہے پھر خون بن جاتا ہے' پھر لوتھڑا پھر گوشت کا ٹکڑا' پھر اس کی طرف فرشتہ بھیجا جاتا ہے' وہ اس کا رزق' اس کے اخلاق اور اس کا بدبخت یا خوش بخت ہونا لکھ لیتا ہے۔

8793- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ، ثنا مُعَاوِيَةُ، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ رَبِيعَةَ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: فَذَكَرُوا رَجُلًا، فَذَكَرُوا مِنْ خُلُقِهِ، فَقَالَ الْقَوْمُ: أَمَا لَهُ مَنْ يَأْخُذُ عَلَى يَدَيْهِ؟ فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: أَرَأَيْتُمْ لَوْ قُطِعَ رَأْسُهُ أَكُنْتُمْ تَسْتَطِيعُونَ أَنْ تَجْعَلُوا لَهُ رَأْسًا؟ أَوْ قُطِعَتْ يَدَاهُ أَكُنْتُمْ تَسْتَطِيعُونَ أَنْ تَجْعَلُوا لَهُ يَدًا؟ أَوْ قُطِعَتْ رِجْلُهُ أَكُنْتُمْ تَسْتَطِيعُونَ أَنْ تَجْعَلُوا لَهُ رِجْلًا؟ فَقَالُوا: لَا، فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: إِنَّ النُّطْفَةَ إِذَا وَقَعَتْ فِي الْمَرْأَةِ مَكَثَتْ أَرْبَعِينَ يَوْمًا، ثُمَّ انْحَدَرَتْ دَمًا، ثُمَّ تَكُونُ عَلَقَةً، ثُمَّ تَكُونُ مُضْغَةً مِثْلَ ذَلِكَ، ثُمَّ يَبْعَثُ اللَّهُ الْمَلَكَ، فَقَالَ: اكْتُبْ أَجَلَهُ، وَعَمَلَهُ، وَرِزْقَهُ، وَأَثَرَهُ، وَشَقِيٌّ أَوْ سَعِيدٌ، فَإِنَّكُمْ لَنْ تَسْتَطِيعُوا أَنْ تُغَيِّرُوا خُلُقَهُ حَتَّى تُغَيِّرُوا خَلْقَهُ

حضرت عبداللہ بن ربیعہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھے' تو قوم نے ایک آدمی کا ذکر کیا اور اس کے اخلاق بیان کیے' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تم اسکا سر کاٹ کر اسے دوبارہ درست کرنے کی طاقت رکھتے ہو؟ اُنہوں نے جواب دیا: جی نہیں! آپ نے فرمایا: اس کا ہاتھ؟ فرمایا: جی نہیں! آپ نے فرمایا: اس کا پاؤں؟ اُنہوں نے کہا: جی نہیں! فرمایا: بے شک نطفہ' رحم میں چالیس رات قرار پذیر رہتا ہے پھر خون بن جاتا ہے' پھر لوتھڑا پھر گوشت کا ٹکڑا' پھر اس کی طرف فرشتہ بھیجا جاتا ہے' وہ اس کا رزق' اس کے اخلاق اور اس کا بدبخت یا خوش بخت ہونا لکھ لیتا ہے' تم اس کے اخلاق نہیں بدل سکتے یہاں تک کہ اس کی تخلیق بدل دو۔

8794- حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا

حضرت ابوعبدالسلام' حضرت عبداللہ بن مکرز سے' یا

يَحْيَى بْنُ إِسْحَاقَ السَّيْلَحِينِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ السَّلَامِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مِكْرَزٍ أَوْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ مِكْرَزٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ: إِنَّ رَبَّكُمْ تَعَالَى لَيْسَ عِنْدَهُ لَيْلٌ، وَلَا نَهَارٌ، نُورُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ مِنْ نُورِ وَجْهِهِ، وَإِنَّ مِقْدَارَ كُلِّ يَوْمٍ مِنْ أَيَّامِكُمْ عِنْدَهُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ سَاعَةً، فَتُعْرَضُ عَلَيْهِ أَعْمَالُكُمْ بِالْأَمْسِ أَوَّلَ النَّهَارِ الْيَوْمَ فَيَنْظُرُ فِيهَا ثَلَاثَ سَاعَاتٍ فَيَطَّلِعُ فِيهَا عَلَى مَا يَكْرَهُ فَيَغْضَبُهُ ذَلِكَ، وَأَوَّلُ مَنْ يَعْلَمُ غَضَبَهُ حَمَلَةُ الْعَرْشِ يَحْمَدُونَهُ يَثْقُلُ عَلَيْهِمْ فَتُسَبِّحُهُ حَمَلَةُ الْعَرْشِ، وَسَوَادِقَاتُ الْعَرْشِ، وَالْمَلَائِكَةُ الْمُقَرَّبُونَ، وَسَائِرُ الْمَلَائِكَةِ، ثُمَّ يَنْفُخُ جِبْرِيلُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْقَرْنِ فَلَا يَبْقَى شَيْءٌ إِلَّا سَمِعَ صَوْتَهُ، فَيُسَبِّحُونَ الرَّحْمَنَ عَزَّ وَجَلَّ ثَلَاثَ سَاعَاتٍ حَتَّى يَمْتَلِئَ الرَّحْمَنُ رَحْمَةً فَتِلْكَ سِتُّ سَاعَاتٍ، ثُمَّ يُؤْتَى بِالْأَرْحَامِ فَيَنْظُرُ فِيهَا ثَلَاثَ سَاعَاتٍ، فَذَلِكَ قَوْلُهُ فِي كِتَابِهِ: (هُوَ الَّذِي يُصَوِّرُكُمْ فِي الْأَرْحَامِ كَيْفَ يَشَاءُ) (آل عمران: 6) (يَهَبُ لِمَنْ يَشَاءُ إِنَاثًا وَيَهَبُ لِمَنْ يَشَاءُ الذُّكُورَ أَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَإِنَاثًا وَيَجْعَلُ مَنْ يَشَاءُ عَقِيمًا إِنَّهُ عَلِيمٌ قَدِيرٌ) (الشورى: 50) فَتِلْكَ تِسْعُ سَاعَاتٍ، ثُمَّ يُؤْتَى بِالْأَرْزَاقِ فَيَنْظُرُ فِيهَا ثَلَاثَ سَاعَاتٍ قَوْلُهُ

عبیداللہ بن مکرز سے فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہارے رب کے پاس نہ رات ہے نہ دن (جیسے تمہارے پاس ہے) آسمانوں اور زمینوں کا نور' اس کے چہرے کے نور سے ہے' بے شک تمہارے دنوں میں سے ایک دن کی مقدار اس کے ہاں بارہ گھڑیاں ہے' پس تمہارے کل کے اعمال' آج کے دن کی ابتداء میں پیش کیے جاتے ہیں' پس وہ ان میں تین گھڑیاں دیکھتا ہے' پس وہ ان میں میں ان کاموں پر مطلع ہوتا ہے جو اسے ناپسند ہیں تو یہ چیز اسے ناراض کر دیتی ہے اور سب سے پہلے اس کے غصے سے عرش اُٹھانے والے فرشتے آگاہ ہوتے ہیں' وہ حمد کرتے ہیں تو وہ ان پر بوجھل بنا دیتا ہے۔ پس عرش اُٹھانے والے فرشتے اس کی پاکی بیان کرنا شروع کر دیتے ہیں' اس کے بعد عرش دربان' مقرب ملائکہ اور ان کے علاوہ سارے فرشتے پھر حضرت جبریل علیہ السلام صور پھونکتے ہیں' ہر شی ان کی آواز سنتی ہے' پس وہ تین گھڑیاں اور رحمٰن کی پاکی بیان کرتے ہیں' حتیٰ کہ رحمٰن' رحمت سے پُر ہو جاتا ہے۔ پس یہ چھ گھڑیاں ہوئیں پھر رحموں کا معاملہ آتا ہے' پس وہ اس میں تین گھڑیاں دیکھتا ہے' اللہ کی کتاب میں اس کے اس ارشاد سے یہی مراد ہے: ''وہ (اللہ) ہی ہے جس ماؤں کے پیٹوں میں جیسے چاہے تمہاری صورتیں بناتا ہے''۔ ''جسے چاہتا ہے بیٹیاں عطا فرماتا ہے اور جسے چاہتا ہے بیٹے دیتا ہے (اس کے ہر کام میں حکمت ہے) یا انہیں بیٹیاں اور بیٹے عطا فرمائے اور جسے چاہے (اپنی حکمت سے) بانجھ کر

فِي كِتَابِهِ: (يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ وَيَقْدِرُ) (الرعد: 26) (كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَأْنٍ) (الرحمن: 29) قَالَ: هَذَا مِنْ شَأْنِكُمْ وَشَأْنِ رَبِّكُمْ

دے' بے شک وہ بڑے علم' بڑی قدرت والا''۔ پس یہ نو گھڑیاں ہوگئیں پھر رزقوں کی بات آتی ہے' پس وہ ان میں تین گھڑیاں دیکھتا ہے' اس کا ارادہ ہے: ''اور جس کیلئے چاہے روزی کھلی کرتا ہے اور جس کیلئے چاہے تنگ کرتا ہے''۔ ''وہ ہر دن (اور ہر آن) ایک نئے کام میں ہے (کسی کو زندگی' کسی کو موت' کسی کو عزت اور کسی کو ذلت دے رہا ہے)''۔ (آخر میں) فرمایا: یہ تمہارا کام ہے اور یہ تمہارے رب کا کام ہے۔

8795- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَجَاءَ، أَنَا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَوْنٍ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ، كَانَ يَقُولُ: إِنَّ الْعِبَادَ فِي فُسْحَةٍ مِنْ سَتْرِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ مَا أَقَامُوا الْعِبَادَةَ، وَلَمْ يُهْرِقُوا دَمًا حَرَامًا

حضرت عون روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے کہ بندے اللہ کی رحمت کے پردے میں ہوتے ہیں جب تک اسکی عبادت بجالائیں اور وہ خون نہ بہائیں جو بہانا ان پر حرام ہے۔

8796- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَجَاءَ، أَنَا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَوْنٍ، قَالَ: قُلْتُ لِعُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ: إِنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ كَانَ يَقُولُ: إِنَّهَا سَتَكُونُ أُمُورٌ مُشْتَبِهَةٌ فَمَنْ رَضِيَهَا مِمَّنْ غَابَ عَنْهَا فَهُوَ كَمَنْ شَهِدَهَا، وَمَنْ كَرِهَهَا مِمَّنْ شَهِدَهَا فَهُوَ كَمَنْ غَابَ عَنْهَا، فَأَعْجَبَهُ

حضرت عون رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا: میں نے حضرت عمر بن عبدالعزیز سے کہا: بے شک حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے: بے شک عنقریب کچھ اُمور مشکوک ہوں گے' پس جو ان سے غائب ہونے کے باوجود راضی ہوا' وہ حاضر آدمی کی طرح ہے اور جس نے حاضر ہونے کے باوجود انہیں ناپسند کیا تو وہ غائب کی طرح ہے' پس اُنہوں (عمر بن عبدالعزیز) نے تعجب کیا۔

8797- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ،

حضرت عون فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ

8795- قال فی المجمع جلد7صفحه298' واسناد الأول رجاله رجال الصحيح الا أن ابراهيم لم يسمع من ابن مسعود ۔

8796- انظر ما بعده ۔ قال فی المجمع جلد7صفحه290' وعون لم يدرك ابن مسعود والمسعودی اختلط ۔

8797- قال فی المجمع جلد10صفحه129 اسناده منقطع وفيه المسعودی وقد اختلط ۔

ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَوْنٍ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ، إِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ، قَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ فَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ كَعْبٍ الْقُرَظِيُّ: هَذَا فِي الْقُرْآنِ: (ارْكَبُوا فِيهَا بِسْمِ اللّٰهِ) (هود: 41) ، وَقَالَ: عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا

عنہ جب اپنے گھر سے نکلتے تو کہتے: اللہ کے نام سے شروع' میں نے اللہ پہ توکل کیا' نہیں طاقت وقوت مگر اللہ کے عطا کرنے سے' پس حضرت محمد بن کعب قرظی کا قول ہے' یہ قرآن میں ہے: ''سوار ہو جاؤ کشتی میں' اللہ کے نام سے''۔ اور فرمایا: ہم پر اللہ ہی پر توکل کیا۔

8798- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَوْنٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَا تَحْلِفُوا بِحَلِفِ الشَّيْطَانِ أَنْ يَقُولَ أَحَدُكُمْ: وَعِزَّةِ اللّٰهِ، وَلَكِنْ قُولُوا كَمَا قَالَ اللّٰهُ: اللّٰهُ رَبُّ الْعِزَّةِ

حضرت عون سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: شیطانی حلف نہ اُٹھایا کرو کہ تم کہو: اللہ کی عزت کی قسم! بلکہ تم ایسے کہا کرو جیسے اللہ نے فرمایا: اللہ تمام عزتوں کا مالک ہے۔

8799- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءَ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَوْنٍ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ لِعَبْدِ اللّٰهِ: إِنِّي أَخَافُ أَنْ أَكُونَ مُنَافِقًا، قَالَ: لَوْ كُنْتَ مُنَافِقًا مَا خِفْتَ ذَلِكَ

حضرت عون فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے عرض کی: مجھے خوف ہے کہ میں منافق ہو جاؤں گا۔ فرمایا: اگر تو منافق ہوتا تو تجھے اس بات کا ڈر نہ ہوتا (یہ تو ایمان والا ہے' اس لیے ڈر رہے)۔

8800- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَوْنٍ، قَالَ: لَمَّا أَتَتْ عَبْدَ اللّٰهِ وَفَاةُ عُتْبَةَ بَكَى، فَقِيلَ لَهُ: تَبْكِي؟ قَالَ: كَانَ أَخِي فِي النَّسَبِ، وَصَاحِبِي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَا أُحِبُّ مَعَ ذَلِكَ

حضرت عون فرماتے ہیں کہ جب حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو عتبہ کی وفات کی خبر آئی تو آپ رو پڑے۔ عرض کی گئی: کیوں روئے ہو؟ فرمایا: وہ میرا نسبی بھائی تھا اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ میرا دوست تھا' اس کے باوجود مجھے پسند ہے کہ میں اس سے پہلے ہوں کہ مر جائے اور میں اس

8798- قال فی المجمع جلد4صفحه178' وفيه عبد الرحمٰن المسعودی وهو ثقة ولكنه اختلط وانظر ما قبله .

8799- قال فی المجمع جلد1صفحه114 وهو منقطع . وانظر ما قبله .

8800- قال فی المجمع جلد3صفحه20 رواه الطبرانی فی الأوسط (109 مجمع البحرين)' والكبير بنحوه ورجاله ثقات . قلت يقصد سند الأوسط والا فقد علمت ان هذا الاسناد منقطع والمسعودی قد اختلط .

أَنِّي كُنْتُ قَبْلَهُ لِأَنْ يَمُوتَ فَأَحْتَسِبَهُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَمُوتَ فَيَحْتَسِبَنِي

کی تعزیت کروں' مجھے یہ پسند ہے کہ میں پہلے مر جاؤں اور وہ میری تعزیت کرے۔

8801- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَجَاءٍ، أَنَا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَوْنٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، كَانَ يَقُولُ: يَا بَادِءُ لَا بَدْءَ لَكَ، وَيَا دَائِمُ لَا نَفَادَ لَكَ، وَيَا حَيُّ مُحْيِي الْمَوْتَى أَنْتَ الْقَائِمُ عَلَى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ

حضرت عون روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ یہ دعا کیا کرتے تھے: اے ابتداء کرنے والے! تیری کوئی ابتداء نہیں' اے ہمیشہ رہنے والی ذات! تُو ختم نہ ہوگی' اے زندہ! مُردوں کو زندہ کرنے والے' تُو جان پر قائم ہے اس کے ساتھ جو اس نے کمایا۔

8802- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَوْنٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: مَنْ كَانَتْ لَهُ صُورَةٌ حَسَنَةٌ، وَكَانَ فِي مَوْضِعٍ لَا يَشِينُهُ، وَوُسِّعَ عَلَيْهِ مِنَ الرِّزْقِ ثُمَّ تَوَاضَعَ كَانَ مِنْ خَالِصِ اللَّهِ

حضرت عون سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس کی شکل خوبصورت ہو اور وہ عیب دار کرنے والی جگہ کبھی نہ ہو اور اس پر رزق وسیع کیا گیا ہو پھر بھی عاجز ہو تو یہ اللہ کے مخلص بندوں سے ہے۔

8803- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي سِنَانٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي الْهُذَيْلِ بْنِ سُلَيْمِ بْنِ حَنْظَلَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ أَتَى سُدَّةَ السُّوقِ، فَقَالَ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِهَا وَخَيْرِ أَهْلِهَا، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ أَهْلِهَا

روایت ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بازار آئے تو یوں دعا کی: ''اللّٰھم انی اسألك الٰی آخرہٖ''۔

8804- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا حُصَيْنُ بْنُ

حضرت حصین بن منیع السدوسی فرماتے ہیں: میں نے ابومحمد نہدی کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضرت عبداللہ بن مسعود

8801- انظر ما قبله . قال في المجمع جلد10 صفحه159' واسناده منقطع .

8802- انظر ما قبله .

8803- قال في المجمع جلد10 صفحه129' ورجاله الصحيح غير سليم بن حنظلة وهو ثقة .

8804- قال في المجمع جلد7 صفحه276' وفيه من لم أعرفه .

مَنِيعٍ السَّدُوسِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا مُحَمَّدٍ النَّهْدِيَّ، يَقُولُ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ: النَّاسُ ثَلَاثَةٌ فَمَا سِوَاهُمْ فَلَا خَيْرَ فِيهِ: رَجُلٌ رَأَى فِئَةً تُقَاتِلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَجَاهَدَ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ، وَرَجُلٌ جَاهَدَ بِلِسَانِهِ، وَأَمَرَ بِالْمَعْرُوفِ، وَنَهَى عَنِ الْمُنْكَرِ، وَرَجُلٌ عَرَفَ الْحَقَّ بِقَلْبِهِ

رضی اللہ عنہ نے فرمایا: لوگ تین قسم کے ہیں' اس کے علاوہ میں کوئی بھلائی نہیں ہے: (۱) وہ آدمی جس نے کسی گروہ کو اللہ کی راہ میں لڑتے دیکھا تو اس نے اپنی جان و مال سے جہاد کیا (۲) ایک وہ آدمی جس نے زبان سے جہاد کیا' نیکی کا حکم دیا اور بُرائی سے منع کیا (۳) وہ آدمی جس نے دل سے حق کو پہچان لیا۔

8805- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا حُصَيْنُ بْنُ مَنِيعٍ السَّدُوسِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا مُحَمَّدٍ النَّهْدِيَّ، يَقُولُ: قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: اكْفُلُوا لِي بِالْعَمْدِ أَكْفُلْ لَكُمْ بِالْخَطَأِ

حضرت حصین بن منیع سدوسی فرماتے ہیں: میں نے ابومحمد نہدی کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم پکے ارادے کی ضمانت مجھے دو' میں خطاء سے بچنے کی ضمانت تمہیں دیتا ہوں۔

باب

8806- حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَزِيدُ بْنُ مِهْرَانَ أَبُو خَالِدٍ الْخَبَّارِ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنِ ابْنِ حُصَيْنٍ، عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ الْأَحْنَفِ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ عَامِرٍ الْأَسَدِيِّ، قَالَ: مَرَّ عَلَيَّ عَبْدُ اللَّهِ، وَأَنَا أَبِيعُ سِلْعَةً لِي، وَأَنَا أَحْلِفُ عَلَيْهَا فَجَعَلَ يَعْلُو رَأْسِي بِشَيْءٍ فِي يَدِهِ، فَقَالَ: يَقُولُ: لَا تَحْلِفْ فَإِنَّ الْيَمِينَ يَنْفَعُ السِّلْعَةَ، وَيَمْحَقُ الْبَرَكَةَ

حضرت معقل بن عامر اسدی فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ میرے پاس سے گزرے جبکہ میں اپنا سامان بیچ رہا تھا لیکن ساتھ ہی میں اس پر قسم کھا رہا تھا' پس ان کے ہاتھ پر کوئی چیز تھی' میرے سر پر اسے بلند فرما کر کہنے لگے: قسم نہ اُٹھاؤ! یہ سامان کو فائدہ دے گی لیکن برکت کو مٹا دے گی۔

8807- حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا

حضرت عبداللہ بن حکیم سے مروی ہے' آپ فرماتے

8805- قال في المجمع جلد6صفحه250' وفيه من لم أعرفهم .

8807- قال في المجمع جلد10صفحه347 رواه الطبراني في الكبير موقوفًا' وروى بعضه مرفوعًا في الأوسط (455 مجمع البحرين) عبدي ما غرك بي؟ ماذا أكبت المرسلين؟ ورجال الكبير رجال الصحيح غير شريك بن عبد الله وهو

يَحْيَى بْنُ إِسْحَاقَ السَّيْلَحِينِيُّ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ هِلَالٍ الْوَزَّانِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُكَيْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ فِي هَذَا الْمَسْجِدِ يَبْدَأُ بِالْيَمِينِ قَبْلَ الْكَلَامِ، فَقَالَ: مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا أَنَّ رَبَّهُ سَيَخْلُو بِهِ كَمَا يَخْلُو أَحَدُكُمْ بِالْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، فَيَقُولُ: ابْنَ آدَمَ مَا غَرَّكَ بِي؟ ابْنَ آدَمَ مَا غَرَّكَ بِي؟ ابْنَ آدَمَ، مَاذَا أَجَبْتَ الْمُرْسَلِينَ؟ ابْنَ آدَمَ مَاذَا عَمِلْتَ فِيمَا عَلِمْتَ؟ ابْنَ آدَمَ مَاذَا عَمِلْتَ فِيمَا عَلِمْتَ؟ ابْنَ آدَمَ مَاذَا عَمِلْتَ فِيمَا عَلِمْتَ؟

ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو قسم کے ساتھ کلام کی ابتداء کرتے ہوئے سنا' فرمایا: تم میں سے ہر ایک سے اس کا رب عنقریب خلوت میں ہو گا' جیسے تم چودھویں رات کے چاند کو اکیلے دیکھتے ہو۔ پس وہ فرمائے گا: اے آدمی! کس نے تجھے میرے ساتھ دھوکے میں رکھا؟ دوسری بار بھی فرمائے گا' پھر فرمائے گا: اے ابن آدم! تُو نے میرے رسولوں کو کیا جواب دیا؟ اے انسان! تُو نے جو عمل کیا' وہ کیا عمل کیا؟ پھر دوسری بار بھی یہی جملہ ارشاد ہو گا۔

8808- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ هِلَالٍ الْوَزَّانِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُكَيْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ، بَدَأَ بِالْيَمِينِ قَبْلَ الْحَدِيثِ، قَالَ: وَاللَّهِ إِنَّ مِنْكُمْ أَحَدٌ إِلَّا سَيَخْلُو اللَّهُ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَمَا يَخْلُو أَحَدُكُمْ بِالْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، يَقُولُ: مَا غَرَّكَ بِي ابْنَ آدَمَ؟ مَا غَرَّكَ بِي ابْنَ آدَمَ؟ مَا غَرَّكَ بِي ابْنَ آدَمَ؟ مَاذَا عَمِلْتَ فِيمَا عَلِمْتَ؟ ابْنَ آدَمَ مَاذَا أَجَبْتَ الْمُرْسَلِينَ؟

حضرت عبداللہ بن عکیم سے مروی ہے' فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو قسم کے ساتھ کلام کی ابتداء کرتے ہوئے سنا' فرمایا: تم میں سے ہر ایک سے اس کا رب عنقریب خلوت میں ہو گا' جیسے تم چودھویں رات کے چاند کو اکیلے دیکھتے ہو۔ پس وہ فرمائے گا: اے آدمی! کس نے تجھے میرے ساتھ دھوکے میں رکھا؟ دوسری بار بھی فرمائے گا' پھر فرمائے گا: اے انسان! تُو نے جو عمل کیا' وہ کیا عمل کیا؟ اے ابن آدم! تُو نے میرے رسولوں کو کیا جواب دیا؟

8809- حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى بْنُ إِسْحَاقَ السَّيْلَحِينِيُّ، ثنا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ وَاصِلٍ الْأَحْدَبِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ،

حضرت ابووائل سے مروی ہے' فرماتے ہیں کہ میں نے ایک دن حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا جب ہم صبح نماز پڑھ کر واپس آ رہے تھے' پس

ثقة وفيه ضعيف' ورجال الأوسط فيهم شريك أيضًا' واسحاق بن عبد الله التميمي ووثقه ابن حبان' وبقية رجاله رجال الصحيح ـ قلت: لم يتعرض الهيثمي للرواية الأولى وقد تابع فيه أبو عوانة شريك بن عبد الله ـ

قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ، ذَاتَ يَوْمٍ بَعْدَمَا انْصَرَفْنَا مِنْ صَلَاةِ الْغَدَاةِ، فَاسْتَأْذَنَّا عَلَيْهِ، قَالَ: ادْخُلُوا، فَقُلْنَا: نَنْتَظِرُ هُنَيَّةً لَعَلَّ بَعْضَ أَهْلِ الدَّارِ لَهُ حَاجَةٌ فَأَقْبَلَ يُسَبِّحُ، فَقَالَ: لَقَدْ ظَنَنْتُمْ بِآلِ عَبْدِ اللّٰهِ غَفْلَةً، ثُمَّ قَالَ: يَا جَارِيَةُ انْظُرِي هَلْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ؟ قَالَتْ: لَا، ثُمَّ قَالَ لَهَا الثَّانِيَةَ: انْظُرِي هَلْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ؟ قَالَتْ: لَا، ثُمَّ قَالَ لَهَا الثَّالِثَةَ: انْظُرِي هَلْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي وَهَبَ لَنَا هَذَا الْيَوْمَ، وَأَقَالَنَا فِيهِ عَثَرَاتِنَا - وَأَحْسِبُهُ قَالَ: وَلَمْ يُعَذِّبْنَا بِالنَّارِ -

اُنہوں نے ہمیں اپنے پاس حاضری کی اجازت مرحمت فرمائی' فرمایا: داخل ہو جاؤ! ہم نے عرض کی: ہم کچھ دیر انتظار کریں گے' ممکن ہے گھر کے کسی آدمی کا آپ سے کوئی کام ہو' پس آپ تسبیح کرتے ہوئے آئے۔ فرمایا: تمہارا گمان ہے کہ عبداللہ کے گھر والوں میں غفلت ہے' پھر فرمایا: اے لونڈی! دیکھ! سورج طلوع ہو گیا ہے! اس نے عرض کی: جی نہیں! پھر کچھ دیر بعد اس سے پھر دوسری بار فرمایا: دیکھ! کیا سورج طلوع ہوا ہے؟ اس نے کہا: جی نہیں! پھر تیسری بار فرمایا تو اس نے جواب دیا: جی ہاں! فرمایا: شکر ہے اللہ کا جس نے ہمیں یہ دن عطا فرمایا اور ہماری لغزشوں سے درگزر فرمائی' اور میرا گمان ہے کہ فرمایا: اس نے ہمیں آگ کا عذاب نہیں دیا۔

8810- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا الْحَكَمُ بْنُ مَرْوَانَ الضَّرِيرُ، قَالَا: ثنا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ وَبَرَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَأَنْ أَحْلِفَ بِاللّٰهِ كَاذِبًا أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَحْلِفَ بِغَيْرِهِ وَأَنَا صَادِقٌ

حضرت وبرہ بن عبدالرحمٰن سے مروی ہے' فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی جھوٹی قسم کھانے کی نسبت مجھے اس کے غیر کی سچی قسم اُٹھانا زیادہ پسند ہے۔

8811- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا مَعْمَرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: كَانَ طُولُ مُوسَى صَلَّى اللّٰهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا قد بارہ ہاتھ لمبا تھا' آپ کا عصا بھی بارہ ہاتھ لمبا تھا' جب آپ کھڑے ہوتے تو بھی بارہ ہاتھ لمبا تھا' آپ نے عوج بن عناق کو مارا' تو اس کے ٹخنوں

8811- قال في المجمع جلد 8 صفحه 204' وفيه المسعودي وقد اختلط وبقية رجاله ثقات . قلت: ومعمر قال العقيلي: لا يتابع على حديثه . والقاسم لم يدرك ابن مسعود كما قال الهيثمي مرات .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اثْنَيْ عَشَرَ ذِرَاعًا، وَعَصَاهُ اثْنَيْ عَشَرَ ذِرَاعًا، وَوَثْبَتُهُ اثْنَيْ عَشَرَ، فَضَرَبَ عِوَجَ بْنَ عَنَاقٍ، فَمَا أَصَابَ مِنْهُ إِلَّا كَعْبَهُ

تک پہنچا۔

8812- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عِصْمَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْخَزَّازُ الْكُوفِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ بْنُ مُصَرِّفٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ: لَا يَتَهَاجَرُ رَجُلَانِ قَدْ دَخَلَا فِي الْإِسْلَامِ إِلَّا خَرَجَ أَحَدُهُمَا مِنْهُ حَتَّى يَرْجِعَ، وَرُجُوعُهُ أَنْ يَأْتِيَهُ فَيُسَلِّمَ عَلَيْهِ

حضرت یزید بن وہب سے مروی ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے فرمایا: دو آدمی ایک دوسرے سے بائیکاٹ نہیں کرتے جو دونوں اسلام میں داخل ہو چکے ہیں مگر ان میں سے ایک اس سے نکل جاتا ہے یہاں تک کہ وہ رجوع کرے اور اس کا رجوع یہ ہے کہ وہ اس کے پاس آ کر سلام کرے (یا کم از کم اس کے پاس سے گزرتے ہوئے سلام کرے)۔

8813- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْخَطَّابِ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: أَرْوَاحُ الشُّهَدَاءِ فِي أَجْوَافِ طَيْرٍ خُضْرٍ تَسْرَحُ فِي الْجَنَّةِ حَيْثُ شَاءَتْ، ثُمَّ تَأْوِي إِلَى قَنَادِيلَ مُعَلَّقَةٍ فِي الْعَرْشِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: شہیدوں کی روحیں سبز پرندوں کے پیٹوں میں ہوتی ہیں' جنت میں جہاں چاہتی ہیں جاتی ہیں' پھر ان قندیلوں کی طرف آ جاتی ہیں جو عرش کے ساتھ معلق ہیں۔

8814- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا أَبُو بَكْرٍ الْهُذَلِيُّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: خَرَجَ ابْنُ مَسْعُودٍ عَلَى أَهْلِ الدَّارِ، فَقَالَ لَهُمْ: مَنْ جَاءَ

حضرت مسروق سے روایت ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ گھر والوں کے پاس آئے' ان سے فرمایا: جو تم میں فتویٰ لینے کیلئے آئے تو وہ میرے فتویٰ دینے تک بیٹھ جائے اور تم میں سے جو جھگڑا لے کر آئے تو اس پر خصم

8812- قال فی المجمع جلد8صفحه67' ورجاله رجال الصحيح غير عصمة بن سليمان وهو ثقة .

8813- قال فی المجمع جلد5صفحه298' وفيه ليث ابن أبی سليم وهو مدلس .

8814- قال فی المجمع جلد6صفحه247' وفيه أبو بكر الهذلی وهو ضعيف . وفی نسخة يسترها بدل يسرها .

مِنْكُمْ مُسْتَفْتِيًا فَلْيَجْلِسْ حَتَّى نُفْتِيَهُ، وَمَنْ جَاءَ مِنْكُمْ مُخَاصِمًا فَلْيَلْزَمْ خَصْمَهُ حَتَّى نَقْضِي بَيْنَهُمَا، وَمَنْ جَاءَ مِنْكُمْ مُطْلِعًا عَلَى عَوْرَةٍ سَتَرَهَا اللَّهُ فَلْيَسْتَتِرْ بِسَتْرِ اللَّهِ، وَيُسِرَّهَا إِلَى مَنْ يَمْلِكُ مَغْفِرَتَهَا، فَإِنَّا لَا نَمْلِكُ مَغْفِرَتَهَا، وَنُقِيمُ عَلَيْهِ حَدًّا وَبِأَبْعَارِهَا

کو لانا لازم ہے یہاں تک کہ میں ان کے درمیان فیصلہ کر سکوں اور جو تم میں سے کسی مستور عیب پر آگاہ ہو تو اسے چاہیے کہ وہ اس پر پردہ ڈالے اور پوشیدگی میں اس مغفرت کے مالک سے عرض کر دے کیونکہ معاف نہیں کر سکتے' ہم تو اس پر حد ہی قائم کریں گے' چار چار گواہوں کے ساتھ۔

8815- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: أُتِيَ عَبْدُ اللَّهِ بِضَرْعٍ فَتَنَحَّى رَجُلٌ، فَقَالَ: إِنِّي حَرَّمْتُهُ، فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُحَرِّمُوا طَيِّبَاتِ مَا أَحَلَّ اللَّهُ لَكُمْ) (المائدة: 87) أَطْعِمْ، وَكَفِّرْ

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ تھنوں کا گوشت حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس لایا گیا تو ایک آدمی دُور ہو گیا۔ کہنے لگا: میں تو اسے حرام سمجھتا ہوں۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''اے ایمان والو! حرام نہ ٹھہراؤ وہ ستھری چیزیں کہ اللہ نے تمہارے لیے حلال کیں''۔ (فرمایا:) کھا اور اپنی قسم کا کفارہ دے۔

8816- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: أُتِيَ عَبْدُ اللَّهِ، بِضَرْعٍ فَأَخَذَ يَأْكُلُ مِنْهُ، فَقَالَ لِلْقَوْمِ: ادْنُوا فَدَنَا الْقَوْمُ وَتَنَحَّى رَجُلٌ مِنْهُمْ، فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: مَا شَأْنُكَ؟ قَالَ: إِنِّي حَرَّمْتُ الضَّرْعَ، قَالَ: هَذَا مِنْ خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ، ادْنُ، وَكُلْ، وَكَفِّرْ يَمِينَكَ، ثُمَّ تَلَا: (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُحَرِّمُوا طَيِّبَاتِ مَا أَحَلَّ اللَّهُ

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس رانوں کے درمیان (کھیری) کا گوشت لایا گیا تو آپ نے اس سے کھانا شروع کر دیا' قوم کو فرمایا: تم بھی قریب ہو جاؤ' پس قوم قریب ہوئی' لیکن ان میں سے ایک آدمی دور ہو گیا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تجھے کیا ہے؟ اس نے عرض کی: میں کھیری کو حرام گردانتا ہوں۔ آپ نے فرمایا: یہ قول' شیطانی ہے' قریب ہو کر کھا اور اپنی قسم کا کفارہ ادا کر' پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ''اے ایمان والو! حرام نہ ٹھہراؤ وہ ستھری

8816- نسبه ابن كثير في تفسيره جلد2صفحه87 الى ابن أبي حاتم والحاكم في مستدركه . قال في المجمع جلد 4 صفحه19' ورجاله رجال الصحيح .

لَكُمْ) (المائدة: 87)

چیزیں کہ اللہ نے تمہارے لیے حلال کیں''۔

8817- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: كُلُّ الْخِلَالِ يُطْوَى عَلَيْهَا الْمُؤْمِنُ إِلَّا الْخِيَانَةَ، وَالْكَذِبَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں: ہر خلال (خلل' خرابی' بگاڑ) پر مؤمن کو لپیٹا جا سکتا ہے (یعنی مؤمن وہ کام کر سکتا ہے) مگر خیانت اور جھوٹ۔

8818- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، أَنَّ رَجُلًا أَتَى عَبْدَ اللَّهِ، فَقَالَ: إِنَّ أَخِي مَرِيضٌ اشْتَكَى بَطْنَهُ وَإِنَّهُ نُعِتَ لَهُ الْخَمْرُ أَفَأَسْقِيهِ؟ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: سُبْحَانَ اللَّهِ، مَا جَعَلَ اللَّهُ شِفَاءً فِي رِجْسٍ، إِنَّمَا الشِّفَاءُ فِي شَيْئَيْنِ: الْعَسَلُ شِفَاءٌ لِلنَّاسِ، وَالْقُرْآنُ شِفَاءٌ لِمَا فِي الصُّدُورِ

حضرت ابواحوص فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس ایک آدمی آیا' اس نے کہا: میرا بھائی بیمار ہے' اس کے پیٹ کو تکلیف ہے' اس کیلئے شراب کا انتخاب (بطور دوائی) ہوا ہے' کیا میں اسے پلا سکتا ہوں؟ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ پاک ہے! پلیدشی میں اللہ نے شفا نہیں رکھی' شفا دو چیزوں میں ہے: شہد لوگوں کیلئے شفا ہے اور لوگوں کے دلوں کی بیماریوں کیلئے قرآن شفا ہے۔

8819- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مَعْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: النَّاسُ غَادِيَانِ: بَائِعٌ نَفْسَهُ فَمُوبِقُهَا، وَمُفَادِيهَا فَمُعْتِقُهَا، الصَّدَقَةُ بُرْهَانٌ، وَالصِّيَامُ جُنَّةٌ، وَالصَّلَاةُ نُورٌ، وَالسَّكِينَةُ مَغْنَمٌ وَتَرْكُهَا مَغْرَمٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا: لوگ دو طرح کے ہیں' اپنے نفس کی بیعت کرنے والے' جو اپنے نفس کی بیعت کرے گا وہ اسے ہلاک کرنے والا' اس کا فدیہ دینے والا اور اسے آزاد کرنے والا ہے' صدقہ دلیل ہے' روزہ ڈھال اور نماز نور' سکینت غنیمت ہے اور اسے ترک کرنا چٹی ہے۔

8817- قال في المجمع جلد1 صفحه93' ورجاله ثقات .

8819- قال في المجمع جلد10 صفحه236' واسناده جيد .

8820- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: الْأَرْوَاحُ جُنُودٌ مُجَنَّدَةٌ، فَمَا تَعَارَفَ مِنْهَا ائْتَلَفَ، وَمَا تَنَاكَرَ مِنْهَا اخْتَلَفَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے' فرماتے ہیں: روحیں لشکر ہیں' پس جس کا تعارف ہوا وہ مانوس ہوا اور جس سے تعارف نہ ہوا' اس سے اختلاف ہوا۔

8821- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: إِنَّ اللَّهَ لَيُؤَيِّدُ الدِّينَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں: بے شک اللہ تعالیٰ کبھی فاسق و فاجر سے بھی دین کی خدمت لے لیتا ہے۔

8822- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ الْمَازِنِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: إِنَّمَا النِّسَاءُ عَوْرَةٌ، وَإِنَّ الْمَرْأَةَ لَتَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهَا، وَمَا بِهَا مِنْ بَأْسٍ فَيَسْتَشْرِفُ لَهَا الشَّيْطَانُ، فَيَقُولُ: إِنَّكِ لَا تَمُرِّينَ بِأَحَدٍ إِلَّا أَعْجَبْتِهِ، وَإِنَّ الْمَرْأَةَ لَتَلْبَسُ ثِيَابَهَا، فَيُقَالُ: أَيْنَ تُرِيدِينَ؟ فَتَقُولُ: أَعُودُ مَرِيضًا، أَوْ أَشْهَدُ جِنَازَةً، أَوْ أُصَلِّي فِي مَسْجِدٍ، وَمَا عَبَدَتِ امْرَأَةٌ رَبَّهَا مِثْلَ أَنْ تَعْبُدَهُ فِي بَيْتِهَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے' فرماتے ہیں: عورتیں شرم کی جگہ ہیں' عورت اپنے گھر سے نکلتی ہے تو اس کے نکلنے میں حرج تو نہیں لیکن شیطان اسے جھانک کر دیکھتا ہے اور کہتا ہے: تُو جس کے پاس سے بھی گزرے گی اسی کو خوش کرے گی۔ عورت کپڑے پہنتی ہے تو اس سے پوچھا جاتا ہے: کہاں کا ارادہ ہے؟ وہ کہتی ہے: میں بیمار کی عیادت' جنازہ میں حاضری یا مسجد میں نماز پڑھنے چلی ہوں۔ عورت (گھر سے باہر نکل کر) جو بھی عبادت کرے (کرتی رہے مگر) اس کی کوئی عبادت اس کے گھر میں کی جانے والی عبادت کے برابر نہیں ہو سکتی۔

8823- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ الْمَازِنِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے' فرماتے ہیں: تم سفر میں تین آدمی ہو تو ایک کو امیر بنا لیا کرو اور دو

8821- قال في المجمع جلد5صفحه303 وفيه عاصم ابن أبي النجود وهو ثقة وفيه كلام .

8822- قال في المجمع جلد2صفحه35' ورجاله ثقات .

8823- قال في المجمع جلد5صفحه256' ورجاله رجال الصحيح .

أَبِی إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِی الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِذَا كُنْتُمْ ثَلَاثَةً فِی سَفَرٍ فَأَمِّرُوا عَلَيْكُمْ أَحَدَكُمْ، وَلَا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُونَ صَاحِبِهِمَا

آدمی اپنے تیسرے ساتھی کو چھوڑ کر سرگوشی نہ کریں۔

8824- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ الْمَازِنِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِی إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِی الْأَحْوَصِ، قَالَ: فَاخَرَ أَسْمَاءَ بْنَ خَارِجَةَ رَجُلًا، فَقَالَ: أَنَا ابْنُ الْأَشْيَاخِ الْكِرَامِ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: ذَاكَ يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ إِسْحَاقَ، ذَبِيحُ اللّٰهِ ابْنُ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلِ اللّٰهِ

حضرت ابواحوص سے مروی ہے' فرماتے ہیں: اسماء بن خارجہ نے ایک آدمی کو پیچھے کر کے کہا: میں عزتوں والے شیوخ کا بیٹا ہوں' پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ یوسف بن یعقوب بن اسحاق' نیز (اسماعیل) ذبیح اللہ بن ابراہیم خلیل اللہ ہیں' (کیا تو انہیں کی اولاد ہے)۔

8825- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، قَالَ: أَنْبَأَنَا أَبُو إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الْأَحْوَصِ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ يَدْعُو بِهَذَا الدُّعَاءِ: اللّٰهُمَّ إِنِّی أَسْأَلُكَ بِنِعْمَتِكَ السَّابِغَةِ الَّتِی أَنْعَمْتَ بِهَا عَلَيَّ، وَبَلَائِكَ الَّذِی ابْتَلَيْتَنِی، وَبِفَضْلِكَ الَّذِی أَفْضَلْتَ عَلَيَّ أَنْ تُدْخِلَنِی الْجَنَّةَ، اللّٰهُمَّ أَدْخِلْنِی الْجَنَّةَ بِفَضْلِكَ، وَمَنِّكَ وَرَحْمَتِكَ

حضرت ابواسحاق سے مروی ہے' فرماتے ہیں کہ میں نے ابواحوص کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو یہ دعا کرتے ہوئے بھی سنا: ''اللّٰھم انی اسألك الی آخرہ''۔

8826- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّیُّ، ثنا

حضرت اسود بن یزید سے روایت ہے' فرماتے ہیں

8824- قال فی المجمع جلد8صفحه202 رواه الطبرنای موقوفًا باسنادين رجال أحدهما ثقات غير أن مشايخ الطبرانی لم أعرفهم . قلت: هما معروفان وصححه ابن كثير فی تفسيره جلد5صفحه17 .

8825- قال فی المجمع جلد10صفحه185' ورجاله رجال الصحيح .

8826- قال فی المجمع جلد10صفحه184' وفيه المسعودی وهو ثقة ولكنه قد اختلط وبقية رجاله ثقات .

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءَ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِي فَاخِتَةَ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: قَرَأَ عَبْدُ اللّٰهِ: (إِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمَنِ عَهْدًا) (مريم: 87) ، قَالَ: يَقُولُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: مَنْ كَانَ لَهُ عِنْدِي عَهْدٌ فَلْيَقُمْ ، قَالُوا: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، فَعَلِّمْنَا، قَالَ: قُولُوا: اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ، وَالْأَرْضِ، عَالِمَ الْغَيْبِ، وَالشَّهَادَةِ، إِنِّي أَعْهَدُ إِلَيْكَ فِي هَذِهِ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا أَنَّكَ إِنْ تَكِلْنِي إِلَى نَفْسِي تُقَرِّبْنِي مِنَ الشَّرِّ، وَتُبَاعِدْنِي مِنَ الْخَيْرِ، وَإِنِّي لَا أَثِقُ إِلَّا بِرَحْمَتِكَ، فَاجْعَلْهُ لِي عِنْدَكَ عَهْدًا تُؤَدِّيهِ إِلَيَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ قَالَ: وَزَادَ فِيهَا زَكَرِيَّا أَبُو يَحْيَى، عَنِ الْقَاسِمِ: خَائِفًا مُسْتَجِيرًا مُسْتَغْفِرًا رَاغِبًا إِلَيْكَ

کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی: ''مگر وہ جنہوں نے اللہ سے (رحمٰن سے) عہد لے رکھا ہے''۔ فرمایا: قیامت کے دن اللہ فرمائے گا: جس کا میرے پاس کوئی وعدہ ہے' وہ اُٹھ کھڑا ہو۔ لوگوں نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! پس ہمیں سکھایئے! آپ نے نے فرمایا: تم کہا کرو: اے اللہ! اے آسمانوں اور زمینوں کو پیدا کرنے والے' غیب وشہادت کو جاننے والے' اس دنیوی زندگی میں' تیرے سے عہد کرتا ہوں' اگر تُو مجھے اپنے نفس کے حوالے کرے گا تو وہ مجھے شر کے قریب لے جائے گا اور خیر سے دُور کرے گا' مجھے تو تیری رحمت پر بھروسہ ہے' تُو اپنے پاس میرے لیے عہد بنا لے جو قیامت کے دن پورا کرنا' بے شک تُو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔ فرمایا: ابویحییٰ زکریا نے اس میں اضافہ کیا' قاسم سے روایت کر کے خوف زدہ ہو کر پناہ طلب کر کے مغفرت مانگتے ہوئے اور تیری طرف رغبت کرتے ہوئے۔

8827- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: اعْتَبِرُوا النَّاسَ بِأَخْدَانِهِمْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں: لوگوں کے ہم راز دوستوں کو دیکھ کر عبرت حاصل کرو۔

8828- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَمِّ عُمَارَةَ

حضرت حریث روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے لوگو! ہم پر ایسا زمانہ

8827- قال فی المجمع جلد8صفحه90' وفيه محمد بن كثير بن عطاء وثقه ابن معين وغيره وفيه ضعف .

8828- ورواه النسائي جلد8صفحه230' وقال: هذا الحديث جيد جيد . ورواه الدارمي رقم الحديث: 173،172،171 .

بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، وَرُبَّمَا قَالَ: عَنْ حُرَيْثِ بْنِ ظُهَيْرٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ: أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ أَتَى عَلَيْنَا زَمَانٌ لَسْنَا نَقْضِي، وَلَسْنَا هُنَالِكَ، وَإِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَلَّغَنَا مَا تَرَوْنَ فَمَنْ عُرِضَ مِنْكُمْ لَهُ قَضَاءٌ بَعْدَ الْيَوْمِ فَلْيَقْضِ فِيهِ بِمَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ، فَإِنْ أَتَاهُ أَمْرٌ لَيْسَ فِي كِتَابِ اللّٰهِ فَلْيَقْضِ فِيهِ بِمَا قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِنْ أَتَاهُ أَمْرٌ لَيْسَ فِي كِتَابِ اللّٰهِ، وَلَمْ يَقْضِ فِيهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلْيَقْضِ بِمَا قَضَى بِهِ الصَّالِحُونَ، فَإِنْ أَتَاهُ أَمْرٌ لَيْسَ فِي كِتَابِ اللّٰهِ وَلَمْ يَقْضِ فِيهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَمْ يَقْضِ بِهِ الصَّالِحُونَ فَلْيَجْتَهِدْ، وَلَا يَقُولُ أَحَدُكُمْ: إِنِّي أَخَافُ، وَإِنِّي أَرَى، فَإِنَّ الْحَلَالَ بَيِّنٌ، وَالْحَرَامَ بَيِّنٌ، وَبَيْنَ ذَلِكَ أُمُورٌ مُشْتَبِهَةٌ، فَدَعْ مَا يَرِيبُكَ إِلَى مَا لَا يَرِيبُكَ

8829- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِذَا حَضَرَكَ أَمْرٌ لَا بُدَّ مِنْهُ، فَانْظُرْ مَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ فَاقْضِ بِهِ، فَإِنْ عَيِيتَ فَمَا قَضَى بِهِ الرَّسُولُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنْ عَيِيتَ فَمَا قَضَى بِهِ الصَّالِحُونَ، فَإِنْ عَيِيتَ فَاؤُمَّ وَلَا تَأْلُ، فَإِنْ عَيِيتَ فَأَقِرَّ، وَلَا تَسْتَحِ

آئے گا کہ ہم نہ ہوں گے کہ فیصلہ کریں اور وہاں ہم موجود نہ ہوں گے' بے شک اللہ نے ہمیں وہاں تک پہنچا دیا ہے جو تم دیکھ رہے ہو' پس تم میں سے جس کے لیے کوئی فیصلہ پیش کیا گیا' آج کے دن کے بعد اس پر لازم ہے کہ وہ اس میں کتاب اللہ کے مطابق فیصلہ کرے' پس اگر کوئی فیصلہ اس کے پاس ایسا آئے جس کا واضح حکم کتاب اللہ میں نہ ہو تو رسول کریم ﷺ کے فیصلہ کے مطابق۔ پس اگر کوئی امر ایسا ہو کہ رسول کریم ﷺ نے فیصلہ نہ کیا ہو تو نیک لوگوں کے فیصلوں کو دیکھے' اگر کوئی معاملہ ایسا آئے جس میں کتاب اللہ' رسول اللہ اور نیک لوگوں کا فیصلہ موجود نہ ہو تو وہ اجتہاد کر سکتا ہے' اجتہاد کرے۔ تم میں سے کوئی یہ نہ کہے: میں ڈرتا ہوں' بے شک میرا خیال ہے کہ حال بھی واضح ہے' حرام بھی ظاہر ہے اور ان دونوں کے درمیان مشتبہ اُمور ہیں' پس جو چیز شک میں ڈالے اسے چھوڑ دو اور جو شک میں نہ ڈالے' اسے اختیار کر لو (تمہارا قلبِ سلیم ہی مفتی ہے)۔

حضرت قاسم سے مروی ہے' فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب تجھے کوئی ضروری کام پیش آئے تو کتاب اللہ میں دیکھ کہ اس کے بارے کیا ہے' اس کے ساتھ فیصلہ کر۔ پس اس میں نہ پائے تو اس کے ساتھ فیصلہ کر جس کے ساتھ رسول کریم ﷺ نے کیا' اگر اس میں نہ پائے تو صالحین کے فیصلوں کے مطابق' اگر نہ پائے تو امام بن لیکن سستی نہ کرنا' پس اگر فیصلہ نہ کر سکے تو عاجزی کا اقرار کرنے میں شرم نہ کر۔

8830- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِنَّ الْوَجَعَ لَا يُكْتَبُ بِهِ الْأَجْرُ، إِنَّمَا الْأَجْرُ فِي الْعَمَلِ، وَلَكِنْ يُكَفِّرُ اللّٰهُ بِهِ الْخَطَايَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے' فرماتے ہیں: درد کے بدلے اجر نہیں لکھا جاتا ہے' اجر تو عمل میں ہوتا ہے (جو وہ درد پر صبر کر کے کرتا ہے) ہاں اس کے بدلے اللہ' اس کی خطائیں مٹا دیتا ہے۔

8831- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِنَّ الَّذِي يُفْتِي النَّاسَ فِي كُلِّ مَا يَسْتَفْتُونَهُ فِيهِ مَجْنُونٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ لوگ جو ہر پوچھنے والے کو فتویٰ دیتا ہے' وہ پاگل ہے۔

8832- حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، وَسُلَيْمَانَ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَنْ أَفْتَى النَّاسَ بِكُلِّ مَا يَسْأَلُونَهُ فَهُوَ مَجْنُونٌ هَذَا لَفْظُ سُلَيْمَانَ بْنِ حَرْبٍ، وَقَالَ الْحَوْضِيُّ فِي حَدِيثِهِ: فِي كُلِّ مَا يَسْتَفْتُونَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو لوگ ہر بات پوچھنے پر فتویٰ دیتا ہے' وہ پاگل ہے۔ یہ لفظ سلیمان بن حرب کے ہیں' حوضی نے اپنی حدیث میں فرمایا کہ ہر اس بات میں جو وہ پوچھیں۔

8833- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا عَوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ: نِعْمَ الْمَجْلِسُ الْمَجْلِسُ الَّذِي تَنْتَشِرُ فِيهِ الْحِكْمَةُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اچھی مجلس وہ ہے جس میں حکمت پھیلائی جاتی ہو۔

8831- قال فی المجمع جلد ا صفحہ 183' ورجالہ موثقون۔

8833- قال فی المجمع جلد ا صفحہ 167' واسنادہ حسن۔

8834- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ: تَعَلَّمُوا الْفَرَائِضَ فَإِنَّهُ يُوشِكُ أَنْ يَفْتَقِرَ الرَّجُلُ إِلَى عِلْمٍ كَانَ يَعْلَمُهُ، أَوْ يَبْقَى فِي قَوْمٍ لَا يَعْلَمُونَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: علم فرائض سیکھو کیونکہ ہوسکتا ہے کہ کوئی آدمی اس علم کا محتاج ہو جو جانتا ہے یا وہ ایسی قوم میں رہے جو نہ جانتی ہو۔

8835- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: كَفَى بِخَشْيَةِ اللّٰهِ عِلْمًا، وَكَفَى بِاغْتِرَارٍ بِاللّٰهِ جَهْلًا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ سے ڈرنے کیلئے علم ہی کافی ہے اور اللہ کے حوالے سے دھوکہ کھانے کو جہالت کافی ہے۔

8836- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: الْأَمِيرُ إِذَا أُمِّرَ كَانَتْ لَهُ بِطَانَتَانِ مِنْ أَهْلِهِ: بِطَانَةٌ تَأْمُرُهُ بِطَاعَةِ اللّٰهِ، وَبِطَانَةٌ تَأْمُرُهُ بِمَعْصِيَةٍ، وَهُوَ مَعَ مَنْ أَطَاعَ مِنْهُمَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: امیر کو جب امیر بنایا جائے تو اس کے اپنے اہل سے دو مشیر ہوتے ہیں: (۱) ایک مشیر اس اللہ کی اطاعت کا حکم دیتا ہے (۲) دوسرا مشیر اسے نافرمانی کا حکم دیتا ہے جبکہ اسے چاہیے کہ وہ ان میں سے اس کے ساتھ ہو جو فرمانبردار ہو۔

8837- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَا تَعْجَلُوا بِحَمْدِ النَّاسِ، وَلَا بِذَمِّهِمْ، فَإِنَّكَ -أَوْ لَعَلَّكَ- أَنْ تَرَى مِنْ أَخِيكَ الْيَوْمَ شَيْئًا يُعْجِبُكَ لَعَلَّهُ أَنْ يَسُوءَكَ غَدًا،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگوں کی تعریف اور مذمت بیان کرنے میں جلدی نہ کرو کیونکہ ہو سکتا ہے کہ آج کے دن اپنے بھائی میں کوئی پسندیدہ شی دیکھو یا ہوسکتا ہے کہ کوئی برائی دیکھو یا ہوسکتا ہے کہ آج کوئی برائی دیکھے اور کل کوئی اچھائی دیکھے لوگ عار دلائیں گے

8834- قال فی المجمع جلد4صفحه224' وهو منقطع .

8836- قال فی المجمع جلد5صفحه210 والقاسم لم يدرك ابن مسعود .

8837- قال فی المجمع جلد10صفحه194' واسناده منقطع .

وَلَعَلَّكَ أَنْ تَرَى مِنْهُ الْيَوْمَ شَيْئًا يَسُوءُكَ لَعَلَّهُ يُعْجِبُكَ غَدًا، وَإِنَّ النَّاسَ يُعَيِّرُونَ، وَإِنَّمَا يَغْفِرُ اللَّهُ الذُّنُوبَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَاللَّهُ أَرْحَمُ بِعَبْدِهِ يَوْمَ يَلْقَاهُ مِنْ أُمٍّ وَاحِدٍ فَرَشَتْ لَهُ بِأَرْضٍ فِي، ثُمَّ لَمَسَتْهُ فَإِنْ كَانَتْ شَوْكَةٌ كَانَتْ بِهَا قَبْلَهُ، وَإِنْ كَانَتْ لَدْغَةٌ كَانَتْ بِهَا قَبْلَهُ

اللہ قیامت کے دن گناہوں کو معاف کرے گا' اللہ پاک قیامت کے دن ایک ماں سے بھی زیادہ رحم کرنے والا ہے' جس نے اس کے لیے بستر بچھائی' پھر اس کو چھوا' اگر کوئی کانٹا ہے تو پہلے اس کو لگے اور کوئی ڈنک مارنے والی چیز ہے تو پہلے اس کو ڈنک مارے۔

8838- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: إِنِّي لَأَحْسِبُ الرَّجُلَ يَنْسَى الْعِلْمَ كُلَّمَا يَعْلَمُهُ الْخَطِيئَةَ يَعْمَلُهَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اس آدمی کے متعلق خیال کرتا ہوں جو علم بھول جاتا ہے' جب بھی غلطی جانے گا' اس پر عمل کرتے ہیں۔

8839- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: لَا يَقُلْ أَحَدُكُمْ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْفِتْنَةِ فَإِنَّهُ لَيْسَ مِنْكُمْ أَحَدٌ إِلَّا يَشْتَمِلُ عَلَى فِتْنَةٍ، وَلَكِنْ مَنِ اسْتَعَاذَ فَلْيَسْتَعِذْ مِنْ مُعْضِلَاتِهَا فَإِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ: (إِنَّمَا أَمْوَالُكُمْ، وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ) (التغابن: 15)

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تم میں سے کوئی یہ نہ کہے کہ میں فتنے سے پناہ مانگتا ہوں کیونکہ تم میں سے ہر ایک فتنہ پر ہے' بلکہ وہ اس کی مشکلات سے پناہ مانگے کیونکہ اللہ عزوجل فرماتا ہے: ''تمہارے اموال اور اولاد تمہارے لیے فتنہ ہیں''۔

8840- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: لَا يَقُولَنَّ أَحَدُكُمْ: إِنِّي

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تم میں سے کوئی ہرگز یہ نہ کہے: میں نے کبھی حج نہیں کیا یا میں نکاح کرنے والا نہیں ہوں' کیونکہ مسلمان احکامِ حج سے

8838- قال فی المجمع جلد1 صفحه199' ورجاله موثقون الا أن القاسم لم يسمع من جده .

8839- قال فی المجمع جلد7 صفحه220' واسناده منقطع' وفيه المسعودی وقد اختلط . قلت: وقد روی عنه أبو نعيم قبل اختلاطه كما قال فی المجمع جلد6 صفحه248 .

8840- قال فی المجمع جلد3 صفحه234 القاسم لم يدرك ابن مسعود .

صَرُورَةٌ، فَإِنَّ الْمُسْلِمَ لَيْسَ بِصَرُورَةٍ، وَلَا يَقُولَنَّ أَحَدُكُمْ: إِنِّي حَاجٌّ، فَإِنَّمَا الْحَاجُّ الْمُحْرِمُ، وَلَكِنْ لِيَقُلْ: إِنِّي أُرِيدُ مَكَّةَ

ناواقف نہیں ہوتا' یا ایسا نہیں ہے کہ مسلمان نکاح نہ کرے اور تم میں سے کوئی ہرگز یہ نہ کہے: میں حاجی ہوں کیونکہ حاجی حالتِ احرام میں ہوتا ہے بلکہ کہے: میں مکہ جانا چاہتا ہوں۔

8841- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَا حَدَّ إِلَّا فِي اثْنَتَيْنِ: رَجُلٌ نُفِيَ مِنْ أَبِيهِ، أَوْ قَذَفَ مُحْصَنَةً

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حد صرف دو آدمیوں پر ہے: ایک وہ جو اپنے بیٹے کی نفی کرے یا جو پاکدامن پر تہمت لگائے۔

حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، مِثْلَهُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت ہے۔

8842- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: لَا حَدَّ إِلَّا فِي اثْنَتَيْنِ، أَنْ يَقْذِفَ مُحْصَنَةً، أَوْ يُنْفَى رَجُلٌ مِنْ أَبِيهِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حد صرف دو آدمیوں پر ہے: ایک وہ جو اپنے بیٹے کی نفی کرے یا جو پاکدامن پر تہمت لگائے۔

حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلَطِيُّ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا أَبُو الْعُمَيْسِ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: لَا حَدَّ إِلَّا فِي اثْنَتَيْنِ فَذَكَرَ مِثْلَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حد صرف دو صورتوں میں ہے' اس کے بعد اسی طرح ذکر ہے۔

8843- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ:

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: انسان کی توبہ تین چیزوں کے نکلنے تک قبول کی جائے گی: (۱) سورج

8841- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 13715' قال في المجمع جلد 6صفحه280' والقاسم لم يسمع من جده عبد الله . ولكن رجاله ثقات .

8843- قال في المجمع جلد10صفحه198 باسناد منقطع .

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: التَّوْبَةُ مَعْرُوضَةٌ عَلَى ابْنِ آدَمَ إِنْ قَبِلَهَا مَا لَمْ يَخْرُجْ إِحْدَى ثَلَاثٍ: مَا لَمْ تَطْلُعِ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِهَا، أَوْ تَخْرُجُ الدَّابَّةُ، أَوْ يَخْرُجُ يَأْجُوجُ، وَمَأْجُوجُ

کے مغرب کی طرف سے طلوع ہونے تک (۲) جانور کے نکلنے تک (۳) یاجوج ماجوج کے نکلنے تک۔

8844- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قِيلَ لِعَبْدِ اللّٰهِ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُكْثِرُ ذِكْرَ الصَّلَاةِ فِي الْقُرْآنِ: (الَّذِينَ هُمْ عَلَى صَلَاتِهِمْ دَائِمُونَ) (المعارج:23)، (وَالَّذِينَ هُمْ عَلَى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُونَ) (المعارج:34) فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: ذَلِكَ عَلَى مَوَاقِيتِهَا، فَقَالُوا: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ: إِنَّمَا كُنَّا نَرَى ذَاكَ التُّرْكُ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: تَرْكُهَا كُفْرٌ

حضرت قاسم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے کہا گیا: اللہ پاک نے قرآن میں نماز کا کثرت سے ذکر کیا ہے کہ ''وہ اپنی نمازوں میں ہمیشگی کرتے ہیں''۔ ''وہ نمازوں کی محافظت کرتے ہیں''۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس سے مراد ہے کہ وقت پر ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! ہم خیال کرتے ہیں کہ اس سے مراد نماز چھوڑنا ہے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نماز کا انکار کفر ہے۔

8845- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَسْعُودِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَنْ تَرَكَ الصَّلَاةَ كَفَرَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس نے نماز کا انکار کیا' وہ کافر ہے۔

8846- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَالْحَسَنِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ

حضرت قاسم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے کہا گیا: اللہ پاک نے قرآن میں نماز کا کثرت سے ذکر کیا ہے کہ ''وہ اپنی نمازوں میں ہمیشگی کرتے ہیں''۔

8844- قال فی المجمع جلد10صفحه198' والقاسم لم يسمع ابن مسعود .

8846- قال فی المجمع جلد7صفحه129' والحسن بن سعد والقاسم لم يسمعا من ابن مسعود . قلت: لعل نسخة الحافظ الهيثمي ليس فيها عن عبد الرحمٰن بن عبد الله .

عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قِيلَ لِعَبْدِ اللّٰهِ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُكْثِرُ ذِكْرَ الصَّلَاةِ: (الَّذِينَ هُمْ عَلَى صَلَاتِهِمْ دَائِمُونَ) (المعارج: 23) ، (وَالَّذِينَ هُمْ عَلَى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُونَ) (المعارج: 34) فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: ذَلِكَ لِمَوَاقِيتِهَا ، قُلْنَا: مَا كُنَّا نُرَاهُ إِلَّا تَرْكَهَا، قَالَ: فَإِنَّ تَرْكَهَا الْكُفْرُ

''وہ نمازوں کی محافظت کرتے ہیں''۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس سے مراد ہے کہ وقت پر ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے عرض کی: ہم خیال کرتے ہیں کہ اس سے مراد نماز چھوڑنا ہے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نماز کا انکار کفر ہے۔

8847- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مَنْ لَمْ يُصَلِّ فَلَا دِينَ لَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس نے نماز نہیں پڑھی' اس کا کوئی دین نہیں ہے۔

8848- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا شَيْبَانُ أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مَنْ لَمْ يُصَلِّ فَلَا دِينَ لَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس نے نماز نہیں پڑھی' اس کا کوئی دین نہیں ہے۔

8849- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، أَوْ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ خَرَجَ إِلَى صَلَاةِ الْغَدَاةِ، وَقَدْ أَضَافَ قَوْمٌ ظُهُورَهُمْ إِلَى قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: أَخِّرُوا هَكَذَا عَنْ وُجُوهِ الْمَلَائِكَةِ

حضرت عمرو بن مرہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نمازِ فجر کے لیے نکلے' لوگ اپنی پیشانیاں مسجد کے قبلہ کی طرف کیے ہوئے تھے' آپ نے فرمایا: اپنی پیشانیاں اُٹھاؤ' فرشتوں کے چہروں سے۔

8850- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

8847- قال فی المجمع جلد 1صفحه295' وفيه أبو نعيم ضرار بن صرد وهو ضعيف' قلت: ولم يتعرض للرواية الثانية وهي تؤيد هذه ۔ فقد رواه ابن أبي شيبة في كتاب الايمان رقم:47 من طريق شريك عن عاصم به ۔

8850- قال فی المجمع جلد2صفحه23' ورجاله موثقون ۔

حَجَّاجٌ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَسْعُودِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ: رَأَى قَوْمًا قَدْ أَسْنَدُوا ظُهُورَهُمْ إِلَى الْقِبْلَةِ بَيْنَ أَذَانِ الْفَجْرِ، وَالْإِقَامَةِ، فَقَالَ: لَا تَحُولُوا بَيْنَ الْمَلَائِكَةِ، وَبَيْنَ صَلَاتِهَا

آپ نے کچھ لوگوں کو دیکھا کہ وہ اپنی پیٹھیں قبلہ کی طرف لگائے ہوئے تھے فجر کی اذان اور اقامت کے درمیان' تو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: فرشتوں اور اپنی نماز کے درمیان حائل نہ ہو۔

8851- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، وَمَعْمَرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: جَاءَ عَبْدُ اللَّهِ عِنْدَ الْفَجْرِ، وَقَوْمٌ مُسْنِدُونَ ظُهُورَهُمْ إِلَى الْقِبْلَةِ، فَقَالَ: تَأَخَّرُوا عَنِ الْقِبْلَةِ لَا تَحُولُوا بَيْنَ الْمَلَائِكَةِ، وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ، فَإِنَّهَا صَلَاةُ الْمَلَائِكَةِ

حضرت اعمش' قاسم سے سے' وہ حضرت عبدالرحمٰن سے' وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: فجر کے وقت حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اس حال میں آئے کہ لوگ قبلہ سے اپنی پیٹھیں لگائے ہوئے تھے' فرمایا: قبلہ سے پیچھے ہٹ جاؤ! فرشتوں اور قبلہ کے درمیان رکاوٹ نہ بنو کیونکہ یہ ملائکہ کی نماز ہے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: جَاءَ عَبْدُ اللَّهِ وَقَوْمٌ مُسْنِدُو ظُهُورَهُمْ نَحْوَ الْقِبْلَةِ، فَذَكَرَ مِثْلَ حَدِيثِ الثَّوْرِيِّ، وَمَعْمَرٍ

حضرت قاسم بن عبدالرحمٰن اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ اُنہوں نے فرمایا: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اس حال میں آئے کہ قوم قبلہ کی دیوار سے اپنی پیٹھ لگا کر ٹیک لگائے ہوئے تھی۔ اس کے بعد حضرت ثوری اور معمر والی حدیث بیان کی۔

8852- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: ادْرَءُوا الْجَلْدَ وَالْقَتْلَ عَنْ عَبَادِ اللَّهِ مَا اسْتَطَعْتُمْ

حضرت قاسم سے مروی ہے' فرماتے ہیں: جہاں تک تمہاری طاقت ہے' اللہ کے بندوں سے کوڑوں اور قتل کی سزا ہٹا دو (یعنی ایسا دعویٰ ہی لے کر نہ آؤ)۔

8851- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 4798' ورواه رقم الحديث: 4799 من طريق معمر فقط .

8852- قال في المجمع جلد 6 صفحه 248 رواه الطبراني من رواية أبي نعيم عن المسعودي وقد سمع منه قبل اختلاطه' لكن القاسم لم يسمع من جده ابن مسعود .

8853- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: الشَّهْرَانِ تِسْعٌ وَخَمْسُونَ يَوْمًا

حضرت قاسم سے روایت ہے' فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: دو ماہ' انسٹھ دن کے ہوتے ہیں (اگر ایک ماہ تیس کا ہو تو دوسرا انتیس کا ہوگا' یا اس کے اُلٹ)۔

8854- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ قَالَ: قَدِمَ عَبْدُ اللَّهِ وَقَدْ بَنَى سَعْدٌ الْقَصْرَ، وَاتَّخَذَ مَسْجِدًا فِي أَصْحَابِ التَّمْرِ، فَكَانَ يَخْرُجُ إِلَيْهِ فِي الصَّلَوَاتِ، فَلَمَّا وَلِيَ عَبْدُ اللَّهِ بَيْتَ الْمَالِ نَقَبَ بَيْتَ الْمَالِ، فَأَخَذَ الرَّجُلَ، فَكَتَبَ عَبْدُ اللَّهِ إِلَى عُمَرَ، فَكَتَبَ عُمَرُ: أَنْ لَا تَقْطَعْهُ، وَانْقُلِ الْمَسْجِدَ، وَاجْعَلْ بَيْتَ الْمَالِ مِمَّا يَلِي الْقِبْلَةَ، فَإِنَّهُ لَا يَزَالُ فِي الْمَسْجِدِ مَنْ يُصَلِّي، فَنَقَلَهُ عَبْدُ اللَّهِ وَخَطَّ هَذِهِ الْخُطَّةَ، وَكَانَ الْقَصْرُ الَّذِي بَنَى سَعْدٌ شَاذَرَ وَإِنْ كَانَ الْإِمَامُ يَقُومُ عَلَيْهِ فَأَمَرَ بِهِ عَبْدُ اللَّهِ فَنُقِضَ حَتَّى اسْتَوَى مَقَامُ الْإِمَامِ مَعَ النَّاسِ

حضرت قاسم سے مروی ہے' فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اس حال میں تشریف لائے کہ حضرت سعد محل تعمیر کر چکے تھے اور مسجد کھجور والوں میں بنا چکے تھے' آپ تمام نمازوں میں اس کی طرف نکلا کرتے تھے' پس حضرت عبداللہ جب بیت المال کے متولی بنے تو بیت المال کو کسی نے نقب لگائی۔ پس آپ نے ایک آدمی کو گرفتار کر لیا تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف خط لکھا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جواب لکھا کہ اس کے ہاتھ نہ کاٹنا' مسجد کو وہاں سے منتقل کر کے بیت المال کو مسجد کے قبلہ والی طرف بنا دو کیونکہ مسجد میں لگاتار کوئی تو نماز پڑھنے والا ہوگا۔ پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اسے منتقل کیا اور یہ نقشہ بنایا جبکہ محل جسے حضرت سعد نے بنایا تھا' آڑے آتا۔ اگرچہ امام اس کے اوپر کھڑا ہو۔ پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اسے توڑنے کا حکم دیا حتیٰ کہ امام کی جگہ کو لوگوں کے برابر کر دیا۔

8855- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، أَنَّ عَبْدَ

حضرت قاسم سے مروی ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بنوسعد سے اپنے ماموؤں کو کچھ مال قرض دیا'

8853- قال فی المجمع جلد3صفحه148' والقاسم لم يدرك ابن مسعود والمسعودی روی عنه أبو نعيم قبل اختلاطه .

8854- قال فی المجمع جلد6صفحه275' والقاسم لم يسمع من جده ورجاله رجال الصحيح .

8855- قال فی المجمع جلد4صفحه142 واسناده منقطع .

اللّٰهِ، أَقْرَضَ أَخْوَالًا لَهُ مِنْ بَنِي سَعْدٍ مَالًا، فَلَمَّا خَرَجَتْ أُعْطِيَاتِهِمُ اخْتَارُوا لَهُ مَالَهُمْ، فَلَمَّا أُتِيَ بِهِ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: هَـذَا خَيْرٌ مِنْ مَالِنَا الَّذِي أَعْطَيْنَاكُمْ فَاجْمَعُوا أُعْطِيَاتِكُمْ وَأَعْطُونَا مِنْ عَرْضِهَا

جب عطیات نکالے گئے تو اُنہوں نے آپ کیلئے اپنا مال چنا' پس جب وہ لایا گیا تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ بہتر ہے ہمارے اس مال سے جو ہم نے تمہیں دیا' پس تم اپنے عطیات اکٹھے کر لو اور ہمیں اس کے سامان سے کچھ دے دو۔

8856- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَالَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ، لَقَدْ قَسَّمَ اللّٰهُ هَذَا الْفَيْءَ عَلَى لِسَانِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ أَنْ تُفْتَحَ فَارِسُ، وَالرُّومُ

حضرت قاسم سے مروی ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں! اس مالِ غنیمت کو اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ کی زبان کے ذریعے تقسیم فرما دیا ہے' اس سے پہلے کہ فارس اور روم فتح ہو۔

8857- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: أَرْبَعٌ قَدْ فُرِغَ مِنْهُنَّ: مِنَ الْخَلْقِ، وَالْخُلُقِ، وَالرِّزْقِ، وَالْأَجَلِ

حضرت قاسم سے روایت ہے' فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: چار چیزوں سے فراغت حاصل کر لی گئی ہے: (۱) تخلیق (شکل و صورت) (۲) اخلاق و عادات (۳) موت کا وقت۔

8858- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ عِيسَى بْنَ الْمُسَيَّبِ، يُحَدِّثُ أَنَّهُ: سَمِعَ الْقَاسِمَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: أَرْبَعٌ قَدْ فُرِغَ مِنْهُنَّ: مِنَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے' فرماتے ہیں: چار چیزوں سے فراغت پالی گئی ہے: (۱) تخلیق (۲) اخلاق (۳) رزق (۴) موت' ہم میں سے کوئی بھی کسی ایک کے حق میں کمانے والا ہو۔

8856- قال فی المجمع جلد5صفحه340 اسناده منقطع .

8857- انظر ما بعده .

8858- قال فی المجمع جلد 7صفحه195' وفيه عيسى بن المسيب وثقه الحاكم والدارقطنی فی السنن وضعفه جماعة' وبقية رجاله فی أحد الاسنادين ثقات . قلت: لكنه منقطع .

الْخَلْقِ، وَالْخُلُقِ، وَالرِّزْقِ، وَالْأَجَلِ، لَيْسَ أَحَدُنَا كَسْبٌ عَنْ أَحَدٍ

8859- وَقَالَ: الصَّدَقَةُ جَائِزَةٌ قُبِضَتْ أَوْ لَمْ تَقْبَضْ

اور فرمایا: صدقہ' انعام ہے خواہ اس پر قبضہ کیا گیا' یا نہ کیا گیا۔

8860- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: كَانَ لِعَبْدِ اللَّهِ كَاتِبٌ نَصْرَانِيٌّ، فَدَخَلَ عَبْدُ اللَّهِ الْقَصْرَ، وَرَجَعَ النَّصْرَانِيُّ فَاتَّبَعَهُ عَبْدُ اللَّهِ السَّلَامَ

حضرت قاسم سے روایت ہے' فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کا ایک کاتب نصرانی تھا' پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ محل میں داخل ہوئے اور نصرانی واپس لوٹا تو عبداللہ نے اسے پیچھے سے سلام کہا۔

8861- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ، قَالَ: مَشَى مَعَ عَبْدِ اللَّهِ نَاسٌ مِنْ أَهْلِ الشِّرْكِ، فَلَمَّا بَلَغَ بَابَ الْقَصْرِ سَلَّمَ عَلَيْهِمْ

حضرت قاسم بن عبدالرحمٰن سے روایت فرماتے ہیں' تمیم بن سلمہ نے کہا: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ کچھ مشرک لوگ چلے' جب محل کے دروازے پہنچے تو آپ نے ان پر سلام کیا۔

8862- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى ابْنِ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: إِنِّي مَرَرْتُ بِمَسْجِدٍ مِنْ مَسَاجِدِ بَنِي حَنِيفَةَ فَسَمِعْتُهُمْ يَقْرَءُونَ شَيْئًا لَمْ يُنْزِلْهُ اللَّهُ: الطَّاحِنَاتُ طَحْنًا، الْعَاجِنَاتُ عَجْنًا، الْخَابِزَاتُ خَبْزًا، اللَّاقِمَاتُ

حضرت قیس بن ابوحازم سے مروی ہے' فرماتے ہیں: ایک آدمی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی طرف آیا' پس اس نے کہا: میں بنوحنیفہ کی مسجدوں میں سے ایک مسجد کے پاس سے گزرا' میں نے ان کو کوئی شی پڑھتے ہوئے سنا جسے اللہ نے نازل نہیں فرمایا۔ ''الطاحنات طحنا' العاجنات عجنا الیٰ آخرہ'' فرمایا: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ابن نواحہ کو کہا: آپ نے اسے قتل کیا اور

8860- اسناده منقطع وانظر ما بعده .

8861- قال فی المجمع جلد8صفحه41 ورجاله رجال الصحيح الا أن تميم بن سلمة لم يدرك ابن مسعود .

8862- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:18708' قال فی المجمع جلد16صفحه261' ورجاله رجال الصحيح .

لَقْمًا، قَالَ: فَقَدَّمَ ابْنُ مَسْعُودٍ ابْنَ النَّوَّاحَةِ إِمَامَهُمْ فَقَتَلَهُ، وَاسْتَكْثَرَ الْبَقِيَّةَ، وَقَالَ: لَا أُجْزِرُهُمُ الْيَوْمَ الشَّيْطَانَ، سَيِّرُوهُمْ إِلَى الشَّامِ حَتَّى يَرْزُقَهُمُ اللَّهُ تَوْبَةً أَوْ يُفْنِيهِمُ الطَّاعُونُ

زیادہ مال چھوڑا' اور کہا: آج میں ان کو ذبح کرنے کیلئے شیطان نہ دوں' ان کو شام کی طرف بھیج دو یہاں تک کہ اللہ ان کو توبہ کی توفیق دے یا طاعون ان کو فنا کر دے۔

8863- قَالَ: وَأَخْبَرَنِي إِسْمَاعِيلُ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنَّ هَذَا -لِابْنِ النَّوَّاحَةِ- أَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَبَعَثَهُ إِلَيْهِ مُسَيْلِمَةُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ كُنْتُ قَاتِلًا رَسُولًا لَقَتَلْتُكَ

قیس سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بے شک یہ ابن نواحہ کیلئے ہے' وہ رسول کریم ﷺ کی خدمت میں آیا' اس کو آپ ﷺ کی طرف مسیلمہ نے بھیجا تھا تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اگر میں قاصد کو قتل کرتا ہوتا تو تجھے قتل کر دیتا۔

8864- حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، وَأَبُو خَلِيفَةَ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ، أَنَّهُ: أَتَى عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: مَا بَيْنِي، وَبَيْنَ أَحَدٍ مِنَ الْعَرَبِ إِحْنَةٌ، وَإِنِّي مَرَرْتُ بِمَسْجِدٍ لِبَنِي حَنِيفَةَ، فَإِذَا هُمْ يُؤْمِنُونَ بِمُسَيْلِمَةَ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِمْ عَبْدُ اللَّهِ فَجِيءَ بِهِمْ، فَاسْتَتَابَهُمْ غَيْرَ ابْنِ النَّوَّاحَةِ، فَقَالَ لَهُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَوْلَا أَنَّكَ رَسُولٌ لَضَرَبْتُ عُنُقَكَ،

حضرت حارثہ بن مضرب سے روایت ہے کہ وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' عرض کی: میری کسی عربی سے دوستی نہیں۔ میں ایک بنوحنیفہ کی مسجد کے پاس سے گزرا تو وہ مسیلمہ پر ایمان لا چکے تھے۔ پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ان کی طرف لشکر بھیجا' ان کو لایا گیا' آپ نے ابن نواحہ کے علاوہ دوسرے لوگوں کو توبہ کا موقعہ دیا اور قبول کیا' پس آپ نے اس سے فرمایا: میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اگر تُو قاصد نہ ہوتا تو میں تجھے قتل کر دیتا' پس آج تُو قاصد نہیں ہے' آپ نے قرضہ بن کعب کو اس کی گردن مارنے کا حکم دیا'

8864- رواه أبو داؤد رقم الحديث: 2745' وابن حبان رقم الحديث: 1629' والبيهقي جلد8صفحه206' ورواه أحمد رقم الحديث: 3642,3708,3761,3837,3851,3855' والبزار جلد1صفحه279' وأبو يعلى جلد1صفحه236' والدارمي رقم الحديث: 2506' وابن الجارود رقم الحديث: 1046 من طرق وبألفاظ مختلفة' قال في المجمع جلد5صفحه314 بعد أن نسبة الى أحمد والبزار وأبي يعلى: واسنادهم حسن .

فَأَنْتَ الْيَوْمَ لَيْسَ بِرَسُولٍ فَأَمَرَ قَرَظَةَ بْنَ كَعْبٍ فَضَرَبَ عُنُقَهُ فِي السُّوقِ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ أَرَادَ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى ابْنِ النَّوَّاحَةِ قَتِيلًا بِالسُّوقِ

اُنہوں نے بازار میں لے جا کر اس کی گردن مار دی' پھر فرمایا: جو آدمی ابن نواحہ کو قتل ہوا دیکھنا چاہے تو وہ بازار میں مقتول پڑا ہے۔

8865- حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ لِابْنِ النَّوَّاحَةِ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَوْلَا أَنَّكَ رَسُولٌ لَقَتَلْتُكَ، فَأَمَّا الْيَوْمَ فَلَسْتَ بِرَسُولٍ، يَا حَرَشَةُ، قُمْ فَاضْرِبْ عُنُقَهُ، فَقَامَ إِلَيْهِ فَضَرَبَ عُنُقَهُ

حضرت حارث بن مضرب سے روایت ہے' فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ابن نواحہ کے حوالے سے فرمایا: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اگر تُو قاصد نہ ہوتا تو میں تجھے قتل کر دیتا' لیکن آج تُو قاصد نہیں ہے۔ اے حرشہ! اُٹھ کر اس کی گردن اُتار دو۔ پس وہ اُٹھ کر اس کی طرف گئے اور اس کی گردن مار دی۔

8866- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لِابْنِ النَّوَّاحَةِ: أَتَشْهَدُ أَنِّي رَسُولُ اللَّهِ؟ قَالَ: أَتَشْهَدُ أَنْتَ أَنَّ مُسَيْلِمَةَ رَسُولُ اللَّهِ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْلَا أَنَّكَ رَسُولٌ لَقَتَلْتُكَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابن نواحہ سے فرمایا: کیا تُو گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ اس نے کہا: کیا آپ گواہی دیتے ہیں کہ مسیلمہ اللہ کا رسول ہے؟ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تُو قاصد نہ ہوتا تو میں تجھے قتل کر دیتا۔

8867- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ:

حضرت قاسم فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو لایا گیا' ان سے عرض کی گئی: اے ابوعبدالرحمٰن! یہاں

8867- قال فی المجمع جلد 6صفحه262' وهو منقطع الاسناد بين القاسم وجده عبد الله . وفی هامشه: بل فی آخره ما يدل على أن القاسم سمعه من أبيه عن جده .

أُتِيَ عَبْدُ اللّٰهِ، فَقِيلَ لَهُ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، إِنَّ هَهُنَا نَاسٌ يَقْرَءُونَ قِرَاءَةَ مُسَيْلِمَةَ، فَرَدَّهُ عَبْدُ اللّٰهِ فَلَبِثَ مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَلْبَثَ، ثُمَّ أَتَاهُ فَقَالَ: وَالَّذِي أَحْلِفُ بِهِ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، لَقَدْ تَرَكْتُهُمُ الْآنَ فِي دَارٍ، وَإِنَّ ذَلِكَ الْمُصْحَفَ لَعِنْدَهُمْ، فَأَمَرَ قَرَظَةَ بْنَ كَعْبٍ فَسَارَ بِالنَّاسِ مَعَهُ، فَقَالَ: ائْتِ بِهِمْ، فَلَمَّا أَتَى بِهِمْ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَا هَذَا بَعْدَ اسْتِفَاضِ الْإِسْلَامِ؟ قَالُوا: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، نَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ، وَنَتُوبُ إِلَيْهِ، وَنَشْهَدُ أَنَّ مُسَيْلِمَةَ هُوَ الْكَذَّابُ الْمُفْتَرِي عَلَى اللّٰهِ وَرَسُولِهِ، قَالَ: فَاسْتَتَابَهُمْ عَبْدُ اللّٰهِ، وَسَيَّرَهُمْ إِلَى الشَّامِ، وَإِنَّهُمْ لَقَرِيبٌ مِنْ ثَمَانِينَ رَجُلًا، وَأَبَى ابْنُ النَّوَّاحَةِ أَنْ يَتُوبَ فَأَمَرَ بِهِ قَرَظَةَ بْنَ كَعْبٍ فَأَخْرَجَهُ إِلَى السُّوقِ فَضَرَبَ عُنُقَهُ، وَأَمَرَهُ أَنْ يَأْخُذَ رَأْسَهُ فَيُلْقِيَهُ فِي حِجْرِ أُمِّهِ، قَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: فَلَقِيتُ شَيْخًا مِنْهُمْ كَبِيرًا بَعْدَ ذَلِكَ بِالشَّامِ، فَقَالَ: لِيَرْحَمِ اللّٰهُ أَبَاكَ، وَاللّٰهِ لَوْ قُتِلْنَا يَوْمَئِذٍ لَدَخَلْنَا النَّارَ كُلُّنَا

کچھ لوگ ہیں جو مسیلمہ کی قرأت کر رہے ہیں' پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اسے لوٹا دیا یا رد کر دیا' پھر جتنا اللہ نے چاہا وہ ٹھہرے' پھر وہ آپ کی خدمت میں آیا' اس نے عرض کی: قسم ہے اس ذات کی جس کی قسم میں کھا سکتا ہوں! اے ابوعبدالرحمٰن! میں نے ان کو اب ایک گھر میں چھوڑا ہے اور وہ مصحف ان کے پاس ہے' تو آپ رضی اللہ عنہ قرظہ بن کعب کو حکم دیا' وہ لوگوں کو اپنے ساتھ لے کر چلے۔ فرمایا: ان کو لے کر آؤ۔ پس جب وہ ان کو لائے تو آپ نے فرمایا: اسلام کے آنے کے بعد یہ کیا ہے؟ انہوں نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! ہم اللہ سے معافی مانگتے ہیں اور توبہ کرتے ہیں اور گواہی دیتے ہیں کہ مسیلمہ جھوٹا ہے' اللہ اور اس کے رسول پر بہتان باندھنے والا ہے۔ راوی کہتا ہے: آپ نے ان کی توبہ کو معتبر مانا اور ان کو شام کی طرف بھیج دیا' وہ تقریباً اسّی آدمی تھے۔ ابن نواحہ نے توبہ سے انکار کر دیا تو آپ کے حکم سے قرظہ بن کعب نے اس کو بازار میں لے جا کر اس کی گردن اتار دی اور حکم دیا کہ اس کا سر لے کر اس کی ماں کی گود میں ڈال دیا جائے۔ حضرت عبدالرحمٰن کا قول ہے: پس میں ان میں سے ایک شیخ کو اس کے بعد شام میں ملا تو اس نے کہا: اللہ آپ کے باپ پر رحم کرے! قسم ہے اگر ہم اس دن قتل ہو جاتے تو ہم سب دوزخی ہوتے۔

8868- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ:

حضرت قاسم سے مروی ہے' فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے سب سے پہلے رسول کریم ﷺ

8868- قال فی المجمع جلد2صفحه10' واسناده منقطع وكذ الى جلد5صفحه271 .

أَوَّلُ مَنْ أَفْشَى الْقُرْآنَ مِنْ فِي رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ، وَأَوَّلُ مَنْ بَنَى مَسْجِدًا يُصَلِّي فِيهِ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ، وَأَوَّلُ مَنْ أَذَّنَ بِلَالٌ، وَأَوَّلُ مَنْ غَدَا بِهِ فَرَسُهُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ الْمِقْدَادُ بْنُ الْأَسْوَدِ، وَأَوَّلُ مَنْ رَمَى فِي سَبِيلِ اللَّهِ سَعْدٌ، وَأَوَّلُ مَنْ قُتِلَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَوْمَ بَدْرٍ مَهْجَعُ مَوْلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، وَأَوَّلُ حَيٍّ أَلِفُوا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جُهَيْنَةُ، وَأَوَّلُ مَنْ أَدَّوُا الصَّدَقَةَ طَائِعِينَ مِنْ قِبَلِ أَنْفُسِهِمْ بَنُو عُذْرَةَ بْنِ سَعْدٍ

کے منہ سے قرآن سن کر اس کو عام کیا' جس نے سب سے پہلے نماز پڑھنے کیلئے مسجد بنائی وہ عمار بن یاسر ہیں' سب سے پہلے اذان بلال نے دی' جو سب سے پہلے اپنا گھوڑا لے کر اللہ کی راہ میں نکلے وہ حضرت مقداد بن اسود ہیں' جس نے سب سے پہلے اللہ کی راہ میں تیر پھینکا وہ سعد ہیں' مسلمانوں میں سے بدر کے دن سب سے پہلے حضرت عمر بن خطاب کے غلام مہجع شہید ہوئے' سب سے پہلے جس قبیلہ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ اتحاد کیا وہ بنوجہینہ ہیں اور جن لوگوں نے بخوشی اپنی طرف سے صدقہ دیا وہ بنوعذرہ بن سعد ہیں۔

8869- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ زِيَادٍ الْأَسَدِيِّ، قَالَ: قُمْتُ إِلَى جَنْبِ عَبْدِ اللَّهِ، فِي الظُّهْرِ، أَوِ الْعَصْرِ، فَسَمِعْتُهُ يَقْرَأُ

حضرت عبداللہ بن زیاد اسدی فرماتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس ہی کھڑا ہوا' ظہر یا عصر میں' میں نے آپ کی قرأت سنی۔

8870- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، حَدَّثَنِي مَنْ رَأَى، ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ، وَهُوَ سَاجِدٌ فَجَافَى مِرْفَقَيْهِ حَتَّى كِدْتُ أَنْ أَرَى بَيَاضَ إِبْطَيْهِ

حضرت یزید بن ابوزیاد فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو دیکھا' فرمایا: میں ابھی وہ منظر دیکھ رہا ہوں کہ حضرت ابن مسعود سجدہ میں تھے' آپ نے دونوں کہنیاں علیحدہ کی ہوئی تھیں' آپ کی بغلوں کی سفیدی دکھائی دے رہی تھی۔

8871- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت مرہ فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں داخل ہوا'

8869- قال في المجمع جلد2صفحه117' ورجاله ثقات .

8870- قال في المجمع جلد2صفحه125' وفيه رجال لم يسم

أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ مُرَّةَ، قَالَ: دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ، فَقُلْتُ: أُصَلِّي عِنْدَ كُلِّ سَارِيَةٍ، فَجِئْتُ إِلَى عَبْدِ اللَّهِ وَهُوَ جَالِسٌ، وَعِنْدَهُ أَصْحَابُهُ وَهُمْ فِي حَدِيثِي، فَقَالَ: لَوْ عَلِمَ أَنَّ رَبَّهُ عِنْدَ السَّارِيَةِ الْأُولَى مَا تَرَكَهَا حَتَّى يَقْضِيَ صَلَاتَهُ

میں نے کہا: میں ہر ستون کے پاس نماز پڑھوں گا' میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' آپ بیٹھے ہوئے تھے' آپ کے پاس آپ کے ساتھی تھے' وہ گفتگو کر رہے تھے' فرمایا: اگر مجھے علم ہو کہ رب تعالیٰ پہلے ستون کے پاس ہے تو میں مکمل نماز وہیں پڑھوں گا۔

8872- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ مُرَّةَ الْهَمْدَانِيِّ، قَالَ: حُدِّثْتُ نَفْسِي أَنْ أُصَلِّيَ خَلْفَ كُلِّ سَارِيَةٍ فِي مَسْجِدِ الْكُوفَةِ، فَبَيْنَمَا أَنَا أُصَلِّي إِذْ أَتَانَا ابْنُ مَسْعُودٍ فِي الْمَسْجِدِ، فَأَتَيْتُهُ لِأُخْبِرَهُ بِأَمْرِي فَسَبَقَنِي رَجُلٌ فَأَخْبَرَهُ بِالَّذِي أَصْنَعُ، فَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: لَوْ يَعْلَمُ هَذَا أَنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ عِنْدَ أَدْنَى سَارِيَةٍ مَا جَاوَزَهَا حَتَّى يَقْضِيَ صَلَاتَهُ

حضرت عطاء بن سائب' حضرت مرہ ہمدانی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' فرمایا: میں نے اپنے دل سے کہا کہ کوفہ کی مسجد کے ہر ستون کے پیچھے نماز پڑھوں گا' اسی دوران کہ میں نماز پڑھ رہا تھا جب حضرت عبداللہ ہمارے پاس مسجد میں آئے' میں ان کے پاس اپنے دل کی بات بتانے کیلئے گیا' پس ایک آدمی مجھ سے پہلے پہنچ گیا اور اس نے آپ کو بتا دیا جو میں کر رہا تھا۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر یہ آدم جان لے کہ اللہ تعالیٰ سب سے قریب والے ستون کے پاس ہے تو اس سے آگے نہ بڑھے حتیٰ کہ اپنی نماز پوری کر لے۔

8873- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ الْبَرَّادِ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ عَبْدِ اللَّهِ، فَقَالَ: لَأَنْ أَطَأَ عَلَى جَمْرَةٍ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَطَأَ عَلَى قَبْرِ مُسْلِمٍ

حضرت ابوعبداللہ البراد فرماتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھا' آپ نے فرمایا: مجھے آگ کے انگارہ پر بیٹھنا زیادہ پسند ہے' مسلمان کی قبر پر پاؤں رکھنے سے۔

8874- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ پہلے دن

8873- قال فی المجمع جلد3صفحه61' وفيه عطاء بن السائب وفيه كلام .

8874- قال فی المجمع جلد4صفحه56' وفيه عطاء بن السائب وقد اختلط .

أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: الْوَلِيمَةُ أَوَّلُ يَوْمٍ حَقٌّ، وَالثَّانِي فَضْلٌ، وَالثَّالِثُ رِيَاءٌ وَسُمْعَةٌ، وَمَنْ يُسَمِّعْ يُسَمِّعِ اللّٰهُ بِهِ

ولیمہ کرنا حق ہے' دوسرے دن فضل ہے' تیسرے دن ریاکاری اور شہرت حاصل کرنا ہے' جو شہرت چاہتا ہے اللہ عزوجل اس کی شہرت کروا دیتا ہے۔

8875- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ، قَالَ: كَانَ بَيْنَ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ عَبْدِ اللّٰهِ، وَبَيْنَ امْرَأَتِهِ كَلَامٌ، فَقَالَتْ: مَا أُدْمُكَ وَأُدْمُ عِيَالِكَ إِلَّا مِنْ لَبَنِ شَاتِي، فَأَقْسَمَ أَنْ لَا يَأْكُلَ مِنْ لَبَنِهَا شَيْئًا، فَضَافَهُمْ ضَيْفٌ فَأَدْمَتْ لَهُ بِلَبَنِ شَاتِهَا، فَقَالَ الرَّجُلُ: لَقَدْ عَلِمْتِ أَنِّي لَا آكُلُهُ، فَقَالَتِ الْمَرْأَةُ: وَاللّٰهِ لَئِنْ لَمْ تَأْكُلْ لَا آكُلُ، فَقَالَ الضَّيْفُ: وَاللّٰهِ لَئِنْ لَمْ تَأْكُلَا لَا آكُلُ، فَبَاتُوا بِغَيْرِ عَشَاءٍ، فَنَمَى الْحَدِيثُ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ، فَجَاءَ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ: مَا الَّذِي حَالَ بَيْنَكَ وَبَيْنَ أَهْلِكَ؟ قَالَ: أَمَا إِنَّهُ لَمْ يَكُنْ طَلَاقٌ، وَلَا ظِهَارٌ، وَلَا إِيلَاءٌ، ثُمَّ قَصَّ عَلَيْهِ الْقِصَّةَ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ: أَقْسَمْتُ عَلَيْكَ إِذَا رَجَعْتَ إِلَى أَهْلِكَ أَنْ يَكُونَ أَوَّلَ مَا تَصْنَعُ أَنْ تَأْكُلَ مِنْ لَبَنِ هَذِهِ الشَّاةِ، وَقَدْ أَرَى أَنَّ أَطْيَبَ لِنَفْسِكَ أَنْ تُكَفِّرَ عَنْ يَمِينِكَ

حضرت ابوبختری سے مروی ہے' فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے شاگردوں میں سے ایک آدمی اور اُس کی بیوی کے درمیان کوئی بات تھی' عورت نے کہا: تیرا اور تیرے اہل وعیال کا سالن' میری بکری کے دودھ سے ہے۔ پس اس نے قسم کھالی کہ وہ اس کے دودھ میں سے کوئی شی نہ کھائے گا۔ ان کے پاس مہمان آ گیا' پس اس عورت نے اپنی بکری کا دودھ ملا کر اس کیلئے سالن بنایا۔ تو اس آدمی (یعنی عورت کے شوہر) نے کہا: مجھے معلوم ہے کہ میں نے اسے نہیں کھانا ہے۔ عورت نے کہا: قسم بخدا! اگر تُو نہ کھائے گا تو میں بھی نہیں کھاؤں گی۔ مہمان نے کہا: قسم بخدا! اگر تم دونوں نہیں کھاؤ گے تو میں بھی نہیں کھاؤں گا۔ پس ان سب نے رات کا کھانا کھائے بغیر رات گزار دی۔ یہ بات حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ تک پہنچ گئی۔ پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا چیز تیرے اور تیرے اہل کے درمیان رکاوٹ ہے؟ اس نے عرض کی: بہرحال نہ تو یہ طلاق ہے' نہ ظہار ہے اور نہ ایلاء ہے' پھر ان کے سامنے سارا قصہ بیان کیا تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: میں تجھے قسم

8875- قال في المجمع جلد4صفحه190' وفيه عطاء بن السائب وقد اختلط' ولكنه ثقة وبقية رجاله رجال الصحيح .

دیتا ہوں کہ جب تُو اپنے گھروالوں کے پاس جائے تو سب سے پہلے تُو اس بکری کے دودھ سے کھائے' میری رائے یہ ہے کہ تیرے لیے بہتر بات یہ ہے کہ تُو اپنی قسم کا کفارہ ادا کردے۔

8876- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ، يَقُولُ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يُنْزِلْ دَاءً إِلَّا أَنْزَلَ لَهُ دَوَاءً إِلَّا الْمَوْتُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ عزوجل نے کوئی بیماری بھیجی ہے تو اس کی دواء بھی بھیجی ہے سوائے موت کے۔

8877- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَمْرٍو الْفُقَيْمِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ هَانِءٍ الْمُرَادِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ لِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ: يَا حَارِثَ بْنَ قَيْسٍ، أَلَيْسَ يَسُرُّكَ أَنْ تَسْكُنَ وَسَطَ الْجَنَّةِ؟ قُلْتُ: بَلَى، قَالَ: فَالْزَمْ جَمَاعَةَ النَّاسِ

حضرت حارث بن قیس فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے مجھے فرمایا: اے حارثہ بن قیس! کیا تُو خوش ہے کہ تیرا گھر جنت کے درمیان میں ہو؟ میں نے کہا: جی ہاں! فرمایا: لوگوں میں جو جماعت ہے' اس کے ساتھ چل۔

8878- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ قُطْبَةَ

حضرت ثابت بن قطبہ مزنی سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ایک دن ہمیں ایسا خطبہ دیا کہ اس سے قبل کبھی اس طرح کا خطبہ نہ

8877- قال فی المجمع جلد5صفحه222' ورجاله ثقات .

8878- قال فی المجمع جلد 7صفحه328 رواه الطبرانی بأسانيد وفيه مجالد وقد وثق وفيه خلاف' وبقية رجال احدى الطرق ثقات . وقال جلد5صفحه222' وفيه ثابت بن قطبة ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات .

الْمُزَنِيِّ، قَالَ: خَطَبَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ يَوْمًا خُطْبَةً لَمْ يَخْطُبْنَا مِثْلَهَا قَبْلَهَا وَلَا بَعْدَهَا، قَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، اتَّقُوا اللّٰهَ، وَعَلَيْكُمْ بِالطَّاعَةِ، وَالْجَمَاعَةِ فَإِنَّهُمَا حَبْلُ اللّٰهِ الَّذِي أَمَرَ بِهِ، وَإِنَّ مَا تَكْرَهُونَ فِي الطَّاعَةِ، وَالْجَمَاعَةِ خَيْرٌ مِمَّا تُحِبُّونَ فِي الْفُرْقَةِ، وَإِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَخْلُقْ شَيْئًا مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا جَعَلَ لَهُ نُهْيَةً يَنْتَهِي إِلَيْهِ، ثُمَّ يَنْقُصُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، أَلَا إِنَّ عُرَى الْإِسْلَامِ قَدْ أُثْبِتَ، وَيُوشِكُ أَنْ يَنْقُصَ، وَيُدْبِرَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَآيَةُ ذَلِكَ أَنْ تَقْطَعُوا أَرْحَامَكُمْ، وَأَنْ تَفْشُوَ الْفَاقَةُ حَتَّى لَا يَخَافَ الْغَنِيُّ إِلَّا الْفَقْرَ، وَحَتَّى لَا يَجِدَ الْفَقِيرُ مَنْ يَعْطِفُ عَلَيْهِ، وَحَتَّى يَقُومَ السَّائِلُ بَيْنَ الْجُمُعَتَيْنِ فَلَا يَقَعُ فِي يَدِهِ شَيْءٌ، فَبَيْنَمَا النَّاسُ كَذَلِكَ إِذْ خَارَتِ الْأَرْضُ خَارَةً مِثْلَ خُوَارِ الْبَقَرِ يَحْسَبُ كُلُّ قَوْمٍ أَنَّهَا خَارَتْ مِنْ سَاحَتِهِمْ، ثُمَّ يَكُونُ رُجُوعٌ فَتَخُورُ الثَّانِيَةَ أَفْلَاذَ كَبِدِهَا، فَقِيلَ لَهُ: وَمَا أَفْلَاذُ كَبِدِهَا؟ قَالَ: أَمْثَالُ هَذِهِ السَّوَارِي مِنَ الذَّهَبِ، وَالْفِضَّةِ، فَمِنْ يَوْمَئِذٍ لَا يَنْفَعُ الذَّهَبُ وَالْفِضَّةُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَلَا يَجِدُ مَنْ يَقْبَلُ مِنْهُ صَدَقَةَ مَالِهِ

دیا تھا اور نہ اس کے بعد دیا۔ فرمایا: اے لوگو! اللہ سے ڈرو! تمہارے اوپر اطاعت لازم ہے اور جماعت کے ساتھ مل کر رہنا کیونکہ یہ دونوں چیزیں اللہ کی وہ رسّی ہیں جس کا اس نے حکم دیا' بے شک اطاعت اور جماعت میں جس چیز کو تم ناپسند کرتے ہو' وہ بہتر ہے اس سے جو تم جدائی میں پسند کرتے ہو۔ اللہ نے دنیا میں ہر مخلوق کی ایک انتہا بنائی ہے جس پر وہ ختم ہو جائے گی پھر وہ قیامت تک کم ہوتی رہے گی' خبردار! اسلام کی بنیادیں مضبوط ہو گئی ہیں۔ قریب ہے وہ کم ہو اور قیامت کی طرف پیچھے جانے لگے' اس کی نشانی یہ ہے کہ رحمی رشتے کٹ جائیں گے' فاقہ عام ہو گا حتیٰ کہ امیر آدمی کو بھی فقر کا ڈر ہو گا' حتیٰ کہ فقیر اپنے اوپر مہربانی کرنے والے کو نہ پائے گا حتیٰ کہ سائل دو جمعہ تک کھڑا ہو گا لیکن اس کے ہاتھ میں کوئی شی نہ رکھی جائے گی۔ اسی حال میں لوگ ہوں گے کہ گائے کی آواز کی طرح زمین آواز لگائے گی' ہر قوم گمان کرے گی کہ وہ ان کی ساخت کی وجہ سے بولی ہے پھر رجوع ہو گا۔ دوسری بار وہ آواز نکالے گی اپنے جگر کے ٹکڑوں سے۔ پس آپ سے عرض کی گئی: اس کے جگر کے ٹکڑے کیا ہیں؟ فرمایا: سونے اور چاندی کے ان کنگنوں کی مثل۔ اس دن کے بعد کوئی آدمی سونے چاندی سے فائدہ نہیں اُٹھا سکے گا قیامت تک اور اس کے مال کا صدقہ بھی قبول کرنے والا کوئی نہ ہو گا۔

8879- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثَنَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک آپ نے فرمایا: اے لوگو! تم پر اطاعت اور جماعت لازم ہے کیونکہ یہ دونوں اللہ کی رسّی ہیں جس کا

ثَابِتِ بْنِ قُطْبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ عَلَيْكُمْ بِالطَّاعَةِ، وَالْجَمَاعَةِ فَإِنَّهُمَا حَبْلُ اللّٰهِ الَّذِي أَمَرَ بِهِ، وَإِنَّ مَا تَكْرَهُونَ فِي الطَّاعَةِ وَالْجَمَاعَةِ خَيْرٌ مِمَّا تُحِبُّونَ فِي الْفُرْقَةِ، وَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يَخْلُقْ شَيْئًا إِلَّا جَعَلَ لَهُ نِهَايَةً يَنْتَهِي إِلَيْهَا، وَإِنَّ الْإِسْلَامَ قَدْ أَقْبَلَ لَهُ ثَبَاتٌ، وَإِنَّهُ يُوشِكُ أَنْ يَبْلُغَ نُهْيَتَهُ ثُمَّ يَرْتَدَّ، وَيَنْقُصَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَآيَةُ ذَلِكَ أَنْ تَكْثُرَ الْفَاقَةُ، وَيُقْطَعَ الْأَرْحَامُ، حَتَّى لَا يَجِدَ الْفَقِيرُ مَنْ يَعُودُ عَلَيْهِ، وَحَتَّى يَرَى الْغَنِيُّ أَنَّهُ لَا يَكْفِيهِ مَا عِنْدَهُ وَحَتَّى إِنَّ الرَّجُلَ لَيَشْكُو إِلَى أَخِيهِ، وَابْنِ عَمِّهِ، وَلَا يَعُودُ عَلَيْهِ بِشَيْءٍ، وَحَتَّى إِنَّ السَّائِلَ لَيَمْشِي بَيْنَ الْجُمُعَتَيْنِ مَا يُوضَعُ فِي يَدِهِ شَيْءٌ، حَتَّى إِذَا كَانَ ذَلِكَ خَارَتِ الْأَرْضُ خَوْرَةً لَا يَرَوْنَ أَهْلُ كُلِّ سَاحَةٍ إِلَّا أَنَّهَا خَارَتْ بِسَاحَتِهِمْ، ثُمَّ تَهْدَأُ عَلَيْهِمْ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ تَفْجَؤُهُمُ الْأَرْضُ تَقِيءُ أَفْلَاذَ كَبِدِهَا قِيلَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَمَا أَفْلَاذُ كَبِدِهَا؟، قَالَ: أَسَاطِينُ ذَهَبٍ، وَفِضَّةٍ، فَمِنْ يَوْمَئِذٍ لَا يُنْتَفَعُ بِذَهَبٍ، وَلَا فِضَّةٍ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

اس نے حکم دیا ہے' بے شک جماعت میں جس چیز کو تم ناپسند کرتے ہو' وہ بہتر ہے اس سے جو تم جدائی میں پسند کرتے ہو' اللہ نے کوئی چیز پیدا نہیں کی مگر اس کی انتہاء بنائی ہے جس پر وہ ختم ہو جائے گی۔ بے شک اسلام مضبوط ہو گیا' قریب ہے کہ یہ اپنی انتہاء کو پہنچے پھر پھرے اور قیامت تک کم ہوتا چلا جائے۔ اس کی نشانی یہ ہے کہ فاقہ زیادہ ہوگا' رحمی رشتے ٹوٹیں گے' حتیٰ کہ فقیر کسی دینے کو نہ پائے گا' امیر آدمی خیال کرے گا کہ جو کچھ اس کے پاس ہے وہ کافی نہیں ہے۔ آدمی اپنے سگے بھائی کے سامنے اپنی شکایت رکھے گا اور اپنے چچا کے بیٹے کے سامنے' وہ اس کی شکایت دور نہ کریں گے۔ مانگنے والا دو جمعہ تک چکر لگائے گا اور اس کے ہاتھ میں کوئی چیز نہ رکھی جائے گی حتیٰ کہ جب یہ ہوگا تو زمین ایک آواز نکالے گی' ہر احاطے والا یہی سمجھے گا کہ اسکے احاطے کی وجہ سے اس نے آواز نکالی ہے' پھر جتنا اللہ چاہے گا ان پر سکون ہوگا' پھر زمین اچانک اپنے جگر کے ٹکڑے نکال باہر پھینکے گی۔ عرض کی گئی: اے ابوعبدالرحمٰن! اس کے جگر کے ٹکڑے کیا ہیں؟ فرمایا: سونے اور چاندی کے ستون! اس دن کے بعد قیامت تک سونے اور چاندی سے نفع حاصل نہیں کیا جا سکے گا۔

8880- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، أَنَا زَائِدَةُ، عَنْ أَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ أَبِي قُطْبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے' فرماتے ہیں: اس جماعت کو لازم پکڑو کیونکہ یہی اللہ کی رسّی ہے جس کا اس نے حکم دیا ہے' جماعت میں جس شی کو تم

9020- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، فِي قَوْلِهِ: (فَرَدُّوا أَيْدِيَهُمْ فِي أَفْوَاهِهِمْ) (إبراهيم:9) قَالَ: عَضُّوا أَصَابِعَهُمْ غَيْظًا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' اللہ عزوجل کے ارشاد: ''تو اُنہوں نے (سخت ناگواری سے) اپنے ہاتھ اپنے مونہوں میں ڈال لیے'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ وہ اپنی انگلیاں غصہ سے کاٹنے لگے۔

9021- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، فِي قَوْلِهِ: (وَإِنْ مِنْكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا) (مريم:71) ، قَالَ: الصِّرَاطُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اللہ تعالیٰ کے اس قول کے بارے میں مروی ہے: ''اور انسانو! تم میں سے ہر شخص کا گزر دوزخ پر ہوگا''۔ فرمایا: اس سے مراد پل صراط ہے۔

9022- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنُ الْمُنْذِرِ الْقَزَّازُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، فِي قَوْلِهِ: (تَلْفَحُ وُجُوهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيهَا كَالِحُونَ) (المؤمنون:104) ، قَالَ: أَلَمْ تَنْظُرْ إِلَى الرُّءُوسِ مُتَشَيِّطَةً قَدْ بَدَتْ أَسْنَانُهُمْ، وَقَلَصَتْ شِفَاهُهُمْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' اللہ عزوجل کے ارشاد: ''آگ ان کے چہروں کو بُری طرح جھلسا دے گی اور وہ دوزخ میں مسخ شدہ شکلوں کے ساتھ پڑے ہوں گے'' کی تفسیر کرتے ہیں: کیا تُو ایسے سروں کی طرف دیکھتا ہے جن کو کنگھی کی گئی ہے' ان کے دانت ظاہر ہیں اور ان کے ہونٹ لٹکے ہوئے ہیں۔

9023- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ،

حضرت شقیق بن سلمہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن

9020- قال في المجمع جلد7صفحه43 رواه الطبراني عن شيخه عبد الله بن محمد بن سعيد ابن أبي مريم وهو ضعيف .

9022- قال في المجمع جلد7صفحه73' ورجاله ثقات الا أن أبا عبيدة لم يسمع من أبيه .

ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ: سُئِلَ عَنْ هَذِهِ الْآيَةِ: (سَيُطَوَّقُونَ مَا بَخِلُوا بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ) (آل عمران: 180) ، قَالَ: يُطَوَّقُ شُجَاعًا أَقْرَعَ يَنْقُرُ رَأْسَهُ

مسعود رضی اللہ عنہ سے اس آیت کے متعلق پوچھا گیا: ''جس میں اُنہوں نے بخل کیا اس کا طوق عنقریب قیامت کے دن ان کے گلے میں ڈالا جائے گا'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ سانپ کا طوق بنا کر رکھا جائے گا جو گنجا ہوگا' اس کے سر کو ڈسے گا۔

9024- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: مَنْ كَانَ لَهُ مَالٌ لَمْ يُؤَدِّ زَكَاتَهُ طُوِّقَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا أَقْرَعَ يَنْقُرُ رَأْسَهُ يَقُولُ: أَنَا مَالُكَ الَّذِي كُنْتَ تَبْخَلُ بِهِ (سَيُطَوَّقُونَ مَا بَخِلُوا بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ) (آل عمران: 180)

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس کے پاس مال ہو' وہ زکوٰۃ نہ دے تو قیامت کے دن ایک گنجے سانپ کا طوق بنا کر اسے پہنایا جائے گا جو اس کے سر کو ڈسے گا' وہ کہے گا: میں تیرا مال ہوں' تُو میرے ذریعہ بخل کرتا تھا' ''جس میں اُنہوں نے بخل کیا اس کا طوق عنقریب قیامت کے دن ان کے گلے میں ڈالا جائے گا''۔

9025- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، (سَيُطَوَّقُونَ مَا بَخِلُوا بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ) (آل عمران: 180) ، قَالَ: يَجِيءُ مَالُهُ ثُعْبَانًا يَنْقُرُ رَأْسَهُ فَيَقُولُ: أَنَا مَالُكَ الَّذِي بَخِلْتَ بِهِ فَيُطَوَّقُ بِهِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ' اللہ عزوجل کے ارشاد: ''جس میں اُنہوں نے بخل کیا اس کا طوق عنقریب قیامت کے دن ان کے گلے میں ڈالا جائے گا'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ مال آئے گا سانپ کی شکل میں جو ان کے سر کو ڈسے گا' وہ کہے گا: میں تیرا مال ہوں جس کے ذریعے تُو بخل کرتا تھا' اس کے گلے میں طوق بنا کر ڈالا جائے گا۔

9026- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيعِ، ثنا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، فِي قَوْلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ: (سَيُطَوَّقُونَ مَا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ' اللہ عزوجل کے ارشاد: ''جس میں اُنہوں نے بخل کیا اس کا طوق عنقریب قیامت کے دن ان کے گلے میں ڈالا جائے گا'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ مال آئے گا گنجے سانپ کی شکل میں جس

بَخِلُوا بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ) (آل عمران: 180) قَالَ: يُطَوَّقُ شُجَاعًا أَقْرَعَ بِفِيهِ زَبِيبَتَانِ يَنْقُرُ رَأْسَهُ فَيَقُولُ: مَا لِي وَلَكَ فَيَقُولُ: أَنَا مَالُكَ الَّذِي بَخِلْتَ بِهِ

کے منہ میں دو قسم کا زہر ہوگا۔ جو ان کے سر کو ڈسے گا' وہ کہے گا: میرا اور تیرا کیا معاملہ ہے؟ وہ سانپ کہے گا: میں تیرا مال ہوں جس کے ذریعے تُو بخل کرتا تھا' اس کے گلے میں طوق بنا کر ڈالا جائے گا۔

9027- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: سَأَلْنَا عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ عَنْ قَوْلِهِ: (سَيُطَوَّقُونَ مَا بَخِلُوا بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ) (آل عمران: 180) ، قَالَ: شُجَاعٌ يَنْهَشُ لِهْزِمَتَهُ

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اللہ عزوجل کے اس ارشاد: ''جس میں اُنہوں نے بخل کیا اس کا طوق عنقریب قیامت کے دن ان کے گلے میں ڈالا جائے گا'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ ایک سانپ ان کو ڈسے گا۔

9028- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، يَقُولُ: كَانَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ يُصَلِّي الْمَغْرِبَ حِينَ تَغْرُبُ حَاجِبُ الشَّمْسِ، ثُمَّ يَحْلِفُ أَنَّهُ الْوَقْتُ الَّذِي قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: (أَقِمِ الصَّلَاةَ لِدُلُوكِ الشَّمْسِ) (الإسراء :78)

حضرت ابوعبیدہ بن عبداللہ بن مسعود فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نمازِ مغرب سورج کے غروب ہونے کے وقت ادا کرتے' پھر قسم اُٹھاتے' یہ ہی وقت ہے جس کے متعلق اللہ نے فرمایا: ''نماز پڑھو سورج کے غروب کے وقت''۔

9029- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ''دلوك الشمس'' سے مراد سورج کا غروب ہونا ہے' جب سورج

9028- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:2096 .

9029- قال في المجمع جلد1 صفحه311' واسناده حسن .

عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: دُلُوكُ الشَّمْسِ غُرُوبُهَا، تَقُولُ الْعَرَبُ: إِذَا غَرَبَتِ الشَّمْسُ، إِذَا دَلَكَتِ الشَّمْسُ بَرَاحٌ

غروب ہوتو عربی لوگ کہتے ہیں: ''دلکت الشمس براح''۔

9030- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسٌ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: دُلُوكُهَا غُرُوبُهَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ''دلوکھا'' سے مراد سورج کا غروب ہونا ہے۔

9031- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: دُلُوكُ الشَّمْسِ غُرُوبُهَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ''دلوک الشمس'' سے مراد ''سورج کا غروب ہونا'' ہے۔

9032- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ: صَلَّى عَبْدُ اللّٰهِ الْمَغْرِبَ، فَلَمَّا انْصَرَفَ جَعَلْنَا نَلْتَفِتُ، فَقَالَ: مَا لَكُمْ تَلْتَفِتُونَ؟ قُلْنَا: نَرَى أَنَّ الشَّمْسَ طَالِعَةٌ، فَقَالَ: هَذَا وَاللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ مِيقَاتُ هَذِهِ الصَّلَاةِ، ثُمَّ قَرَأَ: (أَقِمِ الصَّلَاةَ لِدُلُوكِ الشَّمْسِ إِلَى غَسَقِ اللَّيْلِ) (الإسراء: 78) فَهَذَا دُلُوكُ الشَّمْسِ، وَهَذَا غَسَقُ اللَّيْلِ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے نمازِ مغرب پڑھائی' جب سلام پھیرا تو ہم آپ کی طرف دیکھنے لگے' آپ نے فرمایا: تم کیوں دیکھتے ہو؟ ہم نے عرض کی: ہم دیکھ رہے ہیں کہ سورج ابھی نظر آ رہا ہے' آپ نے فرمایا: اللہ کی قسم! جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' اس نماز کا یہی وقت ہے' اللہ عزوجل کا ارشاد ہے: ''نماز قائم رکھو سورج کے غروب ہونے سے رات کے اندھیرے تک'' اِدھر یہ سورج غروب ہوگیا ہے اور ادھر یہ رات کا اندھیرا ہوگیا ہے۔

9033- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ

حضرت محمد الرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ حضرت

9032- قال في المجمع جلد7صفحه50' ورجاله رجال الصحيح .

الْمَكِّيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: صَلَّى عَبْدُ اللَّهِ ذَاتَ يَوْمٍ، وَجَعَلَ رَجُلٌ يَنْظُرُ هَلْ غَابَتِ الشَّمْسُ، فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: مَا تَنْظُرُونَ هَذَا؟ وَاللَّهِ الَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ مِيقَاتُ هَذِهِ الصَّلَاةِ يَقُولُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: (أَقِمِ الصَّلَاةَ لِدُلُوكِ الشَّمْسِ إِلَى غَسَقِ اللَّيْلِ) (الإسراء: 78) فَهَذَا دُلُوكُ الشَّمْسِ، وَهَذَا غَسَقُ اللَّيْلِ

عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ایک دن نماز پڑھائی' ایک آدمی دیکھا' کہا: کیا سورج غروب ہو گیا ہے؟ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم کیا دیکھ رہے ہو؟ اللہ کی قسم! جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' اس نماز کا یہی وقت ہے' اللہ عزوجل نے ارشاد فرمایا: ''نماز قائم رکھو سورج کے غروب ہونے سے رات کے اندھیرے تک'' ادھر یہ سورج کا غروب ہونا ہے اور ادھر یہ رات کا اندھیرا ہے۔

9034- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: كُنَّا مَعَ عَبْدِ اللَّهِ حِينَ سَلَّمَ، فَقَالَ: هَذَا وَالَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ حَيْثُ دَلَكَتِ الشَّمْسُ، وَحَلَّ وَقْتُ هَذِهِ الصَّلَاةِ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے' جس وقت آپ نے سلام پھیرا تو فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' جس وقت سورج غروب ہو جائے' اس نماز کا وقت ہو جاتا ہے۔

9035- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: كُنَّا مَعَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، فَلَمَّا غَرَبَتِ الشَّمْسُ، قَالَ: هَذَا وَاللَّهِ الَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ حَيْثُ دَلَكَتِ الشَّمْسُ، وَحَلَّ وَقْتُ الصَّلَاةِ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے تھے' جب سورج غروب ہوا تو آپ نے فرمایا: وہ ذات جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' جس وقت سورج غروب ہو جائے نماز کا وقت ہو جاتا ہے۔

9034- قال فی المجمع جلد ا صفحہ 311' واسنادہ صحیح۔

9036- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، وَالْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: دُلُوكُ الشَّمْسِ غُرُوبُهَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سورج کے دُلوك سے مراد ''اس کا غروب ہونا'' ہے۔

9037- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: دُلُوكُ الشَّمْسِ حِينَ تَغِيبُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سورج کے دلوك سے مراد ''اس کا غروب ہونا'' ہے۔

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: غُرُوبُهَا،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں: (اس سے مراد سورج کا) غروب ہونا ہے۔

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَ: ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، مِثْلَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت ہے۔

9038- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللَّهِ يَقُولُ: يَتَدَارَكُ الْحَرَسَانِ مِنْ مَلَائِكَةِ اللَّهِ حَارِسُ اللَّيْلِ، وَحَارِسُ النَّهَارِ عِنْدَ طُلُوعِ الْفَجْرِ، وَاقْرَءُوا إِنْ شِئْتُمْ: (وَقُرْآنَ الْفَجْرِ إِنَّ قُرْآنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُودًا) (الإسراء: 78)

حضرت ابوعبیدہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے تھے: رات کے وقت نگہبانی کرنے والا اللہ کا فرشتہ اور دن کے وقت نگہبانی کرنے والا فرشتہ فجر کے طلوع ہونے کے وقت ملتے ہیں' اگر تم چاہو تو یہ آیت پڑھ لو: ''اور فجر کی نماز بھی ادا کیا کریں' بے شک نماز فجر کے وقت فرشتے حاضر ہوتے ہیں''۔

9039- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ ہم مکہ کے

التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: كُنَّا مَعَ عَبْدِ اللَّهِ فِي طَرِيقِ مَكَّةَ، فَلَمَّا غَرَبَتِ الشَّمْسُ قَالَ: هَذَا غَسَقُ اللَّيْلِ، ثُمَّ أُذِّنَ، ثُمَّ قَالَ: هَذَا وَاللَّهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ وَقْتُ هَذِهِ الصَّلَاةِ

راستہ میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے' جب سورج غروب ہو گیا تو آپ نے فرمایا: یہ رات کا اندھیرا ہے' پھر اذان دی گئی' پھر فرمایا: اللہ کی قسم! جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' یہ اس نماز کا وقت ہے۔

9040- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ، ثنا يَحْيَى، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، (إِلَى غَسَقِ اللَّيْلِ) (الإسراء :**78**) ، قَالَ: الْعِشَاءُ الْآخِرَةُ

حضرت عبداللہ الی غسق اللیل سے مراد نمازِ عشاء لیتے تھے۔

9041- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ، ثنا يَحْيَى، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَامِرٍ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: الْعِشَاءُ الْآخِرَةُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: الی غسق اللیل سے مراد نمازِ عشاء ہے۔

9042- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْمُخَارِقِ، عَنْ أَبِيهِ الْمُخَارِقِ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، (فَإِنَّ لَهُ مَعِيشَةً ضَنْكًا) (طه: **124**) ، قَالَ: عَذَابُ الْقَبْرِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' اللہ عزوجل کے ارشاد: ''بے شک ان کے لیے تنگ زندگانی ہے'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے مراد ''عذابِ قبر'' ہے۔

9043- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت مخارق بن سلیم سے مروی ہے کہ حضرت

9040- قال في المجمع جلد7صفحه51 رواه الطبراني من طريقين وفيهما يحيى الحماني وجابر الجعفي وكلاهما ضعيف . وقال جلد1صفحه311' وفيه جابر الجعفي وهو ضعيف وقد وثقه شعبة وسفيان .

9041- هذا الحديث في نسخة أحمد الثالث فقط .

9042- قال في المجمع جلد7صفحه67' وفيه المسعودي وقد اختلط' وبقية رجاله ثقات .

أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْمُخَارِقِ، عَنْ أَبِيهِ مُخَارِقِ بْنِ سُلَيْمٍ: أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ، كَانَ يَقُولُ: إِذَا حَدَّثْتُكُمْ بِحَدِيثٍ أَتَيْتُكُمْ بِتَصْدِيقِ ذَلِكَ مِنْ كِتَابِ اللَّهِ، إِنَّ الْعَبْدَ الْمُسْلِمَ إِذَا قَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ، وَسُبْحَانَ اللَّهِ، وَلَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَاللَّهُ أَكْبَرُ، وَتَبَارَكَ اللَّهُ قَبَضَ عَلَيْهِنَّ مَلَكٌ، فَجَعَلَهُنَّ تَحْتَ جَنَاحِهِ، ثُمَّ صَعِدَ بِهِنَّ، فَلَا يَمُرُّ عَلَى جَمْعٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ إِلَّا اسْتَغْفَرُوا لِقَائِلِهِنَّ حَتَّى يَجِيءَ بِهِنَّ وَجْهَ الرَّحْمَنِ تَعَالَى، ثُمَّ قَرَأَ: عَبْدُ اللَّهِ (إِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ، وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهُ) (فاطر: 10)

عبداللہ رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے: جب میں تم سے کوئی حدیث بیان کروں گا تو اس کی تصدیق' اللہ کی کتاب سے لاؤں گا۔ بے شک مسلمان بندہ جب کہے: ''الحمد للہ وسبحان اللہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر وتبارک اللہ'' تو ایک فرشتہ ان کو لے کر اپنے پروں کے نیچے رکھ لیتا ہے پھر ان کو لے کر بلند ہوتا ہے' پس وہ ملائکہ کے جس گروہ کے پاس سے بھی گزرتا ہے' وہ فرشتے ان کلمات کہنے والے کیلئے استغفار کرتے ہیں یہاں تک کہ وہ ان کو لے کر رحمٰن تعالیٰ کے سامنے آتا ہے پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی: ''الیہ یصعد الکلم الطیب الی آخرہ''۔

9044- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُخَارِقِ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: إِذَا حَدَّثْتُكُمْ بِحَدِيثٍ أَنْبَأْتُكُمْ بِتَصْدِيقِ ذَلِكَ، إِنَّ الْعَبْدَ الْمُسْلِمَ إِذَا مَاتَ أُجْلِسَ فِي قَبْرِهِ، فَيُقَالُ لَهُ: مَنْ رَبُّكَ؟ مَا دِينُكَ؟ مَنْ نَبِيُّكَ؟ فَيُثَبِّتُهُ اللَّهُ فَيَقُولُ: رَبِّيَ اللَّهُ، وَدِينِيَ الْإِسْلَامُ، وَنَبِيِّي مُحَمَّدٌ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيُوَسَّعُ لَهُ فِي قَبْرِهِ، وَيُفْرَجُ لَهُ فِيهِ، ثُمَّ قَرَأَ عَبْدُ اللَّهِ: (يُثَبِّتُ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ

حضرت مخارق بن سلیم سے مروی ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب میں تمہارے سامنے کوئی حدیث بیان کروں گا تو اس کی تصدیق' اللہ کی کتاب سے پیش کروں گا: بے شک جب مسلمان بندہ فوت ہو جاتا ہے تو اسے قبر میں بٹھا کر اس سے کہا جاتا ہے: تیرا رب کون ہے؟ تیرا دین کیا ہے؟ تیرا نبی کون ہے؟ پس اللہ تعالیٰ اسے ثابت رکھتا ہے تو وہ کہتا ہے: میرا رب اللہ اور میرا دین اسلام ہے اور میرے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔ پس اس کی قبر وسیع کر دی جاتی ہے اور قبر میں اس کو کشادگی عطا کی جاتی ہے' پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی: ''یثبت اللہ الی آخرہ''

9044- قال فی المجمع جلد3صفحہ54' واسنادہ حسن .

الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظَّالِمِينَ)
(إبراهيم: 27)

9045- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُخَارِقِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ: إِذَا حَدَّثْنَاكُمْ بِحَدِيثٍ، أَتَيْنَاكُمْ بِتَصْدِيقِ ذَلِكَ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ: إِنَّ النُّطْفَةَ تَكُونُ فِي الرَّحِمِ أَرْبَعِينَ، ثُمَّ تَكُونُ عَلَقَةً أَرْبَعِينَ، ثُمَّ تَكُونُ مُضْغَةً أَرْبَعِينَ، فَإِذَا أَرَادَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يَخْلُقَ الْخَلْقَ نَزَلَ مَلَكٌ فَقَالَ لَهُ: اكْتُبْ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ مَا أَكْتُبُ؟ فَيَقُولُ: اكْتُبْ أَشَقِيٌّ أَمْ سَعِيدٌ، أَذَكَرٌ أَمْ أُنْثَى، مَا رِزْقُهُ، وَمَا أَثَرُهُ، وَمَا أَجَلُهُ، فَيُوحِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَيْهِ مَا يَشَاءُ، وَيُكْتَبُ الْمَلَكُ، ثُمَّ قَرَأَ عَبْدُ اللّٰهِ: (إِنَّا خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنْ نُطْفَةٍ أَمْشَاجٍ نَبْتَلِيهِ) (الإنسان: 2) ، قَالَ: وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: الْأَمْشَاجُ الْعُرُوقُ

حضرت عبداللہ بن مخارق اپنے والد گرامی سے روایت کر کے فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب میں تمہارے سامنے کوئی حدیث بیان کروں گا تو اس کی تصدیق کتاب اللہ سے لاؤں گا' بے شک نطفہ' رحم میں چالیس دن رہتا ہے' پھر جما ہوا خون بن جاتا ہے پھر لوتھڑا بنتا ہے' پس جب اللہ ارادہ فرماتا ہے کہ اسے تخلیق کرے تو ایک فرشتہ اتارتا ہے۔ اس سے فرماتا ہے: لکھ! وہ عرض کرتا ہے: کیا لکھوں؟ اے میرے رب! اللہ فرماتا ہے: اس کا بدبخت اور خوش بخت ہونا لکھ' مذکر یا مؤنث ہونا' اس کا رزق' اس کا اثر اور اس کی عمر لکھ۔ پس اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے اس کی طرف وحی کرتا ہے اور فرشتہ لکھتا ہے' پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی: ''انا خلقنا الی آخرہ''۔ راوی کا بیان ہے: اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: امشاج کا معنی رگیں ہے۔

9046- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ عَرْفَجَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَرَأَ هَذِهِ الْآيَةَ: (بَلْ تُؤْثِرُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا) (الأعلى: 16) فَقَالَ: هَلْ تَدْرِي بِأَيِّ شَيْءٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں ہے کہ آپ نے یہ آیت پڑھی: ''بلکہ وہ دنیوی زندگی کو ترجیح دیتے ہیں''۔ تو فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ دنیوی زندگی کی ابتداء کس شی سے ہوئی؟ کس شی کی وجہ سے بندہ' دنیوی زندگی کو ترجیح دیتا ہے' دنیا ہمیں جلدی دی گئی' اس کی لذتیں'

9046- قال في المجمع جلد10 صفحه236' وفيه عطاء بن السائب وقد اختلط وبقية رجاله ثقات .

ابْتَدَأَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا؟ لِأَيِّ شَيْءٍ آثَرَ بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا؟ عُجِّلَتْ لَنَا الدُّنْيَا، وَأُوتِينَا لَذَّتَهَا، وَبَهْجَتَهَا، وَغُيِّبَتْ عَنَّا الْآخِرَةُ، وَزُوِيَتْ عَنَّا فَأَجَبْنَا الْعَاجِلَ، وَتَرَكْنَا الْآجِلَ

اس کی رونقیں ہمیں عطا کی گئیں اور آخرت' ہم سے غائب رکھی گئی اور ہماری آنکھوں سے اوجھل کر دی گئی۔ جلدی آنے والی شی کو ہم نے قبول کر لیا اور دیر سے آنے والی شی کو چھوڑ بیٹھے۔

بَابٌ

باب

9047- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: رَأَيْتُ عَبْدَ اللَّهِ يَحُكُّ الْمُعَوِّذَتَيْنِ، وَيَقُولُ: لِمَ تَزِيدُونَ مَا لَيْسَ فِيهِ؟

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو اپنے مصحف سے سورۃ الفلق اور سورۃ الناس مٹاتے ہوئے دیکھا اور فرماتے: جو قرآن میں نہیں ہے' اس کا اضافہ کیوں کرتے ہو؟

فائدہ: سعید ملت شیخ القرآن والحدیث عالم اسلام کے عظیم مصنف علامہ غلام رسول سعیدی قدس سرہ العزیز' اپنی تفسیر ''تبیان القرآن'' میں اس حدیث کی وضاحت فرماتے ہیں:

عبدالرحمٰن بن یزید بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ المعوذتین کو مصاحف سے کھرچ دیتے تھے اور کہتے تھے: یہ دونوں سورتیں کتاب اللہ سے نہیں ہیں۔

اس حدیث کی سند صحیح ہے۔ (مسند احمد جلد 5 صفحہ 130 طبع قدیم' مسند احمد جلد 35 صفحہ 117۔ رقم الحدیث: 21188' مؤسسۃ الرسالۃ' بیروت' ۱۴۲۰ھ' مسند البزار رقم الحدایث: 1586)

حضرت زر بن حبیش رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ المعوذتین کو اپنے مصحف میں نہیں لکھتے تھے؟ انہوں نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے خبر دی ہے کہ حضرت جبریل نے آپ سے کہا: آپ پڑھیے: ''قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ'' تو میں نے اس کو پڑھا' پھر انہوں نے کہا: آپ پڑھیے: ''قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ'' تو میں نے اس کو پڑھا' حضرت ابی بن کعب نے کہا: ہم وہی پڑھتے ہیں جو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پڑھا ہے۔ (مسند احمد جلد 5 صفحہ 129 طبع قدیم' مسند احمد جلد 35 صفحہ 116' مؤسسۃ الرسالۃ' بیروت' صحیح ابن حبان رقم الحدیث: 797' شعیب الارنؤوط نے کہا: اس حدیث کی سند صحیح ہے' حاشیہ مسند احمد جلد 35 صفحہ 116)

زر بن حبیش بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آپ کے بھائی المعوذتین کو مصحف سے کھرچ دیتے ہیں' سفیان بن مسعود سے کہا گیا تو انہوں نے اس واقعہ کا انکار نہیں کیا' حضرت ابی نے کہا:

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا تو آپ نے فرمایا: مجھ سے ان کو پڑھنے کے لیے کہا گیا تو میں نے ان کو پڑھا' حضرت ابی نے کہا: ہم اسی طرح پڑھتے ہیں جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پڑھا ہے۔ سفیان نے کہا: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ المعوذتین کو کھرچ دیتے تھے اور وہ حضرت ابن مسعود کے مصحف میں نہیں ہیں اور ان کا یہ گمان تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہما پر یہ پڑھ کر دَم کرتے تھے اور ان کا یہ گمان تھا کہ یہ دونوں اللہ کی پناہ طلب کرنے کے لیے ہیں اور اُنہوں نے اپنے گمان پر اصرار کیا اور باقی صحابہ کی یہ تحقیق تھی کہ یہ دونوں سورتیں قرآن سے ہیں' اُنہوں نے ان دونوں سورتوں کو قرآن مجید میں رکھا۔

شعیب الارنؤوط نے کہا: اس حدیث کی سند شیخین کی شرط کے موافق صحیح ہے۔

(مسند احمد جلد 5 صفحہ 130 طبع قدیم' مسند احمد جلد 35 صفحہ 118۔ رقم الحدیث: 21189' مسند الحمیدی رقم الحدیث: 374' سنن البیہقی جلد 2 صفحہ 394' صحیح البخاری رقم الحدیث: 4976' صحیح بخاری میں اس حدیث کا خلاصہ ہے)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ان دونوں سورتوں کے متعلق سوال کیا گیا' آپ نے فرمایا: مجھ سے ان کو پڑھنے کے لیے کہا گیا تو میں نے پڑھا' سو تم بھی اسی طرح پڑھو جس طرح میں نے پڑھا ہے۔ (المعجم الاوسط للطبرانی رقم الحدیث: 3515' مکتبۃ المعارف' ریاض' 1415ھ)

حضرت ابن مسعود کے انکارِ معوذتین کے متعلق فقہاء اسلام کی عبارات

شیخ علی بن احمد بن سعید بن حزم اندلسی متوفی ۴۵۶ھ لکھتے ہیں:

وہ قرآن جو اس وقت شرقاً غرباً تمام مسلمانوں کے ہاتھوں میں ہے' اس میں سورۂ فاتحہ سے لے کر معوذتین تک جو مصاحف میں بیان کیا گیا ہے' وہ سب اللہ عزوجل کا کلام اور اس کی وحی ہے' جو اس نے سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قلب پر نازل فرمایا ہے' جس شخص نے اس میں سے ایک حرف کا بھی انکار کیا وہ کافر ہے' اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے جو مروی ہے کہ ان کے مصحف میں سورۃ الفاتحہ اور سورۃ المعوذتین نہیں تھیں' سو وہ جھوٹ ہے' موضوع ہے' صحیح نہیں ہے' صحیح یہ ہے کہ زر بن حبیش' حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے مصحف میں سورۃ الفاتحہ اور معوذتین تھیں۔ (المحلیٰ بالآثار جلد 1 صفحہ 32' مسئلہ: 21' دارالکتب العلمیہ' بیروت' 1424ھ)

قاضی عیاض بن موسیٰ مالکی اندلسی متوفی 544ھ لکھتے ہیں:

صحیح مسلم کی حدیث: 814 میں واضح دلیل ہے کہ المعوذتان قرآن مجید سے ہیں اور جس نے حضرت ابن مسعود کی طرف اس کے خلاف منسوب کیا' اس کا قول مردود ہے۔ (اکمال المعلم بفوائد مسلم جلد 3 صفحہ 182' دارالوفاء' بیروت' 1419ھ)

امام فخر الدین محمد بن عمر رازی شافعی متوفی 606ھ لکھتے ہیں:

کتب قدیمہ میں یہ منقول ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سورۂ فاتحہ اور معوذتین کے قرآن ہونے کا انکار کرتے تھے' اور اس مسئلہ میں بہت قوی اشکال ہے کیونکہ اگر ہم یہ کہیں کہ صحابہ کے زمانہ میں سورۂ فاتحہ کے قرآن ہونے پر نقل متواتر حاصل تھی اور حضرت ابن مسعود کو اس کا علم تھا اور پھر انہوں نے اس کے قرآن ہونے کا انکار کیا تو یہ انکار ان کے کفر کو یا ان کی عقل کی کمی کو واجب کرے گا' اور اگر ہم یہ کہیں کہ اس زمانہ میں ان کے قرآن ہونے پر نقل متواتر نہیں تھی تو اس سے یہ لازم آئے گا کہ اصل میں قرآن مجید نقل متواتر سے ثابت نہیں ہے اور اس سے قرآن مجید حجت یقینیہ نہیں رہے گا اور ظن غالب یہ ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے جو یہ قول منقول ہے' یہ نقل کاذب اور باطل ہے اور اسی بات سے اس اشکال کا حل نکل سکتا ہے۔ (تفسیر کبیر جلد 1 صفحہ 190' دار احیاء التراث العربی' بیروت' 1415ھ)

علامہ یحییٰ بن شرف نواوی متوفی 676ھ لکھتے ہیں:

صحیح مسلم کی حدیث: 814 میں اس پر واضح دلیل ہے کہ معوذتین قرآن ہیں اور حضرت ابن مسعود سے جو اس کے خلاف منقول ہے' وہ مردود ہے۔ (صحیح مسلم بشرح النواوی جلد 4 صفحہ 2344' مکتبہ نزار مصطفیٰ' مکہ مکرمہ' 1417ھ)

علامہ محمد بن خلیفہ وشتانی ابی مالکی متوفی 828ھ لکھتے ہیں:

المعوذتان قرآن مجید سے ہیں اور جس شخص نے حضرت ابن مسعود کی طرف اس کے خلاف منسوب کیا' اس کا قول مردود ہے۔ (اکمال اکمال المعلم جلد 3 صفحہ 160 دار الکتب العلمیہ' بیروت' 1415ھ)

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی 852ھ لکھتے ہیں:

روایاتِ صحیحہ سے ثابت ہے کہ حضرت ابن مسعود معوذتان کے قرآن ہونے کا انکار کرتے تھے اور روایاتِ صحیحہ کا انکار کرنا درست نہیں ہے' البتہ حضرت ابن مسعود کے قول کی تاویل کرنا ضروری ہے' قاضی ابوبکر باقلانی نے اس کی یہ تاویل کی ہے کہ حضرت ابن مسعود معوذتان کے قرآن ہونے کا انکار نہیں کرتے تھے بلکہ ان کو مصحف میں لکھنے کا انکار کرتے تھے' ان کے نزدیک اسی سورت کو قرآن میں لکھا جائے' جس کو لکھنے کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اجازت دی ہو اور ان تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اجازت نہیں پہنچی تھی' یہ عمدہ تاویل ہے لیکن اس پر یہ اعتراض ہے کہ حضرت ابن مسعود نے یہ بھی کہا ہے کہ یہ دونوں کتاب اللہ میں سے نہیں ہیں' اس کا جواب یہ ہے کہ ان کے اس قول میں کتاب اللہ سے مراد مصحف ہے' لہٰذا تاویل صحیح ہے۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ حضرت ابن مسعود کے زمانہ میں بھی معوذتین متواتر تھیں لیکن حضرت ابن مسعود کے نزدیک ان کا تواتر ثابت نہ تھا' اس لیے ان کا انکار کفر نہیں ہے' البتہ معوذتین کا تواتر معروف ہو چکا ہے' لہٰذا اب جو ان کا انکار

کرے گا وہ کفر ہوگا' اس کی نظیر یہ ہے کہ اب اس پر اجماع ہو چکا ہے کہ زکوٰۃ کا انکار کفر ہے لیکن حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں یہ اجماع واضح نہیں تھا' اس لیے آپ نے منکرین زکوٰۃ کو کافر نہیں قرار دیا۔

(فتح الباری جلد 6 صفحہ 151 ملخصاً' دارالمعرفہ' بیروت' 1426ھ)

علامہ سید محمود آلوسی حنفی متوفی 1270ھ لکھتے ہیں:

معوذتین کے قرآن ہونے میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا جو اختلاف منقول ہے' اس سے بعض ملحدین نے قرآن مجید کے اعجاز میں طعن کیا ہے' انہوں نے کہا: اگر قرآن مجید کی بلاغت حد اعجاز کو پہنچی ہوئی ہوتی تو قرآن مجید غیر قرآن سے ممتاز ہوتا' پھر اس میں یہ اختلاف نہ ہوتا کہ یہ قرآن ہے یا نہیں' اور تم کو معلوم ہے کہ معوذتین کے قرآن ہونے پر اجماع ہے اور فقہاءِ اسلام نے کہا ہے کہ اب معوذتین کے قرآن ہونے کا انکار کرنا کفر ہے اور شاید کہ حضرت ابن مسعود نے اپنے انکار سے رجوع کر لیا تھا۔ (روح المعانی جز 30 صفحہ 499' دارالفکر' بیروت' 1417ھ)

میں کہتا ہوں کہ حضرت ابن مسعود کے رجوع کے قول کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ امام طبرانی نے خود حضرت ابن مسعود سے روایت کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ان دونوں سورتوں کے متعلق سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا: مجھ سے ان کو پڑھنے کے لیے کہا گیا تو میں نے پڑھا' سو تم بھی اس طرح پڑھو جس طرح میں نے پڑھا ہے۔

(المعجم الاوسط رقم الحدیث: 3515)

9048- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا أَبُو عُمَرَ حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّهُ: كَانَ يَحُكُّ الْمُعَوِّذَتَيْنِ مِنْ مُصْحَفِهِ، فَيَقُولُ: أَلَا خَلَطُوا فِيهِ مَا لَيْسَ فِيهِ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو اپنے مصحف سے سورۃ الفلق اور سورۃ الناس مٹاتے ہوئے دیکھا اور فرماتے: جو قرآن میں نہیں ہے' اس کا اضافہ کیوں کرتے ہو؟

9049- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ إِشْكَابَ،

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ قرآن سے سورۃ الفلق اور سورۃ الناس

9049- قال فی المجمع جلد 7 صفحہ 149' رواہ عبد اللہ بن أحمد جلد 5 صفحہ 129-130' والطبرانی ورجال عبد اللہ رجال الصحیح ورجال الطبرانی ثقات۔

ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ مَعْنٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ: كَانَ يَحُكُّ الْمُعَوِّذَتَيْنِ مِنَ الْمُصْحَفِ يَقُولُ: لَيْسَتَا مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ

کو اپنے مصحف سے سناتے تھے اور فرماتے تھے: یہ دونوں قرآن سے نہیں ہیں۔

9050- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ: كَانَ يَقُولُ: لَا تَخْلِطُوا بِالْقُرْآنِ مَا لَيْسَ فِيهِ، فَإِنَّمَا هُمَا مُعَوِّذَتَانِ تَعَوَّذَ بِهِمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، وَقُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ، وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَمْحُوهُمَا مِنَ الْمُصْحَفِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت ہے کہ آپ فرمایا کرتے تھے: قرآن کے ساتھ وہ چیز مت ملاؤ جو اس سے نہیں ہے' پس یہ تو صرف معوذتین ہیں جن کے ذریعے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ کی پناہ مانگی: ''قل اعوذ برب الفلق'' اور ''قل اعوذ برب الناس'' اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ان دونوں کو قرآن سے مٹا دیا کرتے تھے۔

9051- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا الْأَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا حَسَّانُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الصَّلْتِ بْنِ بَهْرَامَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ: كَانَ يَحُكُّ الْمُعَوِّذَتَيْنِ مِنَ الْمَصَاحِفِ، وَيَقُولُ: إِنَّمَا أَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُتَعَوَّذَ بِهِمَا، وَلَمْ يَكُنْ يَقْرَأُ بِهِمَا

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ قرآن سے معوذتین کو مٹاتے تھے اور فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان کے ذریعے پناہ مانگنے کا حکم دیا تھا' اور آپ ان دونوں کی قرأت نہیں کیا کرتے تھے۔

9051- رواه البزار جلد 1 صفحه 258' والطبراني ورجالهما ثقات . وقال البزار: لم يتابع عبد الله أحد من الصحابة' وقد صح عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم أنه قرأ بهما في الصلاة وأثبتا في المصحف . كذا في المجمع جلد 7 صفحه 149 .

9052- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، أَنَّ رَجُلًا لَقِيَ رَجُلًا بِهِ خَنَازِيرُ، فَقَالَ: لَوْلَا أَنَّهُ قَدْ أُخِذَ عَلَيَّ لَحَدَّثْتُكَ، فَبَلَغَ ذَلِكَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ، فَلَقِيَهُ فَقَالَ: حَدِّثْ، فَقَالَ: إِنَّهُ قَدْ أُخِذَ عَلَيَّ أَنْ لَا أُحَدِّثَ بِهِ أَحَدًا، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللَّهِ: إِنَّهُ لَمْ يَكُنْ يَنْبَغِي أَنْ يَأْخُذَ عَلَيْكَ، كَفِّرْ مِنْ يَمِينِكَ وَحَدِّثْ بِهِ، قَالَ: اعْمِدْ إِلَى أَبْوَالِ إِبِلِ أَرَاكٍ -يَعْنِي تَأْكُلُ الْأَرَاكَ- فَاطْبُخْهُ حَتَّى يَنْعَقِدَ، ثُمَّ اشْرَبْهُ وَخُذْ وَرَقَ الْأَرَاكِ فَدُقَّهُ وَذُرَّهُ عَلَيْهِ، قَالَ: فَفَعَلَ فَبَرَأَ

حضرت طارق بن شہاب سے مروی ہے کہ ایک آدمی دوسرے ایسے آدمی سے ملا جس کے ساتھ خنازیر تھے' اگر مجھے گرفت کا خوف نہ ہوتا تو میں تجھے ایک بات بتاتا' پس یہ بات حضرت عبداللہ بن مسعود تک پہنچی تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس آدمی سے ملاقات کر کے فرمایا: بیان کر۔ اس نے عرض کی: مجھ پر گرفت ہوگی۔ اس لیے میں کسی آدمی کو نہیں بتاؤں گا۔ پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا: تیرے اوپر گرفت کرنا مناسب نہیں ہے' اپنی قسم کا کفارہ دیدے اور بات بتا دے۔ اس نے کہا: جھاڑیاں کھا کر پیشاب کرنے والے اونٹوں کی طرف جانے کا ارادہ کر' اسے اچھی طرح پکا کر پی اور جھاڑیوں کے پتے لے کر پیس لے اور اس کے اوپر لگا۔ راوی کا بیان ہے: اس نے ایسا کیا تو وہ درست ہو گیا۔

9053- حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلَطِيُّ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا أَبُو الْعُمَيْسِ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: أَهْلُ الشُّرْبِ أُمَرَاءُ عَلَى أَهْلِ أَعْلَاهُ

حضرت قاسم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پینے والے' اس کے اعلیٰ والوں پر حکمران ہیں۔

9054- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْأَقْمَرِ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ:

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اپنے بچوں کو نماز کی تلقین کرو' اور بھلائی کے کام کرنے کی انہیں عادت ڈالو کیونکہ نیکی عادت ہے۔

9052- قال فی المجمع جلد 5صفحه100' وفيه عبد الرحمٰن بن عبد الله المسعودی وهو ثقة ولكنه اختلط وبقية رجاله ثقات .

9053- قال فی المجمع جلد2صفحه161' واسناده منقطع .

9054- قال فی المجمع جلد1صفحه295' وفيه نعيم ضرار صرد وهو ضعيف . قلت: والمسعود قد اختلط .

حَافِظُوا عَلَى أَبْنَائِكُمْ فِي الصَّلَاةِ، وَعَوِّدُوهُمُ الْخَيْرَ فَإِنَّ الْخَيْرَ عَادَةٌ

9055- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: تَعَوَّدُوا الْخَيْرَ فَإِنَّمَا الْخَيْرُ بِالْعَادَةِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نیکی کی عادت بناؤ کیونکہ نیکی کی عادت کے ساتھ ہے۔

9056- حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلَطِيُّ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا أَبُو الْعُمَيْسِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ، أَعْتَقَ غُلَامًا لَهُ، فَقَالَ: أَمَا إِنَّ مَالَكَ لِي، وَلَكِنْ قَدْ تَرَكْتُهُ لَكَ

حضرت عمران بن عمیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اپنے ایک غلام کو آزاد کیا تو فرمایا: بے شک تیرا مال' میرے لیے ہے لیکن میں نے اسے تیرے لیے چھوڑا۔

باب

9057- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ عَمْرِو بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللَّهِ، يَقُولُ: لَأَنْ أُجَهِّزَ سَوْطًا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ حَجَّةٍ بَعْدَ حَجَّةِ الْإِسْلَامِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کی راہ میں ایک کوڑا تیار کرنا مجھے زیادہ پسند ہے' اسلام میں حج کے بعد حج کرنے سے۔

9058- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَجَاءَ، أَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْعَيْزَارِ بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ أَبِي

حضرت عبداللہ فرماتے ہیں کہ اسلام کی چکی تریپن سال کے آخر تک گھومے گی' پھر اس کے بعد ایک بڑا حادثہ پیش آئے گا' اس میں مرنا زیادہ بہتر ہے' ورنہ ان کو ستر

9055- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:4742 .

9056- قال في المجمع جلد4صفحه156' وفيه أبو نعيم النخعي وثقه ابن حبان وأبو حاتم ونسبه أحمد الى الكذب وضعفه جماعة .

الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: تَدُورُ رَحَى الْإِسْلَامِ عَلَى رَأْسِ خَمْسٍ وَثَلَاثِينَ، ثُمَّ يَحْدُثُ حَدَثٌ عَظِيمٌ، فَإِنْ كَانَ فِيهِ هَلَكَتُهُمْ فَبِالْحَرِيِّ، وَإِلَّا تَرَاخَى عَلَيْهِمْ سَبْعِينَ سَنَةً، فَمَنْ أَدْرَكَ ذَلِكَ رَأَى مَا يُنْكِرُهُ هَكَذَا رَوَاهُ أَبُو الْأَحْوَصِ مَوْقُوفًا، وَرَفَعَهُ مَسْرُوقٌ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَالْبَرَاءُ بْنُ نَاجِيَةَ

سال کی مہلت دی جائے گی۔ پس جس نے اس کو پالیا تو وہ منکر (بُرائی) کو اس طرح دیکھے گا۔ اس حدیث کو ابوالاحوص نے موقوف روایت کیا ہے لیکن حضرت مسروق نے مرفوع روایت کیا ہے اور عبدالرحمٰن بن عبداللہ اور براء بن ناجیہ بھی ان کے ساتھ ہیں۔

9059- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءَ، أَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَوِ ابْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ يُضْحِكُ بِهَا جُلَسَاءَهُ مَا يَنْقَلِبُ إِلَى أَهْلِهِ مِنْهَا بِشَيْءٍ، نَزَلَ بِهَا أَبْعَدَ مِنَ السَّمَاءِ إِلَى الْأَرْضِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی اپنے پاس بیٹھنے والوں کو ہنسانے کیلئے کوئی کلمہ کہتا ہے' جس میں سے کوئی شی لے کر اپنے گھر والوں کی طرف نہیں لوٹتا ہے' آسمانوں سے بہت دور کہیں سے زمین تک اس سے وبال نازل ہوتی ہے۔

9060- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ أَبِي عَوْنٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، أَنَّ رَجُلًا اسْتَأْذَنَ وَرَثَتَهُ أَنْ يُوصِيَ بِأَكْثَرَ مِنَ الثُّلُثِ، فَأَذِنُوا لَهُ، ثُمَّ رَجَعُوا فِيهِ بَعْدَ مَا مَاتَ، فَسُئِلَ عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ ذَلِكَ، فَقَالَ: ذَاكَ النُّكْرَةُ لَا يَجُوزُ

حضرت قاسم سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے اپنے وارثوں سے اجازت مانگی کہ وہ تہائی مال سے زیادہ کی وصیت کرنا چاہتا ہے (ویسے آدمی تہائی سے زیادہ کی وصیت نہیں کرسکتا) تو انہوں نے اجازت دے دی پھر اُنہوں نے رجوع کرلیا جب وہ فوت ہوگیا (یعنی مکر گئے) پس اس بارے میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: یہ انکار جائز نہیں ہے۔

9059- قال فی المجمع جلد10صفحه297' وفيه عبد الوهاب بن رجاء ولم أعرفه وبقية رجاله رجال الصحيح . قلت: لعل فی نسخته حرف عبد الله الى عبد الوهاب .

9060- قال فی المجمع جلد4صفحه211' والقاسم لم يدرك عبد الله .

9061- حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلَطِيُّ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا أَبُو الْعُمَيْسِ، عَنْ أَبِي عَوْنٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، فِي الرَّجُلِ يُوصِي بِالْوَصِيَّةِ فَيَطِيبُ الْوَرَثَةُ، ثُمَّ يَرْجِعُونَ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: ذَاكَ النُّكْرَةُ لَا يَجُوزُ

حضرت قاسم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے' ایک آدمی کے متعلق جس نے وصیت کی' پس وارث خوش ہیں (اس وصیت پر) وہ رجوع کرتے ہیں۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ انکار جائز نہیں۔

9062- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا الثَّوْرِيُّ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يُنْزِلْ دَاءً إِلَّا وَقَدْ أَنْزَلَ مَعَهُ دَوَاءً، فَعَلَيْكُمْ بِأَلْبَانِ الْبَقَرِ فَإِنَّهَا تَرُمُّ مِنَ الشَّجَرِ كُلِّهِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ عزوجل نے جو کوئی بیماری نازل کی ہے تو اس کی دواء بھی نازل کی ہے' تم گائے کا دودھ پیا کرو کیونکہ وہ تمام درختوں سے کھاتی ہے۔

9063- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَمْ يُنْزِلِ اللّٰهُ دَاءً إِلَّا أَنْزَلَ لَهُ شِفَاءً إِلَّا الْهَرَمَ، فَعَلَيْكُمْ بِأَلْبَانِ الْبَقَرِ فَإِنَّهَا تَرُمُّ مِنَ الشَّجَرِ كُلِّهِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ عزوجل نے جو کوئی بیماری نازل کی ہے تو اس کی دواء بھی نازل کی ہے' تم گائے کا دودھ پیا کرو کیونکہ وہ تمام درختوں سے کھاتی ہے۔

9064- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ لَا يَقْنُتُ فِي شَيْءٍ مِنَ الصَّلَوَاتِ إِلَّا فِي الْوِتْرِ قَبْلَ الرَّكْعَةِ

حضرت اسود فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ وتر میں رکوع سے پہلے کسی نماز میں قنوت نہیں پڑھتے تھے۔

9065- حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ

حضرت اسود فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ

9064- قال في المجمع جلد2صفحه127' واسناده حسن .

9065- قال في المجمع جلد2صفحه127' واسناده حسن .

الْمَلَطِيُّ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا أَبُو الْعُمَيْسِ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللَّهِ، لَا يَقْنُتُ فِي صَلَاةِ الْغَدَاةِ، وَإِذَا قَنَتَ فِي الْوِتْرِ قَنَتَ قَبْلَ الرَّكْعَةِ

عنہ نمازِ فجر میں دعائے قنوت نہیں پڑھتے تھے' وتروں میں رکوع سے پہلے قنوت پڑھتے تھے۔

9066- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْأَقْمَرِ، عَنْ رَجُلَيْنِ مِنْ أَصْحَابِ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّهُمَا كَانَا يُدْنِيَانِ رُءُوسَهُمَا مِنْ عَبْدِ اللَّهِ لِيَسْمَعَانِ مَا يَقُولُ فِي سُجُودِهِ، قَالَ أَحَدُهُمَا: سَمِعْتُهُ يَقُولُ: سُبْحَانَكَ لَا إِلَهَ غَيْرُكَ، وَقَالَ الْآخَرُ: سَمِعْتُهُ يَقُولُ: سُبْحَانَكَ لَا رَبَّ غَيْرُكَ

حضرت علی بن اقمر' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے دو ساتھیوں سے روایت ہے کہ وہ دونوں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے قریب سجدہ کیے ہوئے تھے تاکہ وہ سنیں کہ آپ سجدہ میں کون سے کلمات ادا فرماتے ہیں۔ ان میں سے ایک کا قول ہے: میں نے سنا کہ آپ پڑھ رہے تھے: ''سبحانك لا اله غيرك'' اور دوسرے نے بتایا کہ میں نے آپ کو پڑھتے ہوئے سنا: ''سبحانك لا رب غيرك''۔

9067- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَسْمَاءَ بْنِ خَارِجَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ، يَقُولُ: إِنَّ ذَا اللِّسَانَيْنِ فِي الدُّنْيَا لَهُ لِسَانَانِ مِنْ نَارٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دنیا میں دو زبانوں والا قیامت کے دن آگ کی دو زبانوں والا ہوگا۔

9068- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: سَارِعُوا إِلَى الْجُمَعِ فَإِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يَبْرُزُ إِلَى

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جمعوں کے لیے جلدی کیا کرو کیونکہ اللہ عزوجل جنت والوں کی طرف ہر جمعہ کے دن اپنی شان کے لائق کافور کے ٹیلے پر ظہور فرماتا ہے۔ پس وہ (جمعہ کی طرف جلدی جانے والے)

9066- المسعودی اختلط وفيه من لم يسم .

9067- قال فی المجمع جلد8صفحه153' وفيه المسعودی وقد اختلط وبقية رجاله ثقات .

9068- قال فی المجمع جلد2صفحه178' وأبو عبيدة لم يسمع من أبيه .

أَهْلِ الْجَنَّةِ فِي كُلِّ جُمُعَةٍ فِي كَثِيبٍ مِنْ كَافُورٍ، فَيَكُونُوا مِنَ الْقُرْبِ عَلَى قَدْرِ تَسَارُعِهِمْ إِلَى الْجُمُعَةِ، فَيُحْدِثُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُمْ مِنَ الْكَرَامَةِ شَيْئًا لَمْ يَكُونُوا رَأَوْهُ قَبْلَ ذَلِكَ، ثُمَّ يَرْجِعُونَ إِلَى أَهْلِيهِمْ فَيُحَدِّثُونَهُمْ بِمَا أَحْدَثَ اللَّهُ لَهُمْ قَالَ: ثُمَّ دَخَلَ عَبْدُ اللَّهِ الْمَسْجِدَ فَإِذَا هُوَ بِرَجُلَيْنِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَدْ سَبَقَاهُ، فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: رَجُلَانِ وَأَنَا الثَّالِثُ، إِنْ شَاءَ اللَّهُ أَنْ يُبَارِكَ فِي الثَّالِثِ

جتنا جلدی جمعہ کی طرف جاتے ہیں' اتنے اللہ کے قریب ہوتے ہیں' پس اللہ تعالیٰ ان کیلئے عزت میں سے ایسی شی پیدا فرماتا ہے جو اُنہوں نے پہلے نہیں دیکھی ہوتی ہے' پھر وہ لوگ اپنے گھر والوں کی طرف لوٹتے ہیں تو حدیث نعمت کے طور پر ان کو بتاتے ہیں جو اللہ ان کے لیے پیدا کرتا ہے۔ راوی کا بیان ہے: پھر حضرت عبداللہ مسجد میں داخل ہوئے تو جمعہ کے دن صرف دو آدمی ان سے سبقت لے گئے تھے۔ پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بولے: دو آدمی اور ہیں اور میں تیسرا ہوں' اگر اللہ نے چاہا تو تیسرے کو کئی برکتوں سے نوازے گا۔

9069- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ أَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بَابَاهُ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: مَا يَهْزَأُ امْرُؤٌ مُسْلِمٌ عَلَى أَيِّ حَالٍ أَصْبَحَ عَلَيْهَا مِنَ الدُّنْيَا، وَأَمْسَى أَنْ لَا يَكُونَ حَزَازَةٌ فِي نَفْسِهِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مسلمان آدمی کسی سے مذاق نہیں کرتا ہے' خواہ کسی حال پر ہو جس پر بھی ہوتا ہے وہ دنیا میں صبح اور وہ شام کرتا ہے کہ اس کے دل میں کوئی پریشانی نہیں ہوتی ہے۔

9070- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ أَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بَابَاهُ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: لَأَنْ يَعَضَّ أَحَدُكُمْ عَلَى جَمْرَةٍ حَتَّى تَبْرُدَ، أَوْ يُمْسِكَ عَلَيْهَا حَتَّى تَبْرُدَ، خَيْرٌ مِنْ أَنْ يَقُولَ لِأَمْرٍ قَضَاهُ اللَّهُ لَيْتَهُ لَمْ يَكُنْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم میں سے کسی کا جلتا ہوا انگارہ اپنے منہ یا ہاتھ میں لے لینا یہاں تک کہ وہ سرد ہو جائے' بہتر ہے اس سے کہ وہ اس کام کے بارے میں کہے' جس کا فیصلہ اللہ نے کر دیا ہے کہ کاش یہ نہ ہوتا۔

9071- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر مجھے

9070- قال في المجمع جلد7صفحه207' وفيه المسعودي وقد اختلط .

9071- قال في المجمع جلد 4صفحه251' وفيه عبد الرحمٰن بن عبد الله المسعودي وهو ثقة ولكنه اختلط وبقية

أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ أَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بَابَاهُ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: لَوْ عَلِمْتُ أَنَّهُ لَمْ يَبْقَ مِنْ أَجَلِي إِلَّا عَشْرُ لَيَالٍ لَأَحْبَبْتُ أَنْ لَا يُفَارِقَنِي فِيهِنَّ امْرَأَةٌ

معلوم ہو کہ میری زندگی صرف دس راتیں رہ گئی ہے تو میں پسند کروں کہ ان راتوں میں میری بیوی مجھ سے جدا نہ ہو۔

9072- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ أَبِي الْحُسَيْنِ يَعْنِي زِيَادَ بْنَ فَيَّاضٍ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: مَا يَأْمَنُ الَّذِي يَرْفَعُ رَأْسَهُ قَبْلَ أَنْ يَرْفَعَ الْإِمَامُ رَأْسَهُ أَنْ يَعُودَ رَأْسُهُ رَأْسَ كَلْبٍ، وَلَيَنْتَهِيَنَّ أَقْوَامٌ يَرْفَعُونَ أَبْصَارَهُمْ إِلَى السَّمَاءِ أَوْ لَيُخْطَفَنَّ أَبْصَارُهُمْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ بے خوف نہ رہے جو اپنا سر امام سے پہلے اُٹھاتا ہے کہ اس کا سر کتے کے سر کی طرح ہو جائے' اور باز آ جائیں وہ لوگ جو اپنی نگاہیں آسمان کی طرف اُٹھاتے ہیں ایسا نہ ہو کہ ان کی نگاہیں اُچک لی جائیں۔

9073- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ زِيَادِ بْنِ فَيَّاضٍ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: مَا يَأْمَنُ أَحَدُكُمْ أَنْ يَرْفَعَ رَأْسَهُ فِي الصَّلَاةِ قَبْلَ الْإِمَامِ أَنْ يَعُودَ رَأْسُهُ رَأْسَ كَلْبٍ، وَلَيَنْتَهِيَنَّ أَقْوَامٌ يَرْفَعُونَ أَبْصَارَهُمْ فِي الصَّلَاةِ أَوْ لَا تَرْجِعُ إِلَيْهِمْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ بے خوف نہ رہے جو اپنا سر امام سے پہلے اُٹھاتا ہے کہ اس کا سر کتے کے سر کی طرح ہو جائے' اور باز آ جائیں وہ لوگ جو اپنی نگاہیں آسمان کی طرف اُٹھاتے ہیں ایسا نہ ہو کہ ان کی نگاہیں اُچک لی جائیں۔

9074- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ زِيَادِ بْنِ فَيَّاضٍ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ بے خوف نہ رہے جو اپنا سر امام سے پہلے اُٹھاتا ہے کہ اس کا سر کتے کے سر کی طرح ہو جائے' باز آ جائیں وہ لوگ جو اپنی

رجاله رجال الصحيح .

9072- قال فی المجمع جلد2صفحه79 رواه الطبرانی فی الكبير بأسانيد منها اسناد رجاله ثقات .

9074- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:3752 .

اللّٰهِ: مَا يُؤْمَنُ الرَّجُلُ إِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ قَبْلَ الْإِمَامِ أَنْ يَعُودَ رَأْسُهُ رَأْسَ كَلْبٍ، لَيَنْتَهِيَنَّ أَقْوَامٌ يَرْفَعُونَ أَبْصَارَهُمْ إِلَى السَّمَاءِ أَوْ لَا تَرْجِعُ إِلَيْهِمْ

نگاہیں آسمان کی طرف اُٹھاتے ہیں' ایسا نہ ہو کہ ان کی نگاہیں اُچک لی جائیں۔

9075- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مِينَا، عَنْ نُفَيْعٍ مَوْلَى عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ مِنْ أَجْوَدِ النَّاسِ ثَوْبًا أَبْيَضَ، وَمِنْ أَطْيَبِ النَّاسِ رِيحًا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے غلام نفیع فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ لوگوں میں سب سے زیادہ عمدہ سفید کپڑے پہنتے اور لوگوں سے زیادہ خوشبو لگاتے تھے۔

9076- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْأَصَمِّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا قَيْسٍ الْأَوْدِيَّ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يُعْجِبُهُ الطِّيبُ

حضرت ابوقیس اودی فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ خوشبو پسند کرتے تھے۔

9077- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَصَمُّ، عَنْ أَبِي قَيْسٍ، قَالَ: دَخَلَ عَبْدُ اللّٰهِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ الْمَسْجِدَ وَعَلَيْهِ ثِيَابٌ بِيضٌ نَقَاءٌ حِسَانٌ فَنَظَرَ إِلَى مَكَانٍ فِيهِ سَعَةٌ فَجَلَسَ، وَلَمْ يَتَخَطَّ أَحَدًا، قَالَ: وَخَرَجَ الْإِمَامُ فَإِذَا رَجُلَانِ يَتَكَلَّمَانِ

حضرت ابوقیس فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ جمعہ کے دن مسجد میں داخل ہوئے' آپ نے سفید اُجلے اور خوبصورت کپڑے پہنے ہوئے تھے' آپ نے کشادہ جگہ دیکھی تو وہاں بیٹھ گئے' لوگوں کو پھلانگ کر آگے نہیں گئے' راوی کہتا ہے: جب امام نکلا تو دو آدمی گفتگو کر رہے تھے' تو آپ نے کنکری پکڑی اور اُن دونوں کو ماری'

9075- قال فی المجمع جلد 5صفحه135' ونفيع هذا ذكره ابن أبي حاتم ولم يجرحه وكذلك سليمان بن ميناء وبقية رجاله ثقات' الا أن ابن أبي حاتم قال: لم يسمع المسعودي بن سليمان' وهو مرسل' وأبو نعيم سمع المسعودي قبل الاختلاط .

9076- قال فی المجمع جلد5صفحه158' وأبو قيس الأودي لم يسمع من ابن مسعود وهو ومن قبله ثقات .

9077- قال فی المجمع جلد2صفحه186' وفيه من لم أجد له ترجمة .

فَأَخَذَ مِنَ الْحَصَا فَرَمَاهُمَا فَنَظَرَا إِلَيْهِ فَسَكَتَا، فَلَمَّا نَزَلَ الْإِمَامُ قَالَ: أَلَمْ تَعْلَمَا أَنَّكُمَا فِي صَلَاةٍ

اُنہوں نے آپ کی طرف دیکھا اور خاموش ہو گئے' جب امام منبر سے اُترا تو آپ نے فرمایا: تم دونوں کو معلوم نہیں کہ تم نماز میں ہو۔

9078- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي حُصَيْنٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: كَرِهَ عَبْدُ اللَّهِ لِقَاضِي الْمُسْلِمِينَ أَنْ يَأْخُذَ عَلَيْهِ رِزْقًا وَلِصَاحِبِ مَغَانِمِهِمْ

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ مسلمانوں کے قاضی کے لیے ناپسند کرتے تھے کہ وہ ان کے مال لے اور غنیمت والوں سے غنیمت لے۔

9079- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا دَلْهَمُ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الثَّقَفِيُّ: أَنَّ عَلْقَمَةَ بْنَ قَيْسٍ اسْتَقْرَضَ مِنْ عَبْدِ اللَّهِ أَلْفَ دِرْهَمٍ فَأَقْرَضَهُ إِيَّاهَا، فَلَمَّا خَرَجَ الْعَطَاءُ جَاءَهُ بِأَلْفِ دِرْهَمٍ، فَقَالَ: هَذَا مَالُكَ، قَالَ: هَاتِهِ، فَأَخَذَهُ فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللَّهِ: لَوْلَا كَرَاهِيَةُ أَنْ أُخَالِفَكَ لَأَمْسَكْتُ الْمَالَ، فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: نَحْنُ أَحَقُّ بِهِ فَجَلَسَ يَتَحَدَّثُ سَاعَةً، ثُمَّ قَامَ فَانْطَلَقَ عَلْقَمَةُ فَلَمَّا بَلَغَ أَصْحَابَ التَّوَابِيتِ أَرْسَلَ عَلَى أَثَرِهِ فَرَدَّهُ، فَقَالَ: مُحْتَاجٌ أَنْتَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: خُذِ الْمَالَ، فَلَمَّا أَخَذَهُ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: لَأَنْ أُقْرِضَ مَالًا مَرَّتَيْنِ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَتَصَدَّقَ بِهِ مَرَّةً

حضرت حمید بن عبداللہ ثقفی نے بیان کیا ہے کہ حضرت علقمہ بن قیس نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے ایک ہزار درہم بطور قرض مانگا تو آپ نے ان کو اتنا قرض دے دیا۔ پس جب حضرت عطا نکلے تو ان کے پاس ہزار درہم لے کر آئے۔ کہا: یہ آپ کا مال ہے۔ اُنہوں نے فرمایا: لاؤ! آپ نے ان سے پکڑ لیا تو ان سے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر مجھے آپ کی مخالفت کرنا ناپسند نہ ہوتا تو میں مال کو (اپنے پاس) روک لیتا۔ تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم اس کے زیادہ حقدار ہیں۔ پس وہ بیٹھ گئے باتیں کرتے ہوئے کچھ دیر کیلئے پھر اُٹھ کھڑے ہوئے۔ پس حضرت علقمہ چل دیئے' پس جب وہ تابوتوں والوں کے پاس پہنچے تو اُنہوں نے ان کے پیچھے آدمی بھیج کر وہ مال ان کو واپس کر دیا اور فرمایا: آپ کو ضرورت ہے؟ فرمایا: جی ہاں! اُنہوں نے کہا: یہ مال پکڑ لو۔ جب اُنہوں نے پکڑ لیا تو حضرت عبداللہ نے

9078- قال في المجمع جلد4صفحه197' ورجاله ثقات .

فرمایا: دو بار مال بطور قرض دینا' ایک بار صدقہ کرنے سے مجھے زیادہ پسند ہے۔

9080- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عُمَرُ بْنُ ذَرٍّ، حَدَّثَنِي مُجَاهِدٌ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ، بَعَثَ مَعَ رَجُلٍ بِبَدَنَةٍ، فَقَالَ: كَيْفَ أَصْنَعُ بِهَا؟ قَالَ:: كُلْ أَنْتَ، وَأَصْحَابُكَ ثُلُثًا، وَابْعَثْ إِلَى أَعْرَابِنَا ثُلُثًا، وَتَصَدَّقْ بِثُلُثٍ

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی کے ساتھ قربانی کا بڑا جانور بھیجا' اس نے عرض کی: میں اس سے کیا کروں؟ آپ نے فرمایا: تُو اور تیرے ساتھی تہائی گوشت کھائیں اور ایک تہائی ہمارے دیہات والوں کی طرف بھیجو اور ایک تہائی صدقہ کرو۔

9081- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مُطِيعٌ الْغَزَّالُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: إِذَا وَهِمَ أَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهِ فَلْيَتَحَرَّ الصَّوَابَ فِي نَفْسِهِ، فَلْيُتِمَّ عَلَيْهِ، ثُمَّ يَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ بَعْدَ التَّسْلِيمِ، وَهُوَ جَالِسٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب تم میں سے کسی کو نماز میں شک ہو جائے تو وہ دل میں صحیح کے اندر غور کرے' پھر (جو صحیح لگے) اس پر مکمل کرے' پھر سلام کے بعد بیٹھے اور دو سجدے کرے۔

9082- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: مَنْ شَكَّ أَوْ وَهِمَ فِي صَلَاتِهِ فَلْيَتَحَرَّ ثُمَّ يَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب کسی کو نماز میں شک ہو یا وہم ہو تو وہ غور کرے' پھر دو سجدے کرے۔

9083- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عِيسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مَالِكًا، سَأَلَ الشَّعْبِيَّ عَنِ التَّشَهُّدِ؟ فَقَالَ: كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ يَقُولُ بَعْدَ السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ، وَرَحْمَةُ اللَّهِ:

حضرت مالک فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت شعبی سے التحیات کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: حضرت ابن مسعود پڑھتے' اس کے بعد السلام علیك ایها النبی ورحمة الله السلام علینا من ربنا۔

9083- قال فی المجمع جلد2صفحه143' ورجاله رجال الصحیح .

السَّلَامُ عَلَيْنَا مِنْ رَبِّنَا

9084- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عِيسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيُّ، قَالَ: سَأَلْتُ الْحَسَنَ، عَنِ النَّبِيذِ؟ فَقَالَ: لَا أَشْرَبُ إِلَّا فِي شَيْءٍ مُوَكًّا، فَقَالَ ابْنُهُ: أَلَيْسَ قَدْ كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ يَشْرَبُ عِنْدَكُمْ فِي الْجَرِّ الْأَخْضَرِ؟ قَالَ: بَلَى

حضرت عبدالرحمٰن السلمی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن سے نبیذ کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: میں کسی شی میں نہیں پیتا ہوں سوائے مشک کے۔ ان کے بیٹے نے کہا: حضرت ابن مسعود تمہارے پاس سبز مٹکے میں نبیذ پیتے تھے؟ کہا: جی ہاں!

9085- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عُقْبَةُ بْنُ وَهْبِ بْنِ عُقْبَةَ الْعَامِرِيُّ الْبَكَّائِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي وَهْبَ بْنَ عُقْبَةَ، يُحَدِّثُ: عَنْ يَزِيدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ الْعَامِرِيِّ، أَنَّهُ: سَمِعَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ، يَقُولُ: كَيْفَ أَنْتُمْ إِذَا رَأَيْتُمْ قَوْمًا أَوْ أَتَاكُمْ قَوْمٌ لُطَخُ الْوُجُوهِ؟

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وہ کیا وقت ہوگا تم پر کہ تمہارے پاس ایسی قوم آئے گی جن کے چہرے رنگے ہوں گے۔

9086- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عُقْبَةُ بْنُ وَهْبٍ، سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ خَرَجَ إِلَى السُّوقِ، فَإِذَا رَجُلٌ، وَهُوَ يَقُولُ: قَوْمٌ يَقْتَتِلُونَ فِي السُّوقِ، فَلَمْ أَرَ كَالْيَوْمِ قَطُّ كَالْفِتْنَةِ الْمُضِلَّةِ، قَالَ: لَيْسَ هَذَا بِالْفِتْنَةِ الْمُضِلَّةِ، وَلَكِنْ هَذَا قَرْنٌ مِنَ الشَّيْطَانِ

حضرت یزید بن معاویہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بازار کی طرف نکلے، وہاں ایک آدمی دیکھا جو کہہ رہا تھا: ایک قوم بازار میں لڑتی ہے، میں نے آج کے دن کی طرح کوئی گمراہ فتنہ نہیں دیکھا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ گمراہ فتنہ نہیں ہے لیکن یہ شیطان کا سینگ ہے۔

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَطَاءٍ الْعَامِرِيُّ الْبَكَّائِيُّ،

حضرت یزید بن معاویہ، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

9084- قال فی المجمع جلد5صفحہ65، ورجالہ ثقات .

9086- قال فی المجمع جلد4صفحہ77، ویزید بن معاویة لیس باھل أن یروی عنہ .

قَالَ: سَمِعْتُ وَهْبَ بْنَ عُقْبَةَ يُحَدِّثُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، مِثْلَهُ

9087- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي هُبَيْرَةُ بْنُ يَرِيمَ، أَنَّهُ: سَمِعَ ابْنَ مَسْعُودٍ، يَقُولُ: إِنَّ مِنْ آخِرِ أَهْلِ الْجَنَّةِ دُخُولًا رَجُلًا مَرَّ بِهِ عَزَّ وَجَلَّ فَقَالَ لَهُ: قُمْ فَادْخُلِ الْجَنَّةَ، فَأَقْبَلَ عَلَيْهِ عَابِسًا فَقَالَ: وَهَلْ أَبْقَيْتَ لِي شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ، لَكَ مِثْلَ مَا طَلَعَتْ عَلَيْهَا الشَّمْسُ أَوْ غَرَبَتْ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جنت میں سب سے آخر میں جو آدمی داخل ہوگا' وہ اللہ تعالیٰ کے پاس سے گزرے گا' اللہ عزوجل اس کو دیکھے گا' اللہ اس سے فرمائے گا: جنت میں داخل ہو جا! وہ اللہ کی طرف متوجہ ہوگا جبکہ وہ چہرے پر تیوری چڑھاتے ہوئے ہوگا اور عرض کرے گا: کیا میرے لیے کوئی جگہ باقی ہے؟ اللہ پاک فرمائے گا: جی ہاں! تیرے لیے جنت میں اتنی جگہ ہے جتنی سورج کے طلوع اور غروب کے درمیان ہے۔

9088- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، قَالَ: صَلَّى عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ فِي بَعْضِ مَسَاجِدِ بَنِي أَسَدٍ الْفَجْرَ، فَصَلَّى بِهِمْ إِمَامُهُمْ أَطْوَلَ سُورَتَيْنِ فِي الْمُفَصَّلِ عَلَى تَأْلِيفِ عَبْدِ اللَّهِ، فَلَمَّا قَضَى الصَّلَاةَ قَالَ: أَلَا أَرَاكَ شَابًّا تَقْرَأُ بِهَاتَيْنِ السُّورَتَيْنِ فِي هَذِهِ الصَّلَاةِ وَأَنْتَ شَابٌّ

حضرت ابوعبدالرحمٰن سلمی فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بنواسد کی کسی مسجد میں نمازِ فجر ادا فرمائی اور ان کے امام نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے مصحف کے مطابق اوساطِ مفصل سے دو لمبی سورتیں پڑھیں' پس جب نماز مکمل ہوئی تو آپ نے فرمایا: کیا میں تجھے جوان نہیں دیکھتا ہوں اور تُو اس نماز میں یہ دو سورتیں پڑھتا ہے حالانکہ تُو جوان ہے۔

9089- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں: ایک آدمی حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آیا اس حال میں کہ وہ

9087- قال فی المجمع جلد10صفحه402' ورجاله رجال الصحيح غير هبيرة بن بريم وهو ثقة .

9088- قال فی المجمع جلد2صفحه120' وفيه عطاء بن السائب وهو ثقة' ولكنه اختلط فی آخر عمره .

9089- قال فی المجمع جلد6صفحه247' وابراهيم لم يدرك ابن مسعود' ولكن رجاله رجال الصحيح .

مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ مُتَحَنِّطًا، فَلَمَّا رَآهُ وَوَجَدَ رِيحَ الْحَنُوطِ قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهِ، قَالَ: فَجَاءَهُ فَذَكَرَ لَهُ أَنَّهُ وَقَعَ عَلَى جَارِيَةِ امْرَأَتِهِ فَأَقِمْ عَلَيَّ الْحَدَّ قَالَ: اسْتَغْفِرِ اللّٰهَ وَتُبْ إِلَيْهِ، وَاسْتُرْ عَلَى نَفْسِكَ، وَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تُعْتِقَهَا فَأَعْتِقْهَا

حنوط لگائے ہوئے تھا' پس جب آپ نے اُسے دیکھا اور حنوط کی بُو سونگھی تو کہنے لگے: اے اللہ! میں اس کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ راوی کا بیان ہے: اس نے آ کر کہا: اس نے ایک لونڈی سے زنا کا ارتکاب کیا ہے' آپ حد جاری فرمائیں! آپ نے فرمایا: اللہ سے بخشش مانگ' توبہ کر اور اپنا پردہ رکھ اور اگر تجھے طاقت ہے تو اسے آزاد کر دے' پس اس نے اس لونڈی کو آزاد کر دیا۔

9090- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ كَانَ يُكَبِّرُ حِينَ يَفْرُغُ مِنَ الْقِرَاءَةِ، ثُمَّ إِذَا فَرَغَ مِنَ الْقُنُوتِ كَبَّرَ وَرَكَعَ

حضرت عبدالرحمٰن بن اسود اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ قرأت سے فارغ ہونے کے بعد تکبیر پڑھتے' پھر قنوت پڑھ کر فارغ ہوتے تو تکبیر کہتے اور رکوع کرتے تھے۔

9091- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ عَبْدَ اللّٰهِ عَنْ وَقْتِ الظُّهْرِ؟ قَالَ: أَنْ يَنْتَعِلَ الرَّجُلُ ظِلَّهُ إِلَى أَنْ يَصِيرَ ظِلُّ كُلِّ شَيْءٍ مِثْلَهُ، وَسَأَلَهُ عَنْ وَقْتِ الْعَصْرِ؟ فَقَالَ: صَلِّهَا، وَالشَّمْسُ بَيْضَاءُ حَيَّةٌ، وَسَأَلَ عَنْ وَقْتِ الْمَغْرِبِ؟ فَقَالَ: إِذَا وَقَعَتِ الشَّمْسُ

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے نمازِ ظہر کے وقت کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: جب آدمی کا اپنا سایہ ہر شی کی مثل سایہ کی طرح ہو۔ آپ سے نمازِ عصر کے وقت کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: پڑھ لے جب سورج سفید چمک رہا ہو۔ اور آپ سے نمازِ مغرب کے وقت کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: جب سورج غروب ہو جائے۔

9092- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ لَيْثٍ،

حضرت حکم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں سردیوں میں اپنی بیوی سے گرمی

9090- قال فی المجمع جلد2صفحه127' وفيه ليث ابن أبی سليم وهو ثقة' ولكنه مدلس . قلت: وانظر ما بعده .

9091- قال فی المجمع جلد1صفحه305' وفيه أبو نعيم ضرار بن صرد وهو ضعيف .

عَنِ الْحَكَمِ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ: إِنِّي لَأَسْتَدْفِءُ بِهَا فِي الشِّتَاءِ، وَأَتَبَرَّدُ بِهَا فِي الصَّيْفِ

اور گرمیوں میں ٹھنڈک حاصل کرتا ہوں۔

9093- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: أُخْبِرْتُ أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ: كَانَ يَسْتَدْفِءُ بِامْرَأَتِهِ فِي الشِّتَاءِ، وَهُوَ جُنُبٌ، وَقَدِ اغْتَسَلَ، وَيَتَبَرَّدُ بِهَا فِي الصَّيْفِ وَهُمَا كَذَلِكَ

حضرت ابن جریج فرماتے ہیں کہ مجھے خبر دی گئی کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سردی کے موسم میں جنبی ہو کر غسل کرنے کے بعد اپنی بیوی سے گرمی حاصل کرتے تھے اور گرمیوں میں ٹھنڈک حاصل کرتے تھے اور یہ دونوں اسی طرح ہیں۔

9094- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ وَبَرَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَنَّ ابْنَ عَمٍّ لَهُ آلَى مِنِ امْرَأَتِهِ عَشَرَةَ أَيَّامٍ، ثُمَّ خَرَجَ فَقَدِمَ، وَقَدْ مَضَتْ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ فَوَقَعَ بِأَهْلِهِ، فَلَقِيَ رَجُلًا فَذَكَرَهُ يَمِينَهُ، فَأَتَى ابْنَ مَسْعُودٍ، فَسَأَلَهُ فَأَحْلَفَهُ بِاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ، ثُمَّ أَرْسَلَ إِلَى امْرَأَتِهِ فَأَحْلَفَهَا بِاللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مَا عَلِمْتُ، ثُمَّ أَمَرَهُ فَخَطَبَهَا إِلَى نَفْسِهَا

حضرت وبرہ بن عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ ان کے چچازاد بھائی نے اپنی بیوی سے ایلاء کیا دس دن کے لیے پھر گھر چلا گیا' پس آیا' چار ماہ گزر گئے تھے تو اپنی بیوی سے ہمبستر ہوا' اس کے بعد ایک آدمی سے مل کر اپنی قسم کا ذکر کیا۔ پس وہ آیا اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس کے بارے پوچھا' پس اس نے قسم اُٹھائی کہ مجھے معلوم نہیں پھر اس کی عورت کی طرف آدمی بھیج کر قسم لی کہ اسے علم نہیں' پھر اس مرد کو حکم دیا کہ پہلے اسے نکاح کی دعوت دے' (پھر اس سے نکاح کرے' اگر وہ قبول کرے)۔

9095- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنِ الْحَكَمِ، وَطَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، قَالَا: جَاءَ

حضرت طلحہ بن مصرف فرماتے ہیں کہ حضرت معقل بن سنان' حضرت عبداللہ کے پاس آئے' آپ سے پوچھا کہ ایک آدمی نذر مانتا ہے اور کسی شی کو مقرر نہیں کرتا ہے؟

9093- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:1070' قال في المجمع جلد1 صفحه275' واسناده منقطع .

9094- قال في المجمع جلد5 صفحه11' و(وبرة بن) عبد الرحمن لم يسمع من ابن مسعود وليث ابن أبي سليم مدلس .

9095- قال في المجمع جلد4 صفحه186' ورجاله رجال الصحيح الا أن طلحة والحكم لم يسمعا من ابن مسعود .

مَعْقِلُ بْنُ سِنَانٍ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ فَسَأَلَهُ عَنْ رَجُلٍ نَذَرَ نَذْرًا، وَلَمْ يُسَمِّ شَيْئًا؟ قَالَ: يَعْتِقُ نَسَمَةً

آپ نے فرمایا: ایک روح (غلام بھی) آزاد کرے۔

9096- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: أُتِيَ عَبْدُ اللّٰهِ، بِجَارِيَةٍ سَرَقَتْ، وَلَمْ تَحِضْ فَلَمْ يَقْطَعْهَا

حضرت قاسم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس ایک لونڈی لائی گئی جس نے چوری کی تھی' تو آپ نے اس کے ہاتھ کاٹنے کا حکم نہیں دیا۔

9097- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ فَقَالَ: إِنْ شَاءَ اللّٰهُ فَقَدِ اسْتَثْنَى

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے قسم اُٹھائی' پھر کہا: اگر اللہ نے چاہا! تو اس نے استثناء کرلیا۔

9098- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: اشْتَرَى عَبْدُ اللّٰهِ، مِنِ امْرَأَتِهِ -أَوْ مِنِ امْرَأَةٍ لَهُ- وَلِيدَةً وَشَرَطَ لَهَا، وَاشْتَرَطَتْ خِدْمَتَهَا، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: لَيْسَ مِنْ مَالِكَ مَا كَانَ فِيهِ ثَنْوِيَّةٌ لِغَيْرِكَ

حضرت قاسم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اپنی بیوی سے لونڈی خریدی' اور آپ نے اس کیلئے ایک شرط لگائی اور آپ کی بیوی نے اس کی خدمت کرنے کی شرط لگائی' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ تیرا مال نہیں ہے جس میں دوسرے کا حق ہو۔

9099- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: كَبَّرَ عَبْدُ اللّٰهِ، حِينَ افْتَتَحَ الصَّلَاةَ، فَقَالَ هَكَذَا وَرَفَعَ مِسْعَرٌ يَدَيْهِ فَوْقَ صَدْرِهِ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ جس وقت نماز شروع کرتے تو اللہ اکبر کہتے' پس کہا: اس طرح اس حال میں کہ حضرت مسعر نے اپنے ہاتھ سینے کے اوپر تک اُٹھائے۔

9096- قال فی المجمع جلد6صفحه274-275' والقاسم بن عبد الرحمٰن بن عبد الله بن مسعود لم يسمع من جده' ولكن رجاله رجال الصحيح .

9097- قال فی المجمع جلد2صفحه182' ورجاله رجال الصحيح الا أن القاسم لم يدرك ابن مسعود .

9100- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ قَالَ: سَمِعْتُ الْعَلَاءَ الْعَنْبَرِيَّ يَذْكُرُ، عَنْ رَجُلٍ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ قَامَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ فَلَمْ يَجْلِسْ

ایک آدمی سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ (ایک دفعہ) دو رکعتیں پڑھ کر کھڑے ہو گئے' آپ بیٹھے نہیں تھے۔

9101- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا الثَّوْرِيُّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ مُسْتَوْرِدِ بْنِ الْأَحْنَفِ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى ابْنِ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: إِنَّ عَمِّي أَنْكَحَنِي وَلِيدَتَهُ، وَإِنَّهَا وَلَدَتْ لِي، وَإِنَّهُ يُرِيدُ أَنْ يَسْتَرِقَّهُمْ، قَالَ: لَيْسَ ذَلِكَ لَهُ

حضرت مستورد بن احنف فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: میرے چچا نے میرا اپنی لونڈی سے نکاح کر دیا ہے' حالانکہ اس سے میری اولاد ہے' وہ اس اولاد کو غلام کرنا چاہتا ہے' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: یہ اس کے لیے جائز نہیں ہے۔

9102- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عَبْدِ اللَّهِ فَقَالَ: إِنَّ عَمَّهُ زَوَّجَهُ وَلِيدَتَهُ، وَأَنَّهُ يُرِيدُ أَنْ يَسْرِقَ وَلَدَهُ، قَالَ: لَيْسَ ذَلِكَ لَهُ

حضرت مستورد بن احنف فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: میرے چچا نے اپنی لونڈی سے میرا نکاح کر دیا تھا' اب وہ اس اولاد کو اپنا غلام بنانا چاہتا ہے' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اس کے لیے جائز نہیں ہے۔

9103- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ عَامِرِ بْنِ شَقِيقٍ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، قَالَ: لَبَّى عَبْدُ اللَّهِ، حَتَّى رَمَى الْجَمْرَةَ

حضرت شقیق بن سلمہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ جمرات کو کنکریاں مارنے تک تلبیہ پڑھتے رہتے تھے۔

9104- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي

حضرت عبداللہ بن زیاد اسدی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو رکوع میں لاحول ولا

9100- رواه عبد الرزاق قال في المجمع جلد4صفحه260' ورجاله رجال الصحيح .

9103- قال في المجمع جلد3صفحه225' وفيه عامر بن شقيق وثقه النسائي وابن حبان وضعفه ابن معين .

9104- قال في المجمع جلد2صفحه129' ورجاله رجال الصحيح .

الشَّعْثَاءِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ الْأَسَدِيِّ، أَنَّهُ: سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ، يَقُولُ وَهُوَ رَاكِعٌ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

قوۃ الا باللہ پڑھتے ہوئے سنا۔

9105- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ مَعْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ رَجُلٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ لِرَجُلٍ: إِذَا سَأَلْتَ رَبَّكَ الْخَيْرَ فَلَا تَسْأَلْ وَبِيَدِكَ حَجَرٌ

ایک آدمی سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی سے فرمایا: جب تُو اپنے رب سے بھلائی مانگے تو اس حالت میں نہ مانگ کہ تیرے ہاتھ میں پتھر ہو۔

9106- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ أَبِي حُصَيْنٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: أَصْبِحُوا مُتَدَهِّنِينَ صُيَّامًا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ روزہ کی حالت میں تیل لگالیا کرو۔

9107- حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلَطِيُّ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا أَبُو الْعُمَيْسِ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَرَادَتِ امْرَأَةٌ مِنَّا الْحَجَّ وَأَرَادَتْ أَنْ تَضُمَّ مَعَ حَجَّتِهَا عُمْرَةً، فَسَأَلَتْ عَبْدَ اللّٰهِ، فَقَالَ: مَا أَجِدُ هَذِهِ إِلَّا أَشْهُرُ الْحَجِّ، قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (أَشْهُرٌ مَعْلُومَاتٌ) (البقرة: **197**)

حضرت طارق بن شہاب فرماتے ہیں کہ جب ہم میں سے کوئی عورت حج کا ارادہ کرتی اور ساتھ ہی عمرہ کرنے کا ارادہ رکھتی تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اس سے پوچھتے' آپ فرماتے: میں اس کا حل صرف حج کے مہینوں میں پاتا ہوں کیونکہ اللہ عزوجل فرماتا ہے: ''حج کے مہینے معلوم ہیں''۔

9108- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: رَجَعَ قَوْلُهُ إِلَى غَسْلِ الْقَدَمَيْنِ فِي قَوْلِهِ: (وَأَرْجُلَكُمْ إِلَى

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: موزوں کے دھونے کے لیے رجوع کیا تھا (کہ پاؤں دھوئے جائیں گے) اللہ عزوجل کے اس ارشاد: ''دونوں پاؤں ٹخنوں تک دھوؤ'' کی اتباع میں ان کا

9106- قال في المجمع جلد3صفحه167' ورجاله رجال الصحيح الا أني لم أجد لأبي حصين من ابن مسعود سماعًا .

9107- قال في المجمع جلد3صفحه234 هكذا وجدته في النسخة التي كتبت أنا منها ورجاله رجال الصحيح .

9108- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:59' قال في المجمع جلد1صفحه234' وقتادة لم يسمع من ابن مسعود .

الْكَعْبَيْنِ) (المائدة:6)

قول' دونوں پاؤں کو دھونے کی طرف لوٹتا ہے۔

9109- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي مِسْكِينٍ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَيَنْتَهِكَنَّ رَجُلٌ بَيْنَ أَصَابِعِهِ فِي الْوُضُوءِ أَوْ لَتَنْتَهِكُهُ النَّارُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وضو کرتے وقت انگلیاں چٹخانے سے باز آ جاؤ' ورنہ دوزخ کی آگ اسے روک دے گی۔

9110- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا أَبُو مِسْكِينٍ، عَنْ هُزَيْلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: لَيَنْتَهِكَنَّ رَجُلٌ بَيْنَ أَصَابِعِهِ بِالطَّهُورِ أَوْ لَتَنْتَهِكُهُ النَّارُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آدمی ضرور اپنی انگلیوں کے درمیان پانی ڈال کر خلال کرے ورنہ دوزخ کی آگ اس کی خوب بے عزتی کرے گی۔

9111- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، قَالَ: حُدِّثْتُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ قَالَ: خَلِّلُوا الْأَصَابِعَ الْخَمْسَ لَا يَحْشُوهَا اللَّهُ نَارًا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اپنی پانچ انگلیوں کا خلال کرو' اللہ عزوجل ان کو آگ میں نہیں ڈالے گا۔

9112- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، وَالثَّوْرِيِّ، وَإِسْرَائِيلَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَرْقَمَ بْنِ شُرَحْبِيلَ، قَالَ: حَكَكْتُ جَسَدِي، وَأَنَا فِي الصَّلَاةِ، فَأَفْضَيْتُ إِلَى ذَكَرِي، فَقُلْتُ لِعَبْدِ اللَّهِ

حضرت ارقم بن شرحبیل فرماتے ہیں کہ میں اپنے جسم کو خارش کرتا نماز میں اور اپنے ذکر تک پہنچ جاتا' میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے عرض کی' آپ نے مجھے فرمایا: اس کو کاٹ دے! اس حال میں کہ آپ مسکرا رہے تھے' اس کو اپنے سے کیسے جدا کرو گے؟ تمہارے جسم کا

9109- قال فی المجمع جلد1 صفحه236' واسناده حسن .

9111- قال فی المجمع جلد1 صفحه236' وفيه راو لم يسم وبقية رجاله ثقات .

9112- قال فی المجمع جلد1 صفحه244' ورجاله موثقون . ورواه عبد الرزاق رقم الحديث:430 .

بْنِ مَسْعُودٍ، فَقَالَ لِي: اقْطَعْهُ -وَهُوَ يَضْحَكُ- أَيْنَ تَعْزِلُهُ مِنْكَ إِنَّمَا هُوَ بَضْعَةٌ مِنْكَ

حصہ ہے۔

9113- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: سُئِلَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ، وَأَنَا أَسْمَعُ عَنْ مَسِّ الذَّكَرِ فَقَالَ: هَلْ هُوَ إِلَّا كَطَرَفِ أَنْفِكَ؟

حضرت علقمہ سے حضرت عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا: میں سن رہا تھا ذکر کو (نماز کے دوران) چھونے کے بارے میں۔ آپ نے فرمایا: وہ تیرے ناک کی ایک طرف کی مانند ہے۔

9114- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَا أُبَالِي إِيَّاهُ مَسِسْتُ أَوْ أَرْنَبَتِي

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے اپنی شرمگاہ یا ناک کی ہڈی کو چھونے میں کوئی پروا نہیں ہے (یعنی جس طرح ناک کو ہاتھ لگانے سے وضو نہیں ٹوٹتا اسی طرح شرمگاہ کو ہاتھ لگانے سے بھی وضو نہیں ٹوٹتا)۔

9115- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ قَالَ: مَا أُبَالِي إِيَّاهُ مَسِسْتُ أَوْ رُكْبَتِي

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے شرمگاہ اور گھٹنوں کو ہاتھ لگانے میں کوئی پروا نہیں ہے۔

9116- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ خَمْسَةٍ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلِيِّ بْنِ أَبِي

حضرت حسن سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کے پانچ اصحاب حضرت علی، حضرت ابن مسعود، حضرت حذیفہ، حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہم، نیز ایک اور آدمی کے بارے روایت ہے کہ ان میں سے ایک حضرت فرماتے

9113- قال فی المجمع جلد1 صفحه244، ورجاله موثقون .

9114- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 431، قال فی المجمع جلد 1 صفحه244 وسعيد بن جبير لم يسمع من ابن مسعود وكذلك قتادة، فانه رواه عنه أيضًا .

9116- قال فی المجمع جلد1 صفحه244، ورجاله ثقات من رجال الصحيح الا أن الحسن مدلس، ولم يصرح بالسماع .

طَالِبٍ، وَابْنِ مَسْعُودٍ، وَحُذَيْفَةَ، وَعِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، وَرَجُلٍ آخَرَ قَالَ بَعْضُهُمْ: مَا أُبَالِي ذَكَرِي مَسِسْتُ أَوْ أَرْنَبَتِي، وَقَالَ الْآخَرُ: أُذُنِي، وَقَالَ الْآخَرُ: فَخِذِي، وَقَالَ: الْآخَرُ رُكْبَتِي

ہیں: اپنے ذکر اور ناک کی ہڈی کو ہاتھ لگانے میں کوئی حرج نہیں ہے' دوسرے فرماتے ہیں: کان! تیسرے فرماتے: اپنی ران' چوتھے فرماتے: اپنے گھٹنے۔

9117- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْجَزَّارِ، قَالَ: صَلَّى ابْنُ مَسْعُودٍ وَعَلَى بَطْنِهِ فَرْثٌ وَدَمٌ مِنْ جَزُورٍ نَحَرَهَا، وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

حضرت یحییٰ بن جزار فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھی اس حالت میں کہ آپ کے پیٹ پر لید اور خون' اونٹ کی قربانی کا لگا ہوا تھا' آپ نے اسے دھویا نہیں (یعنی تھوڑا سا لگا تھا جو درہم سے کم تھا)۔

9118- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، قَالَ: نَحَرَ ابْنُ مَسْعُودٍ جَزُورًا فَتَلَطَّخَ بِدَمِهَا، وَفَرْثِهَا وَأُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَصَلَّى، وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

حضرت ابن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اونٹ ذبح کیے' اس کا خون اور لید آپ کو لگا' نماز کے لیے اقامت پڑھی گئی' آپ نے نماز پڑھی اور اس کو دھویا نہیں۔

9119- حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ صَدَقَةَ بْنِ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنِي رَبَاحُ بْنُ الْحَارِثِ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: فِي الْمَيْتَةِ دِبَاغُهَا ذَكَاتُهَا

حضرت رباح بن حارث فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مردار کی کھال کی دباغت اس کا ذبح کرنا ہے۔

9120- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ (خدا

9117- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:459' قال في المجمع جلد2صفحه58' ورجاله ثقات .

9118- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:460' قال في المجمع جلد2صفحه58' ورجاله ثقات .

9119- قال في المجمع جلد1صفحه217' ورجاله ثقات .

9120- قال في المجمع جلد1صفحه254' ورجاله موثقون . ورواه عبد الرزاق رقم الحديث:469 .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَأَنْ أَتَوَضَّأَ مِنَ الْكَلِمَةِ الْخَبِيثَةِ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَتَوَضَّأَ مِنَ الطَّعَامِ الطَّيِّبِ

نہ کرے) میرے منہ سے بُرا کلمہ ادا ہو' اس سے وضو کر لینا مجھے زیادہ پسند ہے' اس سے کہ میں پاکیزہ کھانا کھا کر وضو کروں۔

9121- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَأَنْ أَتَوَضَّأَ مِنَ الْكَلِمَةِ الْخَبِيثَةِ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَتَوَضَّأَ مِنَ اللُّقْمَةِ الطَّيِّبَةِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ (خدا نہ کرے) میرے منہ سے بُرا کلمہ ادا ہو' اس سے وضو کر لینا مجھے زیادہ پسند ہے' اس سے کہ میں پاکیزہ کھانا کھا کر وضو کروں۔

9122- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: أَتَوَضَّأُ مِنْ كَلِمَةٍ خَبِيثَةٍ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَتَوَضَّأَ مِنْ طَعَامٍ طَيِّبٍ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ (خدا نہ کرے) میرے منہ سے بُرا کلمہ ادا ہو' اس سے وضو کر لینا مجھے زیادہ پسند ہے' اس سے کہ میں پاکیزہ کھانا کھا کر وضو کروں۔

9123- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ التَّيْمِيِّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ أَبِي أُمَيَّةَ، أَنَّ عَلِيًّا، وَابْنَ مَسْعُودٍ، وَالشَّعْبِيَّ، قَالُوا فِي الرَّجُلِ يَنَامُ وَهُوَ جَالِسٌ: لَيْسَ عَلَيْهِ وُضُوءٌ

حضرت عبدالکریم ابی امیہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما اور امام شعبی فرماتے ہیں: جو بیٹھے بیٹھے سو جائے تو اس کا وضو نہیں ٹوٹتا۔

9124- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت عبیدہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن مسعود

9123- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 489' قال في المجمع جلد 1 صفحه248' وعبد الكريم ضعيف ولم يدرك عليًا ولا ابن مسعود . وأبو عبيدة لم يسمع من أبيه .

9124- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 499' قال في المجمع جلد1 صفحه247

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: يَتَوَضَّأُ الرَّجُلُ مِنَ الْمُبَاشَرَةِ، وَمِنَ اللَّمْسِ بِيَدِهِ، وَمِنَ الْقُبْلَةِ إِذَا قَبَّلَ امْرَأَتَهُ، وَكَانَ يَقُولُ فِي هَذِهِ الْآيَةِ: (أَوْ لَامَسْتُمُ النِّسَاءَ) (النساء : 43) هُوَ الْغَمْزُ

رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر کوئی آدمی ننگے بدن اپنی بیوی سے ملے' شہوت کے ساتھ ہاتھ سے چھوئے اور اپنی بیوی کا شہوت کے ساتھ بوسہ لے تو بہتر ہے وضو کرے' آپ یہ بات اس آیت کی روشنی میں فرماتے ہیں: ''یا تم نے مس کیا (یعنی صحبت کی) اپنی بیویوں کو'' یہ اشارہ ہے۔

9125- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ، يَقُولُ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ: الْقُبْلَةُ مِنَ اللَّمْسِ، وَمِنْهَا الْوُضُوءُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: عورت کا بوسہ لینا' چھونا شمار ہوگا اور چھو لینے پر وضو ہے۔

9126- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ بَيَانٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: الْمُلَامَسَةُ مَا دُونَ الْجِمَاعِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: چھونا (ملامست سے مراد) جماع کے علاوہ ہے۔

9127- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: الْمُلَامَسَةُ مَا دُونَ الْجِمَاعِ أَنْ يَمَسَّ الرَّجُلُ جَسَدَ امْرَأَتِهِ بِشَهْوَةٍ فَفِيهِ الْوُضُوءُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ملامست سے مراد جماع کے علاوہ ہے' اگر کوئی آدمی اپنی بیوی کے جسم کو شہوت کے ساتھ چھوئے تو اس میں وضو ہے۔

9128- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بے شک شیطان تم میں سے کسی ایک کے پاس آتا ہے اس

9125- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 500 .

9127- قال في المجمع جلد 1 صفحه 2،47' ورجاله موثقون الا أن فيه حماد ابن أبي سليمان وقد اختلف في الاحتجاج به .

حَمَّادٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنَّ الشَّيْطَانَ يَأْتِي أَحَدَكُمْ فِي صَلَاتِهِ فَيَأْخُذُ بِشَعْرَةٍ مِنْ دُبُرِهِ، فَيَرَى أَنَّهُ قَدْ أَحْدَثَ فَلَا يَنْصَرِفْ حَتَّى يَسْمَعَ صَوْتًا أَوْ يَجِدَ رِيحًا

حال میں کہ آدمی نماز میں ہوت اہے' پس وہ اس کی دُبر سے ایک بال پکڑ لیتا ہے تو آدمی سمجھتا ہے اس کا (قطرہ گر گیا اور) وضوٹوٹ گیا (حالانکہ اس کا وضونہیں ٹوٹا ہوتا' اس لیے اسے چاہیے کہ) وہ اس وقت تک نہ لٹے جب تک ہوا خارج ہونے کی آواز نہ سنے یا اس کی بدبو نہ آئے۔

9129- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ قَيْسِ بْنِ السَّكَنِ، قَالَ: قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: إِنَّ الشَّيْطَانَ لَيُطِيفُ بِالرَّجُلِ فِي صَلَاتِهِ لِيَقْطَعَ عَلَيْهِ صَلَاتَهُ، فَإِذَا أَغْيَاهُ نَفَخَ فِي دُبُرِهِ، فَإِذَا أَحَسَّ أَحَدُكُمْ مِنْ ذَلِكَ شَيْئًا فَلَا يَنْصَرِفَنَّ حَتَّى يَجِدَ رِيحًا أَوْ يَسْمَعَ صَوْتًا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بے شک شیطان آدمی کو نماز میں خیالات دلاتا ہے کہ اس کی نماز توڑ دے' پس جب وہ اس کام سے تھک جاتا ہے تو اس کی دُبر میں پھونک مارتا ہے' پس جب تم میں سے کوئی ایسی بات محسوس کرے تو بالکل نہ لوٹے حتیٰ کہ بدبو آئے یا آواز سنے۔

9130- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ قَيْسِ بْنِ السَّكَنِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنَّ الشَّيْطَانَ لَيُطِيفُ بِالرَّجُلِ فِي الصَّلَاةِ لِيَقْطَعَ عَلَيْهِ صَلَاتَهُ، فَإِذَا أَغْيَا نَفَخَ فِي دُبُرِهِ لِيُرِيَهُ أَنَّهُ قَدْ أَحْدَثَ، فَإِذَا وَجَدَ مِنْ ذَلِكَ شَيْئًا فَلَا يَنْصَرِفَنَّ حَتَّى يَسْمَعَ صَوْتًا أَوْ يَجِدَ رِيحًا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بے شک شیطان آدمی کو نماز میں خیالات دلاتا ہے کہ اس کی نماز توڑ دے' پس جب وہ اس کام سے تھک جاتا ہے تو اس کی دُبر میں پھونک مارتا ہے' پس جب تم میں سے کوئی ایسی بات محسوس کرے تو بالکل نہ لوٹے حتیٰ کہ بدبو آئے یا آواز سنے۔

9131- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

9129- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:536' قال في المجمع جلد1 صفحه243' ورجاله موثقون .

9131- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:537 .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ: إِنَّ الشَّيْطَانَ يَنْفُخُ فِي دُبُرِ الرَّجُلِ، إِذَا أَحَسَّ أَحَدُكُمْ ذَلِكَ فَلَا يَنْصَرِفْ حَتَّى يَسْمَعَ صَوْتًا أَوْ يَجِدَ رِيحًا

بے شک شیطان آدمی کی دُبر میں پھونک مارتا ہے' پس جب تم میں سے کوئی ایسی بات محسوس کرے تو بالکل نہ لوٹے حتیٰ کہ بدبو آئے یا آواز سنے۔

9132- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: أَتَيْنَا بِجَفْنَةٍ، وَنَحْنُ مَعَ ابْنِ مَسْعُودٍ، فَأَمَرَ بِهَا فَوُضِعَتْ فِي الطَّرِيقِ فَأَكَلَ مِنْهَا فَأَكَلْنَا، وَجَعَلَ يَدْعُو مَنْ مَرَّ بِهِ، ثُمَّ مَضَيْنَا إِلَى الصَّلَاةِ، فَمَا زَادَ عَلَى أَنْ غَسَلَ أَطْرَافَ أَصَابِعِهِ، وَمَضْمَضَ فَاهُ ثُمَّ صَلَّى

حضرت علقمہ فرماتے ہیں: ہم ایک مٹھی لائے' اس حال میں کہ ہم حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے' پس آپ نے انہیں راستے پر ڈال دینے کا حکم دیا تو آپ نے بھی اس سے کھایا اور ہم نے بھی کھایا' جبکہ آپ ہر گزرنے والے کو دعوت دے رہے تھے پھر ہم نماز کی طرف گئے' پس آپ نے صرف اپنی انگلیوں کے کناروں کو دھویا اور کُلّی کی پھر نماز پڑھ لی۔

9133- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: أُتِينَا بِقَصْعَةٍ مِنْ بَيْتِ ابْنِ مَسْعُودٍ، فِيهَا خُبْزٌ وَلَحْمٌ فَأَكَلْنَا، وَمَعَنَا ابْنُ مَسْعُودٍ فَمَضْمَضَ، وَغَسَلَ أَصَابِعَهُ عِنْدَ الْمَغْرِبِ

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے گھر سے ایک بڑا پیالہ لائے جس میں روٹی اور گوشت تھا' پس ہم نے کھایا اور ابن مسعود بھی ہمارے ساتھ تھے۔ پس آپ نے کُلّی کی اور مغرب کی نماز کے وقت اپنی انگلیوں کو دھویا۔

9134- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: أُتِينَا بِقَصْعَةٍ فَأَكَلْنَا وَمَعَنَا عَبْدُ اللَّهِ، ثُمَّ تَمَضْمَضَ

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے گھر سے ایک بڑا پیالہ لائے جس میں روٹی اور گوشت تھا' پس ہم نے کھایا اور ابن مسعود بھی ہمارے ساتھ تھے۔ پس آپ نے کُلّی کی اور مغرب کی نماز کے

9132- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:650' قال في المجمع جلد ا صفحه254' ورجاله موثقون .

9133- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:652' قال في المجمع جلد ا صفحه254' ورجاله موثقون .

عَبْدُ اللّٰهِ، وَغَسَلَ أَصَابِعَهُ، ثُمَّ انْطَلَقْنَا إِلَى صَلَاةِ الْمَغْرِبِ

وقت اپنی انگلیوں کو دھویا' پھر ہم مغرب کی نماز کی طرف گئے۔

9135- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ وَائِلِ بْنِ دَاوُدَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: إِنَّمَا الْوُضُوءُ مِمَّا خَرَجَ، وَلَيْسَ مِمَّا دَخَلَ، وَالصَّوْمُ مِمَّا دَخَلَ، وَلَيْسَ مِمَّا خَرَجَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وضو صرف اسی چیز سے لازم ہوتا ہے جو خارج ہو' داخل ہونے والی سے نہیں' جبکہ روزہ داخل ہونے والی چیز سے ٹوٹتا ہے نہ کہ خارج ہونے والی سے۔

9136- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيعِ، ثنا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ الْأَعْلَى، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَتْنِي أُمِّي، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ: كَانَ يَلْبَسُ خُفَّيْهِ عِنْدَ صَلَاةِ الْفَجْرِ، ثُمَّ لَا يَنْزِعُهُمَا حَتَّى يَأْوِيَ إِلَى فِرَاشِهِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فجر کی نماز کے وقت موزے پہنا کرتے تھے پھر ان کو نہ اُتارتے حتیٰ کہ بستر پر تشریف لاتے۔

9137- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ: كَانَ يَمْسَحُ عَلَى الْجَوْرَبَيْنِ، وَالنَّعْلَيْنِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے روایت ہے کہ آپ جرابوں اور نعلین پر مسح کرلیا کرتے تھے۔

9138- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ،

حضرت حارث بن سوید فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے مسافر کے لیے تین دن اور مقیم کے لیے ایک دن مقرر فرمایا (کہ وہ مسح کرے)۔

9135- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 658' قال في المجمع جلد 1 صفحه 243 ورجاله موثقون .

9136- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 777' قال في المجمع جلد 1 صفحه 258' ورجاله موثقون .

9137- قال في المجمع جلد 1 صفحه 260' وله أسانيد بعضها رجاله رجال الصحيح .

قَالَ: جَعَلَ عَبْدُ اللّٰهِ الْمَسْحَ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ لِلْمُسَافِرِ، وَيَوْمًا لِلْمُقِيمِ

9139- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْمُصْطَلِقِ، قَالَ: سَافَرْتُ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، ثَلَاثًا إِلَى الْمَدِينَةِ فَلَمْ يَنْزِعْ خُفَّيْهِ

حضرت عمرو بن حارث بن مصطلق فرماتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ تین دن مدینہ کی طرف سفر کیا' تو آپ نے اپنے موزے نہیں اتارے۔

9140- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْمُصْطَلِقِ، قَالَ: سَافَرْتُ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ إِلَى الْمَدِينَةِ فَلَمْ يَنْزِعْ خُفَّيْهِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيهِنَّ، وَقَالَ سُلَيْمَانُ: فَحَدَّثْتُ إِبْرَاهِيمَ حَدِيثَ شَقِيقٍ هَذَا فَقَالَ: وَأَنَا حَدَّثَنِي أَبُو عُبَيْدَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ هَذَا الْحَدِيثَ

حضرت عمرو بن حارث بن مصطلق فرماتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ تین دن مدینہ کی طرف سفر کیا۔ اور حضرت سلیمان نے فرمایا: مجھے حضرت ابوعبیدہ نے حدیث سنائی' اُنہوں نے اس حدیث کو حضرت عمرو بن حارث سے روایت کیا۔

9141- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْمُصْطَلِقِ، قَالَ: سَافَرْتُ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ فَكَانَ يَمْسَحُ عَلَى خُفَّيْهِ ثَلَاثًا

حضرت عمرو بن حارث بن مصطلق فرماتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ تین دن مدینہ کی طرف سفر کیا' پس آپ اپنے موزوں پر تین دن مسح کیا کرتے تھے۔

9142- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مسافر

9139- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 800' وابن أبي شيبة جلد 1 صفحه 180' والبيهقي جلد 1 صفحه 277' والطحاوي جلد 1 صفحه 84 .

9142- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 801 .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: لِلْمُسَافِرِ ثَلاثَةُ أَيَّامٍ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ، وَسَافَرْتُ مَعَ عَبْدِ اللَّهِ فَمَكَثَ ثَلاثًا يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ

تین دن وراتیں مسح کرے گا اور مقیم ایک دن ورات کرے گا۔ حضرت شقیق فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ کے ساتھ سفر کیا' آپ تین دن ٹھہرے' آپ اس دوران موزوں پر مسح کرتے رہے۔

9143- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حَجَّاجٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: لِلْمُسَافِرِ ثَلاثَةُ أَيَّامٍ وَلَيَالِيهِنَّ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مسافر تین دن اور راتیں اور مقیم ایک دن اور رات مسح کرے گا۔

9144- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجٌ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: يَمْسَحُ الْمُسَافِرُ عَلَى الْخُفَّيْنِ ثَلاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيهِنَّ، وَالْمُقِيمُ يَوْمًا وَلَيْلَةً

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مسافر تین دن اور راتیں اور مقیم ایک دن اور رات مسح کرے گا۔

9145- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجٌ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: يَمْسَحُ الْمُسَافِرُ ثَلاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيهِنَّ، وَالْمُقِيمُ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مسافر تین دن اور راتیں اور مقیم ایک دن اور رات مسح کرے گا۔

9146- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت علقمہ روایت فرماتے ہیں کہ ایک آدمی جدری

9143- قال فی المجمع جلد 1 صفحه 260' رالحكم لم يسمع من علي ولا من ابن مسعود ومع ذلك فيه الحجاج ابن أرطاة .

9146- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 872' قال فی المجمع جلد 1 صفحه 264' وفيه أبان ابن أبي عياش وهو ضعيف وكذا فی جلد 1 صفحه 260 .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي أَبَانُ، عَنِ النَّخَعِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ، أَنَّ رَجُلًا كَانَ بِهِ جُدَرِيٌّ، فَأَمَرَ ابْنُ مَسْعُودٍ فَقُرِّبَ تُرَابٌ فِي طَسْتٍ -أَوْ تَوْرٍ- فَتَمَسَّحَ بِالتُّرَابِ

تھا' حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اسے حکم دیا' اس نے مٹی ایک برتن میں آپ کے قریب رکھی' آپ نے مٹی کے ساتھ تیمّم کیا۔

9147- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْأَعْرَجِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَوْ أَجْنَبْتُ، ثُمَّ لَمْ أَجِدِ الْمَاءَ شَهْرًا مَا صَلَّيْتُ قَالَ سُفْيَانُ: لَا يُؤْخَذُ بِهِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگ مجھ پر غسل فرض ہو اور میں پانی ایک ماہ تک نہ پاؤں تو میں نماز نہیں پڑھوں گا۔ حضرت سفیان فرماتے ہیں: اس کو نہیں لیا جائے گا۔

9148- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَبِي سِنَانٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ نَزَلَ عَنْ قَوْلِهِ فِي الْجُنُبِ أَنَّهُ لَا يَغْتَسِلُ

حضرت ضحاک بن مزاحم فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس بات سے رجوع کر لیا تھا کہ غسل کیلئے پانی نہ ملے تو وہ غسل نہیں کریں گے۔

9149- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، فَقَالَ: حَدَّثَنِي الْحَارِثُ، عَنْ عَلِيٍّ، وَعَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، وَمَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالُوا: إِذَا جَاوَزَ الْخِتَانُ الْخِتَانَ وَجَبَ الْغُسْلُ قَالَ مَسْرُوقٌ: وَكَانَتْ أَعْلَمَهُمْ بِذَلِكَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے' فرماتی ہیں: جب شرمگاہ' شرمگاہ میں داخل ہو جائے تو غسل فرض ہو جاتا ہے۔ حضرت مسروق نے فرمایا: حضرت عائشہ زیادہ عالمہ تھیں۔

9147- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:922' قال في المجمع جلد1صفحه260' وأبو عبيدة لم يسمع من ابن مسعود .

9148- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:923 .

9149- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:938' قال في المجمع جلد1صفحه267 فيه جابر الجعفي وهو ضعيف .

9150- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، سُئِلَ عَنْ ذَلِكَ؟ فَقَالَ: إِذَا بَلَغْتُ ذَلِكَ اغْتَسَلْتُ قَالَ سُفْيَانُ: وَالْجَمَاعَةُ عَلَى الْغُسْلِ

حضرت علقمہ روایت فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس کے بارے پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: جب میں اس کو پہنچوں میں غسل کرتا ہوں۔ حضرت سفیان نے فرمایا: ایک جماعت غسل پر متفق ہے۔

9151- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: سُئِلَ عَبْدُ اللَّهِ عَنِ الرَّجُلِ يُجَامِعُ امْرَأَتَهُ فَلَا يُمْنِي؟ فَقَالَ: أَمَّا أَنَا فَإِذَا بَلَغْتُ ذَلِكَ مِنَ الْمَرْأَةِ اغْتَسَلْتُ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے ایک آدمی کے متعلق پوچھا گیا' جو اپنی بیوی سے جماع کرتا ہے اور اس کی منی خارج نہیں ہوتی؟ تو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں جب اپنی بیوی سے ہم بستری کرتا ہوں تو غسل کرتا ہوں۔

9152- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، قَالَ: أَخْبَرَنِي الْحَارِثُ بْنُ الْأَزْمَعِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ، يَقُولُ: أَيُّمَا جُنُبٍ اغْتَسَلَ بِخِطْمِيٍّ فَقَدْ أَبْلَغَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب کسی پر غسل فرض ہو تو وہ خطمی مٹی سے تیمم کرے' اس کا غسل ہو جائے گا۔

9153- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ، ثنا مُعَاوِيَةُ، ثنا زُهَيْرٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ الْأَزْمَعِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: إِنْ غَسَلَ رَأْسَهُ وَهُوَ جُنُبٌ بِخِطْمِيٍّ فَقَدْ أَبْلَغَ، وَلَا يَضُرُّهُ أَنْ لَا يَصُبَّ عَلَيْهِ الْمَاءَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس پر غسل فرض ہو وہ خطمی مٹی سے اپنے سر کا مسح کرے' اس نے غسل کرلیا' اس پر پانی کا نہ ڈالنا کوئی نقصان نہیں دے گا۔

9154- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا مُحَمَّدُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تم میں سے

9150- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:947' قال فی المجمع جلد1 صفحه267' ورجاله ثقات .

9152- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:1009,1008,1007' قال فی المجمع جلد1 صفحه273' واسناده حسن .

9153- قال فی المجمع جلد1 صفحه273' وليس فی رجاله من ضعف .

بْنُ كَثِيرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ الْأَزْمَعِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: إِذَا غَسَلَ أَحَدُكُمْ رَأْسَهُ، وَهُوَ جُنُبٌ بِالْخِطْمِيِّ، ثُمَّ اغْتَسَلَ بَعْدَ ذَلِكَ فَلْيَغْسِلْ رَأْسَهُ إِنْ شَاءَ بِالْمَاءِ

کسی پر غسل فرض ہو تو وہ خطمی مٹی سے دھولے' پھر اس کے بعد اگر چاہے تو سر کو پانی کے ساتھ دھولے۔

9155- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ أَرْطَاةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ الْأَزْمَعِ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ كَانَ يَغْسِلُ رَأْسَهُ بِالْخِطْمِيِّ وَهُوَ جُنُبٌ فَيَغْتَسِلُ، وَلَا يَغْسِلُ رَأْسَهُ

حضرت حارث بن ازمع فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ حالتِ جنابت میں اپنے سر کو خطمی مٹی سے دھوتے تھے اور سر کو نہیں دھوتے تھے۔

9156- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: إِذَا غَسَلَ الْجُنُبُ رَأْسَهُ بِالْخِطْمِيِّ أَجْزَأَهُ ذَلِكَ مِنْ أَنْ يَغْسِلَهُ بِالْمَاءِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب جنبی اپنے سر کو خطمی مٹی سے دھولے تو اس کے لیے کافی ہے پانی کے دھونے سے۔

9157- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ لَيْثِ بْنِ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ طَيِّءٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، خَرَجَ إِلَى الْمَسْجِدِ فَجَعَلَ يُهَرْوِلُ فَقِيلَ لَهُ: أَتَفْعَلُ هَذَا وَأَنْتَ تَنْهَى عَنْهُ؟ قَالَ: إِنَّمَا بَادَرْتُ حَدَّ الصَّلَاةِ التَّكْبِيرَةُ الْأُولَى

حضرت طیء اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ مسجد کی طرف نکلے' آپ تیزی سے چلے' آپ سے عرض کی گئی: آپ ایسا کرتے ہیں حالانکہ آپ خود ایسا کرنے سے منع کرتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: نماز کے لیے جلدی صرف اس لیے کر رہا ہوں کہ آغاز صلوٰۃ کی حد' تکبیر اولیٰ ہے۔

9155- قال في المجمع جلد1 صفحه273 وفيه الحجاج بن أرطاة . قلت: وقد تقدم مرارًا حاله .

9157- قال في المجمع جلد2 صفحه32 وفيه من لم يسم كما تراه . قلت: والليث ضعيف .

9158- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ طَيِّءٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: اسْتَقْبَلْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ خَارِجًا مِنْ دَارِهِ يُهَرْوِلُ، فَهَرْوَلْتُ مَعَهُ وَقُلْتُ: لَقَدْ فَعَلْتَ شَيْئًا كُنْتَ تَنْهَانَا عَنْهُ، فَقَالَ: بَادَرْتُ حَدَّ الصَّلَاةِ

حضرت طی ء اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے آگے تھا' جب آپ گھر سے نکلے تو آپ دوڑ رہے تھے' میں آپ کے ساتھ دوڑا' میں نے کہا: آپ نے ایسا کام کیا ہے جس سے آپ خود منع کرتے ہیں' آپ نے فرمایا: میں نے نماز کی حد کو پانے تک جلدی کی ہے۔

9159- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ أَبَا مُوسَى الْأَشْعَرِيَّ أَمَّهُمْ فَخَلَعَ نَعْلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللَّهِ: لِمَ خَلَعْتَ نَعْلَيْكَ أَبِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ أَنْتَ؟

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوموسیٰ اشعری امامت کروا رہے تھے' آپ نے اپنے نعلین اتارے' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ نے نعلین کیوں اُتارے' کیا آپ وادیٔ مقدس میں ہیں؟

9160- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، وَلَمْ يَسْمَعْهُ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ، أَتَى أَبَا مُوسَى الْأَشْعَرِيَّ، فِي مَنْزِلِهِ فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَقَالَ لَهُ أَبُو مُوسَى: تَقَدَّمْ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، فَإِنَّكَ أَقْدَمُ سِنًّا وَأَعْلَمُ، قَالَ: لَا بَلْ تَقَدَّمْ أَنْتَ فَإِنَّمَا أَتَيْنَاكَ فِي مَنْزِلِكَ، وَمَسْجِدِكَ، فَتَقَدَّمَ أَبُو مُوسَى فَخَلَعَ نَعْلَيْهِ، فَلَمَّا صَلَّى قَالَ: مَا أَرَدْتَ إِلَى خَلْعِهَا

حضرت علقمہ سے روایت ہے: حالانکہ ان کا سماع ثابت نہیں ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے گھر ان کے پاس آئے تو نماز کا وقت ہوا تو حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! آگے ہو کر نماز پڑھائیں کیونکہ آپ کی عمر و علم زیادہ ہے۔ فرمایا: نہیں! بلکہ آپ آگے ہوں کیونکہ ہم آپ کے گھر اور آپ کی مسجد میں آئے ہیں' پس حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے آگے ہو کر نماز پڑھائی تو آپ نے نعلین اتار دیئے' پس جب نماز پڑھ لی تو حضرت

9159- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:1507 .

9160- ورواه أحمد رقم الحديث:4397' قال في المجمع جلد2صفحه66' رواه أحمد وفيه رجل لم يسم' ورواه الطبراني متصلًا رجال ثقات .

أَبِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى أَنْتَ؟ لَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُصَلِّي فِي الْخُفَّيْنِ، وَالنَّعْلَيْنِ

عبداللہ نے فرمایا: آپ نے جوتے اتارنے کا ارادہ کیوں کیا' کیا آپ وادیٔ مقدس میں تھے؟ تحقیق میں نے رسول کریم ﷺ کو موزوں میں بھی اور نعلین میں بھی نماز پڑھتے دیکھا ہے۔

9161- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، قَالَ: كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ لَا يُصَلِّي -أَوْ قَالَ: - وَلَا يَسْجُدُ إِلَّا عَلَى الْأَرْضِ

حضرت ابوعبیدہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نماز یا سجدہ زمین پر کرتے تھے۔

9162- قَالَ الثَّوْرِيُّ: وَأَخْبَرَنِي مُحَمَّدٌ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّهُ: كَانَ يَقُومُ عَلَى الْبُرْدِيِّ، وَيَسْجُدُ عَلَى الْأَرْضِ فَقُلْنَا: مَا الْبُرْدِيُّ؟ قَالَ: الْحَصِيرُ

حضرت ابوامیہ فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ چٹائی پر کھڑے ہوتے تھے اور زمین پر سجدہ کرتے تھے پس ہم نے عرض کی: بُردی کیا ہے؟ فرمایا: چٹائی۔

9163- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ: صَلَّى عَلَى مَسْحٍ

حضرت ابووائل فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ہموار زمین پر نماز پڑھتے تھے۔

9164- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا عَمْرٍو الشَّيْبَانِيَّ، قَالَ: كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ: يَعُسُّ

حضرت عمرو شیبانی فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نگہبانی کیلئے مسجد میں چکر لگاتے تھے' اس میں کوئی آدمی نہیں چھوڑتے تھے سوائے نماز پڑھنے والے آدمی کے۔

9161- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:1553' قال في المجمع جلد2صفحه57' وأبو عبيدة لم يسمع من أبيه .

9162- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:1554' قال في المجمع جلد2صفحه57' واسناده حسن .

9163- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:1654' قال في المجمع جلد2صفحه24' ورجاله موثقون .

9164- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:1654' قال في المجمع جلد2صفحه24' ورجاله موثقون .

الْمَسْجِدَ فَلَا يَدَعُ فِيهِ سَوَادًا إِلَّا أَخْرَجَهُ إِلَّا رَجُلًا مُصَلِّيًا

9165- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: كُنَّا مَعَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، فَأَرَادَ أَنْ يَبْصُقَ، وَمَا عَنْ يَمِينِهِ فَارِغٌ فَكَرِهَ أَنْ يَبْصُقَ، عَنْ يَمِينِهِ، وَلَيْسَ فِي صَلَاةٍ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ ہم حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے' آپ نے دائیں جانب تھوکنے کا ارادہ کیا' پس آپ نے دائیں جانب تھوکنے کو ناپسند کیا حالانکہ آپ نماز میں نہیں تھے۔

9166- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، أَوْ غَيْرِهِ، قَالَ: سَمِعَ ابْنَ مَسْعُودٍ رَجُلًا يَنْشُدُ ضَالَّةً فِي الْمَسْجِدِ، فَأَسْكَتَهُ وَانْتَهَرَهُ وَقَالَ: قَدْ نُهِينَا عَنْ هَذَا

ابن سیرین سے روایت ہے' یا کسی دوسرے سے' فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے مسجد میں گمشدہ شی کا اعلان کرتے ہوئے سنا' آپ نے اس کو خاموش کروایا اور جھڑک کر منع کیا اور فرمایا: ہمیں مسجدوں میں اعلان کرنے سے منع کیا گیا ہے۔

9167- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ وَاصِلٍ الْأَحْدَبِ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ بُرْمَةَ الْأَسَدِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَا أُحِبُّ أَنْ يَكُونَ مُؤَذِّنُوكُمْ عُمْيَانَكُمْ -قَالَ: وَأَحْسِبُهُ، قَالَ: - وَلَا قُرَّاؤُكُمْ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے پسند نہیں ہے کہ تمہارے مؤذن نابینا ہوں اور نہ تمہارے قاری۔

9165- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:1699' قال في المجمع جلد2صفحه20' ورجاله ثقات .

9166- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:1724' قال في المجمع جلد2صفحه25' وابن سيرين لم يسمع من ابن مسعود .

9167- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 1818' وابن أبي شيبة جلد 1صفحه216-217' وحمله البيهقي في السنن جلد 1 صفحه427 على أعمى منفرد لا يكون معه بصير يعلمه الوقت . قال في المجمع جلد2صفحه2' ورجاله ثقات .

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ وَاصِلٍ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ بُرْمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، مِثْلَهُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

9168- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: تَحْرِيمُ الصَّلَاةِ التَّكْبِيرُ، وَتَحْلِيلُهَا التَّسْلِيمُ، وَإِذَا سَلَّمْتَ فَعَجَلَتْ بِكَ حَاجَةٌ فَانْطَلِقْ قَبْلَ أَنْ يُقْبِلَ بِوَجْهِهِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نماز کے باہر جو چیزیں جائز تھیں ان کو حرام کرنے والی چیز تکبیر ہے' جو نماز میں چیزیں حرام تھیں ان کو حلال کرنے والا سلام ہے' جب تُو سلام پھیرے' اور جلدی تجھے ضرورت پیش آ جائے تو چہرہ پھیرنے سے پہلے جا۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جی ہاں! غفلت والا وقت ہے' یعنی نمازِ مغرب سے عشاء تک کا وقت۔

9341- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ، ثنا أَبُو غَسَّانَ النَّهْدِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: النُّعَاسُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جہاد کے وقت اونگھ آنا' اللہ کی طرف سے امن ہے اور نماز میں اونگھ آنا شیطان کی طرف سے ہے۔

9339- انظر ما قبله .

9340- قال في المجمع جلد2صفحه230 فيه جابر الجعفي وفيه كلام كثير . ورواه عبد الرزاق رقم الحديث:4725 .

9341- قال في المجمع جلد6صفحه328' وفيه قيس بن الربيع وثقه شعبة وغيره وضعفه جماعة .

عِنْدَ الْقِتَالِ أَمَنَةٌ مِنَ اللّٰهِ، وَالنُّعَاسُ فِي الصَّلَاةِ مِنَ الشَّيْطَانِ

9342- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي رَزِينٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: النُّعَاسُ فِي الصَّلَاةِ مِنَ الشَّيْطَانِ، وَالنُّعَاسُ فِي الْقِتَالِ أَمَنَةٌ مِنَ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جہاد کے وقت اونگھ آنا' اللہ کی طرف سے امن ہے اور نماز میں اونگھ آنا شیطان کی طرف سے ہے۔

9343- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ أَبِي ظِبْيَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: التَّثَاؤُبُ، وَالْعُطَاسُ فِي الصَّلَاةِ مِنَ الشَّيْطَانِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جمائی اور چھینک کا نماز میں آنا شیطان کی طرف سے ہے۔

9344- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَا تُقْصَرُ الصَّلَاةُ إِلَّا فِي حَجٍّ أَوْ جِهَادٍ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نماز میں قصر' حج یا جہاد کے وقت ہے۔

9345- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تم اپنی نماز تجارت کے وقت اور چراگاہوں میں رہتے وقت اور ایک

9343- قال فی المجمع جلد2صفحه86' ورجاله موثقون .

9344- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:4286' وابن أبي شيبة جلد2صفحه446 عن طريق محمد بن فضيل وأبي معاوية عن الأعمش عن عمارة بن عمير عن عبد الرحمن بن يزيد ان عبن مسعود . والطحاوى جلد ا صفحه427 من طريق شعبة عن الأعمش عن عمارة بن عمير عن الأسود عن ابن مسعود' قال فى المجمع جلد2صفحه157-158' والقاسم لم يسمع من ابن مسعود . هذا بالنسبة لرواية المصنف .

9345- قال فى المجمع جلد2صفحه158' وزياد لم يدرك ابن مسعود .

خُصَيْفٌ الْجَزَرِيُّ، حَدَّثَنِي زِيَادُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ قَالَ: لَا تَنْقُصُنَّ مِنْ صَلَاتِكُمْ فِي مَبَادِيكُمْ، وَلَا أَجْشَارِكُمْ، وَلَا تَسِيرُوا فِي قُرَى السَّوَادِ فِي حَوَائِجِكُمْ فَتَقُولُوا: إِنَّا سَفْرٌ، إِنَّمَا الْمُسَافِرُ مِنَ الْأُفُقِ إِلَى الْأُفُقِ

بستی کی طرف جاتے وقت' جب تم اپنی ضرورت کے لیے جاؤ تو تم نماز میں قصر نہ کرو' تم کہتے ہو کہ ہمیں سفر درپیش ہے (تم مسافر نہیں کیونکہ) مسافر تو صرف وہ ہوتا ہے جو زمین کے ایک کنارے سے دوسرے کنارے کی طرف چلے۔

9346- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ قَالَ: لَا تَغْتَرُّوا بِتِجَارَاتِكُمْ، وَأَجْشَارِكُمْ، وَتُسَافِرُوا إِلَى قُرَى السَّوَادِ، وَتَقُولُوا: إِنَّا قَوْمٌ سَفْرٌ، إِنَّمَا الْمُسَافِرُ مِنْ أُفُقٍ إِلَى أُفُقٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' آپ نے فرمایا: تمہاری تجارتیں اور تمہاری چراگائیں تمہیں دھوکے میں نہ ڈالیں حالانکہ تم دیہاتی آبادی کی طرف سفر کرتے ہو اور کہتے ہو: ہم مسافر قوم ہیں' مسافر تو صرف وہ ہوتا ہے جو زمین کے ایک کنارے سے دوسرے کنارے کی طرف سفر کرے۔

9347- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَا تَغْتَرُّوا بِسَوَادِكُمْ، فَإِنَّمَا مَجْشَرُ أَحَدِكُمْ، وَأَهْلُهُ شَيْءٌ وَاحِدٌ، إِلَّا أَنْ يَكُونَ مُخْتَارًا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہاری آبادی تمہیں دھوکہ نہ دے' تم میں سے کسی ایک آدمی کے چراگاہ کے جانور اور اس کے اہل وعیال (سفر کے حکم کے اعتبار سے) ایک ہی شی ہے' مگر یہ کہ اسے اختیار دیا گیا ہو۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت ہے۔

9346- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:4287' وأبو عبيدة لم يسمع من أبيه .

9347- ورواه ابن أبي شيبة جلد2صفحه446-447 عن علي بن مسهر عن قيس بن مسلم عن طاؤس عن ابن شهاب عن ابن مسعود' ورواه عن عبد السلام بن حرب عن ابن أبي فروة عن عمرو بن شعيب عن أبيه أن معاذًا وعقبة بن عامر وابن مسعود قالوا فذكره باختلاف في الألفاظ .

إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، مِثْلَ ذَلِكَ

9348- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ غَالِبِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، أَخْبَرَنِي حَمَّادٌ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَنْ صَلَّى فِي السَّفَرِ أَرْبَعًا أَعَادَ الصَّلَاةَ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ جس نے سفر میں چار رکعتیں ادا کیں' وہ نماز دوبارہ پڑھے۔

9349- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: سُئِلَ عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ رَجُلٍ يَضَعُ جَنْبَهُ عِنْدَ رَكْعَتَيِ الضُّحَى؟ قَالَ: مَا بَالُ أَحَدِكُمْ يَتَمَرَّغُ، كَتَمَرُّغِ الْحِمَارِ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اس آدمی کے متعلق پوچھا گیا جو اپنی کروٹ نمازِ چاشت کی دو رکعتوں کے لیے رکھتا ہے' آپ نے فرمایا: تم میں سے کوئی ایسے بیٹھتا ہے جس طرح گدھا لیٹتا ہے۔

9350- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْعَلَاءِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ صُبَيْحٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: كُنَّا نَقْعُدُ فِي الْمَسْجِدِ بَعْدَ قِيَامِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ نُثَبِّتُ النَّاسَ عَلَى الْقِرَاءَةِ، فَإِذَا أَرَدْنَا أَنْ نَرْجِعَ صَلَّيْنَا رَكْعَتَيْنِ، فَبَلَغَ ذَلِكَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: أَتُحَمِّلُونَ النَّاسَ مَا لَا يُحَمِّلُهُمُ اللّٰهُ، يَرَوْنَكُمْ تُصَلُّونَ فَيَرَوْنَ ذَلِكَ وَاجِبًا عَلَيْهِمْ، إِنْ كُنْتُمْ لَا بُدَّ فَاعِلِينَ فَفِي الْبُيُوتِ

حضرت مسروق فرماتے ہیں: ہم مسجد میں بیٹھتے تھے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے کھڑے ہونے کے بعد' ہم لوگوں کی قرأت درست کروا رہے ہوتے تھے' جب ہم نے واپس جانے کا ارادہ کیا تو ہم نے دو رکعتیں پڑھیں۔ یہ بات حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ تک پہنچی تو آپ نے فرمایا: تم لوگوں پر ایسا بوجھ ڈالتے ہو جو اللہ نے نہیں ڈالا ہے' وہ تم کو نماز پڑھتے دیکھ کر خیال کرتے ہیں کہ یہ ان پر واجب ہے' اگر تم نے ضرور ہی پڑھنی ہے تو گھروں میں پڑھو۔

9348- قال فی المجمع جلد2صفحه155' وابراهيم لم يسمع من ابن مسعود .

9349- قال فی المجمع جلد2صفحه239' وابراهيم لم يسمع من عبد الله .

9350- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 4838' ويحيى بن العلاء وان كان كذابًا فقد رواه ابن أبی شيبة عن وكيع عن الأعمش به كما قال شيخنا اجازة فی تعليقه على مصنف عبد الرزاق' ورواه المصنف من طريق آخر .

9351- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: كُنَّا إِذَا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ نَجْلِسُ بَعْدَهُ، فَنُثَبِّتُ النَّاسَ فِي الْقِرَاءَةِ، فَإِذَا قُمْنَا صَلَّيْنَا، فَبَلَغَهُ ذَلِكَ، فَدَخَلْنَا عَلَيْهِ، فَقَالَ: أَتُحَمِّلُونَ النَّاسَ مَا لَا يُحَمَّلُوا يَرَوْنَكُمْ فَيَحْسَبُونَ أَنَّهَا سُنَّةٌ، إِنْ كُنْتُمْ لَا بُدَّ فَاعِلِينَ فَفِي بُيُوتِكُمْ قَالَ سُلَيْمَانُ: حَدَّثَنَا أَيْضًا عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت مسروق فرماتے ہیں: ہم مسجد میں بیٹھتے تھے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے کھڑے ہونے کے بعد' ہم لوگوں کی قرأت درست کروا رہے ہوتے تھے' جب ہم نے واپس جانے کا ارادہ کیا تو ہم نے دو رکعتیں پڑھیں۔ یہ بات حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ تک پہنچی تو آپ نے فرمایا: تم لوگوں پر ایسا بوجھ ڈالتے ہو جو اللہ نے نہیں ڈالا ہے' تم کو نماز پڑھتے دیکھ کر وہ خیال کرتے ہیں کہ یہ ان پر واجب ہے' اگر تم نے ضرور ہی پڑھنی ہے تو گھروں میں پڑھو۔

9352- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِذَا رَأَى الشَّيْطَانُ ابْنَ آدَمَ سَاجِدًا صَاحَ، وَقَالَ: يَا وَيْلَهُ، وَيْلٌ لِلشَّيْطَانِ، أَمَرَ اللّٰهُ ابْنَ آدَمَ أَنْ يَسْجُدَ وَلَهُ الْجَنَّةُ فَأَطَاعَ، وَأَمَرَنِي أَنْ أَسْجُدَ فَعَصَيْتُ وَلِيَ النَّارُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ شیطان جب انسان کو سجدہ کی حالت میں دیکھتا ہے تو چیخ کر کہتا ہے: اے اس کی ہلاکت! شیطان کے لیے ہلاکت! اللہ نے انسان کو سجدہ کرنے کا حکم دیا تو اُس نے اطاعت کی' اس کے لیے جنت ہے' مجھے سجدہ کرنے کا حکم دیا تو میں نے نافرمانی کی تو میرے لیے جہنم ہے۔

9353- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ رَجُلًا بَيْنَا هُوَ يَسْقِي زَرْعًا لَهُ إِذْ رَأَى غَيَابَةً تَرَهْيَا فَسَمِعَ فِيهَا صَوْتًا: أَنِ اسْقِ أَرْضَ فُلَانٍ، فَاتَّبَعَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی اپنی کھیتی کو پانی دے رہا تھا' اچانک اس نے گرجتے بادل کو دیکھا' وہ ڈر گیا' اس نے آواز سنی کہ فلاں کی زمین پر برس! وہ آواز کے پیچھے چل پڑا' یہاں تک کہ اس زمین تک پہنچا جس کا نام لیا گیا تھا' اُس نے اس زمین کے

9352- قال فی المجمع جلد2صفحه284' ورجاله رجال الصحيح الا أن أبا اسحاق لم يسمع من ابن مسعود .

9353- قال فی المجمع جلد3صفحه284' ورجاله رجال الصحيح . ورواه عبد الرزاق رقم الحديث: 4905 .

الصَّوْتَ حَتَّى انْتَهَى إِلَى الْأَرْضِ الَّتِي سُمِّيَتْ، فَسَأَلَ صَاحِبَهَا مَا عَمَلُكَ فِيهَا؟ قَالَ: إِنِّي أُعِيدُ فِيهَا ثُلُثًا، وَأَتَصَدَّقُ بِثُلُثٍ، وَأَحْبِسُ لِأَهْلِي ثُلُثًا

مالک سے پوچھا کہ تُو کیا عمل کرتا ہے؟ اس نے کہا: میں اس میں پیدا ہونے والی شی کے تین حصے کرتا ہوں' ایک تہائی صدقہ کرتا ہوں اور ایک تہائی اپنے گھر والوں کے لیے رکھ لیتا ہوں۔

حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنِ النَّخَعِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، كَانَ يَبْعَثُهُ إِلَى أَرْضِهِ أَنْ يَفْعَلَ فِيهَا ذَلِكَ

حضرت مسروق سے روایت ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ان کو اپنی زمین کی طرف بھیجتے تھے کہ اس میں جا کر یہ کام کریں۔

بَابٌ

باب

9354- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: لَعَنَ اللَّهُ الْوَاشِمَاتِ، وَالْمُسْتَوْشِمَاتِ،، وَالْمُتَفَلِّجَاتِ لِلْحُسْنِ الْمُغَيِّرَاتِ خَلْقَ اللَّهِ فَبَلَغَ ذَلِكَ امْرَأَةً مِنْ بَنِي أَسَدٍ يُقَالُ لَهَا: أُمُّ يَعْقُوبَ، فَقَالَتْ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ بَلَغَنِي أَنَّكَ لَعَنْتَ كَيْتَ وَكَيْتَ، قَالَ: مَا لِي لَا أَلْعَنُ مَنْ لَعَنَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَنْ هُوَ فِي كِتَابِ اللَّهِ، قَالَتْ: إِنِّي لَأَقْرَأُ مَا بَيْنَ اللَّوْحَيْنِ مَا أَجِدُهُ، قَالَ: إِنْ

حضرت علقمہ فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا: جسم گودنے والیوں اور گدوانے والیوں' خوبصورتی کیلئے اپنی پیشانی کے بال اکھیڑنے والی' اللہ کی تخلیق کو بدلنے والیوں پر اللہ کی لعنت ہے۔ پس بنواسد قبیلے کی ایک عورت تک یہ بات پہنچی جس کا نام اُم یعقوب تھا۔ پس اس نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! تجھے یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ ایسی ایسی عورتوں پر آپ نے لعنت کی ہے۔ فرمایا: میں لعنت کیوں نہ کروں' جن پر رسول کریم ﷺ نے لعنت فرمائی ہے اور جو اللہ کی کتاب میں ملعون ہیں۔ اس عورت نے کہا: میں نے دونوں تختیوں کے درمیان سب پڑھا ہے' میں تو نہیں پاتی ہوں۔ فرمایا:

9354- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 5103' ورواه أحمد رقم الحديث: 4432,4403,4344,4284,4283,4230, 4129,3956,3955,3945' والبخاري رقم الحديث: 5948,5943,5939,5931,4887,4886' ومسلم رقم الحديث: 2125' وأبو داؤد رقم الحديث: 2932' والترمذي رقم الحديث: 2932' والنسائي جلد 8 صفحه 149,148,147,146' وأبو يعلى (2-1/238) .

كُنْتِ قَارِئَةً لَقَدْ وَجَدْتِيهِ، أَمَا قَرَأْتِ: (وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا) (الحشر:7) قَالَتْ: بَلَى، قَالَ: فَإِنَّهُ قَدْ نَهَى عَنْهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: إِنِّي لَأَظُنُّ أَهْلَكَ يَفْعَلُونَ بَعْضَ ذَلِكَ، قَالَ: فَاذْهَبِي فَانْظُرِي، فَدَخَلَتْ فَلَمْ تَرَ مِنْ حَاجَتِهَا شَيْئًا، فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: لَوْ كَانَتْ كَذَلِكَ لَمْ تُجَامِعْنَا، قَالَ الدَّبَرِيُّ: قُلْنَا لِأَبِي بَكْرٍ: مَا النَّامِصَةُ؟ قَالَ: الَّتِي تَنْتِفُ شَعْرَهَا

اگر تُو واقعی ماریہ ہوتی تو ضرور پالیتی۔ کیا تُو نے نہیں پڑھا ہے: ''جو کچھ رسول تمہیں عطا فرمائیں وہ لے لو اور جس سے منع فرمائیں اس سے رُک جاؤ''۔ اس نے کہا: جی ہاں (پڑھی ہے)! فرمایا: کیونکہ اس سے رسول کریم ﷺ نے منع فرمایا ہے۔ اس نے کہا: میرا گمان ہے کہ آپ کے گھر والے اس میں سے کوئی کام کرتے ہیں۔ فرمایا: جا کر دیکھ لے۔ پس وہ عورت آپ کے گھر میں داخل ہوئی لیکن اس نے اس میں سے کوئی شی نہ دیکھی' پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اگر وہ اس طرح ہوتی تو وہ ہم سے مجامعت نہ کرتی۔ حضرت دُبری نے کہا: ہم نے راویٔ حدیث حضرت ابوبکر سے عرض کی: ''نامصہ'' کیا ہوتی ہے؟ فرمایا: جو بال اکھیڑتی ہے۔

9355- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: لُعِنَ الْمُتَنَمِّصَاتُ، وَالْمُتَفَلِّجَاتُ، وَالْمُتَوَشِّمَاتُ، أَلَا أَلْعَنُ مَنْ لَعَنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ لَهُ امْرَأَةٌ مِنْ بَنِي أَسَدٍ: أَظُنُّهُ فِي أَهْلِكَ، قَالَ: اذْهَبِي فَانْظُرِي، فَذَهَبَتْ ثُمَّ جَاءَتْ فَقَالَتْ: مَا رَأَيْتُ فِيهِنَّ شَيْئًا وَمَا رَأَيْتُهُ فِي الْمُصْحَفِ، فَقَالَ لَهَا عَبْدُ اللَّهِ: بَلَى قَالَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت علقمہ سے مروی ہے' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: لعنت ہو! پیشانی کے بال اکھیڑنے والیوں' دانتوں کے درمیان فاصلہ ڈالنے والیوں اور جسم کا کوئی حصہ گدوانے والیوں پر۔ میں ان پر لعنت کیوں نہ کروں جن پر رسول کریم ﷺ نے لعنت فرمائی ہے' بنواسد کی ایک عورت نے آپ سے کہا: میرا گمان ہے کہ آپ کے گھر والوں میں یہی چیز موجود ہے۔ فرمایا: جا کر دیکھ۔ پس اس نے جا کر دیکھا پھر واپس آئی تو کہا: میں نے ان میں ایسی کوئی چیز نہیں دیکھی ہے اور میں نے اسے مصحف میں بھی تو نہیں دیکھا۔ تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیوں نہیں! رسول کریم ﷺ نے بذاتِ خود یہ بات فرمائی ہے۔

9356- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا خَلَفُ بْنُ مُوسَى بْنِ خَلَفٍ الْعَمِّيّ، ثنا أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَزْرَةَ، عَنِ الْحَسَنِ الْعُرَنِيّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْجَزَّارِ، عَنْ مَسْرُوقِ بْنِ الْأَجْدَعِ، أَنَّ امْرَأَةً أَتَتِ ابْنَ مَسْعُودٍ فَقَالَتْ: إِنِّي امْرَأَةٌ زَعْرَاءُ، أَيَصْلُحُ أَنْ أَصِلَ فِي شَعْرِي؟، قَالَ: لَا، قَالَتْ: شَيْئًا سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْ تَجِدُهُ فِي كِتَابِ اللَّهِ؟ قَالَ: بَلْ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَجِدُهُ فِي كِتَابِ اللَّهِ، قَالَتْ: فَوَاللَّهِ لَقَدْ قَرَأْتُ مَا بَيْنَ دَفَّتَيِ الْمُصْحَفِ فَمَا وَجَدْتُهُ، قَالَ: أَمَا تَجِدِينَ فِيهِ (وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا) (الحشر: 7) قَالَتْ: بَلَى قَالَتْ: وَاللَّهِ إِنِّي أَرَى الَّتِي فِي بَيْتِكَ تَفْعَلُهُ، قَالَ: مَا حَفِظْتُ وَصِيَّةَ أَخِي شُعَيْبٍ إِذًا، قَالَ: فَأَقْسَمْتُ عَلَيْكِ لَمَا دَخَلْتِ إِلَيْهَا فَنَظَرْتِ إِلَى شَعْرِهَا، فَدَخَلَتْ فَنَظَرَتْ إِلَى امْرَأَةٍ قَرْعَاءَ، وَلَمْ تَرَ فِي شَعْرِهَا شَيْئًا، فَخَرَجَتْ فَقَالَتْ: مَا وَجَدْتُ شَيْئًا، فَقَالَ: مَا حَفِظْتُ وَصِيَّةَ شُعَيْبٍ إِذًا

حضرت مسروق بن اجدع سے مروی ہے کہ ایک عورت نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں عرض کی: میں کم بالوں والی عورت ہوں' کیا میرے لیے بال لگوانا جائز ہے؟ آپ نے فرمایا: جی نہیں! اس نے عرض کی: کیا یہ ایسی چیز ہے جو آپ نے رسول کریم ﷺ سے سنی ہے یا اس کو آپ نے کتاب اللہ میں پایا ہے؟ فرمایا: بلکہ میں نے اسے رسول کریم ﷺ سے سنا ہے اور اسے میں کتاب اللہ میں پاتا ہوں۔ اس عورت نے عرض کی: قسم بخدا! دوگتوں کے درمیان جو مصحف ہے میں نے سارا پڑھا ہے لیکن میں نے تو اسے نہیں پایا۔ فرمایا: کیا تُو اس میں یہ آیت پاتی ہے: ''جو تمہیں رسول عطا کریں تو وہ لے لو اور جس سے منع کریں اس سے رُک جاؤ''۔ اس نے عرض کی: جی ہاں! کیوں نہیں! اس نے عرض کی: قسم بخدا! میں دیکھتی ہوں جو آپ کے گھر میں ہے' وہ ایسا کرتی ہے۔ فرمایا: پھر تو مجھے اپنے بھائی شعیب کی وصیت یاد نہ رہی۔ فرمایا: میں تجھے قسم دیتا ہوں کہ اس کے پاس جا کر اس کے بال کھول کر دیکھ (اور مجھے بتا) پس وہ جا کر اندر داخل ہوئی تو اس نے دیکھا کہ اس عورت کے بال اُڑ چکے ہیں لیکن اس نے اس کے بالوں میں کوئی ایسی شی نہ دیکھی۔ اس نے نکل کر کہا: میں نے کوئی شی نہیں پائی' تو (ایک بار پھر) آپ نے فرمایا: پھر تو مجھے حضرت شعیب کی وصیت یاد نہ رہی۔

9357- حَدَّثَنَا الطَّبَرِيُّ الْفَقِيهُ مُحَمَّدُ بْنُ جَرِيرٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ مَعْنٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ

حضرت ابوعبیدہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی لعنت ہو! ان عورتوں پر جو بطورِ زینت اپنے دانتوں کو الگ الگ کرتی ہیں یعنی فاصلہ ڈالتی

جَدِّهِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: لَعَنَ اللَّهُ الْمُتَفَلِّجَاتِ، وَالْمُتَنَمِّصَاتِ، وَالْمُتَوَحِّشَاتِ الْمُغَيِّرَاتِ خَلْقَ اللَّهِ، فَأَتَتْهُ امْرَأَةٌ مِنْ بَنِي أَسَدٍ يُقَالُ لَهَا أُمُّ الْمُسْتَوْرِدِ، فَقَالَتْ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، بَلَغَنِي أَنَّكَ لَعَنْتَ الْمُتَفَلِّجَاتِ، وَالْمُتَنَمِّصَاتِ، وَالْمُتَوَشِّمَاتِ، فَقَالَ: أَلَا أَلْعَنُ مَنْ لَعَنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي كِتَابِ اللَّهِ، قَالَتْ: لَقَدْ قَرَأْتُ مَا بَيْنَ اللَّوْحَيْنِ فَمَا وَجَدْتُهُ فِيهِ، قَالَ: لَئِنْ كُنْتِ قَرَأْتِ مَا بَيْنَ اللَّوْحَيْنِ إِنَّهُ لَفِي كِتَابِ اللَّهِ: (مَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا) (الحشر: 7) قَالَتْ: وَاللَّهِ إِنِّي لَأَحْسِبُ أَهْلَكَ يَصْنَعُونَهُ، قَالَ: فَادْخُلِي فَانْظُرِي فَإِنْ كَانُوا يَفْعَلُونَ لَا يَبِيتُونَ عِنْدِي لَيْلَةً، فَدَخَلَتْ فَنَظَرَتْ، ثُمَّ خَرَجَتْ وَهِيَ تَقُولُ: مَا رَأَيْتُ شَيْئًا، مَا رَأَيْتُ شَيْئًا

ہیں' ان پر بھی جو پیشانی کے بالوں کو اکھیڑتی ہیں اور جو اللہ کی تخلیق کو بدل ڈالنے والی ہیں۔ بنی اسد سے ایک عورت آئی جس کا نام اُم مستورد تھا۔ اس نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! مجھے کسی نے بتایا ہے کہ آپ نے دانتوں سے فاصلے ڈالنے والی' پیشانی کے بال اکھیڑنے والی اور جسم کے کسی حصے کو گودنے والی عورتوں پر لعنت کی ہے۔ آپ نے فرمایا: میں ان پر لعنت کیوں نہ کروں جن پر اللہ کے رسول نے لعنت کی ہے اور اللہ کی کتاب میں کی گئی ہے' اس نے کہا: دو تختیوں کے درمیان جو ہے' میں نے اسے پڑھا ہے' میں نے تو اس میں یہ چیز نہیں پائی۔ فرمایا: اگر تُو دو تختیوں کے درمیان سب کو پڑھی تو یہ اللہ کی کتاب میں موجود ہے: ''جو کچھ رسول تمہیں عطا فرمائیں وہ لے لو اور جس سے منع فرمائیں اس سے رُک جاؤ''۔ اس عورت نے کہا: میرا گمان ہے کہ آپ کے گھر والے ایسا کرتے ہیں۔ فرمایا: میرے گھر جا کر دیکھو' اگر وہ ایسا کرتے ہیں تو وہ میرے پاس رات نہیں گزارتے ہیں۔ پس وہ داخل ہوئی تو اس نے دیکھا' پھر یہ کہتی ہوئی نکلی: میں نے کوئی شی نہیں دیکھی' میں نے تو کوئی شی نہیں دیکھی۔

9358- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي الْأَسْوَدِ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَزْرَةَ، يَقُولُ: إِنَّ أَبَا الْعَالِيَةِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ: لُعِنَتِ الْوَاصِلَةُ، وَالْوَاشِمَةُ، وَالْفَالِجَةُ، وَالْمُتَنَمِّصَةُ قَالَهُ رَسُولُ

حضرت عاصم احول فرماتے ہیں: میں نے حضرت عزرہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضرت ابوالعالیہ نے فرمایا: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کا قول ہے: بال لگوانے والی' جسم گدوانے والی' دانتوں کے درمیان فاصلہ ڈالنے والی اور پیشانی کے بال اکھیڑنے والی پر لعنت کی گئی ہے' یہ بات رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمائی ہے۔

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

9359- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: وَالَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ، مَا صَلَّتِ امْرَأَةٌ صَلَاةً قَطُّ خَيْرًا لَهَا مِنْ صَلَاةٍ تُصَلِّيهَا فِي بَيْتِهَا، إِلَّا أَنْ يَكُونَ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ، أَوْ مَسْجِدَ الرَّسُولِ إِلَّا عَجُوزًا فِي مَنْقَلَيْهَا

حضرت ابوعمرو شیبانی فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ ذات جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' عورت کے لیے سب سے بہتر نماز وہ ہے جو وہ اپنے گھر میں پڑھے سوائے مسجد حرام اور مسجد نبوی کے اور سوائے بوڑھی عورت کے باپردہ ہو کر۔

9360- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَا صَلَّتِ الْمَرْأَةُ فِي مَكَانٍ خَيْرٌ لَهَا مِنْ بَيْتِهَا إِلَّا أَنْ يَكُونَ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ، أَوْ مَسْجِدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا امْرَأَةً تَخْرُجُ فِي مَنْقَلَيْهَا يَعْنِي خُفَّيْهَا

حضرت ابوعمرو شیبانی فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ ذات جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' عورت کے لیے سب سے بہتر نماز وہ ہے جو وہ اپنے گھر میں پڑھے سوائے مسجد حرام اور مسجد نبوی کے اور سوائے بوڑھی عورت کے باپردہ ہو کر۔

9361- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَبَّ هَذِهِ الدَّارِ يَحْلِفُ فَيَبْلُغُ بِالْيَمِينِ: مَا مِنْ مُصَلَّى الْمَرْأَةِ خَيْرٌ لَهَا مِنْ بَيْتِهَا إِلَّا فِي حَجٍّ أَوْ عُمْرَةٍ إِلَّا امْرَأَةً يَئِسَتْ مِنَ الْبُعُولَةِ فَهِيَ فِي

حضرت ابوعمرو شیبانی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو اس گھر کی قسم اُٹھاتے ہوئے دیکھا اور قسم میں مبالغہ کرتے ہوئے کہ عورت کے لیے گھر کے اندر نماز پڑھنا بہتر ہے سوائے حج وعمرہ کے اور سوائے بوڑھی عورت کے جو خاوند سے مایوس ہو چکی ہو' یہ اپنے منقلین میں ہے۔ میں نے عرض کی: اس کے منقلین سے

9359- قال فی المجمع جلد2صفحه35 ورجاله رجال الصحيح .

9360- انظر ما قبله . وفی نسخة الظاهرية مسجد الحرام .

9361- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:5117' قال فی المجمع جلد2صفحه35' ورجاله موثقون .

مَنْقَلَيْهَا ، قُلْتُ: مَا مَنْقَلَيْهَا؟ قَالَ: امْرَأَةٌ عَجُوزٌ قَدْ تَقَارَبَ خَطْوُهَا

کیا مراد ہے؟ فرمایا: ایسی بوڑھی عورت جس کے قدم ساتھ ساتھ لگیں۔

9362- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَسْرُوقٍ، عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، قَالَ: حَلَفَ عَبْدُ اللّٰهِ فَبَالَغَ فِي الْيَمِينِ: مَا مِنْ مُصَلًّى لِامْرَأَةٍ خَيْرٌ مِنْ بَيْتِهَا إِلَّا فِي حَجٍّ أَوْ عُمْرَةٍ إِلَّا امْرَأَةً قَدْ يَئِسَتْ مِنَ الْبُعُولَةِ فَهِيَ فِي مَنْقَلَيْهَا

حضرت ابوعمرو شیبانی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو اس گھر کی قسم اُٹھاتے ہوئے دیکھا اور قسم میں مبالغہ کرتے ہوئے کہ عورت کے لیے گھر کے اندر نماز پڑھنا بہتر ہے سوائے حج وعمرہ کے اور سوائے بوڑھی عورت کے جو خاوند سے مایوس ہو چکی ہو' وہ اپنے منقلین میں ہے۔

9363- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا مَعْمَرٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، أَنَّهُ: رَأَى ابْنَ مَسْعُودٍ، يُخْرِجُ النِّسَاءَ مِنَ الْمَسْجِدِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَيَقُولُ: اخْرُجْنَ إِلَى بُيُوتِكُنَّ خَيْرٌ لَكُنَّ

حضرت ابوعمرو شیبانی فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے جمعہ کے دن عورتوں کو مسجد سے نکلتے دیکھا تو آپ نے فرمایا: اپنے گھروں کو واپس چلی جاؤ' تمہارے لیے بہتر ہے۔

9364- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِي أَبُو إِسْحَاقَ، أَخْبَرَنِي أَبُو عَمْرٍو الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: رَأَيْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ يَطْرُدُ النِّسَاءَ مِنَ الْمَسْجِدِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

حضرت ابوعمرو شیبانی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ جمعہ کے دن عورتوں کو مسجد میں آنے سے روک رہے تھے۔

9365- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عَمْرٍو

حضرت ابوعمرو شیبانی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ جمعہ کے دن عورتوں کو مسجد میں آنے سے روک رہے تھے اور فرما رہے تھے کہ

9363- قال فی المجمع جلد2صفحه35' ورجاله موثقون ورواه عبد الرزاق رقم الحديث: 5201' والبيهقي جلد 3 صفحه186 .

الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ: كَانَ يَطْرُدُ النِّسَاءَ مِنَ الْمَسْجِدِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَيَقُولُ: صَلِّينَ فِي بُيُوتِكُنَّ

اپنے گھروں میں نماز پڑھو۔

9366- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ الْهَجَرِيُّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: مَا صَنَعَتِ امْرَأَةٌ خَيْرًا مِنْ أَنْ تَقْعُدَ فِي قَعْرِ بَيْتِهَا تَعْبُدُ رَبَّهَا، تَقُولُ: إِحْدَاهُنَّ أَذْهَبُ إِلَى أَهْلِي فَيَسْتَشْرِفُهَا الشَّيْطَانُ حَتَّى تَقُولَ: مَا رَآنِي أَحَدٌ إِلَّا أَعْجَبْتُهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: عورت کے لیے سب سے بہتر ہے کہ اپنے گھر کے اندر والے حصے میں رب کی عبادت کرے تو یہ اس کے لیے بہتر ہے' عورتوں میں سے کوئی ایک کہتی ہے: میں اپنے گھر والوں کی طرف جاتی ہوں (جب وہ جاتی ہے) تو شیطان اسے جھانکتا ہے یہاں تک کہ وہ کہے: مجھے کسی نے نہیں دیکھا مگر میں نے اسے خوش کر دیا ہے۔

9367- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ الْمَازِنِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: إِنَّمَا النِّسَاءُ عَوْرَةٌ، وَإِنَّ الْمَرْأَةَ لَتَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهَا، وَمَا بِهَا مِنْ بَأْسٍ، فَيَسْتَشْرِفُ لَهَا الشَّيْطَانُ فَيَقُولُ: إِنَّكِ لَا تَمُرِّينَ بِأَحَدٍ إِلَّا أَعْجَبْتِيهِ، وَإِنَّ الْمَرْأَةَ لَتَلْبَسُ ثِيَابَهَا، فَيُقَالُ: أَيْنَ تُرِيدِينَ؟ فَتَقُولُ: أَعُودُ مَرِيضًا، أَشْهَدُ جِنَازَةً أَوْ أُصَلِّي فِي مَسْجِدٍ، وَمَا عَبَدَتِ امْرَأَةٌ رَبَّهَا بِمِثْلِ أَنْ تَعْبُدَهُ فِي بَيْتِهَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عورت چھپانے والی شی ہے' عورت اپنے گھر سے نکلتی ہے' اسے کوئی ڈر نہیں ہوتا (لیکن) شیطان اس کو جھانکتا ہے' کہتا ہے: تو جس کسی کے پاس سے بھی گزرے گی اسی کو خوش کر دے گی۔ (کہیں جانے کی تیاری میں) عورت اپنے کپڑے پہنتی ہے تو اس سے کہا جاتا ہے: کہاں کا ارادہ ہے؟ تو وہ کہتی ہے: میں بیمار کی بیمار پرسی کرنے' جنازہ دیکھنے یا مسجد میں نماز پڑھنے جا رہی ہوں' لیکن عورت کے اپنے کمرے میں عبادت کرنے کی مثل' اس کی کسی عبادت کا ثواب نہیں ہے جو وہ اپنے رب کی کرتی ہے۔

9368- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا أَبُو هِلَالٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ،

حضرت ابواحوص سے مروی ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بے شک عورت' نری شرمگاہ کی مانند ہے کیونکہ جب وہ اپنے گھر سے نکلتی ہے تو شیطان اسے

9368- قال فی المجمع جلد2صفحہ35' ورجالہ موثقون .

قَالَ: إِنَّ الْمَرْأَةَ عَوْرَةٌ، وَإِنَّهَا إِذَا خَرَجَتْ مِنْ بَيْتِهَا اسْتَشْرَفَهَا الشَّيْطَانُ فَتَقُولُ: مَا رَآنِي أَحَدٌ إِلَّا أَعْجَبْتُهُ، وَأَقْرَبُ مَا تَكُونُ إِلَى اللّٰهِ إِذَا كَانَتْ فِي قَعْرِ بَيْتِهَا

تاڑتا ہے' پس وہ کہتی ہے: جس آدمی نے بھی مجھے دیکھا' میں نے اس کو خوش کر دیا' جب عورت اپنے گھر کی پوشیدہ جگہ میں ہوتی ہے تو اپنے رب کے بہت قریب ہوتی ہے۔

9369- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: صَلَاةُ الْمَرْأَةِ فِي بَيْتِهَا أَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهَا فِي حُجْرَتِهَا، وَصَلَاتُهَا فِي حُجْرَتِهَا أَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهَا فِي دَارِهَا، وَصَلَاتُهَا فِي دَارِهَا أَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهَا فِيمَا سِوَاهُ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ الْمَرْأَةَ إِذَا خَرَجَتْ تَشَرَّفَ لَهَا الشَّيْطَانُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عورت کا اپنے گھر کے اندر نماز پڑھنا زیادہ افضل ہے کہ حجرے میں پڑھے' حجرے میں نماز پڑھنا زیادہ افضل ہے صحن میں پڑھنے سے اور صحن میں پڑھنا زیادہ بہتر ہے گھر کے باہر پڑھنے سے۔ پھر فرمایا: عورت جب نکلتی ہے تو شیطان اس کو جھانک کر دیکھتا ہے۔

9370- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: صَلَاةُ الْمَرْأَةِ فِي الْبَيْتِ خَيْرٌ مِنْ صَلَاتِهَا فِي الدَّارِ، وَصَلَاتُهَا فِي الدَّارِ خَيْرٌ مِنْ صَلَاتِهَا خَارِجَهُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عورت کا گھر کے اندر نماز پڑھنے کا زیادہ ثواب ہے صحن میں نماز پڑھنے سے اور صحن میں نماز پڑھنے کا زیادہ ثواب ہے باہر نماز پڑھنے سے۔

9371- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ،

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بنی اسرائیل کی عورتیں اور مرد سارے اکٹھے نماز پڑھتے تھے

9369- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:5116' قال في المجمع جلد2صفحه34' ورجاله رجال الصحيح .

9370- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:5115' قال في المجمع جلد2صفحه35' ورجاله رجال الصحيح . وصححه الحافظ في الفتح جلد1صفحه400 .

عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: كَانَ الرِّجَالُ، وَالنِّسَاءُ فِي بَنِي إِسْرَائِيلَ يُصَلُّونَ جَمِيعًا، فَكَانَتِ الْمَرْأَةُ إِذَا كَانَ لَهَا الْخَلِيلُ تَلْبَسُ الْقَالَبَيْنِ تَطَوَّلُ بِهِمَا لِخَلِيلِهَا، فَأَلْقَى اللهُ عَلَيْهِنَّ الْحَيْضَ، فَكَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ يَقُولُ: أَخِّرُوهُنَّ حَيْثُ أَخَّرَهُنَّ اللهُ قُلْنَا لِأَبِي بَكْرٍ: مَا الْقَالَبَيْنِ؟ قَالَ: رَقِيصَتَيْنِ مِنْ خَشَبٍ

پس جب عورت کا کوئی خلیل ہوتا تو وہ دونوں ہاتھوں میں زیور پہن کر ان کے ذریعے اپنے خلیل کیلئے خوشی ومسرت کا سامان کرتی تو اللہ تعالیٰ نے عورتوں کو حیض کی تکلیف میں مبتلا کیا۔ پس حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے: ان کو پیچھے رکھو جہاں اللہ تعالیٰ نے ان کو پیچھے رکھا ہے۔ ہم نے راویٔ حدیث ابوبکر سے عرض کی: ''قالبین'' کا کیا معنی ہے؟ اُنہوں نے فرمایا: لکڑی کے بنے ہوئے دو جوتے' یعنی اونچی ایڑی والے (جو ناچنے کے وقت پہنے جاتے ہیں)۔

9372- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: كَانَتِ الْمَرْأَةُ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ تَلْبَسُ الْقَالَبَيْنِ فَتَقُومُ عَلَيْهِمَا، فَتُوَاعِدُ خَلِيلَهَا فَأُلْقِيَ عَلَيْهِنَّ الْحَيْضُ، وَكَانَ عَبْدُ اللهِ، يَقُولُ: أَخِّرُوهُنَّ حَيْثُ أَخَّرَهُنَّ اللهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بنی اسرائیل کی عورتیں لمبی اونچی جوتی پہنتی تھیں' اس پر کھڑی ہوتیں' اپنے دوست سے وعدہ کرتیں' ان کے حیض کے دن شروع کر دیئے گئے' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے تھے: ان کو ایسے ہی پیچھے رکھو جس طرح اللہ نے پیچھے رکھا ہے۔

بَابٌ

باب

9373- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ الْأَعْلَى، قَالَ: دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ مَعَ ابْنِ مَسْعُودٍ فَرَكَعَ فَمَرَّ عَلَيْهِ رَجُلٌ، وَهُوَ رَاكِعٌ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: صَدَقَ اللهُ وَرَسُولُهُ، فَلَمَّا انْصَرَفَ، قَالَ: كَانَ يُقَالُ:

حضرت عبدالاعلیٰ فرماتے ہیں: میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی معیت میں مسجد کے اندر داخل ہوا تو آپ نے رکوع کیا تو آپ کے پاس سے ایک آدمی گزرا' ابھی آپ رکوع میں تھے کہ اس نے آپ کو سلام کیا تو آپ نے فرمایا: اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا۔ جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا: کہا جاتا ہے کہ یہ قیامت کی

مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يُسَلِّمَ الرَّجُلُ عَلَى الرَّجُلِ لِلْمَعْرِفَةِ، وَتَتَّخِذُ الْمَسَاجِدُ طُرُقًا، وَأَنْ تَغْلُو النِّسَاءُ، وَالْخَيْلُ، ثُمَّ تَرْخُصُ فَلَا تَغْلُو إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَأَنْ يَتَّجِرَ الرَّجُلُ، وَالْمَرْأَةُ جَمِيعًا

نشانیاں ہیں: پہچان کیلئے ایک آدمی دوسرے پر سلام کرے گا' مسجدوں کو راستے بنالیا جائے گا' عورتوں اور گھوڑوں کی کثرت ہوگی' پھر رخصت ملے گی تو قیامت تک غلو نہ ہوگا اور مرد بھی کاروبار کریں گے اور عورت بھی تجارت کریں گی۔

9374- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا حُصَيْنٌ، عَنْ عَبْدِ الْأَعْلَى بْنِ الْحَكَمِ الْكَلْبِيِّ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ الصَّلْتِ الْبُرْجُمِيِّ، قَالَ: أَتَيْنَا الْمَسْجِدَ مَعَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: كَانَ يُقَالُ: إِنَّ مِنَ اقْتِرَابِ السَّاعَةِ أَنْ تُتَّخَذَ الْمَسَاجِدُ طُرُقًا

حضرت خارجہ بن صلت البرجمی فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ مسجد میں تھے' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قیامت کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ مسجدوں کو راستہ بنالیا جائے گا۔

9375- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، قَالَ: دَخَلَ ابْنُ مَسْعُودٍ الْمَسْجِدَ، فَقَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يَمُرَّ الرَّجُلُ فِي طُولِ الْمَسْجِدِ، وَعَرْضِهِ لَا يُصَلِّي فِيهِ رَكْعَتَيْنِ هَكَذَا رَوَاهُ مَنْصُورٌ، وَوَصَلَهُ قَتَادَةُ

حضرت سالم بن ابوالجعد فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ مسجد میں داخل ہوئے' فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: قیامت کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ آدمی مسجد کی لمبائی اور چوڑائی سے گزرے گا' اور اس میں دو رکعت نہیں پڑھے گا۔ منصور نے اسی طرح روایت کیا اور قتادہ نے متصلاً روایت کیا۔

9376- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ

حضرت سالم بن ابوالجعد اپنے والد سے روایت

9375- قال في المجمع جلد 2 صفحه 24' ورجاله رجال الصحيح الا أن سلمة بن كهيل - لعله سالم ابن أبي الجعد - لم أجد له رواية عن ابن مسعود .

9376- ورواه ابن خزيمة رقم الحديث: 1326' وفيه جهالة الا أنه يتقوى بكثرة طرقه .

شُعَيْبِ السِّمْسَارُ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ الْبَجَلِيُّ، ثنا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: لَقِيَ ابْنَ مَسْعُودٍ رَجُلًا فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ مَسْعُودٍ، فَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: صَدَقَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يَمُرَّ الرَّجُلُ فِي الْمَسْجِدِ لَا يُصَلِّي فِيهِ رَكْعَتَيْنِ، وَأَنْ لَا يُسَلِّمَ الرَّجُلُ إِلَّا عَلَى مَنْ يَعْرِفُ، وَأَنْ يُبْرِدَ الصَّبِيُّ الشَّيْخَ

کرتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ایک آدمی کو ملے' اُس نے کہا: اے ابن مسعود! آپ پر سلامتی ہو! حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ اور اُس کے رسول نے سچ کہا! میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: قیامت کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ آدمی مسجد سے گزرے گا اس میں دو رکعت نفل نہیں پڑھے گا اور جاننے والے آدمی کو ہی سلام کرے گا' بچہ بزرگ کو ڈانٹا کرے گا (یعنی کوئی ادب واحترام نہیں ہوگا)۔

9377- حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا عُمَرُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ مَيْمُونٍ أَبِي حَمْزَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: لَقِيَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ أَعْرَابِيٌّ وَنَحْنُ مَعَهُ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، فَضَحِكَ فَقَالَ: صَدَقَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَكُونَ السَّلَامُ عَلَى الْمَعْرِفَةِ، وَإِنَّ هَذَا عَرَفَنِي مِنْ بَيْنِكُمْ فَسَلَّمَ عَلَيَّ، وَحَتَّى تُتَّخَذَ الْمَسَاجِدُ طُرُقًا فَلَا يُسْجَدُ لِلَّهِ فِيهَا، وَحَتَّى يَبْعَثَ الْغُلَامُ الشَّيْخَ بَرِيدًا بَيْنَ الْأُفُقَيْنِ، وَحَتَّى يَبْلُغَ التَّاجِرُ بَيْنَ الْأُفُقَيْنِ فَلَا يَجِدُ رِبْحًا

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو ایک دیہاتی ملا' جبکہ ہم آپ کے ساتھ تھے' اس نے کہا: اے ابن مسعود! آپ پر سلامتی ہو! آپ مسکرائے اور فرمایا: اللہ اور اُس کے رسول نے سچ کہا ہے! میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: قیامت کے قریب صرف جاننے والے کو سلام کیا جائے گا' بے شک اس نے تم میں سے صرف مجھے پہچانا' تو واحد کے صیغے کے ساتھ میرے اوپر سلام کیا اور مسجدوں کے راستے بنائے جائیں گے' پس ان میں اللہ کی رضا حاصل کرنے کو سجدہ نہیں کیا جائے گا۔ لڑکا' شیخ کو دونوں کناروں کے درمیان ڈاک بھیجے گا اور تاجر' تجارت کرتا ہوا زمین کے دونوں کناروں کے درمیان جائے گا لیکن نفع نہ پائے گا۔

9377- اسناده ساقط من أجل عمر بن المغيرة وميمون أبي حمزة الأعور .

9378- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ، ثنا مُجَالِدٌ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فِي الْمَسْجِدِ فَجِئْنَا نَمْشِي مَعَ عَبْدِ اللَّهِ، فَلَمَّا رَكَعَ النَّاسُ رَكَعَ عَبْدُ اللَّهِ، وَرَكَعْنَا مَعَهُ، وَنَحْنُ نَمْشِي، فَمَرَّ رَجُلٌ بَيْنَ يَدَيْهِ فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ، وَهُوَ رَاكِعٌ: صَدَقَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ، فَلَمَّا انْصَرَفَ سَأَلَهُ بَعْضُ الْقَوْمِ: لِمَ قُلْتَ حِينَ سَلَّمَ عَلَيْكَ الرَّجُلُ صَدَقَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ؟ فَقَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ إِذَا كَانَتِ التَّحِيَّةُ عَلَى الْمَعْرِفَةِ

حضرت اسود بن یزید فرماتے ہیں: مسجد میں نماز کھڑی ہو چکی تھی تو ہم حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی معیت میں چلتے ہوئے آئے' پس جب لوگوں نے رکوع کیا تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بھی رکوع کیا اور ہم نے بھی ان کے ساتھ رکوع کیا۔ پس ایک آدمی ان کے سامنے سے گزرا تو اس نے یوں سلام کیا: السلام علیک یا ابا عبدالرحمن! (یعنی صرف حضرت عبداللہ پر)۔ پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے رکوع کی حالت میں کہا: صدق اللہ ورسولہ! (اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا) پس جب آپ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تو قوم میں سے ایک آدمی نے آپ سے پوچھا: جب ایک آدمی نے آپ پر سلام کیا تو آپ نے ''صدق اللہ ورسولہ'' کیوں کہا؟ فرمایا: میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: قیامت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی یہ ہے کہ جب سلام کیا جائے گا تو صرف اس پر کیا جائے گا جس سے جان پہچان ہوگی۔

9379- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللَّهِ يَقُولُ: أَحْسِنُوا هَذِهِ الصَّلَاةَ، وَاقْصُرُوا هَذِهِ الْخُطَبَ

حضرت قیس فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے تھے: نماز اچھی طرح پڑھو اور یہ خطبے (تقریریں) مختصر کرو۔

9378- رواه أحمد رقم الحديث: 3664 من طريق ابن نمير به وفيه مجالد بن سعيد وهو ليس بالقوى' وتغير في آخر عمره . لكن أحمد رواه رقم الحديث: 3870,3848 من طريقين آخرين فيتقوى بهما .

9379تا9381- قال في المجمع جلد2صفحه190' ورجال الموقوف - يقصد روايات الطبراني ثقات .

9380- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: طُولُ الصَّلَاةِ، وَقِصَرُ الْخُطْبَةِ مَئِنَّةٌ مِنْ فِقْهِ الرَّجُلِ

حضرت عمرو بن شرحبیل سے مروی ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نماز کو لمبا کر اور خطبہ کو مختصر کرنا' آدمی کی سمجھ کی قابلیت ہے۔

9381- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: طُولُ الصَّلَاةِ، وَقِصَرُ الْخُطْبَةِ مَئِنَّةٌ مِنْ فِقْهِ الرَّجُلِ

حضرت عمرو بن شرحبیل سے مروی ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نماز کو لمبا کر اور خطبہ کو مختصر کرنا' آدمی کی سمجھ کی قابلیت ہے۔

9382- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: إِنَّهَا سَتَكُونُ عَلَيْكُمْ أَئِمَّةٌ يُمِيتُونَ الصَّلَاةَ، فَمَنْ أَدْرَكَ ذَلِكَ مِنْكُمْ فَلْيُصَلِّهَا لِوَقْتِهَا، وَلْيَجْعَلْ صَلَاتَهُ مَعَهُمْ سُبْحَةً

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عنقریب تم پر ایسے حکمران ہوں گے جو نماز وقت پر ادا نہیں کریں گے' جو تم میں سے ان کا زمانہ پائے تو وہ وقت پر نماز پڑھ لے اور ان کے ساتھ شریک ہو جائے تو نفل نماز کی نیت سے پڑھ لے۔

9383- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنَّكُمْ فِي زَمَانٍ قَلِيلٌ خُطَبَاؤُهُ كَثِيرٌ عُلَمَاؤُهُ يُطِيلُونَ الصَّلَاةَ، وَيَقْصُرُونَ الْخُطْبَةَ، وَإِنَّهُ سَيَأْتِي عَلَيْكُمْ زَمَانٌ كَثِيرٌ خُطَبَاؤُهُ قَلِيلٌ عُلَمَاؤُهُ يُطِيلُونَ الْخُطْبَةَ، وَيُؤَخِّرُونَ الصَّلَاةَ

حضرت ابواحوص سے مروی ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تم ایسے زمانے میں ہو جس میں خطباء کم اور علماء زیادہ ہیں' نماز لمبی پڑھتے ہیں اور خطبہ مختصر دیتے ہیں اور عنقریب تم پر ایسا زمانہ آئے گا جس میں خطباء زیادہ اور علماء کم ہوں گے' خطبے لمبے دیں گے اور نماز کی ادائیگی میں تاخیر کریں گے یہاں تک کہ کہا جائے گا: یہ شرق الموتی ہے۔ میں نے عرض کی: شرق الموتی

9383- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:3787' قال في المجمع جلد2صفحه190' ورجاله ثقات .

حَتَّى يُقَالَ هَذَا شَرْقُ الْمَوْتَى قُلْتُ لَهُ: مَا شَرْقُ الْمَوْتَى؟ قَالَ: إِذَا اصْفَرَّتِ الشَّمْسُ جِدًّا، فَمَنْ أَدْرَكَ ذَلِكَ مِنْكُمْ فَلْيُصَلِّ الصَّلَاةَ لِوَقْتِهَا، فَإِنِ احْتَبَسَ فَلْيُصَلِّ مَعَهُمْ وَلْيَجْعَلْ صَلَاتَهُ وَحْدَهُ الْفَرِيضَةَ وَصَلَاتَهُ مَعَهُمْ تَطَوُّعًا

کیا ہے؟ فرمایا: جب سورج خوب زرد ہو جائے گا تو (نماز پڑھی جائے گی) تم میں سے جو اس کو پائے تو اسے چاہیے کہ نماز اپنے وقت پر پڑھے' پس اگر رُک جائے تو نماز ان کے ساتھ پڑھ لے اور جو نماز اکیلے پڑھی ہے اسے فرض اور جو ان کے ساتھ پڑھی ہے' اسے نفل بنائے۔

9384- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَتَّاتُ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي عَمَّارٍ، عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: إِنَّهُ سَيَكُونُ أُمَرَاءُ يَدْعُونَ مِنَ السُّنَّةِ مِثْلَ هَذِهِ، فَإِنْ تَرَكْتُمُوهَا جَعَلُوهَا مِثْلَ هَذِهِ، فَإِنْ تَرَكْتُمُوهَا جَاءُوا بِالطَّامَّةِ الْكُبْرَى

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عنقریب ایسے حکمران ہوں گے کہ اس سنت کی مثل کی دعوت دیں گے' اگر تم نے اس کو چھوڑا' اس کی مثل بنایا' اگر تم نے چھوڑا تو لے آؤ گے بڑی آفت۔

9385- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي حُصَيْنٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَهْدِيٍّ، قَالَ: قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: كَيْفَ أَنْتَ يَا مَهْدِيُّ إِذَا ظُهِرَ لِخِيَارِكُمْ وَاسْتُعْمِلَ عَلَيْكُمْ أَحْدَاثُكُمْ، أَوْ أَشْرَارُكُمْ، وَصُلِّيَتِ الصَّلَاةُ لِغَيْرِ مِيقَاتِهَا؟ قُلْتُ: لَا أَدْرِي، قَالَ: لَا تَكُنْ جَابِيًا، وَلَا عَرِيفًا، وَلَا شُرَطِيًّا، وَلَا بَرِيدًا، وَصَلِّ الصَّلَاةَ لِمِيقَاتِهَا

حضرت مہدی فرماتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے مہدی! تیرا کیا حال ہو گا جب تمہارے پسندیدہ اور اچھے لوگ مغلوب ہوں گے' چھوکرے اور تمہارے معاشرے کے بُرے لوگ تم پر حکمران ہوں گے اور نمازوں کو ان کے اوقات سے ہٹا کر پڑھا جائے گا؟ میں نے عرض کی: مجھے معلوم نہیں! فرمایا: تحصیلدار' منتظم یا سردار نہ بننا' پولیس والا اور ڈاکیا نہ بننا اور نماز کو اس کے وقت پر پڑھنا۔

9384- قال فی المجمع جلد5صفحه230' ورجاله ثقات .

9385- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3789' قال فی المجمع جلد 5صفحه240' ومهدی لم أعرفه وبقية رجاله رجال الصحيح .

9386- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللَّهِ يُصَلِّي مَعَهُمْ إِذَا أَخَّرُوهَا قَلِيلًا، وَيَرَى أَنَّهُمْ يَتَحَمَّلُونَ إِثْمَ ذَلِكَ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ان کے ساتھ مل کر نماز پڑھا کرتے تھے' جب لوگ اس میں تھوڑی تاخیر کرتے اور آپ ان کو خیال کرتے کہ گناہ وہ اُٹھا رہے ہیں۔

9387- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: أَخَّرَ الْوَلِيدُ بْنُ عُقْبَةَ الصَّلَاةَ، فَأَمَرَ ابْنُ مَسْعُودٍ الْمُؤَذِّنَ فَثَوَّبَ بِالصَّلَاةِ، ثُمَّ تَقَدَّمَ فَصَلَّى بِالنَّاسِ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ الْوَلِيدُ: مَا صَنَعْتَ؟ أَجَاءَكَ مِنْ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ حَدَثٌ أَمِ ابْتَدَعْتَ؟ فَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: كُلُّ ذَلِكَ لَمْ يَكُنْ، وَلَمْ يَأْمُرِ اللَّهُ عَلَيْنَا وَرَسُولُهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنْ نَنْتَظِرَكَ بِصَلَاتِنَا، وَأَنْتَ فِي حَاجَتِكَ

حضرت قاسم بن عبدالرحمٰن فرماتے ہیں: ولید بن عقبہ نے نماز مؤخر کر دی' پس حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے مؤذن کو حکم دیا کہ وہ نماز کی تثویب کرے پھر آپ آگے ہوئے اور لوگوں کو نماز پڑھائی۔ تو ولید نے آپ کی طرف پیغام بھیجا کہ آپ نے کیا کیا؟ کیا وقت کے حکمران نے کوئی نیا کام کیا ہے یا آپ نے بدعت نکالی ہے؟ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ان میں سے کوئی بات بھی نہیں ہے اور نہ ہی اللہ نے اور نہ اس کے رسول ﷺ نے ہمیں کوئی اس طرح کا حکم دیا ہے کہ ہم اپنی نماز کی ادائیگی کیلئے خواہ مخواہ آپ کے منتظر رہیں (جب ہم میں نماز پڑھانے کی قابلیت ہے) حالانکہ آپ اپنے کام میں مشغول ہیں۔

9388- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، عَنِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بدبختی چار چیزوں میں ہے' جب اذان دی جائے تو اللہ اکبر الیٰ آخرہٖ اس کا جواب نہ دیا جائے' نماز ادا کرنے کے لیے اپنا

9386- قال فی المجمع جلد2صفحه240' ورجاله رجال الصحيح الا أن ابراهيم لم يدرك ابن مسعود .

9387- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3790 . ورواه البيهقي جلد3صفحه124 الا أنه قال عن القاسم بن عبد الرحمن أن أباه أخبره أن الوليد فذكه . وفي المصنف' ولكن أبى الله علينا ورسوله بدل لم يأمر الله علينا .

9388- قال فی المجمع جلد1صفحه332' والمسيب بن رافع لم يسمع من ابن مسعود .

ابْنِ مَسْعُودٍ أَنَّهُ قَالَ: إِنَّ مِنَ الْجَفَاءِ أَرْبَعَةٌ: أَنْ يَسْمَعَ الْمُؤَذِّنَ يَقُولُ: اللَّهُ أَكْبَرُ اللَّهُ أَكْبَرُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، فَلَا يَقُولُ مِثْلَ مَا يَقُولُ، وَأَنْ يَمْسَحَ وَجْهَهُ قَبْلَ أَنْ يَقْضِيَ صَلَاتَهُ، وَأَنْ يَبُولَ قَائِمًا، وَأَنْ يُصَلِّيَ، وَلَيْسَ بَيْنَهُ، وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ شَيْءٌ يَسْتُرُهُ

چہرہ صرف کر لینا چاہیے' کھڑے ہو کر پیشاب کرنا' نماز پڑھتے وقت قبلہ رو ہونا اور اپنے سامنے کسی شی کا سترہ نہ رکھنا۔

9389- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنِ الْمُسَيَّبِ، رَفَعَ الْحَدِيثَ إِلَى عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: أَرْبَعٌ مِنَ الْجَفَاءِ: أَنْ يَسْمَعَ الرَّجُلُ الْمُؤَذِّنَ يُكَبِّرُ فَلَا يُكَبِّرُ، وَيَتَشَهَّدُ فَلَا يَتَشَهَّدُ، وَيَمْسَحَ جَبْهَتَهُ مِنَ التُّرَابِ وَهُوَ يُصَلِّي، وَأَنْ يُصَلِّيَ فِي الْأَرْضِ الْفَضَاءِ لَيْسَ بَيْنَهُ، وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ سُتْرَةٌ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بدبختی چار چیزوں میں ہے' جب اذان دی جائے تو اللہ اکبرالی آخرہٖ اس کا جواب نہ دیا جائے' نماز ادا کرنے کے لیے اپنا چہرہ صرف کر لینا چاہیے' کھڑے ہو کر پیشاب کرنا' نماز پڑھتے وقت قبلہ رو ہونا اور اپنے سامنے کسی شی کا سترہ نہ رکھنا۔

9390- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: أَرْبَعٌ مِنَ الْجَفَاءِ: أَنْ تَمْسَحَ وَجْهَكَ وَأَنْتَ فِي الصَّلَاةِ، وَأَنْ تُصَلِّيَ إِلَى غَيْرِ سُتْرَةٍ، وَأَنْ تَبُولَ قَائِمًا، وَأَنْ تَسْمَعَ الْمُؤَذِّنَ وَلَا تَقُولُ كَمَا يَقُولُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بدبختی چار چیزوں میں ہے' جب اذان دی جائے تو اللہ اکبرالی آخرہٖ اس کا جواب نہ دیا جائے' نماز ادا کرنے کے لیے اپنا چہرہ صرف کر لینا چاہیے' کھڑے ہو کر پیشاب کرنا' نماز پڑھتے وقت قبلہ رو ہونا اور اپنے سامنے کسی شی کا سترہ نہ رکھنا۔

9391- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ

حضرت زید بن وہب فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! میں سو گیا اور صبح کی نماز قضا ہو گئی' اب سورج

إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، إِنِّي نِمْتُ عَنْ صَلَاةِ الْفَجْرِ حَتَّى طَلَعَتِ الشَّمْسُ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ: تَوَضَّأْ أَحْسَنَ مَا كُنْتَ مُتَوَضِّئًا، وَصَلِّ أَحْسَنَ مَا كُنْتَ مُصَلِّيًا، قَالَ: فَرَأَى أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ لَمْ يَفْهَمْ مِنْ كُبْرِ مَا أَتَى، قَالَ: فَعَادَ فَقَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ إِنِّي نِمْتُ عَنْ صَلَاةِ الْفَجْرِ حَتَّى طَلَعَتِ الشَّمْسُ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ: تَوَضَّأْ أَحْسَنَ مَا كُنْتَ مُتَوَضِّئًا، وَصَلِّ أَحْسَنَ مَا كُنْتَ مُصَلِّيًا، فَسَكَتَ حَتَّى إِذَا خَفَّ مَنْ عِنْدَهُ قَالَ لَهُ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، إِنِّي نِمْتُ عَنْ صَلَاةِ الْفَجْرِ حَتَّى طَلَعَتِ الشَّمْسُ، قَالَ: فَأَخَذَ عَبْدُ اللّٰهِ بِأُصْبُعِهِ فَعَصَرَهَا، ثُمَّ قَالَ: إِنَّمَا قِيلَ لَكَ لِتَعْقِلَ تَوَضَّأْ أَحْسَنَ مَا كُنْتَ مُتَوَضِّئًا وَصَلِّ أَحْسَنَ مَا كُنْتَ مُصَلِّيًا

طلوع ہوگیا ہے (کیا کروں؟) تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس کو فرمایا: اچھی طرح وضو کر جس طرح تُو وضو کرتا ہے اور خوبصورت طریقے سے نماز پڑھ جیسے تُو نماز پڑھا کرتا ہے۔ راوی کا بیان ہے: اس نے خیال کیا کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس بڑے سوال کو سمجھا نہیں جو وہ لایا ہے۔ پس اس نے اپنی بات دُہرائی' کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! میں فجر کی نماز سے سو گیا یہاں تک کہ سورج طلوع ہوگیا (اب میں کیا کروں؟) آپ نے اس سے فرمایا: جو وضو کرنا ہے تُو اچھی طرح وضو کر اور نماز پڑھ' اس سے زیادہ اچھے طریقے سے جو تُو نماز پڑھتا ہے۔ (یہ سن کر) وہ خاموش ہوگیا حتیٰ کہ جب آپ کے پاس لوگوں کی بھیڑ کم ہوئی تو اس نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! میں فجر کی نماز سے سو گیا حتیٰ کہ سورج طلوع ہوگیا۔ راوی کا بیان ہے: حضرت عبداللہ نے اس کی انگلی کو پکڑ کر دبایا پھر فرمایا: تجھے صرف اس لیے کہا گیا کہ تُو سمجھ لے' وضو کر اس سے زیادہ اچھا جو تُو کرتا ہے اور نماز پڑھ اس سے زیادہ خوبصورت انداز میں جو تُو نماز پڑھتا ہے۔

حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، وَيَحْيَى بْنُ الْعَلَاءِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ: أَتَى رَجُلٌ ابْنَ مَسْعُودٍ ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَ حَدِيثِ زَائِدَةَ

حضرت زید بن وہب سے روایت ہے' فرمایا: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ایک آدمی آیا' پھر حضرت زائدہ والی حدیث کی مثل ذکر فرمایا۔

9392- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: يُصَلِّي

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی دو کپڑوں میں نماز پڑھ رہا تھا' میں حضرت اُبی بن کعب سے ملا' میں نے آپ کو بتایا تو آپ نے فرمایا: تم ہر کسی کے

الرَّجُلُ فِي ثَوْبَيْنِ، فَلَقِيتُ أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ، فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ: كُلُّكُمْ يَجِدُ ثَوْبَيْنِ؟ يُصَلِّي فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ

پاس دو کپڑے پاتے ہو؟ ایک کپڑے میں نماز پڑھو۔

9393- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، وَعَائِشَةَ كَانَا يَتَطَوَّعَانِ فِي السَّفَرِ قَبْلَ الصَّلَاةِ وَبَعْدَهَا

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما سفر میں نماز سے پہلے اور بعد کی سنتیں ونوافل ادا کرتے تھے۔

9394- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ الْأَعْوَرِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، أَنَّ حُذَيْفَةَ قَالَ لِابْنِ مَسْعُودٍ: أَلَا تَعْجَبُ مِنْ قَوْمٍ بَيْنَ دَارِكَ، وَدَارِ أَبِي مُوسَى يَزْعُمُونَ أَنَّهُمْ مُعْتَكِفُونَ، فَقَالَ: لَعَلَّهُمْ أَصَابُوا، وَأَخْطَأْتَ

حضرت حذیفہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے عرض کی گئی: کیا آپ تعجب نہیں کرتے کہ جو لوگ آپ کے گھر اور حضرت ابوموسیٰ کے درمیان میں ہیں' وہ خیال کرتے ہیں کہ حالت اعتکاف میں ہیں' آپ نے فرمایا: ہوسکتا ہے وہ درست اور غلطی پر ہوں۔

9395- حَدَّثَنَا عَلِيٌّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ حُذَيْفَةَ قَالَ لِابْنِ مَسْعُودٍ: أَلَا تَعْجَبُ مِنْ قَوْمٍ بَيْنَ دَارِكَ، وَدَارِ أَبِي مُوسَى يَزْعُمُونَ أَنَّهُمْ مُعْتَكِفُونَ، قَالَ: فَلَعَلَّهُمْ أَصَابُوا، وَأَخْطَأْتَ أَوْ حَفِظُوا، وَنَسِيتَ، قَالَ: أَمَّا أَنَا فَقَدْ عَلِمْتُ أَنَّهُ لَا اعْتِكَافَ إِلَّا فِي مَسْجِدِ جَمَاعَةٍ

حضرت ابراہیم سے مروی ہے کہ حضرت حذیفہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے عرض کی: کیا آپ تعجب نہیں کرتے اس قوم سے جو لوگ آپ کے گھر اور حضرت ابوموسیٰ کے درمیان میں ہیں' وہ خیال کرتے ہیں کہ حالت اعتکاف میں ہیں' آپ نے فرمایا: ہوسکتا ہے وہ درست اور آپ غلطی پر ہوں' ان کو یاد ہو اور تُو بھول گیا ہو' بہر حال میں جانتا ہوں کہ وہ یہ ہے کہ اعتکاف جامع مسجد میں ہوتا ہے۔

9393- قال فی المجمع جلد2صفحه163' وقتادة لم يسمع من ابن مسعود ولا عائشة وبقية رجاله ثقات .

9395- قال فی المجمع جلد2صفحه173' واسنادها مرسل .

9396- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، ح وَحَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ وَاصِلٍ الْأَحْدَبِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: جَاءَ حُذَيْفَةُ إِلَى عَبْدِ اللَّهِ، فَقَالَ: أَلَا أُعَجِّبُكَ مِنْ نَاسٍ عُكُوفٍ بَيْنَ دَارِكَ، وَبَيْنَ دَارِ الْأَشْعَرِيِّ؟ فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: فَلَعَلَّهُمْ أَصَابُوا، وَأَخْطَأْتَ، قَالَ حُذَيْفَةُ: مَا أُبَالِي أَفِيهِ أَعْتَكِفُ أَمْ فِي سُوقِكُمْ هَذِهِ، وَإِنَّمَا الِاعْتِكَافُ فِي هَذِهِ الْمَسَاجِدِ الثَّلَاثَةِ: مَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَمَسْجِدِ الْمَدِينَةِ، وَمَسْجِدِ الْأَقْصَى، وَكَانَ الَّذِينَ اعْتَكَفُوا فَعَابَ عَلَيْهِمْ حُذَيْفَةُ فِي مَسْجِدِ الْكُوفَةِ الْأَكْبَرِ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت حذیفہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور عرض کی: کیا آپ تعجب نہیں کرتے ان لوگوں پر جو آپ کے اور ابوموسیٰ کے گھر کے درمیان اعتکاف کرتے ہیں۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ممکن ہے کہ وہ درست ہوں اور تم غلطی پر ہو۔ حضرت حذیفہ نے فرمایا: مجھے کوئی پرواہ نہیں کہ میں اس میں اعتکاف کروں یا اس بازار میں۔ اعتکاف تو صرف ان تین مسجدوں میں ہوتا ہے: (۱) مسجد حرام (۲) مدینہ شریف کی مسجد (نبوی) (۳) بیت المقدس اور جو لوگ اعتکاف میں تھے، پس حضرت حذیفہ نے کوفہ کی بڑی مسجد میں اعتکاف کرنے پر بھی انہیں عیب لگایا۔

باب

9397- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ جَامِعِ بْنِ أَبِي رَاشِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ، يَقُولُ: قَالَ حُذَيْفَةُ لِعَبْدِ اللَّهِ: قَوْمٌ عُكُوفٌ بَيْنَ دَارِكَ، وَدَارِ أَبِي مُوسَى أَلَا تَنْهَاهُمْ؟ فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللَّهِ: فَلَعَلَّهُمْ أَصَابُوا وَأَخْطَأْتَ، وَحَفِظُوا وَنَسِيتَ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ: لَا اعْتِكَافَ إِلَّا فِي هَذِهِ الْمَسَاجِدِ الثَّلَاثَةِ: مَسْجِدِ الْمَدِينَةِ، وَمَسْجِدِ

حضرت ابووائل فرماتے ہیں: حضرت حذیفہ نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے عرض کی: لوگ آپ کے اور ابوموسیٰ کے گھر کے درمیان اعتکاف بیٹھتے ہیں، آپ ان کی مذمت کرتے ہیں؟ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہوسکتا ہے کہ وہ درست ہوں اور تم غلطی پر ہو، ان کو یاد ہو اور تم بھول گئے ہو۔ حضرت حذیفہ نے فرمایا: اعتکاف تو صرف تین مسجدوں میں ہوسکتا ہے: مسجد نبوی، مسجد حرام اور مسجد ایلیا (بیت المقدس)۔

9396- قال فی المجمع جلد2صفحه173' وابراهيم لم يدرك حذيفة . ورواه عبد الرزاق رقم الحديث:8014 .

9397- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 8016' والبيهقي جلد 4صفحه316' قال فی المجمع جلد 2صفحه173' ورجاله رجال الصحيح .

مَكَّةَ، وَمَسْجِدِ إِيلِيَا

9398- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، ح وَحَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْأَقْمَرِ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ الْأَزْمَعِ، قَالَ: اعْتَكَفَ رَجُلٌ فِي خَيْمَةٍ لَهُ فَحَصَبَهُ النَّاسُ، فَأَرْسَلَ الرَّجُلُ إِلَى عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، فَجَاءَ عَبْدُ اللَّهِ فَطَرَدَ النَّاسَ وَحَسَّنَ ذَلِكَ

حضرت شداد بن ازمع فرماتے ہیں کہ ایک آدمی خیمہ لگا کر اعتکاف بیٹھتا تھا' لوگوں نے اس کو روکا' اس آدمی کو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی طرف بھیجا' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس وہ آدمی آیا' آپ نے لوگوں کو ڈانٹا اور اس کے کام کو سراہا۔

9399- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ كُرْدُوسٍ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ يُكَبِّرُ فِي الْأَضْحَى، وَالْفِطْرِ تِسْعًا تِسْعًا، يَبْدَأُ فَيُكَبِّرُ أَرْبَعًا، ثُمَّ يَقْرَأُ ثُمَّ يُكَبِّرُ وَاحِدَةً فَيَرْكَعُ بِهَا، ثُمَّ يَقُومُ فِي الرَّكْعَةِ الْآخِرَةِ فَيَبْدَأُ فَيَقْرَأُ، ثُمَّ يُكَبِّرُ أَرْبَعًا يَرْكَعُ بِإِحْدَاهُنَّ

حضرت کردوس فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ عیدالاضحیٰ اور عیدالفطر کی نماز میں نو تکبیریں کہتے تھے' چار شروع میں پھر قرأت کرتے' پھر ایک دفعہ تکبیر کہتے اور رکوع کرتے' پھر دوسری رکعت کے لیے کھڑے ہوتے' قرأت کرتے پھر چار تکبیریں کہتے اور ایک تکبیر رکوع کے لیے کہتے۔

9400- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، ثنا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنْ كُرْدُوسٍ، قَالَ: أَرْسَلَ الْوَلِيدُ إِلَى عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، وَحُذَيْفَةَ، وَأَبِي مَسْعُودٍ، وَأَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ بَعْدَ الْعَتَمَةِ فَقَالَ: إِنَّ هَذَا عِيدُ

حضرت کردوس فرماتے ہیں کہ حضرت ولید نے حضرت عبداللہ بن مسعود' حضرت حذیفہ' حضرت ابومسعود اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہم کی طرف نمازِ عشاء کے بعد دیکھا اور عرض کی: یہ مسلمان کی عید کی نماز کیسے ادا کرتے ہیں؟ اُنہوں نے کہا: ابوعبدالرحمٰن سے پوچھو! آپ سے پوچھا تو آپ نے فرمایا: پہلے چار تکبیریں کہتے'

9398- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:8015 .

9400- انظر ما بعده .

الْمُسْلِمِينَ فَكَيْفَ الصَّلَاةُ؟ فَقَالُوا: سَلْ أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ فَسَأَلَهُ فَقَالَ: يَقُومُ فَيُكَبِّرُ أَرْبَعًا، ثُمَّ يَقْرَأُ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ، وَسُورَةٍ مِنَ الْمُفَصَّلِ، ثُمَّ يُكَبِّرُ، وَيَرْكَعُ فَتِلْكَ خَمْسٌ، ثُمَّ يَقُومُ فَيَقْرَأُ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ، وَسُورَةٍ مِنَ الْمُفَصَّلِ، ثُمَّ يُكَبِّرُ أَرْبَعًا يَرْكَعُ فِي آخِرِهِنَّ فَتِلْكَ تِسْعٌ فِي الْعِيدَيْنِ، فَمَا أَنْكَرَهُ وَاحِدٌ مِنْهُمْ

پھر سورۂ فاتحہ اور مفصل سورت پڑھتے پھر تکبیر کہتے اور رکوع کرتے' یہ پانچ ہو جاتیں پھر کھڑے ہوتے اور سورۂ فاتحہ اور مفصل سے ایک سورت پڑھتے پھر چار تکبیریں کہتے' جن کے آخر میں چار تکبیریں کہتے' پس یہ عیدین میں نو تکبیریں ہو گئیں' پس ان میں سے کسی نے اعتراض نہ کیا۔

9401- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ الْوَلِيدَ بْنَ عُقْبَةَ، دَخَلَ الْمَسْجِدَ وَابْنُ مَسْعُودٍ، وَحُذَيْفَةُ، وَأَبُو مُوسَى فِي عَرْصَةِ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ الْوَلِيدُ: إِنَّ الْعِيدَ قَدْ حَضَرَ فَكَيْفَ أَصْنَعُ؟ فَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: تَقُولُ اللَّهُ أَكْبَرُ، وَتَحْمَدُ اللَّهَ، وَتُثْنِي عَلَيْهِ، وَتُصَلِّي عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَدْعُو اللَّهَ، ثُمَّ تُكَبِّرُ، وَتَحْمَدُ اللَّهَ، وَتُثْنِي عَلَيْهِ، وَتُصَلِّي عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ تُكَبِّرُ، وَتَحْمَدُ اللَّهَ، وَتُثْنِي عَلَيْهِ، وَتُصَلِّي عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَدْعُو اللَّهَ، ثُمَّ تُكَبِّرُ، وَتَحْمَدُ اللَّهَ، وَتُثْنِي عَلَيْهِ وَتُصَلِّي عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَدْعُو، ثُمَّ كَبِّرْ وَاقْرَأْ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ، وَسُورَةٍ، ثُمَّ كَبِّرْ وَارْكَعْ وَاسْجُدْ، ثُمَّ قُمْ فَاقْرَأْ

حضرت ابراہیم سے مروی ہے کہ ولید بن عقبہ' مسجد میں داخل ہوا اس حال میں کہ حضرات ابن مسعود' حذیفہ اور ابوموسیٰ رضی اللہ عنہم مسجد کے صحن میں تشریف فرما تھے تو ولید نے کہا: بے شک عید آ گئی ہے' پس کیا طریقہ اختیار کروں؟ پس حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ اکبر کہہ' اللہ کی حمد وثناء کر' نبی کریم ﷺ پر درود پڑھ اور دعا مانگ' پھر تکبیر کہہ' اللہ کی حمد وثناء کر اور نبی کریم ﷺ پر درود پڑھ' پھر تکبیر کہہ' اللہ کی حمد وثناء کر اور نبی کریم ﷺ پر درود پڑھ' پھر تکبیر کہہ' اللہ کی حمد وثناء کر' نبی کریم ﷺ پر درود پڑھ اور دعا کر' پھر تکبیر کہہ' اللہ کی حمد وثناء کر' نبی کریم ﷺ پر درود پڑھ پر اور دعا کر' پھر تکبیر کہہ' سورۂ فاتحہ اور ایک دوسری سورت پڑھ پھر تکبیر کہہ کر رکوع اور سجود کر' پھر کھڑا ہو کر سورۂ فاتحہ اور ایک دوسری سورت پڑھ' پھر تکبیر کہہ' اللہ کی حمد وثناء کر' نبی کریم ﷺ پر درود پڑھ اور دعا کر' پھر تکبیر کہہ' اللہ کی حمد وثناء کر اور نبی کریم ﷺ پر درود پڑھ کر دعا کر' پھر تکبیر کہہ' اللہ کی حمد وثناء

9401- قال في المجمع جلد2صفحه205 وابراهيم لم يدرك واحدًا من هؤلاء الصحابة وهو مرسل ورجاله ثقات .

بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ، وَسُورَةٍ، ثُمَّ كَبِّرْ، وَاحْمَدِ اللّٰهَ، وَأَثْنِ عَلَيْهِ، وَصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَادْعُ ثُمَّ كَبِّرْ، وَاحْمَدِ اللّٰهَ، وَأَثْنِ عَلَيْهِ، وَصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَارْكَعْ وَاسْجُدْ قَالَ: فَقَالَ حُذَيْفَةُ، وَأَبُو مُوسَى: أَصَابَ

کر اور نبی کریم ﷺ پر درود پڑھ اور رکوع و سجود کر۔ راوی کا بیان ہے: (یہ سن کر) حضرت حذیفہ اور حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہما دونوں نے کہا: درست فرمایا۔

9402- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، وَالْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَا: كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ جَالِسًا، وَعِنْدَهُ حُذَيْفَةُ، وَأَبُو مُوسَى، فَسَأَلَهُمْ سَعِيدُ بْنُ الْعَاصِ عَنِ التَّكْبِيرِ فِي الصَّلَاةِ يَوْمَ الْفِطْرِ، وَالْأَضْحَى فَجَعَلَ هَذَا يَقُولُ: سَلْ هَذَا، وَهَذَا يَقُولُ: سَلْ هَذَا، حَتَّى قَالَ لَهُ حُذَيْفَةُ: سَلْ هَذَا -لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ- فَسَأَلَهُ فَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: يُكَبِّرُ أَرْبَعًا، ثُمَّ يَقْرَأُ، ثُمَّ يُكَبِّرُ، فَيَرْكَعُ، ثُمَّ يُكَبِّرُ فِي الثَّانِيَةِ فَيَقْرَأُ، ثُمَّ يُكَبِّرُ أَرْبَعًا بَعْدَ الْقِرَاءَةِ

حضرت علقمہ اور حضرت اسود بن یزید دونوں فرماتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ تشریف فرما تھے جبکہ حضرت حذیفہ اور ابوموسیٰ رضی اللہ عنہما بھی ان کے پاس تھے۔ حضرت سعید بن عاص نے ان سب سے عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کے دن تکبیروں کے متعلق سوال کیا' پس اس آدمی نے کہنا شروع کر دیا: اس سے سوال کر! اور دوسرا کہنے لگا: اس سے سوال کر! حتیٰ کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے اس آدمی سے فرمایا: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کا نام لے کر (یا اشارہ کر کے) اس سے پوچھ۔ پس اس نے اُن سے پوچھا تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: چار تکبیریں کہے گا پھر قرأت کرے گا پھر تکبیر کہہ کر رکوع کرے گا پھر دوسری رکعت میں تکبیر کہہ کر قرأت شروع کر دے گا' پھر قرأت کے بعد چار تکبیریں کہے گا۔

9403- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، وَالْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ

حضرت علقمہ اور اسود بن یزید فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نو تکبیریں کہتے تھے عیدین میں' چار قرأت سے پہلے پھر تکبیر کہتے رکوع کرتے اور دوسری

9402- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:5687 .

9403- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:5685 .

ابْنَ مَسْعُودٍ كَانَ يُكَبِّرُ فِي الْعِيدَيْنِ تِسْعًا، أَرْبَعًا قَبْلَ الْقِرَاءَةِ، ثُمَّ يُكَبِّرُ فَيَرْكَعُ، وَفِي الثَّانِيَةِ يَقْرَأُ فَإِذَا فَرَغَ كَبَّرَ أَرْبَعًا، ثُمَّ رَكَعَ

قرأت کر کے پھر چار تکبیریں کہتے اور رکوع کرتے۔

9404- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، وَعَلْقَمَةَ، وَمَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّهُ: كَانَ يُكَبِّرُ بِتِسْعٍ فِي الْأَضْحَى وَالْفِطْرِ، يَقُومُ فَيُكَبِّرُ أَرْبَعًا، ثُمَّ يَقْرَأُ، ثُمَّ يُكَبِّرُ وَاحِدَةً فَيَرْكَعُ بِهَا، ثُمَّ يَقُومُ فَيَقْرَأُ، وَيُكَبِّرُ أَرْبَعًا يَرْكَعُ بِوَاحِدَةٍ

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ میں نو تکبیریں کہتے' کھڑے ہوتے چار تکبیریں کہتے' پھر قرأت کرتے اور تکبیریں کہہ کر رکوع کرتے' پھر کھڑے ہوتے قرأت کرتے اور چار تکبیریں کہتے اور ایک تکبیر کہہ کر رکوع کرتے تھے۔

9405- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ بْنِ أَبِي الْمُخَارِقِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، وَعَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ: كَانَ يُكَبِّرُ فِي الْأُولَى خَمْسًا بِتَكْبِيرَةِ الرَّكْعَةِ، وَبِتَكْبِيرَةِ الِاسْتِفْتَاحِ، وَفِي الْأُخْرَى أَرْبَعًا بِتَكْبِيرَةِ الرَّكْعَةِ

حضرت اسود بن یزید فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود عید کی پہلی رکعت میں پانچ تکبیریں کہتے' ایک شروع کرنے کے لیے اور چار اس کے بعد۔

9406- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي مُوسَى، عَنْ أَبِيهِ، حِينَ دَعَا بِهِمْ سَعِيدُ بْنُ الْعَاصِ دَعَى أَبَا مُوسَى، وَحُذَيْفَةَ، وَعَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ عِنْدَ

حضرت عبداللہ بن ابوموسیٰ اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ جب ان کو حضرت سعید بن عاص نے بلایا تو ابوموسیٰ' حذیفہ اور عبداللہ بن مسعود کو فجر کے وقت فجر کی نماز پڑھنے سے پہلے بلایا' پس ان سب سے عید کے دن تکبیر کے بارے میں سوال کیا' پس حضرت حذیفہ

9404- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:5685 .

الْفَجْرِ قَبْلَ أَنْ يُصَلِّيَ الْغَدَاةَ، فَسَأَلَهُمْ عَنِ التَّكْبِيرِ يَوْمَ الْعِيدِ فَقَالَ حُذَيْفَةُ: سَلِ الْأَشْعَرِيَّ، فَقَالَ الْأَشْعَرِيُّ: سَلْ عَبْدَ اللَّهِ فَإِنَّهُ أَعْلَمُنَا وَأَقْدَمُنَا، فَسَأَلَهُ فَقَالَ: تَفْتَحُ بِأَرْبَعٍ، وَتَخْتِمُ بِأَرْبَعٍ، وَتُكَبِّرُ وَاحِدَةً، ثُمَّ تُضِيفُ إِلَيْهَا ثَلَاثًا، ثُمَّ تُكَبِّرُ فَتَرْكَعُ، فَإِذَا رَفَعْتَ مِنَ السَّجْدَةِ قَرَأْتَ، ثُمَّ كَبَّرْتَ أَرْبَعًا، ثُمَّ تَرْكَعُ

رضی اللہ عنہ نے کہا: حضرت اشعری سے سوال کر! تو حضرت اشعری بولے: حضرت عبداللہ سے پوچھ کیونکہ وہ ہم سے زیادہ عالم اور پرانے ہیں۔ پس اس نے ان سے سوال کیا تو اُنہوں نے فرمایا: چار تکبیروں سے آغاز کرے گا اور چار تکبیریں آخر میں کہے گا اور ایک تکبیر کہے گا پھر اس کے ساتھ تین تکبیریں ملائے گا' پھر تکبیر کہہ کر رکوع کرے گا' پس جب سجدہ سے سر اُٹھائے گا تو قرأت کرے گا پھر چار تکبیریں کہے گا پھر رکوع کرے گا۔

9407- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْأَقْمَرِ، عَنْ أَبِي عَطِيَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: التَّكْبِيرُ فِي الْعِيدَيْنِ أَرْبَعًا كَالصَّلَاةِ عَلَى الْمَيِّتِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عیدین میں چار تکبیریں نمازِ جنازہ کی طرح ہیں۔

9408- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْكَرِيمِ عَنِ النَّخَعِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ، وَالْأَسْوَدِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنَّ بَيْنَ كُلِّ تَكْبِيرَتَيْنِ قَدْرُ كَلِمَةٍ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو تکبیروں کے درمیان فاصلہ ایک کلمہ کو کی مقدار ہے۔

9409- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، وَحُذَيْفَةَ، كَانَا يَنْهَيَانِ النَّاسَ -أَوْ قَالَ: يُجْلِسَانِ- مَنْ يَرَيَاهُ

حضرت ابن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود اور حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہما دونوں امام کے نکلنے سے پہلے لوگوں کو نماز پڑھنے سے منع کرتے تھے۔

9407- قال فی المجمع جلد2صفحه205' وفيه عبد الكريم وهو ضعيف . ورواه عبد الرزاق رقم الحديث:5697 .

9409- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 5606' قال فی المجمع جلد2صفحه202' رواه الطبرانی فی الكبير بأسانيد وفی بعضها قال أنبئت أن ابن مسعود وحذيفة فهو مرسل صحيح الاسناد .

يُصَلِّي قَبْلَ خُرُوجِ الْإِمَامِ فِي الْعِيدِ

9410- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَيُّوبَ، وَهِشَامٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، وَحُذَيْفَةَ كَانَا يَنْهَيَانِ النَّاسَ يَوْمَ الْعِيدِ عَنِ الصَّلَاةِ قَبْلَ خُرُوجِ الْإِمَامِ

حضرت ابن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود اور حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہما دونوں امام کے نکلنے سے پہلے لوگوں کو نماز پڑھنے سے منع کرتے تھے۔

9411- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ: أُنْبِئْتُ أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، وَحُذَيْفَةَ كَانَا يَقُومَانِ فِي النَّحْرِ، وَالْفِطْرِ فَيَنْهَيَانِ أَنْ يُصَلِّيَ أَحَدٌ قَبْلَ الْإِمَامِ

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ مجھے بتایا گیا کہ حضرت ابن مسعود اور حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہما دونوں عیدالاضحیٰ اور عیدالفطر کے دن کھڑے ہوتے' دونوں امام کے نکلنے سے پہلے لوگوں کو نماز پڑھنے سے منع کرتے تھے (یعنی نفل وغیرہ)۔

9412- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، أُنْبِئْتُ أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، وَحُذَيْفَةَ، أَحَدُهُمَا أَوْ كِلَاهُمَا قَامَ قَائِمًا فَنَهَى النَّاسَ عَنِ الصَّلَاةِ يَوْمَ الْعِيدِ قَبْلَ خُرُوجِ الْإِمَامِ

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ مجھے بتایا گیا کہ حضرت ابن مسعود اور حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہما دونوں عیدالاضحیٰ اور عیدالفطر کے دن کھڑے ہوتے' دونوں امام کے نکلنے سے پہلے لوگوں کو نماز پڑھنے سے منع کرتے تھے (یعنی نفل وغیرہ)۔

9413- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ كَانَ لَا يُصَلِّي قَبْلَهَا وَيُصَلِّي بَعْدَهَا أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود عید کی نماز سے پہلے نماز نہیں پڑھتے تھے' بعد میں چار رکعتیں پڑھتے تھے۔

9414- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی

9413- انظر ما بعده .

9414- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 5621' قال في المجمع جلد2صفحه202 رواه الطبراني في الكبير بأسانيد صحيحة الا أنها مرسلة .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، وَقَتَادَةَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ: كَانَ يُصَلِّي بَعْدَهَا أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ أَوْ ثَمَانٍ، وَكَانَ لَا يُصَلِّي قَبْلَهَا

اللہ عنہ عید کی نماز سے پہلے نماز نہیں پڑھتے تھے اور بعد میں چار یا آٹھ رکعتیں پڑھتے تھے۔

9415- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ يُصَلِّي بَعْدَ الْعِيدَيْنِ أَرْبَعًا

حضرت امام شعبی فرماتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ عید کی نماز کے بعد چار رکعتیں پڑھتے تھے۔

9416- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شُعَيْبٍ السِّمْسَارُ، ثنا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ حُرَيْثٍ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّهُ: كَانَ يُصَلِّي بَعْدَ الْعِيدَيْنِ أَرْبَعًا

حضرت امام شعبی فرماتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ عید کی نماز کے بعد چار رکعتیں پڑھتے تھے۔

9417- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ: مَنْ فَاتَهُ الْعِيدُ فَلْيُصَلِّ أَرْبَعًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس کی عید کی نماز رہ جائے تو وہ چار رکعت پڑھے۔

9418- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ: مَنْ فَاتَهُ الْعِيدُ فَلْيُصَلِّ أَرْبَعًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس کی عید کی نماز رہ جائے تو وہ چار رکعت پڑھے۔

9415- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:5620 .

9417- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:5713' قال في المجمع جلد2صفحه205' ورجاله ثقات .

9419- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بَرَّةَ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا الثَّوْرِيُّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ: كَانَ يُكَبِّرُ مِنْ صَلَاةِ الْغَدَاةِ يَوْمَ عَرَفَةَ إِلَى صَلَاةِ الْعَصْرِ مِنْ يَوْمِ النَّحْرِ

حضرت اسود فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے عرض کی: نمازِ فجر کے بعد نحر کے دن کی عصر تک تکبیریں پڑھتے تھے۔

9420- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْكَرِيمِ أَبُو أُمَيَّةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ، وَالْأَسْوَدِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، فِي زَكَاةِ الْفِطْرِ قَالَ: مُدٌّ مِنْ قَمْحٍ، أَوْ صَاعٌ مِنْ تَمْرٍ أَوْ شَعِيرٍ

حضرت علقمہ اور اسود فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے صدقۂ فطر کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: ایک مُد کھجور یا جَو یا کشمش کے برابر۔

باب

9421- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ التَّيْمِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: اغْتَسَلْتُ مَعَ ابْنِ مَسْعُودٍ يَوْمَ عَرَفَةَ تَحْتَ الْأَرَاكِ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ عرفہ کے دن اراک کے نیچے غسل کیا۔

9422- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِي الْحَكَمُ، وَحَمَّادٌ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللَّهِ يَقُولُ: التَّكْبِيرُ أَيَّامَ التَّشْرِيقِ بَعْدَ صَلَاةِ

حضرت اسود فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے عرض کی: نمازِ فجر کے بعد نحر کے دن کی عصر تک تکبیریں پڑھتے تھے۔

9419- قال فی المجمع جلد2صفحه197' ورجاله موثقون .

9420- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:5769' قال فی المجمع جلد2صفحه82' وفيه عبد الكريم أبو أمية وهو ضعيف

9421- قال فی المجمع جلد3صفحه253 وفيه الحجاج بن أرطاة وفيه كلام .

الصُّبْحِ مِنْ يَوْمِ عَرَفَةَ إِلَى بَعْدِ الْعَصْرِ مِنْ يَوْمِ النَّحْرِ

9423- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ أَصْحَابِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّهُ: كَانَ يُكَبِّرُ صَلَاةَ الْغَدَاةِ مِنْ يَوْمِ عَرَفَةَ، وَيَقْطَعُ صَلَاةَ الْعَصْرِ مِنْ يَوْمِ النَّحْرِ، يُكَبِّرُ إِذَا صَلَّى الْعَصْرَ، قَالَ: وَكَانَ يُكَبِّرُ: اللَّهُ أَكْبَرُ اللَّهُ أَكْبَرُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَاللَّهُ أَكْبَرُ اللَّهُ أَكْبَرُ وَلِلَّهِ الْحَمْدُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ نویں ذوالحجہ کے دن صبح کی نماز سے تکبیر کہا کرتے تھے اور دسویں کی عصر کے وقت ختم کر دیتے تھے' جب عصر پڑھ کر فارغ ہوتے تو کہتے: اور تکبیر اس طرح کہتے: اللہ اکبر' اللہ اکبر' لا الہ الا اللہ واللہ اکبر وللہ الحمد۔

9424- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ: (إِذَا نُودِيَ لِلصَّلَاةِ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلَى ذِكْرِ اللَّهِ) (الجمعة:9) قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: لَوْ قَرَأْتُهَا فَاسْعَوْا لَسَعَيْتُ حَتَّى يَسْقُطَ رِدَائِي، وَكَانَ يَقْرَؤُهَا فَامْضُوا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اس آیت کہ ''جب جمعہ کے دن نماز کے لیے اذان دی جائے تو اللہ کے ذکر کے لیے دوڑو''۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اگر میری قرأت ''فاسعوا'' (پس سعی کرو) ہے تو میں مکمل سعی کروں گا حتیٰ کہ میری چادر گر جائے اور اس کو پڑھتے اور چلے جاتے تھے۔

9425- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: فِي حَرْفِ ابْنِ مَسْعُودٍ: فَامْضُوا إِلَى ذِكْرِ اللَّهِ، وَهِيَ كَقَوْلِهِ: (إِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتَّى) (الليل:4)

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی قرأت میں ''فامضوا الی ذکر اللہ'' جس طرح اللہ کا ارشاد ہے: ''ان سعیکم لشتی''۔

9424- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 5349' قال فی المجمع جلد 7صفحه124' وابراهيم لم يدرك ابن مسعود ورجاله ثقات .

9425- قال فی المجمع جلد7صفحه124' وقتادة لم يدرك ابن مسعود' ولكن رجاله ثقات .

9426- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أنا حَمَّادٌ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ: سَأَلَ أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ -وَنَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ- عَنْ آيَةٍ مِنْ كِتَابِ اللَّهِ فَأَعْرَضَ عَنْهُ، وَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ قَالَ: إِنَّكَ لَمْ تُجَمِّعْ، فَسَأَلَ ابْنُ مَسْعُودٍ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: صَدَقَ أُبَيٌّ

حضرت ابراہیم سے روایت ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ سے اس حالت میں پوچھا کہ حضور ﷺ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے' قرآن کی ایک آیت کے متعلق۔ حضرت اُبی نے اعراض فرمایا جس وقت آپ ﷺ نے نماز مکمل فرمائی تو حضرت اُبی نے فرمایا: آپ جمعہ کی نماز ادا نہیں کر رہے تھے' پس حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے رسول کریم ﷺ سے سوال کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اُبی نے سچ کہا۔

9427- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُهَاجِرِ الْبَجَلِيُّ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: اسْتَقْرَأَ رَجُلٌ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ، وَالْإِمَامُ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَلَمْ يُكَلِّمْهُ عَبْدُ اللَّهِ، فَلَمَّا قَضَى الصَّلَاةَ، قَالَ لَهُ عَبْدُ اللَّهِ: الَّذِي سَأَلْتَ عَنْهُ نَصِيبُكَ مِنَ الْجُمُعَةِ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں: ایک آدمی نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے قرأت کے بارے پوچھا اس حالت میں کہ امام خطبہ دے رہا تھا جمعہ کے دن' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس سے کلام نہیں فرمایا' جب نماز مکمل ہوئی تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اسے فرمایا: تُو نے جس بارے سوال کیا' تیرا حصہ ہے جمعہ سے۔

9428- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا الرُّكَيْنُ بْنُ الرَّبِيعِ الْفَزَارِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: كَفَى لَغْوًا أَنْ تَقُولَ لِصَاحِبِكَ: أَنْصِتْ، إِذَا خَرَجَ الْإِمَامُ فِي الْجُمُعَةِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: لغو بات کے لیے کافی ہے کہ جب امام جمعہ کے دن خطبہ کے لیے نکلے تو تُو اپنے ساتھی سے کہے: خاموش رہ!

9426- ابراهيم لم يدرك ابن مسعود .

9427- قال في المجمع جلد2صفحه186' ورجاله ثقات . قلت: ابراهيم لم يدرك ابن مسعود .

9428- قال في المجمع جلد2صفحه186' ورجاله رجال الصحيح .

9429- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ، قَالَ: صَلَّيْتُ أَنَا وَزِرٌّ، فَأَمَّنِي وَفَاتَتْنَا الْجُمُعَةُ، فَسَأَلْتُ إِبْرَاهِيمَ فَقَالَ: فَعَلَ ذَلِكَ عَبْدُ اللَّهِ بِعَلْقَمَةَ، وَالْأَسْوَدِ قَالَ سُفْيَانُ: وَرُبَّمَا فَعَلْتُهُ أَنَا وَالْأَعْمَشُ

حضرت حسن بن عبیداللہ فرماتے ہیں: میں اور زر نے نماز پڑھی' پس وہ امام بنے اور میں متقدی' ہمارا جمعہ رہ گیا۔ پس میں نے حضرت ابراہیم سے سوال کیا تو اُنہوں نے فرمایا: حضرت عبداللہ نے حضرت علقمہ اور حضرت اسود کے ساتھ ایسے ہی کیا' حضرت سفیان کا قول ہے: کبھی میں اور اعمش کرلیا کرتے۔

9430- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَتَّاتُ الْكُوفِيُّ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: مَنْ أَدْرَكَ مِنَ الْجُمُعَةِ رَكْعَةً فَلْيُضِفْ إِلَيْهَا أُخْرَى، وَمَنْ فَاتَتْهُ الرَّكْعَتَانِ فَلْيُصَلِّ أَرْبَعًا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے جمعہ کی ایک رکعت پڑھ لی اور دوسری رکعت ساتھ ملائی تو جس کی دو رکعتیں رہ جائے وہ چار رکعتیں پڑھے۔

9431- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَنْ أَدْرَكَ الرَّكْعَةَ فَقَدْ أَدْرَكَ الْجُمُعَةَ، وَمَنْ لَمْ يُدْرِكِ الرَّكْعَةَ فَلْيُصَلِّ أَرْبَعًا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے جمعہ کی ایک رکعت پڑھ لی اور دوسری رکعت ساتھ ملائی تو جس کی دو رکعتیں رہ جائے وہ چار رکعتیں پڑھے۔

9432- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، قَالَ: سُئِلَ أَبُو إِسْحَاقَ السَّبِيعِيُّ: أَذَكَرْتَ عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ، قَالَ: مَنْ أَدْرَكَ الرَّكْعَتَيْنِ أَوْ أَحَدَهُمَا فَقَدْ أَدْرَكَ الْجُمُعَةَ، وَمَنْ

حضرت زائدہ فرماتے ہیں: ابواسحاق سبیعی سے سوال ہوا: کیا آپ نے ابواحوص سے ذکر کیا کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے جمعہ کی ایک رکعت پڑھ لی اور دوسری رکعت ساتھ ملائی تو جس کی دو رکعتیں رہ جائے وہ چار رکعتیں پڑھے۔ فرمایا: جی ہاں!

9429- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 5456 .

9431- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 5477' الا أنه لم يذكر الثوری .

فَاتَتْهُ الرَّكْعَتَانِ فَلْيُصَلِّ أَرْبَعًا؟ قَالَ: نَعَمْ

9433- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: مَنْ أَدْرَكَ الْخُطْبَةَ فَالْجُمُعَةُ رَكْعَتَانِ، وَمَنْ لَمْ يُدْرِكْهَا فَلْيُصَلِّ أَرْبَعًا، وَمَنْ لَمْ يُدْرِكِ الرَّكْعَةَ فَلَا يَعْتَمِدُ بِالسَّجْدَةِ حَتَّى يُدْرِكَ الرَّكْعَةَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے جمعہ کی نماز پائی وہ دو رکعتیں پڑھے اور جس نے نماز نہیں پائی وہ چار رکعتیں پڑھے' جس نے ایک رکعت بھی نہیں پائی وہ سجدہ پر اعتماد نہ کرے' رکعت کا انتظار کرے۔

9434- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا مَعْمَرٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَنْ فَاتَتْهُ الرَّكْعَةُ الْأُخْرَى فَلْيُصَلِّ أَرْبَعًا قَالَ مَعْمَرٌ: قَالَ قَتَادَةُ: يُصَلِّي أَرْبَعًا، فَقِيلَ لِقَتَادَةَ: إِنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ جَاءَ وَهُمْ جُلُوسٌ فِي آخِرِ الصَّلَاةِ، فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: اجْلِسُوا أَدْرَكْتُمْ إِنْ شَاءَ اللَّهُ، قَالَ قَتَادَةُ: إِنَّمَا يَقُولُ: أَدْرَكْتُمُ الْأَجْرَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس کی نمازِ جمعہ کی دوسری رکعت بھی رہ گئی وہ چار رکعتیں پڑھے۔ حضرت معمر فرماتے ہیں کہ حضرت قتادہ نے فرمایا: چار رکعتیں پڑھے۔ حضرت قتادہ سے عرض کی گئی کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ تشریف لائے اس حال میں کہ وہ لوگ نماز کے آخر میں بیٹھے ہوئے تھے تو اپنے شاگردوں سے فرمایا: بیٹھ جایا کرو' اگر اللہ نے چاہا تو تم پالو گے۔ حضرت قتادہ کا قول ہے: آ فرمایا کرتے تھے: تم دوسرے کو پالو گے۔

9435- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ يُعَلِّمُنَا أَنْ نُصَلِّيَ أَرْبَعَ

حضرت ابوعبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نمازِ جمعہ کے بعد چار رکعت پڑھنے کے متعلق بتاتے تھے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ارشاد سنا کہ چھ رکعتیں پڑھ۔ حضرت ابوعبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ ہم چھ

9433- قال فی المجمع جلد2صفحہ191' ورجالہ ثقات ۔

9434- رواہ عبد الرزاق رقم الحدیث:5479 ۔

9435- قال فی المجمع جلد2صفحہ131' وعطاء بن السائب ثقة ولکنہ اختلط ۔

رَكَعَاتٍ بَعْدَ الْجُمُعَةِ حَتَّى سَمِعْنَا قَوْلَ عَلِيٍّ: صَلُّوا سِتًّا ، قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ: فَنَحْنُ نُصَلِّي سِتًّا ، قَالَ عَطَاءٌ: أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ أَرْبَعًا

رکعتیں پڑھتے تھے۔ حضرت عطاء نے فرمایا کہ حضرت ابوعبدالرحمٰن دو رکعتیں پڑھتے پھر اس کے بعد چار رکعتیں پڑھتے تھے۔

9436- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، قَالَ: كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ يَأْمُرُنَا أَنْ نُصَلِّيَ قَبْلَ الْجُمُعَةِ أَرْبَعًا وَبَعْدَهَا أَرْبَعًا حَتَّى جَاءَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فَأَمَرَنَا أَنْ نُصَلِّيَ بَعْدَهَا رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ أَرْبَعًا

حضرت ابوعبدالرحمٰن السلمی فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ہمیں جمعہ سے پہلے اور بعد میں چار چار رکعتیں پڑھنے کا حکم دیتے تھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ تشریف لائے' اُنہوں نے ہمیں دو رکعتیں اس کے بعد اور اس کے بعد چار رکعتیں پڑھنے کا حکم دیا۔

9437- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجٌ، ثنا هَمَّامٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ يَأْمُرُنَا أَنْ نُصَلِّيَ قَبْلَ الْجُمُعَةِ أَرْبَعًا، وَبَعْدَهَا أَرْبَعًا حَتَّى جَاءَ عَلِيٌّ فَأَمَرَنَا أَنْ نُصَلِّيَ بَعْدَهَا رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ أَرْبَعًا

حضرت ابوعبدالرحمٰن السلمی فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ہمیں جمعہ سے پہلے اور بعد میں چار چار رکعتیں پڑھنے کا حکم دیتے تھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ تشریف لائے' اُنہوں نے ہمیں دو رکعتیں اس کے بعد اور اس کے بعد چار رکعتیں پڑھنے کا حکم دیا۔

9438- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجٌ، ثنا هَمَّامٌ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: أَمَرَنَا ابْنُ مَسْعُودٍ، أَنْ نُصَلِّيَ بَعْدَ الْجُمُعَةِ أَرْبَعًا قَالَ: فَلَمَّا جَاءَ عَلِيٌّ قَالَ: اجْعَلُوهَا سِتًّا

حضرت ابوعبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم جمعہ کے بعد چار رکعت پڑھا کریں۔ فرمایا: جب حضرت علی رضی اللہ عنہ آئے تو فرمایا: ان کو چھ بنالو۔

9439- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ، ثنا

حضرت علقمہ بن قیس فرماتے ہیں کہ حضرت ابن

باب

9436- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 5525 .

9439- قال في المجمع جلد2صفحه195' ورجاله ثقات .

مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ صَلَّى يَوْمَ الْجُمُعَةِ بَعْدَمَا سَلَّمَ الْإِمَامُ أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ

مسعود رضی اللہ عنہ جمعہ کے دن امام کے سلام پھیرنے کے بعد چار رکعتیں پڑھیں۔

9440- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ كَانَ يُصَلِّي قَبْلَ الْجُمُعَةِ أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ، وَبَعْدَهَا أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ قَالَ أَبُو إِسْحَاقَ: وَكَانَ عَلِيٌّ يُصَلِّي بَعْدَ الْجُمُعَةِ سِتَّ رَكَعَاتٍ

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں: حضرت ابن مسعود جمعہ سے پہلے اور بعد میں چار رکعتیں پڑھتے تھے۔ حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ جمعہ کے بعد چھ رکعتیں پڑھتے تھے۔

9441- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ كَانَ يُصَلِّي بَعْدَ الْجُمُعَةِ أَرْبَعًا

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ جمعہ کے بعد چار رکعتیں پڑھتے تھے۔

9442- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، ثنا زَيْدُ بْنُ وَهْبٍ، قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي الْجُمُعَةَ مَعَ عَبْدِ اللَّهِ، ثُمَّ نَرْجِعُ فَنَقِيلُ

حضرت زید بن وہب فرماتے ہیں کہ ہم حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ جمعہ پڑھ کر واپس آتے تو قیلولہ کرتے۔

9443- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْعَلَاءِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: كُنَّا نُجَمِّعُ

حضرت زید بن وہب فرماتے ہیں کہ ہم حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ جمعہ پڑھ کر واپس آتے تو قیلولہ کرتے۔

9440- ويظهر أنه يوجد نقص في المصنف حيث حذف منه هذا الأثر - بين أثر قتادة وقول أبي اسحاق . وليس في أثر قتادة كان يصلي قبل الجمعة أربع ركعات .

9441- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:5524 .

9442- قال في المجمع جلد2صفحه148' ورجاله ثقات .

9443- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:5220' ويحيى بن العلاء كذاب وانظر ما قبله .

مَعَ ابْنِ مَسْعُودٍ، ثُمَّ نَرْجِعُ فَنَقِيلُ

9444- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ السِّرَاجُ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، قَالَ: رَأَيْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ، يَعُسُّ الْمَسْجِدَ بِاللَّيْلِ فَلَا يَرَى فِيهِ سَوَادًا إِلَّا أَخْرَجَهُ إِلَّا رَجُلًا قَائِمًا يُصَلِّي

حضرت ابوعمرو شیبانی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ رات کو نگہبانی کیلئے مسجد کا چکر لگایا کرتے تھے' پس وہاں پر نماز پڑھنے والے آدمی کے علاوہ ہر ایک کو نکال دیتے تھے۔

9445- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ هُزَيْلَ بْنَ شُرَحْبِيلَ، قَالَ: جَاءَ ابْنُ مَسْعُودٍ إِلَى مَسْجِدِنَا، وَأُقِيمَتِ الصَّلَاةُ، فَقِيلَ لَهُ تَقَدَّمْ: فَقَالَ: يَتَقَدَّمُ إِمَامُكُمْ، قُلْنَا: إِمَامُنَا لَيْسَ هَهُنَا، قَالَ: لِيَتَقَدَّمْ رَجُلٌ مِنْكُمْ، فَتَقَدَّمَ رَجُلٌ فَقَامَ عَلَى دُكَّانٍ فِي قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ، فَنَهَاهُ عَبْدُ اللَّهِ

حضرت ہزیل بن شرحبیل فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ہماری مسجد میں آئے' نماز کے لیے اقامت پڑھی گئی تو آپ سے عرض کی گئی: آپ آگے ہو کر نماز پڑھائیں! آپ نے فرمایا: تمہارا امام آگے ہو! ہم نے عرض کی: ہمارا امام یہاں نہیں ہے' آپ نے فرمایا: تم میں سے کوئی اور آدمی آگے ہو۔ ایک آدمی آگے ہوا' وہ مسجد کے قبلہ کی طرف اونچی جگہ پر کھڑا ہوا تو حضرت عبداللہ نے اسے منع کیا۔

9446- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّهُ: كَرِهَ أَنْ يَؤُمَّهُمْ عَلَى الْمَكَانِ الْمُرْتَفِعِ

حضرت ہزیل بن شرحبیل فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اونچی جگہ پر کھڑے ہو کر امامت کروانے کو ناپسند کرتے تھے۔

9447- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ مَعْقِلٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: أَوَّلُ مَا تَفْقِدُونَ مِنْ دِينِكُمُ الْأَمَانَةُ، وَآخِرُ مَا يَبْقَى

حضرت شداد بن معقل فرماتے ہیں کہ تمہارے دین میں سب سے پہلے جو شی موجود نہیں ہوگی' وہ امانت ہے اور آخر تک جو باقی رہے گی وہ نماز ہے' ایسے لوگ نماز پڑھائیں گے جن کا کوئی دین ہی نہیں ہوگا۔

9446- قال فی المجمع جلد2صفحه67' ورجاله رجال الصحيح .

الصَّلَاةُ، وَلَيُصَلِّيَنَّ قَوْمٌ لَا دِينَ لَهُمْ

9448- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، وَعَلْقَمَةَ، وَمَسْرُوقٍ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ، قَالَ: الصِّيَامُ مِنْ رُؤْيَةِ الْهِلَالِ إِلَى رُؤْيَتِهِ، فَإِنْ خَفِيَ عَلَيْكُمْ فَثَلَاثُونَ يَوْمًا

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: روزے اور عید چاند دیکھ کر کرو' اگر آسمان غبار آلود ہو تو تیس دن مکمل کرلو۔

9449- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، أنا عُتْبَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنِ ابْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: أَتَيْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ، فَقُلْتُ: صَامَ نَاسٌ مِنَ الْحَيِّ وَنَاسٌ مِنْ جِيرَانِنَا الْيَوْمَ، قَالَ: عَنْ رُؤْيَةِ الْهِلَالِ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: لَأَنْ أُفْطِرَ يَوْمًا مِنْ رَمَضَانَ، ثُمَّ أَقْضِيَهُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَصُومَ يَوْمًا مِنْ شَعْبَانَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: اس قبیلہ اور ہمارے پڑوس کے لوگوں نے آج روزہ رکھا ہے' آپ نے فرمایا: چاند دیکھا ہے؟ عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: رمضان کے روزہ کی قضاء کرنا' پھر اس کی قضاء کرنا مجھے زیادہ پسند ہے شعبان کے آخری دن روزہ رکھنے سے۔

9450- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مِرْدَاسٍ، قَالَ: جَاءَنِي رَجُلٌ مِنَ الْحَيِّ، فَقَالَ: إِنِّي مَرَرْتُ

حضرت عبداللہ بن مرداس فرماتے ہیں: میرے پاس قبیلے یا محلے سے ایک آدمی آیا' کہا: بے شک میں چاندنی رات میں اپنی بیوی کے پاس سے گزرا تو وہ مجھے بہت اچھی لگی' میں نے ماہِ رمضان میں اس سے جماع کیا' اس کے

9448- قال فی المجمع جلد3صفحه146' ورجاله رجال الصحيح .

9449- قال فی المجمع جلد3صفحه149' وعتبة وأبوه لم أجد من ذكرهما . قلت: لعل فی نسخته كذلك .

9450- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 8402' وعنده كما فی رواية فاطمة' فأتى عبد الله فسأله فقال' بدل فاذا عبد الله بن مسعود الخ قال فی المجمع جلد 3صفحه150' وعبد الله لم أجد من ذكره وبقية وبقية رجاله رجال الصحيح ورواه ابن أبی شيبة جلد3صفحه80-81 .

بِامْرَأَتِي فِي الْقَمَرِ فَأَعْجَبَتْنِي فَجَامَعْتُهَا فِي شَهْرِ رَمَضَانَ فَنِمْتُ حَتَّى أَصْبَحْتُ، فَقُلْتُ: عَلَيْكَ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ أَوْ بِأَبِي حَكِيمٍ الْمُزَنِيِّ، فَإِذَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، فَسَأَلْتُهُ فَقُلْتُ: إِنِّي كُنْتُ جُنُبًا، فَقَالَ: كُنْتَ جُنُبًا لَا يَحِلُّ لَكَ الصَّلَاةُ، فَاغْتَسَلْتَ فَحَلَّتْ لَكَ الصَّلَاةُ، وَحَلَّ لَكَ الصِّيَامُ فَصُمْ

بعد سو گیا' حتیٰ کہ میں نے صبح کر دی۔ میں نے اس آدمی سے کہا: تم حضرت عبداللہ بن مسعود یا ابوحکم مزنی کے پاس جا کر سوال کرو۔ اچانک حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نظر آئے تو میں نے ان سے سوال کیا' پس میں نے کہا: میں جنبی تھا' فرمایا: تُو جنبی تھا تو تیرے لیے نماز جائز نہ تھی' تُو غسل کر لیتا تو نماز تیرے لیے جائز ہو جاتی لیکن روزہ رکھنا تیرے لیے جائز ہے (اب بھی اگر صبح صادق کے بعد کوئی چیز نہیں کھائی ہے) تو روزہ کی نیت کر لے (تیرا روزہ ہو جائے گا)۔

9451- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا يَعْلَى بْنُ الْحَارِثِ الْمُحَارِبِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ جَامِعَ بْنَ شَدَّادٍ أَبَا صَخْرَةَ يُحَدِّثُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مِرْدَاسٍ، أَنَّهُ جَاءَ إِلَى مَسْجِدِ الْحَيِّ بَعْدَمَا صَلَّوُا الْفَجْرَ، فَقَالَ لَهُمْ -وَذَاكَ فِي رَمَضَانَ-: إِنِّي أَصْبَحْتُ مِنْ أَهْلِي، ثُمَّ غَلَبَتْنِي عَيْنِي فَأَصْبَحْتُ وَلَمْ أَغْتَسِلْ فَمَا تَرَوْنَ؟ فَقَالَ لَهُ الْقَوْمُ: مَا نَرَاكَ إِلَّا قَدْ أَفْطَرْتَ، فَانْطَلَقَ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، فَقَالَ لَهُمْ: أَتَيْتُ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنْكُمْ أَوْ أَفْقَهُ فَقَالَ: إِنَّمَا الْإِفْطَارُ مِنَ الطَّعَامِ، وَالشَّرَابِ فَأَتِمَّ صَوْمَكَ

حضرت عبداللہ بن مرداس سے روایت ہے کہ وہ محلے کی مسجد میں آئے' اس کے بعد کہ لوگ نماز سے فارغ ہو چکے تھے تو اُنہوں نے لوگوں سے کہا: (یہ رمضان المبارک کا مہینہ تھا) بے شک میں نے اپنی بیوی سے جماع کیا پھر مجھ پر نیند غالب آ گئی تو میں نے (اسی حالت میں) صبح کی' میں نے غسل نہیں کیا' اب تمہارا کیا خیال ہے؟ (میں کیا کروں؟) پس قوم نے ان سے کہا: ہمارا خیال ہے تُو روزے سے محروم رہا۔ لیکن وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس گیا تو (واپس آ کر) ان لوگوں سے کہا: میں سے بہتر یا تم سے زیادہ فقیہ کے پاس سے آیا ہوں تو اُنہوں نے فرمایا ہے کہ اگر آدمی صبح صادق کے بعد کھائے یا پیئے تو روزے سے محرومی ہوتی ہے (جنبی حالت میں صبح کرنے سے نہیں) پس تُو اپنا روزہ مکمل کر (اگر تُو نے صبح صادق کے بعد کھایا پیا نہیں ہے)۔

9452- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ

حضرت اسود بن ہلال فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ

السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، ثنا جَامِعُ بْنُ شَدَّادٍ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ هِلَالٍ، قَالَ: أَتَى عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، إِنِّي كُنْتُ جُنُبًا فَلَمِ اغْتَسَلْ حَتَّى أَصْبَحْتُ، فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: كُنْتَ جُنُبًا لَا تَحِلُّ لَكَ الصَّلَاةُ، فَاغْتَسَلْتَ فَحَلَّتْ لَكَ الصَّلَاةُ وَحَلَّ لَكَ الصِّيَامُ، وَذَلِكَ فِي رَمَضَانَ

بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس ایک آدمی آیا' عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! میں جنبی تھا تو میں نے غسل کیے بغیر صبح کر دی تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تُو جنبی ہو تو تیرے لیے غسل کیے بغیر نماز حلال نہیں ہوتی' اگر غسل کر لے گا تو نماز حلال ہو جائے گی لیکن تیرے لیے روزہ رکھنا (اس حالت میں) جائز ہے اور یہ واقعہ رمضان المبارک کا ہے۔

9453- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ هِشَامٍ، قَالَ: قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ الْجَزَّارِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَوْ أَتَيْتُ امْرَأَةً مِنَ اللَّيْلِ ثُمَّ تَرَكْتُ الْغُسْلَ عَمْدًا حَتَّى أُصْبِحَ لَمْ يَمْنَعْنِي مِنَ الصَّوْمِ، إِنَّمَا أَتَيْتُهَا وَهِي تَحِلُّ لِي

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر میں اپنی بیوی کے پاس رات کو آؤں پھر جان بوجھ کر غسل کرنا چھوڑ دوں صبح ہونے تک تو میرے لیے روزہ رکھنے سے کوئی چیز رکاوٹ نہیں ہوگی' کیونکہ میں نے اس سے ہمبستری کی ہے جب وہ میرے لیے حلال ہے۔

9454- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، وَهِشَامٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْجَزَّارِ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَوْ أَتَيْتُ امْرَأَةً مِنَ اللَّيْلِ، ثُمَّ تَرَكْتُ الْغُسْلَ عَمْدًا حَتَّى أُصْبِحَ لَمْ يَمْنَعْنِي ذَلِكَ مِنَ الصَّوْمِ لِأَنِّي

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر میں اپنی بیوی کے پاس رات کو آؤں پھر جان بوجھ کر غسل کرنا چھوڑ دوں صبح ہونے تک تو میرے لیے روزہ رکھنے سے کوئی چیز رکاوٹ نہیں ہوگی' کیونکہ میں نے اس سے ہمبستری کی ہے جب وہ میرے لیے حلال ہے۔

9453- قال فی المجمع جلد 3صفحه150' ويحيى بن الحارث قال فی المجمع جلد 3صفحه150 لم أجد من ذكره' وبقية رجاله رجال الصحيح . قلت: هو يحيى بن الجزار كما ترى ولعله حرف فی نسخة الحافظ الهيثمی الی يحيى بن الحارث .

إِنَّمَا أَتَيْتُهَا وَهِي تَحِلُّ لِي

9455- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادٌ، أنا أَيُّوبُ، وَهِشَامٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ قَالَ: لَوْ أَتَيْتُ أَهْلِي أَوَّلَ اللَّيْلِ، ثُمَّ أَصْبَحْتُ جُنُبًا لَصُمْتُ لِأَنِّي أَتَيْتُهَا وَهِي تَحِلُّ لِي

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر میں اپنی بیوی کے پاس رات کو آؤں پھر جان بوجھ کر غسل کرنا چھوڑ دوں صبح ہونے تک تو میرے لیے روزہ رکھنے سے کوئی چیز رکاوٹ نہیں ہوگی' کیونکہ میں نے اس سے ہمبستری کی ہے جب وہ میرے لیے حلال ہے۔

9456- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: لَوْ كُنْتُ جُنُبًا، فَمَكَثْتُ شَهْرًا لَا أَجِدُ الْمَاءَ مَا صَلَّيْتُ حَتَّى أَجِدَ الْمَاءَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر میں حالتِ جنابت میں ہوں اور میں ایک ماہ تک ٹھہرا رہوں اور مجھے پانی نہ ملے تو میں نماز نہیں پڑھوں گا جب تک پانی نہ پاؤں۔

9457- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنِ الْهُرْمُزَانِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، فِي الرَّجُلِ يُقَبِّلُ وَهُوَ صَائِمٌ، قَالَ: يَقْضِي يَوْمًا مَكَانَهُ قَالَ سُفْيَانُ: لَا يُؤْخَذُ بِهَذَا

حضرت ھرمزان سے مروی ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس آدمی کے بارے سوال کیا جو بوسہ لیتا ہے روزہ کی حالت میں۔ فرمایا: اس کی جگہ ایک روزے کی قضاء کرے۔ حضرت سفیان فرماتے ہیں: اس پر عمل نہ کیا جائے گا (کیونکہ یہ متفق علیہ نہیں)۔

9458- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ زَكَرِيَّا، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ كَانَ يُبَاشِرُ امْرَأَتَهُ نِصْفَ النَّهَارِ، وَهُوَ صَائِمٌ

حضرت عمرو بن شرحبیل فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ حالتِ روزہ میں اپنی بیوی کے ساتھ لیٹتے تھے۔

9459- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

ایک آدمی فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ

9457- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 7426' قال في المجمع جلد3صفحه166' ورجاله ثقات .

9458- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 7442 .

9459- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 7476' وانظر الفتح جلد4صفحه161-162 . وقال في المجمع جلد 3صفحه168'

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ وَاصِلٍ الْأَحْدَبِ، عَنْ مُغِيرَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْيَشْكُرِيِّ، عَنْ رَجُلٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: مَنْ أَفْطَرَ يَوْمًا مِنْ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ رُخْصَةٍ لَقِيَ اللَّهَ بِهِ، وَإِنْ صَامَ الدَّهْرَ كُلَّهُ، إِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُ، وَإِنْ شَاءَ عَذَّبَهُ

عنہ نے فرمایا: جس نے رمضان کا ایک روزہ بغیر وجہ کے نہ رکھا تو وہ اللہ سے ملے گا' پھر اللہ چاہے تو عذاب دے اور چاہے تو معاف کر دے۔

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ وَاصِلٍ الْأَحْدَبِ، عَنْ مُغِيرَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْيَشْكُرِيِّ، عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: مَنْ أَفْطَرَ يَوْمًا مِنْ رَمَضَانَ فَذَكَرَ مِثْلَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس نے رمضان کا ایک دن روزہ نہ رکھا' اس کے بعد اس کی مثل حدیث ذکر کی۔

9460- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، أَخْبَرَنِي وَائِلُ بْنُ دَاوُدَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنَّمَا الصِّيَامُ مِمَّا دَخَلَ، وَلَيْسَ مِمَّا خَرَجَ، وَالْوُضُوءُ مِمَّا خَرَجَ وَلَيْسَ مِمَّا دَخَلَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: روزہ (پیٹ کے اندر) داخل کرنے سے ٹوٹتا ہے' جب جسم سے کچھ نکلے تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا ہے' جبکہ نکلنے والی شی سے وضو ہے اور داخل ہونے والی سے نہیں ہے۔

9461- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، وَكِيعٍ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ سُحَيْمٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ

حضرت عامر بن مطیر شیبانی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ہم نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ سحری کی' پھر ہم نکلے تو نماز کے لیے

ورجاله ثقات .

9460- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:658 .

9461- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 7616' قال فی المجمع جلد 3صفحه154' ورجاله رجال الصحيح . وكلمة وكيع ليست فی المصنف .

مَطِيرِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: تَسَحَّرْنَا مَعَ عَبْدِ اللَّهِ، ثُمَّ خَرَجْنَا فَأُقِيمَتِ الصَّلَاةُ

اقامت پڑھی جارہی تھی۔

9462- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِذَا عُرِضَ عَلَى أَحَدِكُمْ طَعَامٌ أَوْ شَرَابٌ، وَهُوَ صَائِمٌ فَلْيَقُلْ: إِنِّي صَائِمٌ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تم میں سے کسی کو حالتِ روزہ میں کھانے پینے کی کوئی شی پیش کی جائے تو وہ کہے: میں روزہ کی حالت میں ہوں۔

9463- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ: تَحَرَّوْا لَيْلَةَ الْقَدْرِ لَيْلَةَ سَبْعَ عَشْرَةَ صَبِيحَةَ بَدْرٍ، أَوْ إِحْدَى وَعِشْرِينَ لَيْلَةً أَوْ ثَلَاثٍ وَعِشْرِينَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: لیلۃ القدر کو سترہ رمضان المبارک یا اکیس یا تئیس رمضان المبارک کو تلاش کرو۔

9464- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: قُلْتُ: أَبَا الْمُنْذِرِ يَعْنِي أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ، أَخْبِرْنِي عَنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ، فَإِنَّ ابْنَ أُمِّ عَبْدٍ يَقُولُ: مَنْ يُقِمِ الْحَوْلَ يُصِبْهَا، قَالَ: يَرْحَمُ اللَّهُ أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، لَقَدْ عَلِمَ أَنَّهَا فِي

حضرت زر بن حبیش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے ابومنذر یعنی حضرت اُبی بن کعب سے عرض کی: مجھے شبِ قدر کے بارے بتایئے! کیونکہ حضرت حضرت اُم عبد کے بیٹے (عبداللہ) فرماتے ہیں: جو آدمی سارا سال قیام کرے (یعنی مغرب وعشاء کی نماز باجماعت ادا کرے گا) تو شبِ قدر پالے گا۔ اُنہوں نے فرمایا: ابوعبدالرحمٰن پر اللہ

9462- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 7483' وابن أبي شيبة جلد3صفحه64 عن أبي الأحوص عن أبي اسحاق به ووكيع عن مسعر عن أبي اسحاق به .

9463- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:7697' وانظر ما كتبه شيخنا اجازة في تعليقه على المصنف .

9464- رواه مسلم رقم الحديث: 762' وابن نصر في قيام رمضان صفحه 185-186 . عبد الرزاق في المصنف رقم الحديث:7700 الا أنه عنده معمر بدل الثوري..

رَمَضَانَ، وَلَكِنَّهُ عَمَّى عَلَى النَّاسِ حَتَّى لَا يَتَكَلَّمُوا، وَالَّذِي أَنْزَلَ الْكِتَابَ عَلَى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهَا لَفِي رَمَضَانَ، وَإِنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ، قُلْتُ: أَبَا الْمُنْذِرِ، أَنَّى عَلِمْتَ ذَلِكَ؟ قَالَ: بِالْآيَةِ الَّتِي أَخْبَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَدْ رَأَيْنَا وَحَفِظْنَا، فَوَاللَّهِ إِنَّهَا لَهِيَ لَا يَسْتَثْنِي قُلْتُ لِزِرٍّ: وَمَا الْآيَةُ؟ قَالَ: تَطْلُعُ الشَّمْسُ غَدَاتَئِذٍ كَأَنَّهَا طَسْتٌ لَيْسَ لَهَا شُعَاعٌ

رحم فرمائے! یقیناً انہیں معلوم ہے کہ یہ رمضان المبارک میں ہے' لیکن اُنہوں نے لوگوں کو نابلد رکھا یہاں تک کہ وہ زبان نہ کھولیں' قسم ہے اُس ذات کی جس نے حضرت محمد ﷺ پر قرآن نازل فرمایا ہے کہ یہ رات رمضان المبارک میں ہے اور رمضان کی ستائیسویں رات ہے۔ میں نے عرض کی: اے ابومنذر! آپ کو اس کا علم کیسے ہوا؟ فرمایا: اُس نشانی سے جس کی خبر ہمیں رسول کریم ﷺ نے دی' پس اللہ کی قسم! یہ وہی ہے اُنہوں نے استثناء نہیں کی۔ میں نے حضرت زر سے عرض کی: وہ کون سی نشانی ہے؟ اُنہوں نے فرمایا: دوسرے دن سورج اس طرح طلوع ہوتا ہے' گویا وہ ایک پلیٹ ہے' اس کی شاعیں نہیں ہوتی ہیں۔

9465- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، وَعَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ قَالَ: قُلْتُ لِأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ: أَبَا الْمُنْذِرِ، أَخْبِرْنِي عَنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ، فَإِنَّ صَاحِبَنَا ابْنَ مَسْعُودٍ سُئِلَ عَنْهَا فَقَالَ: مَنْ يُقِمِ الْحَوْلَ يُصِبْهَا، قَالَ: رَحِمَ اللَّهُ أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَمَا وَاللَّهِ لَقَدْ عَلِمَ أَنَّهَا فِي رَمَضَانَ، وَلَكِنَّهُ كَرِهَ أَنْ يَتَّكِلُوا -أَوْ أَحَبَّ أَنْ لَا يَتَّكِلُوا- وَاللَّهِ إِنَّهَا لَفِي رَمَضَانَ، وَإِنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ يَحْلِفُ، وَلَا يَسْتَثْنِي، قَالَ: قُلْتُ: يَا أَبَا الْمُنْذِرِ، أَنَّى عَلِمْتَ ذَلِكَ؟ قَالَ: بِالْآيَةِ الَّتِي أَخْبَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حَمَّادٌ: فَقُلْتُ لِعَاصِمٍ: مَا الْآيَةُ؟

حضرت زر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت اُبی بن کعب سے عرض کی: اے ابومنذر! مجھے شبِ قدر کے بارے بتایئے! کیونکہ ہمارے ساتھی حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس بارے سوال ہوا تو اُنہوں نے فرمایا: جو سارا سال قیام کرے گا تو وہ اس کو ضرور پالے گا۔ فرمایا: ابوعبدالرحمٰن پر اللہ رحم فرمائے! انہیں معلوم ہے کہ یہ رمضان میں ہے لیکن اُنہوں نے ناپسند کیا کہ لوگ کلام کریں' یا فرمایا: اُنہوں نے پسند کیا کہ لوگ کلام نہ کریں۔ قسم بخدا! شبِ قدر' ضرور رمضان میں ہے اور وہ ستائیسویں رات ہے' وہ حلف اُٹھا رہے تھے لیکن استثناء نہیں کی۔ راوی کا بیان ہے: میں نے عرض کی: اے ابومنذر! آپ کو کہاں سے علم ہوا؟ اُنہوں نے فرمایا: اس نشانی سے جس کی خبر رسول کریم ﷺ نے ہمیں دی۔

قَالَ: تُصْبِحُ الشَّمْسُ صَبِيحَةَ تِلْكَ اللَّيْلَةِ لَيْسَ لَهَا شُعَاعٌ مِثْلَ الطَّسْتِ حَتَّى تَرْتَفِعَ

حضرت حماد کہتے ہیں: میں نے حضرت عاصم سے عرض کی: وہ نشانی کیا ہے؟ فرمایا: اس رات کی صبح سورج اس انداز میں طلوع ہوتا ہے کہ اس کی شاعیں نہیں ہوتی ہیں' تھال کی طرح ہوتا ہے حتیٰ کہ وہ بلند ہو۔

السلام کے شیطان کی تمثیل ہوگی اور جو حضرت عزیر علیہ السلام کی عبادت کرتے تھے' ان کیلئے حضرت عزیر علیہ السلام کی تمثیل ہوگی۔ (اب پیچھے) حضرت محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی اُمت باقی رہ جائے گی۔ پس ربِ عزوجل کی مثال بن کر ان کے پاس آئے گی۔ وہ فرمائے گا: تمہیں کیا ہے' تم کیوں نہیں جاتے ہو جس طرف لوگ جا رہے ہیں۔ پس وہ کہیں گے: ہمارا ایک معبود ہے' جس کو ہم نے اس کے بعد نہیں دیکھا۔ اللہ فرمائے گا: اگر (اب) تم اسے دیکھ لو تو پہچان لو گے؟ پس وہ عرض کریں گے: ہمارے اور اس کے درمیان ایک علامت ہے جب ہم نے اسے دیکھا تو ضرور پہچان لیں گے۔ فرمایا: رب فرمائے گا: وہ کیا ہے؟ پس وہ عرض کریں گے: وہ اپنی پنڈلی سے پردہ ہٹائے گا۔ فرمایا: پس اس وقت ربِ تعالیٰ پنڈلی سے پردہ ہٹائے گا' پس ہر وہ آدمی جس کی پیٹھ پر طبق ہوگا وہ غش کھا کر گر پڑے گا اور جن کی پیٹھ گائے کے سینگوں کی طرح ہوگی' وہ سجدہ کا ارادہ کریں گے لیکن سجدہ کرنے کی طاقت نہیں ہوگی حالانکہ جب وہ تندرست تھے تو انہیں سجدہ کرنے کی دعوت دی جاتی تھی۔ پھر رب فرمائے گا: اپنے سروں کو اوپر اُٹھاؤ' پس وہ اپنے سر اُٹھائیں گے' ان کو ان کے اعمال کے مطابق نور عطا کیا جائے گا' ان میں سے کچھ وہ ہوں گے جن کو بڑے پہاڑ کی مانند نور عطا کیا جائے گا جو ان کے سامنے دوڑتا ہوگا' کچھ کو اس سے چھوٹا نور عطا کیا جائے گا' کچھ کو ان کے دائیں ہاتھ میں کھجور کی مانند نور عطا ہوگا اور کچھ کو اس سے چھوٹا حتیٰ کہ ایک آدمی ایسا ہوگا جس کو اس

يُضِيءُ مَرَّةً وَيَفِيءُ مَرَّةً، فَإِذَا أَضَاءَ قَدَّمَ قَدَمَهُ فَمَشَى، وَإِذَا طُفِئَ قَامَ، قَالَ: وَالرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ أَمَامَهُمْ حَتَّى يَمُرَّ فِي النَّارِ فَيَبْقَى أَثَرُهُ كَحَدِّ السَّيْفِ دَحْضُ مَزِلَّةٍ، قَالَ: وَيَقُولُ: مُرُّوا، فَيَمُرُّونَ عَلَى قَدْرِ نُورِهِمْ، مِنْهُمْ مَنْ يَمُرُّ كَطَرْفِ الْعَيْنِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَمُرُّ كَالْبَرْقِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَمُرُّ كَالسَّحَابِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَمُرُّ كَانْقِضَاضِ الْكَوْكَبِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَمُرُّ كَالرِّيحِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَمُرُّ كَشَدِّ الْفَرَسِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَمُرُّ كَشَدِّ الرَّجُلِ، حَتَّى يَمُرَّ الَّذِي أُعْطِيَ نُورَهُ عَلَى إِبْهَامِ قَدَمَيْهِ يَحْبُو عَلَى وَجْهِهِ وَيَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ تَخِرُّ رِجْلٌ، وَتَعْلَقُ رِجْلٌ، وَيُصِيبُ جَوَانِبَهُ النَّارُ، فَلَا يَزَالُ كَذَلِكَ حَتَّى يَخْلُصَ، فَإِذَا خَلَصَ وَقَفَ عَلَيْهَا، ثُمَّ قَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ لَقَدْ أَعْطَانِي اللَّهُ مَا لَمْ يُعْطِ أَحَدًا أَنْ نَجَّانِي مِنْهَا بَعْدَ إِذْ رَأَيْتُهَا، قَالَ: فَيَنْطَلِقُ بِهِ إِلَى غَدِيرٍ عِنْدَ بَابِ الْجَنَّةِ، فَيَغْتَسِلُ فَيَعُودُ إِلَيْهِ رِيحُ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَأَلْوَانُهُمْ، فَيَرَى مَا فِي الْجَنَّةِ مِنْ خِلَالِ الْبَابِ فَيَقُولُ: رَبِّ أَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ، فَيَقُولُ اللَّهُ لَهُ: أَتَسْأَلُ الْجَنَّةَ، وَقَدْ نَجَّيْتُكَ مِنَ النَّارِ؟ فَيَقُولُ: رَبِّ اجْعَلْ بَيْنِي وَبَيْنَهَا حِجَابًا لَا أَسْمَعُ حَسِيسَهَا، قَالَ: فَيَدْخُلُ الْجَنَّةَ، قَالَ: فَيَرَى -أَوْ يُرْفَعُ لَهُ- مَنْزِلٌ أَمَامَ ذَلِكَ كَأَنَّمَا هُوَ فِيهِ إِلَيْهِ حُلْمٌ، فَيَقُولُ: رَبِّ أَعْطِنِي ذَلِكَ

کے پاؤں کے انگوٹھے پر اس کا نور دیا جائے گا جو کبھی روشن ہوگا اور کبھی بجھ جائے گا۔ پس جب وہ روشن ہوگا تو وہ آدمی قدم آگے بڑھا کر چلے گا اور جب وہ بجھ جائے گا تو وہ کھڑا ہو جائے گا۔ فرمایا: ان کا رب ان کے سامنے ہوگا حتیٰ کہ وہ آگ میں چلے گا تو اس کا اثر تلوار کی تیزی کی مانند رہ جائے گا۔ پھسلاہٹ والی جگہ۔ فرمایا: رب فرمائے گا: چلو! تو وہ اپنے نور کی مقدار کے مطابق چلیں گے' ان میں سے بعض وہ ہوں گے جو آنکھ جھپکنے کی مانند چلیں گے' بعض بجلی کی طرح' بعض بادل کی طرح' بعض ستارہ ٹوٹنے کی طرح' بعض ہوا کی طرح' بعض گھوڑے کی بندش کی طرح' بعض آدمی کی بندش کی طرح' حتیٰ کہ وہ آدمی جس کے دونوں پاؤں کے انگوٹھوں میں نور دیا گیا ہوگا اس حال میں گزرے گا کہ کبھی منہ کے بل' کبھی اپنے ہاتھوں اور کبھی ٹانگوں پر گرے گا' ایک ٹانگ گر جائے گی اور ایک ٹانگ لٹک جائے گی' اس کے اطراف سے اسے آگ پہنچے گی۔ پس وہ اسی حال پر رہے گا حتیٰ کہ اسے خلاصی ملے۔ پس جب اسے خلاصی ملے گی تو وہ اس پر کھڑا ہوگا۔ پھر وہ کہے گا: تمام تعریفیں اس ذات کیلئے ہیں جس نے مجھے جو کچھ دیا ہے' اس نے کسی کو نہیں دیا کہ اس نے مجھے دوزخ دکھانے کے بعد مجھے اس سے نجات دی ہے۔ فرمایا: پس اللہ اسے جنت کے دروازے پر ایک تالاب کے پاس لائے گا' وہ غسل کرے گا تو اس کی طرف جنت کی خوشبو آئے گی اور وہ جنتیوں کے رنگ دیکھے گا۔ پس وہ دروازے کے دریچوں میں سے جنت کی نعمتوں کو دیکھے گا' عرض کرے گا: اے

الْمَنْزِلَ، فَيَقُولُ لَهُ: فَلَعَلَّكَ إِنْ أَعْطَيْتُكَهُ تَسْأَلُ غَيْرَهُ، فَيَقُولُ: فَلَعَلَّكَ إِنْ أَعْطَيْتُكَهُ تَسْأَلُ غَيْرَهُ، فَيَقُولُ: لَا وَعِزَّتِكَ لَا أَسْأَلُكَ غَيْرَهُ، وَأَيُّ مَنْزِلٍ يَكُونُ أَحْسَنَ مِنْهُ، قَالَ: وَيَرَى أَوْ يُرْفَعُ لَهُ أَمَامَ ذَلِكَ مَنْزِلٌ آخَرُ كَأَنَّمَا هُوَ إِلَيْهِ حُلُمٌ، فَيَقُولُ: أَعْطِنِي ذَلِكَ الْمَنْزِلَ، فَيَقُولُ اللّٰهُ جَلَّ جَلَالُهُ: فَلَعَلَّكَ إِنْ أَعْطَيْتُكَهُ تَسْأَلُ غَيْرَهُ، قَالَ: لَا وَعِزَّتِكَ لَا أَسْأَلُ غَيْرَهُ وَأَيُّ مَنْزِلٍ يَكُونُ أَحْسَنَ مِنْهُ، قَالَ: فَيُعْطَاهُ فَيَنْزِلَهُ ثُمَّ يَسْكُتُ فَيَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: مَا لَكَ لَا تَسْأَلُ؟ فَيَقُولُ: رَبِّ لَقَدْ سَأَلْتُكَ حَتَّى اسْتَحْيَيْتُكَ، وَأَقْسَمْتُ لَكَ حَتَّى اسْتَحْيَيْتُكَ، فَيَقُولُ اللّٰهُ تَعَالَى: أَلَمْ تَرْضَ أَنْ أُعْطِيَكَ مِثْلَ الدُّنْيَا مُنْذُ خَلَقْتُهَا إِلَى يَوْمِ أَفْنَيْتُهَا وَعَشَرَةَ أَضْعَافِهِ؟ فَيَقُولُ: أَتَسْتَهْزِءُ بِي، وَأَنْتَ رَبُّ الْعِزَّةِ، فَيَضْحَكُ الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ قَوْلِهِ - قَالَ: فَرَأَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ إِذَا بَلَغَ هَذَا الْمَكَانَ مِنْ هَذَا الْحَدِيثِ ضَحِكَ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَدْ سَمِعْتُكَ تُحَدِّثُ هَذَا الْحَدِيثَ مِرَارًا كُلَّمَا بَلَغْتَ هَذَا الْمَكَانَ ضَحِكْتَ، فَقَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ هَذَا الْحَدِيثَ مِرَارًا كُلَّمَا بَلَغَ هَذَا الْمَكَانَ مِنْ هَذَا الْحَدِيثِ ضَحِكَ حَتَّى تَبْدُوَ أَضْرَاسُهُ - قَالَ:

میرے رب! مجھے جنت میں داخل کر دے! اللہ فرمائے گا: کیا تُو جنت مانگتا ہے حالانکہ (اپنی خصوصی مہربانی سے) میں نے تجھے دوزخ سے نجات دی ہے۔ پس وہ عرض کرے گا: اے میرے رب! میرے اور اس کے درمیان پردہ بنا دے کہ میں اس کی ہلکی سی آواز بھی نہ سنوں۔ فرمایا: وہ جنت میں داخل ہو جائے گا۔ فرمایا: پس وہ دیکھے گا' یا فرمایا: اس کیلئے اُٹھایا جائے گا ایک گھر بالکل سامنے گویا وہ اس کا خواب ہے۔ وہ عرض کرے گا: اے میرے رب! یہ گھر مجھے عطا کر! پس اس سے فرمایا جائے گا: ممکن ہے میں تجھے یہ عطا کروں تو تُو اور مانگے۔ وہ عرض کرے گا: نہیں! تیری عزت کی قسم! اس کے علاوہ میں تجھ سے کوئی شی نہ مانگوں گا اور کون سی منزل ہے جو اس سے زیادہ خوبصورت ہو (کہ میں وہ تجھ سے مانگوں' وہ اسے دے دیا جائے گا)۔ فرمایا: وہ دیکھے گا یا اس کے سامنے ایک اور گھر بلند کیا جائے گا' گویا کہ وہ اس کیلئے خواب ہے۔ وہ عرض کرے گا: اے میرے رب! مجھے یہ گھر دیدے! پس اللہ فرمائے گا: ہوسکتا ہے کہ تُو مجھ سے اس کے علاوہ مانگے اگر میں تجھے یہ عطا کر دوں۔ وہ عرض کرے گا: جی نہیں! تیری عزت کی قسم! اس کے سوا میں نہیں مانگوں گا اور اس سے زیادہ خوبصورت گھر کون سا ہوسکتا ہے (جو میں مانگوں)۔ فرمایا: وہ اسے عطا کر دیا جائے گا' وہ اس میں اُتر جائے گا اور پھر خاموش ہو جائے گا۔ پس اللہ فرمائے گا: تجھے کیا ہے' سوال کیوں نہیں کرتا؟ وہ عرض کرے گا: اے میرے رب! میں نے تجھ سے بہت مانگا ہے حتیٰ کہ اب تجھ سے حیاء آتی ہے اور میں

فَيَقُولُ الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ: وَلَكِنِّي عَلَى ذَلِكَ قَادِرٌ، سَلْ، فَيَقُولُ: أَلْحِقْنِي بِالنَّاسِ، فَيَقُولُ: الْحَقِ النَّاسَ، قَالَ: فَيَنْطَلِقُ يَرْمُلُ فِي الْجَنَّةِ حَتَّى إِذَا دَنَا مِنَ النَّاسِ رُفِعَ لَهُ قَصْرٌ مِنْ دُرَّةٍ فَيَخِرُّ سَاجِدًا، فَيُقَالُ لَهُ: ارْفَعْ رَأْسَكَ مَا لَكَ؟ فَيَقُولُ: رَأَيْتُ رَبِّي -أَوْ تَرَاءَى لِي رَبِّي- فَيُقَالُ لَهُ: إِنَّمَا هُوَ مَنْزِلٌ مِنْ مَنَازِلِكَ، قَالَ: ثُمَّ يَلْقَى رَجُلًا فَيَتَهَيَّأُ لِلسُّجُودِ لَهُ فَيُقَالُ لَهُ: مَهْ، مَا لَكَ؟ فَيَقُولُ: رَأَيْتُ أَنَّكَ مَلَكٌ مِنَ الْمَلَائِكَةِ، فَيَقُولُ: إِنَّمَا أَنَا خَازِنٌ مِنْ خُزَّانِكَ، عَبْدٌ مِنْ عَبِيدِكَ تَحْتَ يَدِي أَلْفُ قَهْرَمَانٍ عَلَى مِثْلِ مَا أَنَا عَلَيْهِ، قَالَ: فَيَنْطَلِقُ أَمَامَهُ حَتَّى يَفْتَحَ لَهُ الْقَصْرَ، قَالَ: وَهُوَ فِي دُرَّةٍ، مُجَوَّفَةٍ سَقَائِفُهَا، وَأَبْوَابُهَا، وَأَغْلَاقُهَا، وَمَفَاتِيحُهَا مِنْهَا تَسْتَقْبِلُهُ جَوْهَرَةٌ خَضْرَاءُ مُبَطَّنَةٌ بِحَمْرَاءَ كُلُّ جَوْهَرَةٍ تُفْضِي إِلَى جَوْهَرَةٍ عَلَى غَيْرِ لَوْنِ الْأُخْرَى فِي كُلِّ جَوْهَرَةٍ سُرُرٌ وَأَزْوَاجٌ، وَوَصَائِفُ أَذْنَاهُنَّ حَوْرَاءُ عَيْنَاءُ عَلَيْهَا سَبْعُونَ حُلَّةً يُرَى مُخُّ سَاقِهَا مِنْ وَرَاءِ حُلَلِهَا، كَبِدُهَا مِرْآتُهُ وَكَبِدُهُ مِرْآتُهَا، إِذَا أَعْرَضَ عَنْهَا إِعْرَاضَةً ازْدَادَتْ فِي عَيْنِهِ سَبْعِينَ ضِعْفًا عَمَّا كَانَتْ قَبْلَ ذَلِكَ، وَإِذَا أَعْرَضَتْ عَنْهُ إِعْرَاضَةً ازْدَادَ فِي عَيْنِهَا سَبْعِينَ ضِعْفًا عَمَّا كَانَ قَبْلَ ذَلِكَ، فَيَقُولُ لَهَا: وَاللّٰهِ لَقَدِ ازْدَدْتِ فِي عَيْنِي

تیرے لیے قسم کھا چکا ہوں حتیٰ کہ میں تجھ سے حیاء کے پردے میں ہوں۔ پس اللہ فرمائے گا: کیا تُو اس پر راضی نہیں ہے کہ میں تجھے اتنی جنت دوں جتنی پوری دنیا تھی' جب سے میں نے اسے پیدا کیا اس دن تک جس دن میں اسے فنا کروں اور اس سے دس گنا اور زیادہ؟ پس وہ بندہ عرض کرے گا: کیا تُو مجھ سے مذاق کرتا ہے حالانکہ تُو عزت والا رب ہے۔ اس کی بات سن کر رب ہنس پڑے گا۔ پس میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو دیکھا' جب اس مقام پر پہنچے تو آپ ہنس پڑے۔ تو ایک آدمی نے آپ کی خدمت میں عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! میں نے آپ کو سنا' آپ نے یہ حدیث کئی بار بیان کی' جب بھی آپ اس جگہ پہنچے تو ہنس پڑے۔ فرمایا: میں نے رسول کریم ﷺ سے سنا' آپ ﷺ نے یہ حدیث کئی بار بیان فرمائی' جب بھی آپ اس مقام پر پہنچے تو ہنس پڑے حتیٰ کہ آپ کی داڑھیں ظاہر ہوگئیں۔ فرمایا: رب فرمائے گا: لیکن میں اس پر قادر ہوں' مانگ! تو وہ عرض کرے گا: مجھے لوگوں سے ملا دے! رب فرمائے گا: لوگوں سے مل جا! فرمایا: وہ مٹک مٹک کر چلتا ہوا کندھے ہلا ہلا کر جنت میں جائے گا حتیٰ کہ جب وہ لوگوں کے قریب ہوگا تو اس کے لیے موتیوں کا ایک محل بلند کیا جائے گا تو وہ سجدہ کرتے ہوئے گر پڑے گا۔ اس سے کہا جائے گا: اپنا سر اُٹھا' تجھے کیا ہے؟ پس وہ عرض کرے گا: میں نے اپنے رب کا دیدار کیا ہے۔ پس اس سے کہا جائے گا: یہ تو تیرے کئی گھروں میں سے ایک گھر ہے۔ فرمایا: پھر وہ ایک آدمی سے ملے گا تو اس

سَبْعِينَ ضِعْفًا، وَتَقُولُ لَهُ: وَأَنْتَ وَاللّٰهِ لَقَدِ ازْدَدْتَ فِي عَيْنِي سَبْعِينَ ضِعْفًا، فَيُقَالُ لَهُ: أَشْرِفْ، قَالَ: فَيُشْرِفُ، فَيُقَالُ لَهُ: مُلْكُكَ مَسِيرَةُ مِائَةِ عَامٍ يَنْفُذُهُ بَصَرُهُ

کو سجدہ کرنے کو تیار ہو جائے گا' تو اس سے کہا جائے گا: ٹھہر! تجھے کیا ہے؟ وہ کہے گا: میں نے دیکھا ہے کہ تُو فرشتوں میں سے ایک فرشتہ ہے۔ پس وہ کہے گا: میں تو تیرے خزانچیوں میں سے ایک خزانچی ہوں اور تیرے نوکروں میں سے ایک نوکر ہوں۔ میرے قبضے میں ایک ہزار امین ہیں' اسی حالت پر جس پر میں ہوں۔ فرمایا: وہ اس کے سامنے چل پڑے گا حتیٰ کہ اس کیلئے محل کو کھولے گا۔ فرمایا: وہ ایسا محل ہے جس کی چھتیں اندر سے خالی موتیوں کی' اس کے دروازے' تالے اور ان کی چابیاں بھی' ایک سبز جوہر اس کے سامنے ہوگا جس کا اندر سرخ ہوگا۔ ہر جوہر ایک دوسرے جوہر کی طرف لے جائے گا جس کا رنگ پہلے کے علاوہ ہوگا۔ ہر جوہر میں پلنگ یا اس کی بیویاں اور دوشیزائیں (برائے خدمت) موجود ہوں گی' سب سے کم درجہ موٹی آنکھوں والی حور ہوگی' اس پر ستّر عمدہ لباس ہوں گے' اس کی پنڈلی کا گودا اس کے لباسوں کے اوپر سے نظر آئے گا' اس کا جگر اس کے آئینے اور اس کا آئینہ اس کے جگر کی مانند ہوگا' جب وہ آدمی اس سے تھوڑا سا بھی اعراض کرے گا تو اس کی آنکھ میں اللہ تعالیٰ پہلے سے ستّر گنا اضافہ کر دے گا اور پھر اگر وہ اس سے تھوڑا سا منہ موڑے گا تو اس کی آنکھوں میں پہلے سے ستّر گنا زیادہ حُسن چمک اُٹھے گا۔ پس وہ آدمی اس سے کہے گا: قسم بخدا! میری آنکھ میں تُو ستّر گنا زیادہ ہوگئی ہے۔ وہ اس سے عرض کرے گی: قسم بخدا! میری آنکھ میں تُو ستّر گنا زیادہ ہو گیا ہے۔ پس اس آدمی سے کہا جائے گا: جھانک کر دیکھ!

9648- قَالَ: فَقَالَ عُمَرُ: أَلَا تَسْمَعُ مَا يُحَدِّثُنَا ابْنُ أُمِّ عَبْدٍ يَا كَعْبُ عَنْ أَدْنَى أَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلًا، فَكَيْفَ أَعْلَاهُمْ، فَقَالَ كَعْبٌ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ: مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ، وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ، إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ جَعَلَ دَارًا فَجَعَلَ فِيهَا مَا شَاءَ مِنَ الْأَزْوَاجِ، وَالثَّمَرَاتِ، وَالْأَشْرِبَةِ، ثُمَّ أَطْبَقَهَا، ثُمَّ لَمْ يَرَهَا أَحَدٌ مِنْ خَلْقِهِ، لَا جِبْرِيلُ وَلَا غَيْرُهُ مِنَ الْمَلَائِكَةِ، ثُمَّ قَرَأَ كَعْبٌ: (فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ) (السجدة: 17) ، قَالَ: وَخَلَقَ دُونَ ذَلِكَ جَنَّتَيْنِ وَزَيَّنَهُمَا بِمَا شَاءَ وَأَرَاهُمَا مَنْ شَاءَ مِنْ خَلْقِهِ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ كَانَ كِتَابُهُ فِي عِلِّيِّينَ نَزَلَ تِلْكَ الدَّارَ الَّتِي لَمْ يَرَهَا أَحَدٌ حَتَّى إِنَّ الرَّجُلَ مِنْ أَهْلِ عِلِّيِّينَ لَيَخْرُجُ فَيَسِيرُ فِي مُلْكِهِ فَمَا تَبْقَى خَيْمَةٌ مِنْ خِيَمِ الْجَنَّةِ إِلَّا دَخَلَهَا مِنْ ضَوْءِ وَجْهِهِ فَيَسْتَبْشِرُونَ بِرِيحِهِ، فَيَقُولُونَ: وَاهًا لِهَذَا الرِّيحِ، هَذَا رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ عِلِّيِّينَ، قَدْ خَرَجَ يَسِيرُ فِي مُلْكِهِ، فَقَالَ: وَيْحَكَ يَا كَعْبُ، إِنَّ هَذِهِ الْقُلُوبَ قَدِ اسْتَرْسَلَتْ وَاقْبِضْهَا، فَقَالَ كَعْبٌ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنَّ لِجَهَنَّمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَزَفْرَةً مَا مِنْ مَلَكٍ مُقَرَّبٍ،

فرمایا: وہ جھانکے گا تو اس سے کہا جائے گا: تیرا ملک' سو سال کی مسافت ہے' اس میں اس کی آنکھ جائے گی۔

راوی کا بیان ہے: تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اے کرب! کیا آپ سنتے ہیں جو اُم عبد کا بیٹا اہل جنت کے گھر کے اعتبار سے ادنیٰ فرد کا ذکر کر رہا ہے۔ پس وہ ان کا اعلیٰ کیسے ہو گا؟ تو حضرت کعب نے کہا: اے امیر المؤمنین! کسی آنکھ نے جسے دیکھا نہیں اور کسی کان نے اسے سنا نہیں' بے شک اللہ نے ایسا گھر بنایا ہے جس میں اس نے جو چاہا' ازواج' پھل اور شربت رکھے' پھر اسے ڈھانپ دیا' پھر اس کی مخلوق میں سے کسی نے نہ دیکھا نہ جبریل نے اور نہ ان کے علاوہ دیگر فرشتوں نے۔ پھر حضرت کعب نے یہ آیت تلاوت کی: ''فلا تعلم نفس الی آخرہ''۔ کہا: اللہ تعالیٰ نے اس کے سامنے دو جنتیں بنائیں اور ان کو سجایا جس کے ساتھ چاہا اور وہ دکھائیں اپنی مخلوق میں سے جس کو چاہا۔ پھر کہا: جس کا نامۂ عمل علیین میں ہوگا' وہ اس گھر میں اُترے گا جس کو کسی نے نہیں دیکھا ہے حتیٰ کہ ایک آدمی اہلِ علیین میں سے نکلے گا' پس وہ اپنے ملک میں سیر کرے گا تو جنت کے خیموں میں سے کوئی خیمہ ایسا نہ ہوگا جس میں اس کے چہرے کی روشنی داخل نہ ہوگی' اس سے ایسی خوشبو اُٹھے گی جس سے جنتی خوش ہوں گے۔ پس وہ بولیں گے: واہ کیسی خوشبو ہے۔ یہ علیین میں سے ایک آدمی ہوگا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے کعب! تجھے افسوس! بے شک یہ دل نرم ہو گئے ہیں' ان پر قبضہ کر لے۔ تو حضرت کعب نے فرمایا: قسم ہے اس ذات

وَلَا نَبِيٍّ مُرْسَلٍ إِلَّا يَخِرُّ لِرُكْبَتَيْهِ، حَتَّى إِنَّ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلَ اللَّهِ لَيَقُولُ: رَبِّ نَفْسِي نَفْسِي، حَتَّى لَوْ كَانَ لَكَ عَمَلُ سَبْعِينَ نَبِيًّا إِلَى عَمَلِكَ لَظَنَنْتَ أَنَّكَ لَا تَنْجُو وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ

کی جس کے قبضے میں میری جان ہے! بے شک اس دن جہنم کی ایسی آواز (چنگھاڑ) ہوگی کہ مقرب فرشتے اور نبی مرسل بھی اپنے گھٹنوں کے بل جا گریں گے حتیٰ کہ حضرت ابراہیم جو کہ اللہ کے خلیل ہیں، نفسی نفسی پکاریں گے، حتیٰ کہ اگر تیرے پاس ستر نبیوں کا عمل ہوگا تو بھی تُو گمان کرے گا کہ نجات مشکل ہے۔ اور یہ الفاظ حضرت زید بن ابوانیسہ کی حدیث کے ہیں۔

9649- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يَزِيدَ الْمُقْرِءُ، ثنا أَبِي، ثنا وَرْقَاءُ بْنُ عُمَرَ، ثنا أَبُو طَيْبَةَ، عَنْ كُرْزِ بْنِ وَبَرَةَ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقُومُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ أَرْبَعِينَ سَنَةً شَاخِصَةً أَبْصَارُهُمْ يَنْتَظِرُونَ فَصْلَ الْقَضَاءِ حَتَّى يَلْتَهِمَهُمُ الْعَرَقُ مِنْ شِدَّةِ الْكَرْبِ، ثُمَّ يَنْزِلُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ وَيَجْثُو الْأُمَمُ وَيُنَادِي: أَيُّهَا النَّاسُ، أَلَا تَرْضَوْنَ مِنْ رَبِّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ وَأَمَرَكُمْ بِعِبَادَتِهِ، ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ عَنْهُ وَكَفَرْتُمْ نِعْمَتَهُ أَنْ يُخَلِّيَ بَيْنَكُمْ، وَبَيْنَ مَا تَوَلَّيْتُمْ، يَتَوَلَّى كُلُّ إِنْسَانٍ مَا تَوَلَّى، فَيُنَادِي مُنَادٍ مَنْ كَانَ يَتَوَلَّى شَيْئًا فَلْيَلْزَمْهُ، قَالَ: فَيَنْطَلِقُ مَنْ كَانَ تَوَلَّى حَجَرًا أَوْ عُودًا أَوْ دَابَّةً ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم نے فرمایا: (قیامت کے دن) لوگ، رب العالمین کے لیے چالیس سال اس طرح کھڑے ہوں گے کہ ان کی آنکھیں اوپر لگی ہوں گی، فیصلہ کی گھڑی ختم ہونے کا انتظار کرتے ہوں گے، اس سخت مصیبت کے سبب ان کا پسینہ بہہ رہا ہو گا، پھر اللہ تعالیٰ (اپنی شان کے مطابق) نزولِ اجلال فرمائے گا، اُمتیں گھٹنوں کے بل بیٹھ جائیں گی یا انگلیوں کے کناروں پر کھڑی ہو جائیں گی۔ نداء آئے گی: اے لوگو! کیا تم اپنے رب سے راضی نہیں ہو جس نے تمہیں پیدا کیا اور تمہیں اپنی عبادت کا حکم دیا، پھر تم نے اس سے منہ پھیر لیا اور اس کی نعمتوں کی ناشکری کی کہ وہ تمہارے اور ان کے درمیان معاملہ کھلا چھوڑ دے جن سے تم نے دوستی کی، جس سے بھی (دنیا میں) ہر آدمی دوستی کرتا تھا۔ ایک نداء دینے والا نداء کرے گا: جو آدمی جس چیز سے محبت کرتا تھا، وہ اسی کے ساتھ ہو جائے۔ فرمایا: جو پتھر سے دوستی کرتا تھا (عبادت کرتا تھا) یا لکڑی یا جانور سے، وہ اس کی طرف چلا جائے گا۔ پھر اس کے بعد حضرت زید بن ابوانیسہ کی

حدیث جیسی حدیث بیان کی ہے۔

وَمِنْ مُسْنَدِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایات کردہ احادیث

9650- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا خَلَفُ بْنُ مُوسَى بْنِ خَلَفٍ الْعَمِّيُّ، ثنا أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، وَالْعَلَاءِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: تَحَدَّثْنَا ذَاتَ لَيْلَةٍ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَكْرَانَا الْحَدِيثُ، فَلَمَّا أَصْبَحْنَا غَدَوْنَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: عُرِضَتْ عَلَيَّ الْأَنْبِيَاءُ بِأَتْبَاعِهَا مِنْ أُمَّتِهَا، فَإِذَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُ الثُّلَّةُ مِنْ أُمَّتِهِ، وَإِذَا النَّبِيُّ لَيْسَ مَعَهُ أَحَدٌ، وَقَدْ أَنْبَأَكُمُ اللّٰهُ عَنْ قَوْمِ لُوطٍ فَقَالَ (أَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَشِيدٌ) (هود: **78**)، قَالَ: حَتَّى مَرَّ مُوسَى بْنُ عِمْرَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ مَعَهُ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ، قُلْتُ: يَا رَبِّ، فَأَيْنَ أُمَّتِي؟ قَالَ: انْظُرْ عَنْ يَمِينِكَ،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ کے پاس ایک رات ہم حدیثیں پڑھ رہے تھے یہاں تک کہ ہم پر نیند طاری کر دی گئی' پس جب ہم نے صبح کی تو ہم رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو آپ نے فرمایا: میرے اوپر انبیاء اپنی اُمتوں کے متبعین سمیت پیش کیے گئے تو کسی نبی علیہ السلام کی اُمت کا بڑا گروہ اس کے ساتھ تھا اور کسی نبی علیہ السلام کے ساتھ کوئی ایک آدمی بھی نہ تھا (کیونکہ بعض نبی صرف اپنے نفس کی اصلاح کیلئے بھی دنیا پہ آئے ہیں)۔ قومِ لوط کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے تمہیں یوں آگاہ فرمایا: ''کیا تم میں سے کوئی بھی عقلمند آدمی نہیں ہے'' یہاں تک کہ حضرت موسیٰ بن عمران' بنی اسرائیل میں سے اپنے ساتھیوں کے ساتھ گزرے۔ میں نے عرض کی: اے میرے رب! میری اُمت کہاں ہے؟ فرمایا: اپنی دائیں طرف دیکھیں' (جب میں نے دیکھا) تو مکہ کے پہاڑوں کی طرح پہاڑ ہیں جو

9650- رواه أحمد رقم الحديث: 3964,3987,3819,3806 مختصرًا ومطولًا وأبو يعلى جلد 2صفحه297 باختصار كثير والبزار جلد 1صفحه238-239 قال في المجمع جلد10صفحه406' وأحد أسانيد أحمد والبزار رجاله رجال الصحيح وقال جلد 9صفحه305' ورجالهما في المطول رجال الصحيح . وصحح الحافظ في الفتح جلد 11 صفحه407 اسناد أحمد . ورواه ابن حبان رقم الحديث: 2646,2645,2644' وصححه بن كثير في تفسيره جلد 1 صفحه393 .

فَإِذَا الطِّرَابُ طِرَابُ مَكَّةَ قَدْ سُدَّ مِنْ وُجُوهِ الرِّجَالِ، قَالَ: أَرَضِيتَ يَا مُحَمَّدُ؟ قُلْتُ: رَضِيتُ رَبِّ، قَالَ: انْظُرْ عَنْ يَسَارِكَ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا الْأُفُقُ قَدْ سُدَّ مِنْ وُجُوهِ الرِّجَالِ، قَالَ: أَرَضِيتَ يَا مُحَمَّدُ؟ قُلْتُ: رَضِيتُ رَبِّ، قَالَ: فَإِنَّ مَعَ هَؤُلَاءِ سَبْعِينَ أَلْفًا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ. فَأَتَى عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ الْأَسَدِيُّ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ، قَالَ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ مِنْهُمْ، ثُمَّ قَامَ رَجُلٌ آخَرُ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ، فَقَالَ: سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ، ثُمَّ قَالَ لَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِ اسْتَطَعْتُمْ بِأَبِي أَنْتُمْ وَأُمِّي، أَنْ تَكُونُوا مِنَ السَّبْعِينَ فَكُونُوا، فَإِنْ عَجَزْتُمْ وَقَصَّرْتُمْ فَكُونُوا مِنْ أَصْحَابِ الطِّرَابِ، فَإِنْ عَجَزْتُمْ وَقَصَّرْتُمْ فَكُونُوا مِنْ أَصْحَابِ الْأُفُقِ؛ فَإِنِّي قَدْ رَأَيْتُ أُنَاسًا يَتَهَاوَشُونَ كَثِيرًا، ثُمَّ قَالَ: إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ يَكُونَ مَنْ يَتَّبِعُنِي مِنْ أُمَّتِي رُبْعَ الْجَنَّةِ، فَكَبَّرَ الْقَوْمُ، ثُمَّ قَالَ: إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ يَكُونَ شَطْرَ أَهْلِ الْجَنَّةِ، فَكَبَّرَ الْقَوْمُ، ثُمَّ تَلَا هَذِهِ الْآيَةَ (ثُلَّةٌ مِنَ الْأَوَّلِينَ وَقَلِيلٌ مِنَ الْآخِرِينَ) (الواقعة:14)، فَتَذَاكَرُوا بَيْنَهُمْ: مَنْ هَؤُلَاءِ السَّبْعُونَ الْأَلْفِ؟ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: قَوْمٌ وُلِدُوا فِي الْإِسْلَامِ فَمَاتُوا عَلَيْهِ، حَتَّى رُفِعَ الْحَدِيثُ

لوگوں کے چہروں سے ڈھکے ہوئے ہیں۔ فرمایا: اے محمد! راضی ہو؟ میں نے عرض کی: اے میرے رب! راضی ہوں۔ فرمایا: (اب) بائیں طرف نظر کرو! پس میں نے ملاحظہ کیا تو زمین کا کنارہ لوگوں کے چہروں سے ڈھکا ہوا ہے۔ فرمایا: اے محمد! راضی ہو! میں نے عرض کی: اے میرے رب! راضی ہوں۔ فرمایا: ان سب کے ساتھ ستر ہزار جنت میں بغیر حساب کے داخل ہوں گے۔ (یہ بات سن کر) حضرت عکاشہ بن محصن اسدی رضی اللہ عنہ نے آ کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! اللہ سے دعا کریں کہ وہ مجھے ان لوگوں میں سے بنا دے! آپ ﷺ نے دعا کی: اے اللہ! اس کو اُن میں سے بنا دے! پھر ایک اور آدمی کھڑا ہوا' اُس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اللہ سے دعا کریں کہ وہ مجھے ان میں سے بنا دے! فرمایا: عکاشہ تم پر سبقت لے گئے۔ پھر رسول کریم ﷺ نے لوگوں سے فرمایا: تم پر میرے ماں باپ قربان! اگر تم سے ہو سکے اُن ستر سے ہونا تو ان سے ہو جانا' پس اگر تم عاجز ہو اور تمہارے عمل کوتاہ ہوں تو پہاڑ والوں سے ہونا۔ پس اگر تم عاجز ہو اور تمہارے عمل کوتاہ ہوں تو کنارے والوں سے ہونا کیونکہ میں نے کئی لوگوں کو ایک دوسرے سے ملتا جلتا دیکھا ہے۔ پھر فرمایا: مجھے اُمید ہے کہ میرے اُمتی تمام جنت والوں کا چوتھائی حصہ ہوں گے' تو قوم نے اللہ اکبر کا نعرہ لگایا۔ پھر فرمایا: بے شک مجھے اُمید ہے کہ وہ جنتیوں کا ایک حصہ ہوں گے تو قوم نے اللہ اکبر کا نعرہ لگایا' پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ''اوّلین میں بڑا گروہ اور

إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هُمُ الَّذِينَ لَا يَسْتَرْقُونَ، وَلَا يَتَطَيَّرُونَ، وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ

آخرین میں سے تھوڑے''۔ پس لوگوں نے آپس میں ایک دوسرے سے مذاکرہ کیا کہ وہ ستر ہزار کون ہیں؟ بعض لوگوں نے کہا: وہ گروہ جو اسلام میں پیدا ہوئے اور اسلام پر ہی ان کی موت آئی یہاں تک کہ بات رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں اُٹھائی گئی تو آپ نے فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں جو غلط قسم کے تعویذ گنڈے نہیں کرتے' نہ بُری فال پکڑتے ہیں اور وہ اپنے رب پر بھروسہ کرنے والے ہیں۔

9651-حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: أَكْثَرُوا الْحَدِيثَ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ، ثُمَّ غَدَوْنَا عَلَيْهِ، فَقَالَ: عُرِضَتْ عَلَيَّ الْأَنْبِيَاءُ بِأُمَمِهَا، فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمُرُّ وَمَعَهُ الثُّلَّةُ، وَالنَّبِيُّ وَمَعَهُ الْعِصَابَةُ، وَالنَّبِيُّ وَمَعَهُ النَّفَرُ، وَالنَّبِيُّ وَلَيْسَ مَعَهُ أَحَدٌ، حَتَّى مَرَّ عَلَيَّ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ مَعَهُ كَبْكَبَةٌ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ، فَأَعْجَبُونِي، فَقُلْتُ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ فَقِيلَ: هَذَا أَخُوكَ مُوسَى وَمَعَهُ بَنُو إِسْرَائِيلَ، قُلْتُ: فَأَيْنَ أُمَّتِي، قِيلَ: انْظُرْ عَنْ يَمِينِكَ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا الظِّرَابُ قَدْ سُدَّ بِوُجُوهِ الرِّجَالِ، ثُمَّ قِيلَ لِي: انْظُرْ عَنْ يَسَارِكَ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک رات رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں کثیر باتیں ہوئیں' پھر صبح ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے' تو آپ نے فرمایا: میرے اوپر انبیاء اپنی اُمتوں کے متبعین سمیت پیش کیے گئے تو کسی نبی علیہ السلام کی اُمت کا بڑا گروہ اس کے ساتھ تھا اور کسی نبی علیہ السلام کے ساتھ کوئی ایک آدمی بھی نہ تھا (کیونکہ بعض نبی صرف اپنے نفس کی اصلاح کیلئے بھی دنیا پہ آئے ہیں)۔ قومِ لوط کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے تمہیں یوں آگاہ فرمایا: ''کیا تم میں سے کوئی بھی عقلمند آدمی نہیں ہے'' یہاں تک کہ حضرت موسیٰ بن عمران' بنی اسرائیل میں سے اپنے ساتھیوں کے ساتھ گزرے۔ میں نے عرض کی: اے میرے رب! میری اُمت کہاں ہے؟ فرمایا: اپنی دائیں طرف دیکھیں' (جب میں نے دیکھا) تو مکہ کے پہاڑوں کی طرح پہاڑ ہیں جو لوگوں کے چہروں سے ڈھکے ہوئے ہیں۔ فرمایا: اے محمد!

9651- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 19519' ومن طريقه أحمد رقم الحديث: 3806 .

الْأُفُقُ قَدْ سُدَّ بِوُجُوهِ الرِّجَالِ، فَقِيلَ لِي: أَرَضِيتَ؟ قُلْتُ: رَضِيتُ يَا رَبِّ، رَضِيتُ يَا رَبِّ، فَقِيلَ لِي: إِنَّ مَعَ هَؤُلَاءِ سَبْعِينَ أَلْفًا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ .قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِدَاءٌ لَكُمْ أَبِي وَأُمِّي، إِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ تَكُونُوا مِنَ السَّبْعِينَ أَلْفًا فَافْعَلُوا، فَإِنْ قَصَّرْتُمْ فَكُونُوا مِنْ أَهْلِ الظِّرَابِ، فَإِنْ قَصَّرْتُمْ فَكُونُوا مِنْ أَهْلِ الْأُفُقِ؛ فَإِنِّي قَدْ رَأَيْتُ نَاسًا يَتَهَاوَشُونَ ، فَقَامَ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ الْأَسَدِيُّ فَقَالَ: ادْعُ لِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنَ السَّبْعِينَ، فَدَعَا لَهُ، فَقَامَ رَجُلٌ آخَرُ فَقَالَ: ادْعُ اللّٰهَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ، فَقَالَ: قَدْ سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ .قَالَ: ثُمَّ تَحَدَّثْنَا فَقُلْنَا: مَنْ هَؤُلَاءِ السَّبْعُونَ الْأَلْفِ؟ قَوْمٌ وُلِدُوا فِي الْإِسْلَامِ حَتَّى مَاتُوا، فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هُمُ الَّذِينَ لَا يَكْتَوُونَ، وَلَا يَسْتَرْقُونَ، وَلَا يَتَطَيَّرُونَ، وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ.

راضی ہو؟ میں نے عرض کی: اے میرے رب! راضی ہوں۔ فرمایا: (اب) بائیں طرف نظر کرو! پس میں نے ملاحظہ کیا تو زمین کا کنارہ لوگوں کے چہروں سے ڈھکا ہوا ہے۔ فرمایا: اے محمد! راضی ہو! میں نے عرض کی: اے میرے رب! راضی ہوں۔ فرمایا: ان سب کے ساتھ ستر ہزار جنت میں بغیر حساب کے داخل ہوں گے۔ (یہ بات سن کر) حضرت عکاشہ بن محصن اسدی رضی اللہ عنہ نے آ کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! اللہ سے دعا کریں کہ وہ مجھے ان لوگوں میں سے بنا دے! آپ ﷺ نے دعا کی: اے اللہ! اس کو اُن میں سے بنا دے! پھر ایک اور آدمی کھڑا ہوا' اُس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اللہ سے دعا کریں کہ وہ مجھے ان میں سے بنا دے! فرمایا: عکاشہ تم پر سبقت لے گئے۔ پھر رسول کریم ﷺ نے لوگوں سے فرمایا: تم پر میرے ماں باپ قربان! اگر تم سے ہو سکے اُن ستر سے ہونا تو ان سے ہو جانا' پس اگر تم عاجز ہو اور تمہارے عمل کوتاہ ہوں تو پہاڑ والوں سے ہونا۔ پس اگر تم عاجز ہو اور تمہارے عمل کوتاہ ہوں تو کنارے والوں سے ہونا کیونکہ میں نے کئی لوگوں کو ایک دوسرے سے ملتا جلتا دیکھا ہے۔ پھر فرمایا: مجھے اُمید ہے کہ میرے اُمتی تمام جنت والوں کا چوتھائی حصہ ہوں گے' تو قوم نے اللہ اکبر کا نعرہ لگایا۔ پھر فرمایا: بے شک مجھے اُمید ہے کہ وہ جنتیوں کا ایک حصہ ہوں گے تو قوم نے اللہ اکبر کا نعرہ لگایا' پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ''اوّلین میں بڑا گروہ اور آخرین میں سے تھوڑے''۔ پس لوگوں نے آپس میں

ایک دوسرے سے مذاکرہ کیا کہ وہ ستر ہزار کون ہیں؟ بعض لوگوں نے کہا: وہ گروہ جو اسلام میں پیدا ہوئے اور اسلام پر ہی ان کی موت آئی یہاں تک کہ بات رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں اُٹھائی گئی تو آپ نے فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں جو غلط قسم کے تعویذ گنڈے نہیں کرتے' نہ بُری فال پکڑتے ہیں اور وہ اپنے رب پر بھروسہ کرنے والے ہیں۔

حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا أَبُو عُمَرَ حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، ثنا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: تَحَدَّثْنَا عِنْدَ نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ، فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ مَعْمَرٍ.

ایک دوسری سند کے ساتھ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک رات ہم نے رسول کریم ﷺ کے پاس بڑی باتیں کیں۔ پس معمر کی حدیث جیسی حدیث ذکر کی۔

حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَدِيٍّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، وَالْعَلَاءِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

ایک تیسری سند سے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے اس کی مثل حدیث روایت کی ہے۔

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ایک چوتھی سند سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے اس جیسی حدیث ذکر کی ہے۔

نَحْوَهُ.

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، ثنا أَبُو أُمَيَّةَ الْحَبَطِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

ایک پانچویں سند سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کی مثل حدیث بیان کی ہے۔

9652- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ حَنَشٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ كَانَ فِي بُسْتَانٍ مِنْ بَسَاتِينِ الْمَدِينَةِ، وَهُوَ يُقْرِءُ ابْنَيْهِ، فَمَرَّ بِهِ طَائِرَانِ غُرَابَانِ أَوْ حَمْلَانِ، لَهُمَا حَفِيفٌ، فَنَظَرَ إِلَيْهِمَا ابْنُ مَسْعُودٍ فَقَالَ: وَاللَّهِ مَا أَنَا بِأَشَدَّ عَلَى هَذَيْنِ حُزْنًا لَوْ مَاتَا إِلَّا كَحُزْنِي عَلَى هَذَيْنِ الطَّائِرَيْنِ لَوْ وَقَعَا مَيِّتَيْنِ، وَإِنِّي لَأَجِدُ لَهُمَا مَا يَجِدُ الْوَالِدُ لِوَلَدِهِ، وَلَكِنْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَنْ تَقُومَ السَّاعَةُ حَتَّى يَسُودَ كُلَّ قَبِيلَةٍ مُنَافِقُوهَا ؛ فَلِذَلِكَ اشْتَهَيْتُ أَنْ نَمُوتَ قَبْلَ ذَلِكَ الزَّمَانِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے' اُنہوں نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ وہ مدینہ کے باغوں میں سے ایک باغ میں تھے اس حال میں کہ وہ اپنے دونوں بیٹوں کو پڑھا رہے تھے۔ پس ان کے پاس سے دو پرندے گزرے' کورے تھے یا ان کے بچے۔ ان کے پَروں کی آواز آئی تو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ان کی طرف دیکھا' فرمایا: قسم بخدا! مجھے (اپنے) ان دو (بیٹوں) پر اتنا غم نہیں ہوگا اگر یہ فوت ہو جائیں جتنا غم ان دو پرندوں پر ہوگا اگر یہ گر کر مر جائیں' یقیناً میں ان دونوں کیلئے اپنے دل میں وہی محبت پاتا ہوں' جو ایک والا اپنے بچے کیلئے پاتا ہے' لیکن میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: قیامت ہرگز قائم نہ ہوگی حتیٰ کہ ہر قبیلہ کے منافق اس کے سردار بن جائیں' پس اس وجہ سے مجھے خواہش ہوئی کہ وہ زمانہ آنے سے پہلے میں مر جاؤں۔

9653- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی

9652- قال فی المجمع جلد 6صفحه327' رواه البزار جلد 1صفحه237' والطبرانی وفيه قصة وفيه حسين بن قيس وهو متروك . قلت هو حنش بن قيس .

9653- ورواه الترمذی رقم الحديث: 2531' وقال: هذا حديث غريب لا نعرفه من حديث ابن مسعود عن النبی صلی الله

الْـمَـكِّـيُّ، ثـنـا مُـحَـمَّـدُ بْنُ بَكَّارٍ الْعَيْشِيُّ، ح وَحَـدَّثَـنَـا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا حُمَيْدُ بْـنُ مَسْعَدَةَ، قَالَا: ثـنـا حُـصَيْـنُ بْنُ نُمَيْرٍ، ثنا حُسَيْـنُ بْـنُ قَيْـسٍ الرَّحَبِيُّ، ثنا عَطَاءٌ، عَنِ ابْنِ عُـمَـرَ، عَـنِ ابْـنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَـلَـيْـهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَـزُولُ قَدَمُ ابْنِ آدَمَ يَوْمَ الْـقِـيَـامَةِ مِـنْ عِنْدِ رَبِّهِ حَتَّى يُسْأَلَ عَنْ خَمْسٍ: عَنْ عُمْرِهِ فِيمَا أَفْنَاهُ، وَشَبَابِهِ فِيمَا أَبْلَاهُ، وَمَالِهِ مِـنْ أَيْـنَ كَسَبَـهُ وَفِيمَا أَنْفَقَهُ، وَمَاذَا عَمِلَ فِيمَا عَلِمَ

کریم ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن' آدمی کا پاؤں اس وقت تک اپنے رب کے پاس سے نہیں ہل سکے گا جب تک اس سے پانچ چیزوں کا سوال نہیں کرلیا جائے گا: (۱) اس کی عمر کے بارے میں کہ کس کام میں لگائی (۲) اس کی جوانی کے بارے میں کہ کس کام میں گزاری (۳) اس کے مال کے بارے میں کہ کہاں سے کمایا اور (۴) کس چیز میں خرچ کیا (۵) اپنے علم پر کہاں تک عمل کیا۔

9654- حَـدَّثَـنَـا يَـحْيَـى بْـنُ أَيُّـوبَ الْـعَلَّافُ، وَعَـمْـرُو بْـنُ أَبِـي الطَّاهِرِ بْنِ سَرْحٍ الْـمِصْرِيَّانِ قَالَا: ثـنـا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا مُـوسَـى بْـنُ يَـعْـقُـوبَ، حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمٍ، عَنْ عَـامِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ عَبْدَ اللَّـهِ بْـنَ مَسْعُـودٍ أَخْبَـرَهُ، أَنَّـهُ لَمْ يَكُنْ بَيْنَ إِسْلَامِهِمْ وَبَيْنَ أَنْ نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ يُعَاتِبُهُمُ اللَّهُ إِلَّا أَرْبَعُ سِنِينَ (وَلَا يَـكُـونُـوا كَالَّذِينَ أُوتُوا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ لوگوں کے اسلام لانے اور اس آیت کے نازل ہونے کے درمیان صرف چالیس سال کا فاصلہ ہے کہ اللہ نے ان پر عتاب فرمایا ہے: ''اور وہ ان لوگوں (یہود و نصاریٰ) کی طرح نہ ہوں جنہیں پہلے کتاب دی گئی پھر ان پر مدت لمبی ہوگئی''۔ پس ان کے دل سخت ہو گئے جبکہ ان میں سے بہت سارے فاسق ہیں۔

عـلـيـه وآلـه وسـلم الا من حديث حسين بن قيس وحسين يضعف فى الحديث ـ قلت هو متروك كما تقدم ـ ورواه البزار جلد1صفحه237-238 ـ

9654- قال فى المجمع جلد7صفحه121' وفيـه موسىٰ بن يعقوب الزمعى وثقه ابن معين وغيره وضعفه ابن المدينى وبقيه رجـاله رجال الصحيح ـ قلت: رواه ابن ماجه رقم الحديث: 4192' والبزار جلد1صفحه240 من طريق موسىٰ هذا بـه ـ وقـال فـى الـزوائـد: هـذا اسـنـاده صـحـيـح ورجـالـه ثـقات ـ فهو ليس من شرط المجمع' ورواه مسلم رقم الحديث: 3027 من طريق آخر ونسبه ابن كثير الى عبد الله بن مبارك والنسائىؒ فى تفسيره ـ

الْكِتَابَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْأَمَدُ) (الحديد: 16) فَقَسَتْ قُلُوبُهُمْ وَكَثِيرٌ مِنْهُمْ فَاسِقُونَ

9655- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا مَعْمَرٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ وَابِصَةَ الْأَسَدِيِّ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: إِنِّي لَبِالْكُوفَةِ فِي دَارِي إِذْ سَمِعْتُ عَلَى بَابِ الدَّارِ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، أَأَلِجُ؟ فَقُلْتُ: وَعَلَيْكَ السَّلَامُ، فَلُجَّ، فَلَمَّا دَخَلَ إِذَا هُوَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَيَّةُ سَاعَةِ زِيَارَةِ هَذِهِ؟ وَذَلِكَ فِي نَحْوِ الظَّهِيرَةِ، قَالَ: طَالَ عَلَيَّ النَّهَارُ، فَتَذَكَّرْتُ مَنْ أَتَحَدَّثُ إِلَيْهِ، قَالَ: فَجَعَلَ يُحَدِّثُنِي عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأُحَدِّثُهُ، ثُمَّ أَنْشَأَ يُحَدِّثُنِي فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تَكُونُ فِتْنَةٌ، النَّائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْمُضْطَجِعِ، وَالْمُضْطَجِعُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَاعِدِ، وَالْقَاعِدُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ

حضرت عمرو بن وابصہ اسدی اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ اُنہوں نے فرمایا: میں کوفہ میں تھا اپنے گھر میں کہ میں نے گھر کے دروازے پر السلام علیکم! کیا میں داخل ہوسکتا ہوں؟ کی آواز سنی۔ میں نے کہا: وعلیک السلام! آپ داخل ہوں۔ پس جب وہ داخل ہوئے تو اچانک وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ تھے۔ میں نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! یہ ملاقات کا کون سا وقت ہے؟ جبکہ وہ تقریباً ظہر کا وقت تھا۔ فرمایا: دن مجھ پر لمبا ہو گیا' میں نے سوچا' میں کس سے حدیثیں بیان کروں۔ راوی کا بیان ہے: آپ نے مجھے حدیثیں سنانا شروع کر دیں۔ رسول کریم ﷺ سے روایت ہے: اور میں اس کو بیان کرتا ہوں۔ پھر آپ مجھ سے حدیث بیان کرنے لگے۔ فرمایا: میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: فتنہ ہوگا! جس میں سونے والا لیٹنے والے سے' لیٹنے والا بیٹھنے والے سے' بیٹھنے والا کھڑے ہونے والے سے' کھڑا ہونے والا چلنے والے سے' چلنے والا سوار سے اور سوار

9655- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20727' ومن طريقه أحمد رقم الحديث: 4286' ولكنه قال عن رجل عن عمرو بدل عن اسحاق بن راشد عن عمرو به . ورواه أحمد رقم الحديث: 4287 حدثنا علي بن اسحاق أخبرنا عبد الله يعني ابن المبارك أخبرنا معمر عن اسحاق به . قال في المجمع جلد 7 صفحه 302' رواه أحمد بإسنادين ورجال أحدهما ثقات . قلت: يقصد الأخير . ولم نسبه الى الطبراني ولا الى البزار . ورواه الحاكم جلد 4 صفحه 427 من طريق معمر به' وقال: هذا حديث صحيح الاسناد ولم يخرجاه' ووافقه الذهبي .

فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِي، وَالْمَاشِي خَيْرٌ مِنَ الرَّاكِبِ، وَالرَّاكِبُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْمُجْرِي، قَتْلاهَا كُلُّهَا فِي النَّارِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، وَمَتَى ذَلِكَ؟ قَالَ: ذَلِكَ أَيَّامَ الْهَرْجِ، قُلْتُ: وَمَتَى أَيَّامُ الْهَرْجِ؟ قَالَ: حِينَ لَا يَأْمَنُ الرَّجُلُ جَلِيسَهُ، قُلْتُ: فَبِمَ تَأْمُرُنِي إِنْ أَدْرَكْتُ ذَلِكَ الزَّمَانَ؟ قَالَ: اكْفُفْ نَفْسَكَ وَيَدَكَ، وَادْخُلْ دَارَكَ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنْ دَخَلَ عَلَيَّ دَارِي؟ قَالَ: فَادْخُلْ بَيْتَكَ، قُلْتُ: أَرَأَيْتَ إِنْ دَخَلَ عَلَيَّ بَيْتِي؟ قَالَ: فَادْخُلْ مَسْجِدَكَ فَاصْنَعْ هَكَذَا، وَقَبَضَ بِيَمِينِهِ عَلَى الْكُوعِ، وَقُلْ: رَبِّيَ اللَّهُ، حَتَّى تَمُوتَ كَذَلِكَ

سواری پر سوار ہو کر چلنے والے سے بہتر ہوگا' ان کے مقتول سارے کے سارے دوزخ میں ہوں گے۔ فرماتے ہیں: میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! یہ کب ہوگا؟ فرمایا: ہرج کے دنوں میں! میں نے عرض کی: ہرج کے دن کب ہوں گے؟ فرمایا: جب آدمی اپنے ہم مجلس سے امن میں نہ ہوگا۔ میں نے عرض کی: اگر میں اس زمانے کو پالوں تو آپ مجھے کیا حکم دیتے ہیں؟ فرمایا: اپنے آپ کو اور اپنے ہاتھ کو روک کر' اپنے گھر میں داخل ہو جانا۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اگر فتنہ میرے گھر میں داخل ہو جائے؟ فرمایا: اپنے کمرے میں داخل ہو جانا۔ میں نے عرض کی: اگر وہ میرے کمرے میں داخل ہو جائے تو کیا خیال ہے؟ فرمایا: اپنی مسجد میں داخل ہو جانا۔ پس اسی طرح کرنا۔ اسی دوران آپ ﷺ نے اپنے دائیں ہاتھ کو اپنے انگوٹھے سے ملے ہوئے کلائی کے حصے پر رکھا ہوا تھا۔ (فرمایا:) اور کہہ: میرا رب اللہ ہے یہاں تک کہ اسی طرح تیرے اوپر موت آ جائے۔

9656- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: آخِرُ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ يَمْشِي عَلَى الصِّرَاطِ وَهُوَ يَمْشِي مَرَّةً وَيَكْبُو مَرَّةً، وَتَسْفَعُهُ النَّارُ، فَإِذَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: وہ آدمی جو سب سے آخر میں جنت کے اندر داخل ہوگا' اس کا حال یہ ہوگا کہ کبھی پل صراط پر چلے گا' کبھی گر پڑے گا۔ اسے آگ کی تپش پہنچے گی' پس جب وہ دوزخ کے اوپر سے گزر کر آگے چلا جائے

9656- رواه أحمد رقم الحديث: 3899,3714' ومسلم رقم الحديث: 187' ورواه أحمد رقم الحديث: 3595' والبزار جلد1 صفحه239-240' ومسلم رقم الحديث:186 مختصرًا .

جَاوَزَهَا الْتَفَتَ إِلَيْهَا قَالَ: تَبَارَكَ الَّذِي نَجَّانِي مِنْكِ، أَعْطَانِي شَيْئًا مَا أَعْطَاهُ أَحَدًا مِنَ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ، وَتُرْفَعُ لَهُ شَجَرَةٌ فَيَقُولُ: أَيْ رَبِّ، أَدْنِنِي مِنْ هَذِهِ الشَّجَرَةِ فَلِأَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا، وَأَشْرَبَ مِنْ مَائِهَا، فَيَقُولُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: يَا ابْنَ آدَمَ، لَعَلِّي إِنْ أَعْطَيْتُكَهَا تَسْأَلُنِي غَيْرَهَا. فَيُدْنِيهِ مِنْهَا، وَرَبُّهُ يَعْلَمُ أَنَّهُ سَيَفْعَلُ، فَيَسْتَظِلُّ بِظِلِّهَا، وَيَشْرَبُ مِنْ مَائِهَا، ثُمَّ تُرْفَعُ لَهُ شَجَرَةٌ أُخْرَى هِيَ أَحْسَنُ مِنَ الْأُولَى، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، أَدْنِنِي مِنْهَا فَلِأَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا، وَأَشْرَبَ مِنْ مَائِهَا، وَلَا أَسْأَلُكَ غَيْرَهَا، وَرَبُّهُ يَعْلَمُ أَنَّهُ سَيَفْعَلُ؛ لِأَنَّهُ يَرَى مَا لَا صَبْرَ عَلَيْهِ، فَيَقُولُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: يَا ابْنَ آدَمَ، أَلَمْ تُعَاهِدْنِي أَنْ لَا تَسْأَلَنِي غَيْرَهَا، فَيَقُولُ: بَلَى يَا رَبِّ، وَلَكِنْ هَذِهِ لَا أَسْأَلُكَ غَيْرَهَا، وَرَبُّهُ يَعْلَمُ أَنَّهُ سَيَفْعَلُ، وَهُوَ يَعْذِرُهُ؛ لِأَنَّهُ يَرَى مَا لَا صَبْرَ لَهُ عَلَيْهِ، فَيَقُولُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: لَعَلِّي إِنْ أَدْنَيْتُكَ مِنْهَا سَأَلْتَنِي غَيْرَهَا، فَيُعَاهِدُهُ أَنْ لَا يَفْعَلَ، فَيُدْنِيهِ مِنْهَا، فَيَسْتَظِلُّ بِظِلِّهَا، وَيَشْرَبُ مِنْ مَائِهَا، ثُمَّ تُرْفَعُ لَهُ شَجَرَةٌ عِنْدَ بَابِ الْجَنَّةِ هِيَ أَحْسَنُ مِنَ الْأُولَيَيْنِ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، أَدْنِنِي مِنْ هَذِهِ أَسْتَظِلُّ بِظِلِّهَا، وَأَشْرَبُ مِنْ مَائِهَا، فَيَقُولُ اللَّهُ جَلَّ ذِكْرُهُ: يَا ابْنَ آدَمَ، أَلَمْ تُعَاهِدْنِي أَنْ لَا تَسْأَلَنِي غَيْرَهَا؟ فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، هَذِهِ لَا

گا تو دوزخ کی طرف متوجہ ہو کر کہے گا: برکتوں والی ہے وہ ذات جس نے مجھے تجھ سے نجات دی' اس نے مجھے وہ چیز عطا فرمائی جو اس نے اگلوں اور پچھلوں میں سے کسی کو عطا نہیں کی' اس کیلئے ایک درخت بلند کیا جائے گا تو وہ کہے گا: اے میرے رب! مجھے اس درخت کے قریب فرما دے تا کہ میں اس کا سایہ حاصل کروں اور اس کا پانی پی سکوں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے آدم کے بیٹے! شاید اگر میں تجھے یہ درخت عطا کر دوں تو تُو مجھ سے اس کے علاوہ مانگے؟ (اگر نہ مانگے تو عطا کروں' وہ وعدہ کرے گا) تو اس آدمی کو اللہ تعالیٰ اس کے قریب فرما دے گا حالانکہ اس کا رب جانتا ہے کہ وہ آدمی اس سے سوال کرے گا۔ پس وہ اس درخت کا سایہ حاصل کرے گا اور اس کا پانی پیئے گا' پھر اس کے سامنے ایک اور درخت بلند کیا جائے گا' یہ پہلے درخت سے زیادہ خوبصورت ہوگا' تو وہ بندہ عرض کرے گا: اے میرے رب! مجھے اس درخت کے قریب کر دے تا کہ میں اس کا سایہ حاصل کروں اور اس کا پانی پی سکوں (اور میں وعدہ کرتا ہوں کہ اگر تُو مجھے اس درخت کے قریب کر دے تو) میں تجھ سے اس کے علاوہ کا سوال نہیں کروں گا' حالانکہ اس کا رب جانتا ہے کہ وہ اور مانگے گا کیونکہ وہ ایسی چیز دیکھے گا جس پر وہ صبر نہ کر سکے گا۔ پس اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے آدم کے بیٹے! تُو نے مجھ سے وعدہ نہیں کیا تھا کہ تُو مجھ سے اس کے علاوہ نہیں مانگے گا۔ پس وہ عرض کرے گا: جی ہاں! میرے رب! کیوں نہیں! (وعدہ کیا تھا) لیکن بس یہی عطا کر دے۔ اس کے علاوہ کا سوال نہیں کروں گا' حالانکہ اس

أَسْأَلُكَ غَيْرَهَا، فَيَقُولُ: لَعَلِّي إِنْ أَدْنَيْتُكَ مِنْهَا أَنْ تَسْأَلَنِي غَيْرَهَا، فَيُعَاهِدُهُ أَنْ لَا يَفْعَلَ، وَرَبُّهُ يَعْلَمُ أَنَّهُ سَيَفْعَلُ، وَرَبُّهُ يَعْذِرُهُ؛ لِأَنَّهُ يَرَى مَا لَا صَبْرَ لَهُ، عَلَيْهِ فَيُدْنِيهِ مِنْهَا، فَيَسْمَعُ أَصْوَاتَ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَقُولُ: أَيْ رَبِّ، أَدْخِلْنِيهَا؛ فَيَقُولُ: يَا ابْنَ آدَمَ، أَتَرْضَى أَنْ أُعْطِيَكَ الدُّنْيَا وَمِثْلَهَا مَعَهَا؟ فَيَقُولُ: أَتَسْتَهْزِءُ بِي وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِينَ؟ فَضَحِكَ رَسُولُ اللَّهِ ثُمَّ قَالَ: أَلَا تَسْأَلُونِي مِمَّ ضَحِكْتُ، قَالَ: مِمَّ ضَحِكْتَ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: مِنْ ضَحِكِ رَبِّ الْعَالَمِينَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى حَيْثُ قَالَ: أَتَسْتَهْزِءُ بِي وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِينَ؟ فَيَقُولُ: لَا، إِنِّي لَا أَسْتَهْزِءُ، وَلَكِنِّي عَلَى مَا أَشَاءُ قَدِيرٌ

کا رب جانتا ہے کہ وہ سوال کرے گا لیکن اللہ اسے معذور قرار دے گا کیونکہ وہ ایسی چیز دیکھتا ہے جس پر وہ صبر نہیں کرسکتا ہے۔ پس اللہ فرمائے گا: ممکن ہے اگر میں تجھے اس کے قریب کروں تو تُو مجھ سے اس کے علاوہ کا سوال کرے۔ پس وہ پختہ وعدہ کرے گا کہ وہ ایسا نہیں کرے گا' پس اللہ اسے قریب فرما دے گا۔ پس وہ اس کا سایہ حاصل کرے گا اور اس کا پانی پیئے گا' پھر اس کے سامنے جنت کے دروازے پر پہلے دونوں سے زیادہ خوبصورت درخت بلند کیا جائے گا تو وہ عرض کرے گا: اے میرے رب! مجھے اس کے قریب فرما دے تا کہ میں اس کا سایہ حاصل کروں اور اس کے پانی سے پی سکوں۔ اللہ فرمائے گا: اے ابن آدم! کیا تُو نے میرے ساتھ وعدہ نہیں کیا تھا کہ تُو مجھ سے اس کے علاوہ کا سوال نہیں کرے گا۔ پس وہ عرض کرے گا: اے میرے رب! یہ عطا کر! اس کے علاوہ کا تجھ سے سوال نہ کروں گا۔ اللہ فرمائے گا: ممکن ہے اگر میں تجھے اس کے قریب کروں تو تُو مجھ سے اس کے علاوہ کا سوال کرے۔ پس وہ پکا وعدہ کرے گا کہ وہ ایسا نہیں کرے گا حالانکہ اس کا رب جانتا ہے کہ وہ ایسا کرے گا لیکن اس کا رب اسے معذور قرار دے گا کیونکہ وہ آدمی ایسی چیز دیکھ رہا ہے جس پر اسے صبر کا یارا نہیں ہے۔ پس اللہ اسے اس کے قریب کر دے گا' تو وہ جنتیوں کی آوازیں سنے گا۔ عرض کرے گا: اے میرے رب! اب اس جنت میں داخل فرما دے۔ پس اللہ فرمائے گا: اے آدمی! کیا تُو اس پر راضی نہیں ہے کہ میں تجھے دنیا اور اس کے ساتھ اس کی مثل عطا کروں؟ تو وہ

عرض کرے گا: کیا تُو مجھ سے مذاق کرتا ہے حالانکہ تُو سارے جہانوں کا رب ہے؟ پس رسول کریم ﷺ ہنس پڑے' پھر فرمایا: تم مجھ سے پوچھتے کیوں نہیں کہ میں کیوں ہنسا ہوں؟ عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ کے ہنسنے کی حکمت کیا ہے؟ فرمایا: سارے جہانوں کے رب کے ہنسنے کی وجہ سے' میں ہنسا ہوں۔ جب اس بندے نے عرض کی: تُو رب العالمین ہو کر مجھ سے مذاق کرتا ہے؟ (یہ سن کر رب کو بھی ہنسی آ گئی) پس اللہ فرمائے گا: جی نہیں! میں مذاق نہیں کرتا ہوں بلکہ میں جو چاہوں اسی پر قادر ہوں۔

9657- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تُعْرَضُ أَعْمَالُ بَنِي آدَمَ كُلَّ يَوْمِ اثْنَيْنِ، وَفِي كُلِّ يَوْمِ خَمِيسٍ، فَيَرْحَمُ الْمُتَرَحِّمِينَ وَيَغْفِرُ لِلْمُسْتَغْفِرِينَ، ثُمَّ يَذَرُ أَهْلَ الْحِقَدِ بِحِقْدِهِمْ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کے حوالہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: انسان کے اعمال ہر جمعرات اور پیر کے دن پیش کیے جاتے ہیں' رحم کرنے والوں پر رحم کیا جاتا ہے اور بخشش مانگنے والے کو بخش دیا جاتا ہے' پھر کینہ وبغض رکھنے والوں کو چھوڑ دیا جاتا ہے۔

9658- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: لوگوں پر

9657- قال فی المجمع جلد 8صفحه65' رواه الطبرانی والبزار جلد 1صفحه242' وفيه علی بن يزيد الألهانی وهو متروك . قلت: وفی عبيد الله كلام مثله .

9658- قال فی المجمع جلد7صفحه282' رواه البزار جلد 1صفحه244' والطبرانی وفيه علی بن يزيد الألهانی وهو متروك . قلت: وفيه عبيد الله بن زحر وهو ضعيف جدًا .

عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَيَأْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ تَغْبِطُونَ فِيهِ الرَّجُلَ بِخِفَّةِ الْحَاذِ كَمَا تَغْبِطُونَهُ الْيَوْمَ بِكَثْرَةِ الْمَالِ وَالْوَلَدِ، حَتَّى يَمُرَّ أَحَدُكُمْ بِقَبْرِ أَخِيهِ فَيَتَمَعَّكَ عَلَيْهِ كَمَا تَتَمَعَّكُ الدَّابَّةُ فِي مَرَاعِهَا، وَيَقُولُ: يَا لَيْتَنِي مَكَانَهُ، مَا بِهِ شَوْقٌ إِلَى اللّٰهِ، وَلَا عَمِلَ صَالِحًا قَدَّمَهُ، إِلَّا مِمَّا يَنْزِلُ بِهِ مِنَ الْبَلَاءِ

ایک زمانہ ایسا ضرور آئے گا جس میں تم ساز وسامان کی کمی پر رشک کرو گے' جس طرح آج تم مال اور اولاد کی کثرت سے اِتراتے ہو یہاں تک کہ تمہارا کوئی آدمی اپنے بھائی کی قبر کے پاس سے گزرنے لگے گا تو اس پر لوٹ پوٹ ہوگا جس طرح چوپائے اپنی چراگاہ میں لوٹ پوٹ ہوتے ہیں اور کہے گا: ہائے کاش! میں آپ کی جگہ ہوتا' یہ شوق سے نہیں ہوگا جو اس کے دل میں اللہ کا ہوگا اور اس نے کوئی نیک عمل کر کے بھی آگے نہیں بھیجا ہوگا' پس اس پر بلائیں اور مصیبتیں ہی نازل ہوئی ہوں گی۔

9659- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا صَلَّى فَلَمْ يُتِمَّ صَلَاتَهُ؛ خُشُوعَهَا وَلَا رُكُوعَهَا، وَأَكْثَرَ الِالْتِفَاتَ لَمْ تُتَقَبَّلْ مِنْهُ، وَمَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ خُيَلَاءَ لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ إِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَإِنْ كَانَ عَلَى اللّٰهِ كَرِيمًا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: بندہ جب نماز پڑھتا ہے تو وہ نماز خشوع سے ادا نہیں کرتا اور رکوع مکمل نہیں کرتا' اکثر اِدھر اُدھر توجہ کرتا ہے تو اس کی نماز قبول نہیں کی جاتی ہے' جو تکبر سے کپڑا لٹکاتا ہے' اللہ پاک اس کی طرف قیامت کے دن نظرِ رحمت نہیں کرے گا' اگرچہ وہ آدمی' (دنیا میں) اللہ کے سامنے بڑا کریم بنا ہوا تھا۔

9660- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

9659- قال في المجمع جلد 2 صفحه 122' وفيه عبيد اللّٰه بن زحر وهو ضعيف جدًا . قلت: وعلي بن يزيد الألهاني متروك .

9660- قال في المجمع جلد 5 صفحه 142' وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو ضعيف . قلت: وعبيد اللّٰه بن زحر مثله .

الْعَلَّافُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ لَبِسَ الْحَرِيرَ فِي الدُّنْيَا لَمْ يَلْبَسْهُ فِي الْآخِرَةِ

نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو دنیا میں ریشم پہنتا ہے اس کو آخرت میں ریشم نہیں پہنایا جائے گا۔

9661- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِي قَيْسٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی اس کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کرتا ہوگا۔

9662- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبُو أُسَامَةَ، ثنا مِسْعَرٌ، حَدَّثَنِي مَعْنٌ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا مَا دُمْتُ فِيهِمْ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں جب تک ان میں رہا، میں ان پر گواہ تھا۔

9663- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

9661- ورواه أحمد رقم الحديث: 3718، والبخاري رقم الحديث: 6169,6168، ومسلم رقم الحديث: 2640 من طريق آخر عن ابن مسعود . وأبو يعلى جلد1 صفحه240، والبزار جلد1 صفحه238 .

9662- قال في المجمع جلد7 صفحه19، ورجاله رجال الصحيح . قلت: محمد بن اسحاق مدلس وقد عنعن .

9663- قال في المجمع جلد2 صفحه207، رواه أحمد رقم الحديث: 4387، وأبو يعلى والطبراني في الكبير والبزار جلد 1 صفحه241، ورجاله موثقون .

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ فُضَيْلٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ أَبِي الْعَوْجَاءِ السُّلَمِيِّ، عَنْ أَبِي شُرَيْحٍ الْخُذَاعِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْمُرُنَا بِالصَّلَاةِ عِنْدَ كُسُوفِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ، فَإِذَا رَأَيْتُمُوهُ قَدْ أَصَابَهُمَا فَافْزَعُوا إِلَى الصَّلَاةِ؛ فَإِنَّهَا إِنْ كَانَتِ الَّذِي تَحْذَرُونَ كَانَتْ وَأَنْتُمْ عَلَى غَيْرِ غَفْلَةٍ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ كُنْتُمْ قَدْ أَصَبْتُمْ خَيْرًا وَكَسَبْتُمُوهُ

حضور ﷺ ہمیں نماز کا حکم دیتے تھے' سورج اور چاند گرہن کے موقع پر۔ فرمایا: جب تم ان کو دیکھو کہ گرہن لگا ہوا ہے تو نماز شروع کرو کیونکہ اگر کسی چیز سے تم ڈرو گے تو وہ تو آئے گی جبکہ تم غفلت میں نہیں ہو گے' اور اگر وہ نہیں آئے گی تو تم بھلائی کو پانے اور کمانے والے ہو گے۔

9664- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ أَبُو يَعْلَى التَّوَّزِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَجَاءٍ الْمَكِّيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: مَرَرْتُ بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّي فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَأَشَارَ إِلَيَّ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس سے گزرا تو آپ نماز پڑھ رہے تھے' میں نے آپ کو سلام کیا تو آپ نے میری طرف اشارہ کیا۔

9665- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ

رسول کریم ﷺ کے غلام حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت

9664- قال في المجمع جلد 2صفحه82' رواه الطبراني في الأوسط (79 مجمع البحرين)' والصغير جلد 2صفحه27' ورجاله رجال الصحيح . ولم ينسبه الى الكبير والبزار ورواه البزار جلد 1 صفحه238 .

9665- ورواه أحمد رقم الحديث:4402,4379' ومسلم رقم الحديث:50 .

بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا الْحَارِثُ بْنُ فُضَيْلٍ الْخَطْمِيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ مَوْلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا كَانَ مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا كَانَ لَهُ حَوَارِيُّونَ يَهْدُونَ بِهَدْيِهِ، وَيَسْتَنُّونَ سُنَّتَهُ، ثُمَّ يَكُونُ مِنْ بَعْدِهِمْ خُلُوفٌ يَقُولُونَ مَا لَا يَفْعَلُونَ، وَيَعْمَلُونَ مَا تُنْكِرُونَ، مَنْ جَاهَدَهُمْ بِيَدِهِ فَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِلِسَانِهِ فَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِقَلْبِهِ فَهُوَ مُؤْمِنٌ، لَيْسَ وَرَاءَ ذَلِكَ مِنَ الْإِيمَانِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ

9716- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا مَنْدَلٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: صَلَّى عَلْقَمَةُ الْعَصْرَ خَمْسًا، فَقُلْنَا حِينَ سَلَّمَ: صَلَّيْتَ خَمْسًا، فَقَالَ لِرَجُلٍ مِنَ النَّخَعِ يُقَالُ لَهُ إِبْرَاهِيمُ بْنُ سُوَيْدٍ: كَذَاكَ يَا أَعْوَرُ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَسَجَدَ بِنَا سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ قَائِمٌ، ثُمَّ تَشَهَّدَ ثُمَّ سَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں: حضرت علقمہ نے عصر کی نماز پانچ رکعت پڑھائیں' جب اُنہوں نے سلام پھیرا تو ہم نے عرض کی: آپ نے پانچ رکعتیں پڑھی ہیں' بنو نخع کے ایک آدمی کو کہا: جس کا نام ابراہیم بن سوید تھا' اے اعور! اسی طرح بات ہے؟ اُس نے کہا: جی ہاں! پس آپ نے ہمیں دو سجدے کروائے اس حال میں کہ آپ کھڑے تھے' پھر تشہد کیا پھر سلام پھیرا۔ پھر فرمایا: حضرت عبداللہ

اللّٰهِ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَصْرَ خَمْسًا، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَزِيدَ فِي الصَّلَاةِ شَيْءٌ؟ قَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ قُلْنَا: صَلَّيْتَ خَمْسًا، فَقَالَ لِرَجُلٍ يُقَالُ لَهُ ذُو الشِّمَالَيْنِ: أَكَذَلِكَ يَا ذَا الْيَدَيْنِ؟ قَالَ: نَعَمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَسَجَدَ بِنَا سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ قَاعِدٌ، ثُمَّ تَشَهَّدَ ثُمَّ سَلَّمَ ثُمَّ قَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ أَنْسَى كَمَا تَنْسَوْنَ، فَإِذَا نَسِيتُ فَذَكِّرُونِي، وَإِذَا شَكَّ أَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهِ، فَلَمْ يَدْرِ أَزَادَ أَمْ نَقَصَ، فَلْيَتَحَرَّ الصَّوَابَ مِنْ ذَلِكَ فَلْيُتِمَّ عَلَيْهِ وَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ؛ فَإِنَّهُ لَوْ زِيدَ فِي صَلَاتِكُمْ شَيْءٌ أَنْبَأْتُكُمْ

رضی اللہ عنہ نے ہمیں حدیث سنائی' فرمایا: رسول کریم ﷺ نے ہمیں عصر کی نماز کی پانچ رکعتیں پڑھا دیں تو ہم نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا نماز کی رکعتیں زیادہ ہو گئی ہیں؟ فرمایا: کیا ہوا؟ ہم نے عرض کی: آپ ﷺ نے پانچ رکعتیں پڑھی ہیں۔ پس آپ ﷺ نے ایک آدمی سے جسے ذوالشمالین کہا جاتا تھا' فرمایا: اے دو ہاتھوں والے! کیا ایسے ہی ہے؟ اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! جی ہاں! آپ ﷺ نے بیٹھے ہوئے ہمیں دو سجدے کروائے پھر تشہد پڑھ کر سلام پھیرا' پھر فرمایا: اے لوگو! میں عالم بشریت کا سردار ہوں' بھول سکتا ہوں جیسے تم بھولتے ہو' پس جب بھولوں تو مجھے یاد دلاؤ اور جب تم میں سے کسی کو نماز میں شک ہو اور اسے پتہ نہ ہو زیادہ یا کم پڑھی ہے تو اس میں سے صواب کو تلاش کرے' پھر اسی پر مکمل کرے اور دو سجدے کرے کیونکہ اگر تمہاری نماز میں زیادتی ہوئی تو میں تم کو بتاؤں گا۔

9717- حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ ثَعْلَبٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ح وَحَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمَوَيْهِ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّهُ قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ أَوِ الْعَصْرَ، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَحَدَثَ فِي الصَّلَاةِ حَدَثٌ؟ قَالَ: وَمَا ذَاكُمْ؟ قَالُوا: صَلَّيْتَ خَمْسًا، فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے نمازِ ظہر یا عصر پڑھائی' جب نماز مکمل کی تو عرض کی گئی: یارسول اللہ! کیا نماز کے متعلق کوئی نیا حکم نازل ہوا ہے؟ آپ نے فرمایا: کیا ہوا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے پانچ رکعتیں پڑھائی ہیں۔ پس آپ ﷺ نے اپنا رخ قبلہ کی طرف کیا اور دو سجدے کیے' پھر فرمایا: میں (ظاہراً) انسان ہوں' بھلا دیا جاتا ہوں جس طرح تم بھول جاتے ہو' جب تم میں سے کسی کو نماز میں شک ہو جائے تو دو سجدے سہو کے کرے۔

فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ ثُمَّ قَالَ: إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ أَنْسَى كَمَا تَنْسَوْنَ، فَإِذَا وَهِمَ أَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهِ فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ

9718- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ خَمْسًا، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، زِيدَ فِي الصَّلَاةِ؟ قَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالُوا: صَلَّيْتَ خَمْسًا، فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے نمازِ ظہر میں پانچ رکعتیں پڑھائیں' عرض کی: یارسول اللہ! نماز میں اضافہ ہوا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا ہوا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: آپ نے پانچ رکعتیں پڑھائی ہیں۔ پس آپ ﷺ نے دو سجدے سہو کے کیے۔

9719- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ صَلَّى خَمْسًا، فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے پانچ رکعتیں پڑھائیں' اس کے بعد آپ ﷺ نے دو سجدے سہو کے کیے۔

9720- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ ح، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ خَمْسَ رَكَعَاتٍ، فَقَالُوا لَهُ: يَا نَبِيَّ اللَّهِ، أَزِيدَ فِي الصَّلَاةِ؟ فَسَلَّمَ ثُمَّ سَجَدَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے نمازِ ظہر کی پانچ رکعتیں پڑھائیں' صحابہ کرام نے آپ ﷺ سے عرض کی: یارسول اللہ! کیا نماز میں اضافہ ہوا ہے؟ آپ نے سلام پھیرا پھر دو سجدے سہو کے کیے۔

سَجْدَتَي الْوَهْمِ.

حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ يُوسُفَ الشَّاعِرُ، ثنا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ النَّهْشَلِيِّ، ثنا الْهَيْثَمُ يَعْنِي الصَّيْرَفِيَّ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے اس کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

9721- حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ السِّمْسَارُ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أنا خَالِدٌ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ أَنَّهُ صَلَّى بِالنَّاسِ خَمْسَ رَكَعَاتٍ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالُوا: إِنَّكَ صَلَّيْتَ خَمْسَ رَكَعَاتٍ، فَقَالَ عَلْقَمَةُ: أَكَذَلِكَ تَقُولُ يَا أَعْوَرُ؟ -يَعْنِي إِبْرَاهِيمَ- قَالَ: نَعَمْ، فَسَجَدَ عَلْقَمَةُ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ، ثُمَّ تَشَهَّدَ وَسَلَّمَ، ثُمَّ أَقْبَلَ إِلَيْهِمْ فَأَخْبَرَهُمْ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ فَعَلَ ذَلِكَ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت علقمہ نے لوگوں کو پانچ رکعتیں پڑھائیں' جب سلام پھیرا تو صحابہ کرام نے عرض کی: آپ نے پانچ رکعتیں پڑھائی ہیں' حضرت علقمہ نے کہا: اے اعور! اس طرح تُو بھی کہتا ہے (یعنی اعور سے مراد ابراہیم بن سوید ہیں) حضرت ابراہیم نے کہا: جی ہاں! حضرت علقمہ نے دو سجدے سہو کے کیے' پھر التحیات پڑھی اور سلام پھیرا' پھر لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور بتایا کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ایسے ہی کیا تھا۔

9722- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا حَكِيمُ بْنُ سَيْفٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِهِمْ خَمْسَ رَكَعَاتٍ، فَلَمَّا سَلَّمَ قِيلَ لَهُ ذَلِكَ، فَاسْتَقْبَلَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ان کو پانچ رکعتیں پڑھائیں' پھر سلام پھیرا تو آپ سے اس کے متعلق عرض کی گئی تو آپ ﷺ نے اپنا رخ قبلہ کی طرف کیا اور بیٹھے بیٹھے دو سجدے سہو کے کیے۔

باب

الْقِبْلَةَ وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ

9723- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سُوَيْدٍ قَالَ: صَلَّى عَلْقَمَةُ بِنَا الظُّهْرَ خَمْسًا، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالُوا لَهُ: صَلَّيْتَ خَمْسًا، قَالَ: مَا فَعَلْتُ، ثُمَّ قَالَ: أَكَذَلِكَ يَا أَعْوَرُ؟ قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ، فَانْفَتَلَ فَسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ، ثُمَّ سَلَّمَ، ثُمَّ ذَكَرَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ صَلَّى خَمْسًا، فَرَآهُمْ يَتَوَشْوَشُونَ فَقَالَ: مَا لَكُمْ؟ فَقَالُوا: أَزِيدَ فِي الصَّلَاةِ؟ قَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالُوا: صَلَّيْتَ خَمْسًا، قَالَ: لَا، وَلَكِنْ سَهَوْتُ، فَانْفَتَلَ فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ

حضرت ابراہیم بن سوید فرماتے ہیں کہ حضرت علقمہ نے ہمیں پانچ رکعتیں نمازِ ظہر کی پڑھائیں' جب آپ نے سلام پھیرا تو آپ سے عرض کی گئی: آپ نے پانچ رکعتیں پڑھائی ہیں' آپ نے فرمایا: میں نے ایسے نہیں کیا' پھر فرمایا: اے اعور! اسی طرح ہے؟ حضرت ابراہیم فرماتے ہیں: میں نے عرض کی کہ جی ہاں! پھر آپ اسی جگہ پھرے اور دو سجدے سہو کے کیے اور پھر سلام پھیرا' پھر ذکر کیا کہ حضرت عبداللہ' حضور ﷺ کے حوالے سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے پانچ رکعتیں پڑھائیں' آپ نے صحابہ کرام کو تشویش میں دیکھا تو آپ نے فرمایا: تم کو کیا ہوا ہے؟ انہوں نے عرض کی: کیا نماز میں اضافہ ہوا ہے؟ آپ نے فرمایا: کیا ہوا ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: آپ ﷺ نے پانچ رکعتیں پڑھائی ہیں' تو آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! لیکن میں بھلا دیا گیا ہوں' آپ اسی جگہ پھرے اور دو سجدے سہو کے کیے۔

9724- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ النَّسَائِيُّ، أنا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ النَّيْسَابُورِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ مُفَضَّلِ بْنِ مُهَلْهَلٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سُوَيْدٍ قَالَ: صَلَّى بِنَا عَلْقَمَةُ خَمْسًا، فَقِيلَ لَهُ، فَقَالَ: مَا فَعَلْتُ، فَقُلْتُ: بَلَى، قَالَ: وَأَنْتَ يَا أَعْوَرُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ حَدَّثَنَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ

حضرت ابراہیم بن سوید فرماتے ہیں کہ حضرت علقمہ نے ہمیں پانچ رکعتیں نمازِ ظہر کی پڑھائیں' جب آپ نے سلام پھیرا تو آپ سے عرض کی گئی: آپ نے پانچ رکعتیں پڑھائی ہیں' آپ نے فرمایا: میں نے ایسے نہیں کیا' پھر فرمایا: اے اعور! اسی طرح ہے؟ حضرت ابراہیم فرماتے ہیں: میں نے عرض کی کہ جی ہاں! پھر آپ اسی جگہ پھرے اور دو سجدے سہو کے کیے اور پھر سلام پھیرا' پھر ذکر کیا کہ حضرت عبداللہ' حضور ﷺ کے حوالے سے روایت کرتے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ صَلَّى خَمْسًا، فَوَشْوَشَ الْقَوْمُ بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ فَقَالُوا: أَزِيدَ فِي الصَّلَاةِ؟ قَالَ: لَا، فَأَخْبَرُوهُ، فَثَنَى رِجْلَهُ فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ ثُمَّ قَالَ: أَنَا بَشَرٌ أَنْسَى كَمَا تَنْسَوْنَ

ہیں کہ آپ نے پانچ رکعتیں پڑھائیں' آپ نے صحابہ کرام کو تشویش میں دیکھا تو آپ نے فرمایا: تم کو کیا ہوا ہے؟ انہوں نے عرض کی: کیا نماز میں اضافہ ہوا ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! پس اُنہوں نے اس کی خبر دی تو آپ اسی جگہ پھرے اور دو سجدے سہو کے کیے' پھر فرمایا: بظاہر میں انسان ہوں' بھلایا جاتا ہوں جیسے تم بھولتے ہو۔

9725- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سُوَيْدٍ، أَنَّهُ صَلَّى خَلْفَ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، فَصَلَّى خَمْسًا أَوْ سِتًّا، فَقِيلَ لَهُ: وَهِمْتَ، فَسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ، وَحَدَّثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ فَعَلَ مِثْلَ ذَلِكَ

حضرت ابراہیم بن سوید فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضرت علقمہ کے پیچھے نماز ادا کی' حضرت علقمہ نے پانچ یا چھ رکعتیں پڑھائیں' اس نے عرض کی: آپ کو وہم ہوا ہے' تو آپ نے دو سجدے سہو کے کیے اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے بیان کیا وہ حضور ﷺ کے حوالہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے اسی کی مثل کیا۔

9726- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ أَوِ الْعَصْرَ خَمْسًا، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَاتَانِ السَّجْدَتَانِ لِمَنْ ظَنَّ أَنَّهُ زَادَ مِنْكُمْ أَوْ نَقَصَ.

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے نمازِ ظہر یا عصر کی پانچ رکعتیں پڑھائیں' پھر دو سجدے سہو کے کیے' پھر فرمایا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ دو سجدے اس کے لیے ہیں تم میں سے جس کو شک ہو کہ کمی ہوئی ہے یا اضافہ۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ہمیں ایک دن نماز پڑھائی' اس کے بعد

9726- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3456' ومن طريقه أحمد رقم الحديث: 3883.

أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ، فَذَكَرَ مِثْلَهُ.

اس کی مثل حدیث ذکر کی۔

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

9727- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَنْدَهِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا أَبُو عَاصِمٍ، ثنا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ خَمْسًا، فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ حضور ﷺ نے پانچ رکعتیں ظہر کی پڑھائیں' اس کے بعد دو سجدے سہو کے کیے۔

9728- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، وَأَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، قَالَا: ثنا أَبُو بَكْرٍ النَّهْشَلِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ صَلَّى خَمْسًا، فَلَمَّا انْصَرَفَ قِيلَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَزِيدَ فِي الصَّلَاةِ؟ قَالَ: لَا، وَمَا ذَاكَ؟ قَالُوا: فَإِنَّكَ صَلَّيْتَ خَمْسًا، قَالَ: فَإِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ أَذْكُرُ كَمَا تَذْكُرُونَ، وَأَنْسَى

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے پانچ رکعتیں نماز پڑھائیں' پھر سلام پھیرا تو عرض کی گئی: یارسول اللہ! کیا نماز میں اضافہ ہوا ہے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! کیا ہوا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: آپ نے پانچ رکعتیں پڑھائی ہیں' آپ ﷺ نے فرمایا: میں (ظاہراً) تمہاری مثل انسان ہوں' مجھے یاد دلایا جاتا ہے جس طرح تم یاد کرتے ہو اور بھلا دیا جاتا ہے جس طرح تم بھولتے ہو' پھر دو سجدے سہو

9728- ورواه أحمد رقم الحديث: 3983' ومسلم رقم الحديث: 572 .

كَمَا تَنْسَوْنَ ، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ

کے کیے۔

9729- حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ إِشْكَابَ، ثنا شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيدِ، ثنا أَبُو خَالِدٍ الدَّالَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ أَوِ الْعَصْرَ خَمْسًا، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَزِيدَ فِي الصَّلَاةِ؟ قَالَ: لَا، وَمَا ذَاكَ؟ قَالُوا: صَلَّيْتَ خَمْسًا، فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ قَالَ: هَاتَانِ السَّجْدَتَانِ لِمَنْ ظَنَّ مِنْكُمْ أَنَّهُ زَادَ أَوْ نَقَصَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے نماز پڑھائی' نمازِ ظہر یا عصر کی پانچ رکعتیں۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا نماز میں اضافہ ہوا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! کیا ہوا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: آپ نے پانچ رکعتیں پڑھائی ہیں۔ پس آپ ﷺ نے اپنا رُخِ انور قبلہ کی طرف کیا اور دوسجدے کیے' پھر فرمایا: یہ دوسجدے اس کے لیے ہیں جسے تم میں سے گمان ہو کہ کم یا زیادہ رکعتیں پڑھی ہیں۔

9730- حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ دَخَلَ، فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ لِبَعْضٍ: أَزِيدَ فِي الصَّلَاةِ؟ قَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: صَلَّيْتَ خَمْسًا، فَأَخَذَ بِيَدِهِ ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الْمَسْجِدِ، فَإِذَا حَلْقَةٌ فِيهَا أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ، فَقَالَ: حَقًّا مَا يَقُولُ ذُو الْيَدَيْنِ؟ قَالُوا: نَعَمْ يَا نَبِيَّ اللَّهِ، فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے نماز پڑھائی' پھر اندر چلے گئے یعنی لوگوں نے بعض حضرات سے کہا: کیا نماز میں اضافہ ہوا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا ہوا؟ عرض کی: آپ نے پانچ رکعتیں پڑھائی ہیں۔ آپ ﷺ نے اپنا ہاتھ پکڑا' پھر مسجد کی طرف نکلے' اچانک وہاں ایک حلقہ تھا' اس حلقے میں حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما بھی تھے' آپ ﷺ نے فرمایا: ذوالیدین درست کہتا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: جی ہاں! یارسول اللہ! آپ نے قبلہ رُخ اپنا چہرہ کیا اور پھر دوسجدے کیے۔

9730- قال فی المجمع جلد 2صفحه152 قلتت: فی الصحیح بعضه خالیًا عن قصة ذی الیدین . رواه الطبرانی فی الکبیر وفیه محمد بن أبان الجعفی وهو ضعیف .

بَابٌ

9731- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ، عَنْ عَمْرٍو، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، عنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، وَعَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَجُلًا أَتَاهُ فَقَالَ: قَرَأْتُ الْمُفَصَّلَ فِي رَكْعَةٍ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: بَلْ هَذَذْتَ كَهَذِّ الشِّعْرِ، وَكَنَثْرِ الدَّقَلِ، وَلَكِنْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ النَّظَائِرَ فِي رَكْعَةٍ، فَذَكَرَ عِشْرَ رَكَعَاتٍ بِعِشْرِينَ سُورَةٍ عَنْ تَأْلِيفِ عَبْدِ اللّٰهِ، آخِرُهُنَّ إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ، وَالدُّخَانُ

9732- حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحَرِيشِ، ثنا صُغْدِيُّ بْنُ سِنَانٍ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: أَعْطِ كُلَّ سُورَةٍ حَظَّهَا مِنَ الرُّكُوعِ وَالسُّجُودِ؛ فَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَقْرَأْ عِشْرِينَ سُورَةً فِي عَشْرِ رَكَعَاتٍ

9733- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ الصَّوَّافُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ

باب

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی میرے پاس آیا' اس نے کہا: میں نے مفصل سورت ایک ہی رکعت میں پڑھی ہے' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بلکہ تُو نے شعر پڑھنے کی طرح جلدی جلدی پڑھی ہوگی اور ردّی کھجور کے گرنے کی طرح پڑھی ہوگی لیکن رسول اللہ ﷺ ایک رکعت میں ہم مثل سورتیں پڑھتے تھے' دس رکعتوں میں بیس سورتیں پڑھتے تھے' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی تالیف میں ہے' سب سے آخر میں اذا الشمس کورت اور سورۂ دخان پڑھتے تھے۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہر سورت کا حصہ رکوع وسجدہ میں پڑھو کیونکہ رسول اللہ ﷺ دس رکعتوں میں بیس سورتیں پڑھتے تھے۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی آیا' اس نے کہا: میں ایک ہی رکعت میں سورتِ مفصل

9731- ورواه أحمد رقم الحديث: 4350,3958,3910,3607' والبخاری رقم الحديث: 5043,4996,775' ومسلم رقم الحديث: 822' وأبو داؤد رقم الحديث: 1383' والترمذی رقم الحديث: 599' والنسائی جلد 2 صفحه 174 تا 176' وابن خزيمة فی صحيحه رقم الحديث: 538' وابن حبان فی صحيحه رقم الحديث: 1804' وأسلم بن سهل الواسطی فی تاريخ واسط صفحه 96' والبزار جلد 1 صفحه 257 .

9733- ورواه البزار جلد 1 صفحه 255 .

الْبَحْرَانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا عِيسَى بْنُ قِرْطَاسٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ: إِنِّي قَرَأْتُ الْمُفَصَّلَ فِي رَكْعَةٍ، فَقَالَ: هَذًّا كَهَذِّ الشِّعْرِ، اقْرَأْ كَمَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ، سُورَتَيْنِ مِنَ الْمُفَصَّلِ فِي رَكْعَةٍ

پڑھتا ہوں' آپ نے فرمایا: جلدی جلدی پڑھی ہوگی' شعر کی طرح پڑھی ہوگی' ایسے پڑھو جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پڑھتے تھے' ایک رکعت میں مفصل کی دو سورتیں۔

9734- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، أنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي حَصِينٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: لَقَدْ عَلِمْتُ النَّظَائِرَ الَّتِي كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْمَعُهُنَّ، سُورَتَيْنِ فِي رَكْعَةٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ہم مثل سورتوں کو جانتا ہوں' جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دو سورتیں ایک رکعت میں جمع کرتے تھے۔

9735- حَدَّثَنَا عُبَيْدٌ الْعِجْلُ وَاسْمُهُ الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ الطَّوِيلُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْبُخَارِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ الْأَشْعَثِ، وَكَانَ ثِقَةً، ثنا أَبُو سَعِيدٍ مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ حُصَيْنٍ، أَوْ أَبِي حَصِينٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ: إِنِّي قَرَأْتُ الْمُفَصَّلَ فِي رَكْعَةٍ، فَقَالَ: هَذًّا كَهَذِّ الشِّعْرِ؟ لَكِنْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَأُ النَّظَائِرَ سُورَتَيْنِ عِشْرِينَ سُورَةً

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی آیا' اس نے کہا: سورۂ مفصل ایک رکعت میں پڑھی ہے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اس طرح جلدی پڑھی ہے جس طرح شعر جلدی پڑھتے تھے؟ لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم مثل بیس سورتیں پڑھتے تھے۔

9736- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ

حضرت ابووائل فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت

9734- ورواه البزار جلد1 صفحه302 .

حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، أنا أَبُو عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ سَلَّامٍ، قَالَا: ثنا هُشَيْمٌ، ثنا سَيَّارٌ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عَبْدِ اللَّهِ فَقَالَ: إِنِّي قَرَأْتُ الْمُفَصَّلَ الْبَارِحَةَ فِي رَكْعَةٍ، فَقَالَ: أَنَثْرٌ كَنَثْرِ الدَّقَلِ، وَهَذٌّ كَهَذِّ الشِّعْرِ؟ لَقَدْ عَلِمْتُ النَّظَائِرَ الَّتِي كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرِنُ بَيْنَهُنَّ السُّورَتَيْنِ فِي رَكْعَةٍ ـ وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ أَبِي عُبَيْدٍ

عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اس نے کہا: میں نے آج ایک رکعت میں سورۂ مفصل پڑھی' آپ نے فرمایا: اس طرح پڑھی ہے جس طرح ردّی کھجوریں گرتی ہیں اور تو نے شعر کی طرح جلدی پڑھی ہوگی' میں ان ہم مثل سورتوں کو جانتا ہوں جو حضور ﷺ دو سورتیں ایک رکعت میں ملا کر پڑھتے تھے۔ اور یہ الفاظ ابوعبید کی حدیث کے ہیں۔

9737- حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا الْأَزْرَقُ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْأَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا حَسَّانُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: لَقَدْ عَلِمْتُ النَّظَائِرَ الَّتِي كَانَ يُصَلِّي بِهِنَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الذَّارِيَاتُ، وَالطُّورُ، وَاقْتَرَبَتْ، وَالنَّجْمُ، وَالرَّحْمَنُ، وَالْوَاقِعَةُ، وَنُونُ، وَالْحَاقَّةُ، وَالْمُزَّمِّلُ وَلَا أُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَهَلْ أَتَى عَلَى الْإِنْسَانِ، وَالْمُرْسَلَاتُ، وَعَمَّ يَتَسَاءَلُونَ، وَالنَّازِعَاتُ، وَعَبَسَ، وَوَيْلٌ لِلْمُطَفِّفِينَ، وَإِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ، وَحم الدُّخَانُ۔

حضرت شقیق بن سلمہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم ان ہم مثل سورتوں کو پڑھتے تھے' یعنی سورۂ ذاریات' طور' اقتربت' نجم' رحمٰن' واقعہ' نون' الحاقہ' مزمل' لا اقسم بیوم القیامۃ اور ھل اتی علی الانسان' مرسلات' عم یتساءلون' نازعات' عبس' ویل للمطففین' اذا الشمس کورت اور حٰم الدخان۔

حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اس کی مثل روایت کرتے

9737- ورواه البزار جلد1 صفحه275 ۔

يَحْيَى بْنِ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، مِثْلَهُ

ہیں۔

9738- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عَبْدِ اللَّهِ فَقَالَ: إِنِّي قَرَأْتُ الْمُفَصَّلَ اللَّيْلَةَ فِي رَكْعَةٍ، فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: هَذًّا كَهَذِّ الشِّعْرِ؟ لَقَدْ عَرَفْتُ النَّظَائِرَ الَّتِي كَانَ يَقْرَؤُهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي رَكْعَةٍ، فَذَكَرَ عِشْرِينَ سُورَةً مِنْ أَوَّلِ الْمُفَصَّلِ يَقْرِنُ بَيْنَ السُّورَتَيْنِ

حضرت ابووائل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اس نے کہا: میں نے آج رات ایک رکعت میں سورۂ مفصل پڑھی ہے' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اتنی جلدی پڑھی ہے جیسے شعر پڑھتے ہیں؟ میں ان ہم مثل سورتوں کو جانتا ہوں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک رکعت میں پڑھتے تھے' مفصل کی شروع ایسی بیس سورتیں دونوں سورتوں کے درمیان۔

9739- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: إِنِّي لَأَعْلَمُ النَّظَائِرَ الَّتِي كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ بِهِنَّ فِي رَكْعَةٍ -ثُمَّ قَامَ عَبْدُ اللَّهِ أَخَذَ بِيَدِ عَلْقَمَةَ، فَخَرَجَ إِلَيْنَا عَلْقَمَةُ، فَقُلْنَا لَهُ: أَخْبَرَكَ بِالنَّظَائِرِ؟ فَقَالَ: قَالَ: الْعِشْرُونَ الْأُوَلُ مِنَ الْمُفَصَّلِ، مِنْهَا سُورَةٌ مِنْ آلِ حم؛ الدُّخَانِ، نَظِيرَتُهَا عَمَّ يَتَسَاءَلُونَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایسی ہم مثل سورتوں کو جانتا ہوں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک رکعت میں پڑھتے تھے' پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے' حضرت علقمہ کا ہاتھ پکڑا' ہمارے پاس حضرت علقمہ آئے' ہم نے آپ سے کہا: میں تجھے ہم مثل سورتوں کا بتاتا ہوں' فرمایا: مفصل کی شروع والی بیس' ان میں سے ایک سورت آل حٰم یعنی دخان اور اس کی نظیر عم یتساءلون۔

9740- حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا

حضرت ابووائل فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی

9738- ورواه البزار جلد1 صفحه271 .

9740- ورواه البزار جلد1 صفحه275 .

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ، حَدَّثَنِي مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ، ثنا وَاصِلٌ الْأَحْدَبُ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: إِنِّي لَأَحْفَظُ الْقَرَائِنَ الَّتِي كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ بِهِنَّ، ثَمَانِ عَشْرَةَ مِنَ الْمُفَصَّلِ، وَسُورَتَيْنِ مِنْ آلِ حم

اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں ہم مثل سورتوں کو جانتا ہوں جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پڑھتے تھے' مفصل سے آٹھ اور آل حم سے دو سورتیں۔

9741- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: لَقَدْ عَلِمْتُ النَّظَائِرَ الَّتِي كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرِنُ بَيْنَهُنَّ سُورَتَيْنِ فِي رَكْعَةٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ان ہم مثل سورتوں کو جانتا ہوں جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دو سورتوں کے درمیان ملا کر ایک رکعت میں پڑھتے تھے۔

9742- حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمِ بْنِ مَرْزُوقٍ، ثنا أَبِي، ثنا عَمْرُو بْنُ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ نَهِيكِ بْنِ سِنَانٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ فَقَالَ: إِنِّي قَرَأْتُ الْمُفَصَّلَ فِي رَكْعَةٍ، فَقَالَ: هَذًّا كَهَذِّ الشِّعْرِ؟ لَقَدْ عَلِمْتُ النَّظَائِرَ الَّتِي كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرِنُهَا عِشْرِينَ سُورَةً فِي عَشْرِ رَكَعَاتٍ.

حضرت نہیک بن سنان فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: میں سورۂ مفصل ایک رکعت میں پڑھی' آپ نے فرمایا: تو اتنی جلدی پڑھتا ہے جس طرح شعر پڑھا جاتا ہے' میں ان ہم مثل سورتوں کو جانتا ہوں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دس رکعتوں میں بیس سورتیں ملاتے تھے۔

حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ حُصَيْنٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل روایت ہے۔

عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ نَهِيكِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، مِثْلَهُ

بَابٌ

9743- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا الثَّوْرِيُّ، عَنْ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى فِي رَجُلٍ تَرَكَ ابْنَتَهُ وَابْنَةَ ابْنِهِ وَأُخْتَهُ، فَجَعَلَ لِلْبِنْتِ النِّصْفَ، وَلابْنَةِ الابْنِ السُّدُسَ، وَمَا بَقِيَ فَلِلأُخْتِ.

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ هُزَيْلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

9744- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَلانِسِيُّ، ثنا آدَمُ، ثنا شُعْبَةُ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا أَبُو مَعْمَرٍ الْمُقْعَدُ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنِي شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ ثَرْوَانَ، عَنْ

باب

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی کے متعلق فیصلہ فرمایا جس نے ایک بیٹی اور پوتی اور بہن چھوڑی' آپ نے بیٹی کے لیے نصف حصہ مقرر کیا اور پوتی کے لیے چھٹا حصہ اور جو باقی رہ گیا وہ بہن کے لیے۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

حضرت ہزیل بن شرحبیل سے مروی ہے کہ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے سوال ہوا کہ بیٹی' پوتی اور بہن کی میراث کیا ہے؟ فرمایا: بیٹی اور بہن کیلئے نصف' نصف اور آپ نے پوتی کیلئے کوئی شی نہیں بنائی۔ اور فرمایا: حضرت ابن مسعود سے پوچھ لو کیونکہ وہ میری متابعت کرتا ہے۔ پس

9743- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 19031 .

9744- ورواه أحمد رقم الحديث: 4195,4073,3691, 4420' والبخاری رقم الحديث: 7462,6736' وأبو داؤد رقم الحديث: 2873' والترمذی رقم الحديث: 2173' وابن ماجه رقم الحديث: 2721' والدارمی رقم الحديث: 2893' والطحاوی فی شرح معانی الآثار جلد 4صفحه392' وأبو يعلى جلد 1صفحه233' جلد2صفحه236' والبزار جلد 1 صفحه311 .

هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، أَنَّ أَبَا مُوسَى سُئِلَ عَنْ بِنْتٍ وَبِنْتِ ابْنٍ وَأُخْتٍ، فَقَالَ: لِلابْنَةِ النِّصْفُ، وَلِلأُخْتِ النِّصْفُ، وَلَمْ يَجْعَلْ لابْنَةِ الابْنِ شَيْئًا، وَقَالَ: سَلُوا ابْنَ مَسْعُودٍ؛ فَإِنَّهُ يُتَابِعُنِي، فَسَأَلُوا ابْنَ مَسْعُودٍ، وَأَخْبَرَهُ بِقَوْلِ الأَشْعَرِيِّ، فَقَالَ: قَدْ ضَلَلْتُ إِذًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُهْتَدِينَ، أَقْضِي بَيْنَكُمْ بِقَضَاءِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِلابْنَةِ النِّصْفُ، وَلابْنَةِ الابْنِ السُّدُسُ، وَلِلأُخْتِ الثُّلُثُ. فَبَلَغَ الأَشْعَرِيَّ، فَقَالَ: لا تَسْأَلُونِي عَنْ شَيْءٍ مَا دَامَ هَذَا الْحَبْرُ بَيْنَ أَظْهُرِكُمْ.

لوگوں نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے پوچھا اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے قول سے بھی آگاہ کیا' فرمایا: میں بھول گیا' پھر تو میں ہدایت پانے والوں میں سے نہ ہوں گا۔ میں تمہارے درمیان رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم والا فیصلہ کروں گا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بیٹی کیلئے نصف ہے' پوتی چھٹے حصے کی حقدار ہے اور بہن کیلئے تیسرا حصہ ہے۔ پس یہ بات حضرت اشعری رضی اللہ عنہ تک پہنچی تو فرمایا: جب تک یہ بڑا عالم تمہارے اندر موجود ہے' مجھ سے نہ پوچھا کرو۔

9745- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي قَيْسٍ الأَوْدِيِّ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى أَبِي مُوسَى وَسَلْمَانَ بْنِ رَبِيعَةَ فِي بِنْتٍ وَبِنْتِ ابْنٍ وَأُخْتٍ لأَبٍ وَأُمٍّ، فَقَالَ: لِلابْنَةِ النِّصْفُ، وَلِلأُخْتِ النِّصْفُ، وَلَمْ يُوَرِّثِ ابْنَةَ الابْنِ شَيْئًا، وَقَالَا: ائْتِ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ؛ فَإِنَّهُ سَيُتَابِعُنَا، فَأَتَاهُ الرَّجُلُ فَسَأَلَهُ وَأَخْبَرَهُ بِقَوْلِهِمَا، فَقَالَ: قَدْ ضَلَلْتُ إِذًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُهْتَدِينَ، وَلَكِنِّي أَقْضِي فِيهَا قَضَاءَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلابْنَةِ النِّصْفُ،

حضرت ہزیل بن شرحبیل فرماتے ہیں کہ ایک آدمی ابوموسیٰ اور سلمان بن ربیعہ کی خدمت میں آیا' اُس نے بیٹی' پوتی اور ماں اور باپ دونوں کی طرف سے بہن کی وراثت کے متعلق سوال کیا۔ تو فرمایا: بیٹی نصف کی حقدار ہے اور بہن بھی نصف کی' لیکن پوتی وراثت کی حقدار نہ ہو گی' ساتھ ہی دونوں نے کہا: جا کر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے سوال کر کیونکہ وہ ہماری پیروی کرتا ہے۔ پس وہ آدمی ان کے پاس آیا' اس نے پوچھا اور ان دونوں کا قول بھی بتایا۔ اُنہوں نے فرمایا: (اگر بالفرض میں ایسا کروں تو) اُس وقت میں گمراہ ہو جاؤں گا اور میں ہدایت پانے والوں میں سے نہ ہوں گا' لیکن اس بارے میں وہ فیصلہ کروں گا جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا کہ بیٹی کیلئے

وَلابْنَةِ الابْنِ سَهْمٌ تَكْمِلَةَ الثُّلُثَيْنِ، وَمَا بَقِيَ فَلِلْأُخْتِ مِنَ الْأَبِ وَالْأُمِّ.

نصف' پوتی کیلئے دوتہائی کا تکملہ ایک حصہ اور جو باقی بچے وہ حقیقی بہن کیلئے ہے۔

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ عُثْمَانَ الْمُعَلِّمُ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا شَيْبَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَرْوَانَ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ حَدِيثِ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے علی بن مسہر کی حدیث کی مثل روایت کرتے ہیں۔

9746- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَرْوَانَ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، أَنَّ أَبَا مُوسَى الْأَشْعَرِيَّ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ تَرَكَ ابْنَتَهُ وَابْنَةَ ابْنِهِ وَأُخْتَهُ لِأَبِيهِ وَأُمِّهِ، فَقَالَ: لِابْنَتِهِ النِّصْفُ، وَمَا بَقِيَ فَلِلْأُخْتِ مِنَ الْأَبِ وَالْأُمِّ، وَقَالَ لَنَا: إِنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ سَيَقُولُ مِثْلَ مَا قُلْتُ، فَسَأَلُوا ابْنَ مَسْعُودٍ، ثُمَّ أَخْبَرُوهُ بِمَا قَالَ أَبُو مُوسَى، قَالَ: وَكَيْفَ أَقُولُ مِثْلَ مَا قَالَ وَسَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لِابْنَتِهِ النِّصْفُ، وَلِابْنَةِ الابْنِ السُّدُسُ تَكْمِلَةَ الثُّلُثَيْنِ، وَمَا بَقِيَ فَلِلْأُخْتِ مِنَ الْأَبِ وَالْأُمِّ

حضرت ہزیل بن شرحبیل فرماتے ہیں کہ ایک آدمی ابوموسیٰ اور سلمان بن ربیعہ کی خدمت میں آیا' اُس نے بیٹی' پوتی اور ماں اور باپ دونوں کی طرف سے بہن کی وراثت کے متعلق سوال کیا۔ تو فرمایا: بیٹی نصف کی حقدار ہے اور بہن بھی نصف کی' لیکن پوتی وراثت کی حقدار نہ ہو گی' ساتھ ہی دونوں نے کہا: جا کر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے سوال کر کیونکہ وہ ہماری پیروی کرتا ہے۔ پس وہ آدمی ان کے پاس آیا' اس نے پوچھا اور ان دونوں کا قول بھی بتایا۔ اُنہوں نے فرمایا: (اگر بالفرض میں ایسا کروں تو) اُس وقت میں گمراہ ہو جاؤں گا اور میں ہدایت پانے والوں میں سے نہ ہوں گا' لیکن اس بارے میں وہ فیصلہ کروں گا جو رسول کریم ﷺ نے کیا کہ بیٹی کیلئے نصف' پوتی کیلئے دوتہائی کا تکملہ ایک حصہ اور جو باقی بچے وہ حقیقی بہن کیلئے ہے۔

9747- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ،

حضرت ہزیل بن شرحبیل فرماتے ہیں کہ ایک آدمی

ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْهَمْدَانِيُّ، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ الْمُلَائِيِّ، عَنْ أَبِي قَيْسٍ الْأَوْدِيِّ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ قَالَ: أَتَى رَجُلٌ أَبَا مُوسَى وَسَلْمَانَ بْنَ رَبِيعَةَ فَسَأَلَهُمَا عَنْ بِنْتٍ وَبِنْتِ ابْنٍ وَأُخْتٍ لِأَبٍ وَأُمٍّ، فَقَالَ: لِلابْنَةِ النِّصْفُ، وَلِلْأُخْتِ النِّصْفُ، وَقَالَا: إِنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ سَيُتَابِعُنَا، فَأَتَيْتُ عَبْدَ اللَّهِ فَذَكَرْتُ لَهُ قَوْلَهُمَا، فَقَالَ: لَقَدْ ضَلَلْتُ إِذًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُهْتَدِينَ، وَلَكِنْ سَأَقْضِي فِيهَا بِمَا قَضَى فِيهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلابْنَةِ النِّصْفُ، وَلابْنَةِ الابْنِ السُّدُسُ تَكْمِلَةَ الثُّلُثَيْنِ، وَمَا بَقِيَ فَلِلْأُخْتِ

ابوموسیٰ اور سلمان بن ربیعہ کی خدمت میں آیا' اُس نے بیٹی' پوتی اور ماں اور باپ دونوں کی طرف سے بہن کی وراثت کے متعلق سوال کیا۔ تو فرمایا: بیٹی نصف کی حقدار ہے اور بہن بھی نصف کی' لیکن پوتی وراثت کی حقدار نہ ہو گی' ساتھ ہی دونوں نے کہا: جا کر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے سوال کر کیونکہ وہ ہماری پیروی کرتا ہے۔ پس وہ آدمی ان کے پاس آیا' اس نے پوچھا اور ان دونوں کا قول بھی بتایا۔ اُنہوں نے فرمایا: (اگر بالفرض میں ایسا کروں تو) اُس وقت میں گمراہ ہو جاؤں گا اور میں ہدایت پانے والوں میں سے نہ ہوں گا' لیکن اس بارے میں وہ فیصلہ کروں گا جو رسول کریم ﷺ نے کیا کہ بیٹی کیلئے نصف' پوتی کیلئے دو تہائی کا تکملہ ایک حصہ اور جو باقی بچے وہ حقیقی بہن کیلئے ہے۔

9748- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ الْأَزْرَقِ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ابْنَةٍ وَابْنَةِ ابْنٍ وَأُخْتٍ: لِلابْنَةِ النِّصْفُ، وَلابْنَةِ الابْنِ السُّدُسُ، وَمَا بَقِيَ فَلِلْأُخْتِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے بیٹی اور پوتی اور بہن کے لیے حصہ مقرر کیا' فرمایا: بیٹی کے لیے نصف' پوتی کے لیے چھٹا حصہ اور باقی بہن کے لیے ہے۔

9749- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عِيسَى بْنِ الْمُنْذِرِ الْحِمْصِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدَةَ أَبُو يُوسُفَ الْمَدَنِيُّ، ثنا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ الْبَهْرَانِيُّ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ ذِي

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے بیٹی اور پوتی اور بہن کے لیے حصہ مقرر کیا' فرمایا: بیٹی کے لیے نصف' پوتی کے لیے چھٹا حصہ اور باقی بہن کے لیے ہے۔

حِمَايَةَ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَامِعٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى الْقَاضِي، عَنْ أَبِي قَيْسٍ الْأَوْدِيِّ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بِنْتٍ وَابْنَةِ ابْنٍ وَأُخْتٍ: لِلابْنَةِ النِّصْفُ، وَلِابْنَةِ الِابْنِ السُّدُسُ، وَمَا بَقِيَ فَلِلْأُخْتِ

9750- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَاشِمَةَ وَالْمُوتَشِمَةَ، وَالْوَاصِلَةَ وَالْمَوْصُولَةَ، وَآكِلَ الرِّبَا وَمُوكِلَهُ، وَالْمُحَلِّلَ وَالْمُحَلَّلَ لَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے لعنت فرمائی: سود کھانے اور کھلانے والے پر' حلالہ کرنے اور کروانے والے پر۔

9751- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا الثَّوْرِيُّ، عَنْ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى ابْنِ مَسْعُودٍ فَقَالَ لَهُ: كَانَ لِي عَبْدٌ فَأَعْتَقْتُهُ وَجَعَلْتُهُ سَائِبَةً فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنَّ أَهْلَ الْإِسْلَامِ لَا يُسَيِّبُونَ، إِنَّمَا كَانَتْ تُسَيِّبُ أَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ، وَأَنْتَ وَلِيُّ نِعْمَتِهِ وَأَوْلَى النَّاسِ

حضرت ہزیل بن شرحبیل فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اس نے آپ سے عرض کی: میرا ایک غلام ہے' میں نے اس کو آزاد کیا ہے' میں نے اس کو اللہ کی راہ میں سائب کر دیا ہے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اسے فرمایا: اسلام والے بتوں کے نام پر جانور نہیں چھوڑتے ہیں' سائبہ جاہلیت والے بناتے ہیں' تو اس کا ولی نعمت اور دیگر لوگوں میں سے زیادہ تو اس

9750- رواه أحمد رقم الحديث: 4403,4284,4283' والنسائی جلد 6صفحه149 بهذا اللفظ ورواه البزار جلد 1 صفحه311 .

9751- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 16223' ورواه البخاری رقم الحديث: 6753 مختصرًا ونسبه الحافظ فی الفتح جلد12صفحه41 الی الاسماعيلی .

بِمِيرَاثِهِ، فَإِنْ تَحَرَّجْتَ مِنْ شَيْءٍ فَأَرِنَاهُ نَجْعَلْهُ فِي بَيْتِ الْمَالِ

کی وراثت کا حق دار ہے' اگر تو کسی شی کو حرج کہتا ہے تو ہم کو دکھا' ہم اس کو بیت المال میں رکھتے ہیں۔

9752- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي مُوَاتِيَةَ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ النَّخَعِيِّ وَاسْمُهُ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْحُسَيْنِ، عَنْ حَجَّاجٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَرْوَانَ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْمَعُ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ، وَيُؤَخِّرُ هَذِهِ فِي آخِرِ وَقْتِهَا، وَيَجْعَلُ هَذِهِ فِي أَوَّلِ وَقْتِهَا

حضرت ہزیل بن شرحبیل فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور ﷺ نمازِ مغرب و عشاء کو جمع کر کے پڑھتے تھے' اس طرح پہلی نماز کو آخری وقت اور دوسری کو اوّل وقت میں پڑھتے تھے۔

9753- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ أَبِي لَيْلَى قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْمَعُ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ فِي السَّفَرِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سفر میں دو نمازوں کو اکٹھا کر کے پڑھتے تھے (جس طرح کہ گزشتہ حدیث میں گزرا ہے)۔

9754- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ عُبَيْدَةَ التَّمَّارُ، ثنا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم ضرور بنی اسرائیل کی اُمت کی

9752- قال فی المجمع جلد2صفحه159' وفيه أبو مالك النخعي وهو ضعيف .

9753- قال فی المجمع جلد2صفحه159' رواه أبو يعلى جلد2صفحه252 والبزار جلد1صفحه312 والطبرانی فی الكبير ورجال أبي يعلى رجال الصحيح . رواه أبو يعلى طريق ابن أبي شيبة فی المصنف جلد2صفحه458 .

9754- قال فی المجمع وفيه من لم أعرفه . ورواه البزار جلد1صفحه312 مختصرًا قال فی المجمع جلد10صفحه70' وفيه ليث ابن أبي سليم وهو مدلس وبقية رجاله رجال الصحيح .

مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيهِ أُرَاهُ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَرْوَانَ، عَنْ هُزَيْلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْتُمْ أَشْبَهُ الْأُمَمِ بِبَنِي إِسْرَائِيلَ، لَتَرْكَبُنَّ طَرِيقَتَهُمْ حَذْوَ الْقُذَّةِ بِالْقُذَّةِ، حَتَّى لَا يَكُونَ فِيهِمْ شَيْءٌ إِلَّا كَانَ فِيكُمْ مِثْلُهُ، حَتَّى إِنَّ الْقَوْمَ لَتَمُرُّ عَلَيْهِمُ الْمَرْأَةُ فَيَقُومُ إِلَيْهَا بَعْضُهُمْ فَيُجَامِعُهَا، ثُمَّ يَرْجِعُ إِلَى أَصْحَابِهِ يَضْحَكُ إِلَيْهِمْ وَيَضْحَكُونَ إِلَيْهِ

طرح کام کرو گے' تم ان کے طریقہ پر ضرور بضرور چلو گے' قدم پر قدم رکھو گے' ان میں سے کوئی کام بھی ہو تم اس کی مثل کرو گے یہاں تک کہ کچھ لوگوں کے پاس سے ایک عورت گزرے گی' وہ اس کی طرف جائیں گے اور اس سے جماع کریں گے' پھر وہ اپنے ساتھیوں کے پاس آئیں گے' وہ ان کو دیکھ کر مسکرائیں گے تو وہ اس کو دیکھ کر مسکرائیں گے۔

بَابٌ

باب

9755- حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ الْمُهَاجِرِ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: مَا سَمِعْتُ فِي التَّشَهُّدِ أَحْسَنَ مِنْ حَدِيثِ ابْنِ مَسْعُودٍ؛ وَذَلِكَ أَنَّهُ رَفَعَهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی التحیات کی طرح نہیں سنی ہے کیونکہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ التحیات بیان کرتے ہیں وہ آپ ﷺ کے حوالہ سے مرفوعاً بیان کرتے ہیں۔

9756- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مُحِلُّ بْنُ مُحْرِزٍ الضَّبِّيُّ قَالَ: سَمِعْتُ شَقِيقَ بْنَ سَلَمَةَ يَذْكُرُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كَانُوا يُصَلُّونَ خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ قَائِلٌ مِنْهُمْ: السَّلَامُ عَلَى اللّٰهِ، فَقَالَ: مَنِ الْقَائِلُ: السَّلَامُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے پیچھے نماز ادا کرتے' التحیات پڑھنے والے التحیات اس طرح پڑھتے: السلام علی اللہ! آپ نے فرمایا: السلام علی اللہ کہنے والا کون ہے؟ بے شک اللہ خود سلام ہے' بلکہ پڑھو: ''التحیات للّٰہ والصلوات والطیبات الی آخرہ''۔

9755- رواہ البزار جلد1 صفحہ241 .

عَلَى اللّٰهِ؟ إِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّلَامُ، وَلَكِنْ قُولُوا: التَّحِيَّاتُ لِلَّهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ، السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِينَ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ

9757- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَبِشْرُ بْنُ مُوسَى، قَالَا: ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كُنَّا إِذَا جَلَسْنَا قُلْنَا: السَّلَامُ عَلَى اللّٰهِ، السَّلَامُ عَلَى جِبْرِيلَ، فَسَمِعَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّلَامُ، فَإِذَا جَلَسَ أَحَدُكُمْ فِي الصَّلَاةِ فَلْيَقُلْ: التَّحِيَّاتُ لِلَّهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ، السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِينَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم التحیات میں بیٹھتے پھر پڑھتے: ''السلام علی اللّٰہ' السلام علی جبریل'' ہم نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ خود سلام ہے' جب تم میں سے کوئی نماز میں بیٹھے تو پڑھے: ''التحیات للّٰہ والصلوات والطیبات الیٰ آخرہٖ''۔

9758- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب ہم نماز میں بیٹھے تو پڑھا: اللہ پر سلام ہو! سلامت ہو ہم پر اور

9757- ورواه أحمد رقم الحديث: 3622,3738,3919,3920,4017,4064,4101,4177,4189, 4422' والبخاری رقم الحديث: 831,1202,6230,6328,6381' ومسلم رقم الحديث: 402' وأبو داؤد رقم الحديث: 955,956' والنسائی جلد 2 صفحه 239,240,241' وابن ماجه رقم الحديث: 899' وابن خزيمة رقم الحديث: 703' وابن حبان رقم الحديث: 1939,1940,1941,1946,1947' وابن أبی شيبة فی المصنف جلد 1 صفحه 291' والبغوی فی شرح السنة رقم الحديث: 678' وأبو داؤد الطيالسی رقم الحديث: 457' والدارمی رقم الحديث: 1346' والبيهقی جلد 2 صفحه 138' والطحاوی فی شرح معانی الآثار جلد 1 صفحه 262' وأبو يعلىٰ جلد 1 صفحه 238' والبزار جلد 1 صفحه 254,256,257,258,263,267,272,274,294,310,311,312 .

الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: كُنَّا إِذَا قَعَدْنَا فِي الصَّلَاةِ قُلْنَا: السَّلَامُ عَلَى اللَّهِ، السَّلَامُ عَلَيْنَا مِنْ رَبِّنَا، السَّلَامُ عَلَى جِبْرِيلَ وَمِيكَائِيلَ، السَّلَامُ عَلَى فُلَانٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللَّهَ هُوَ السَّلَامُ، إِذَا قَعَدْتُمْ فِي الصَّلَاةِ فَقُولُوا: التَّحِيَّاتُ لِلَّهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ، السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللَّهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللَّهِ الصَّالِحِينَ، فَإِذَا قَالَ ذَلِكَ أَصَابَتْ كُلَّ عَبْدٍ صَالِحٍ فِي السَّمَاءِ أَوْ فِي الْأَرْضِ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، ثُمَّ يَتَخَيَّرُ مِنَ الْكَلَامِ مَا شَاءَ.

ہمارے رب کی طرف سے سلامتی ہو جبریل اور میکائیل پر' سلامتی ہو فلان پر۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ تو خود سلام ہے' جب تم میں سے کوئی نماز میں بیٹھے تو یہ پڑھے: ''التحیات للّٰہ والصلوات والطیبات الیٰ آخرہٖ'' جو یہ پڑھ لے تو ہر نیک بندے نے آسمان اور زمین میں اپنی بھلائی پالی' اس کے بعد پڑھے: ''اشھد ان لا الٰہ الا اللّٰہ الیٰ آخرہٖ'' پھر اختیار ہے جو چاہے پڑھے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ يَحْيَى السَّعِيدِيُّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اس کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

9759- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ حَمَّادٍ، وَمَنْصُورٍ، وَحُصَيْنٍ، وَالْأَعْمَشِ، وَأَبِي هَاشِمٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، وَأَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، وَأَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: كُنَّا لَا نَدْرِي مَا نَقُولُ فِي الصَّلَاةِ، نَقُولُ:

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں معلوم نہیں تھا کہ ہم نماز میں کیا پڑھیں' ہم پڑھتے تھے: ''السلام علی اللّٰہ' السلام علی جبریل' السلام علی میکائیل'' ہمیں رسول اللہ ﷺ نے التحیات سکھائی' فرمایا: اللہ خود سلام ہے' جب تم دو رکعتیں پڑھ کر بیٹھو تو یہ پڑھو: ''التحیات للّٰہ والصلوات والطیبات

9759- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3061' ومن طريقه أحمد رقم الحديث: 4017 .

السَّلَامُ عَلَى اللّٰهِ، السَّلَامُ عَلَى جِبْرِيلَ، السَّلَامُ عَلَى مِيكَائِيلَ، فَعَلَّمَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التَّشَهُّدَ فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّلَامُ، فَإِذَا جَلَسْتُمْ فِي رَكْعَتَيْنِ فَقُولُوا: التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ، السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِينَ -قَالَ أَبُو وَائِلٍ: فِي حَدِيثِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا قُلْتَهَا أَصَابَتْ كُلَّ عَبْدٍ صَالِحٍ فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، قَالَ أَبُو إِسْحَاقَ: فِي حَدِيثِ عَبْدِ اللّٰهِ: إِذَا قُلْتَهَا أَصَابَتْ كُلَّ مَلَكٍ مُقَرَّبٍ أَوْ نَبِيٍّ مُرْسَلٍ أَوْ عَبْدٍ صَالِحٍ - أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ.

الیٰ آخرہٖ''۔ حضرت ابووائل' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے بیان کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تُو نے یہ پڑھا تو بے شک بندے نے زمین و آسمان کی بھلائی پالی۔ حضرت ابواسحاق' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں فرماتے ہیں: جب تو نے یہ پڑھ لیا تو ہر مقرب فرشتہ یا نبی مرسل یا نیک بخت کی بھلائی پالی' ''اشهد ان لا اله الا الله الیٰ آخرہٖ''۔

حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا الْكُوفِيُّ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، وَمَنْصُورٍ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اس کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

9760- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ أَبِي لَيْلَى، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنِ الْحَكَمِ، وَفُضَيْلِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كُنَّا نَقُولُ فِي الصَّلَاةِ: السَّلَامُ عَلَى اللّٰهِ، فَسَمِعَ ذَلِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب ہم نماز میں بیٹھتے تو پڑھا: اللہ پر سلام ہو! سلامت ہو ہم پر اور ہمارے رب کی طرف سے سلامتی ہو جبریل اور میکائیل پر' سلامتی ہو فلان پر۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ تو خود سلام ہے' جب تم میں سے کوئی نماز میں بیٹھے تو یہ پڑھے: ''التحیات لله والصلوات والطیبات الیٰ آخرہٖ''

فَقَالَ: لَا تَقُولُوا السَّلَامُ عَلَى اللّٰهِ؛ فَإِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّلَامُ، وَلَكِنْ قُولُوا: التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ، السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِينَ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ.

جو یہ پڑھ لے تو ہر نیک بندے نے آسمان اور زمین میں اپنی بھلائی پالی' اس کے بعد پڑھے: ''اشهد ان لا اله الا الله الی آخره''۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُقْبَةَ السُّوَائِيُّ، عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ.

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَابَهْرَامَ الْأَيْذَجِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَنْجُوفِيُّ، ثنا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اسی طرح روایت کرتے ہیں۔

9761- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رُسْتَةَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، ثنا الْحَكَمُ بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ زُفَرَ بْنِ الْهُذَيْلِ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كَانُوا يَقُولُونَ: السَّلَامُ عَلَى اللّٰهِ، السَّلَامُ عَلَى جِبْرِيلَ، السَّلَامُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُولُوا السَّلَامُ عَلَى اللّٰهِ؛ فَإِنَّ اللّٰهَ هُوَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام التحیات میں یہ پڑھتے: السلام علی اللّٰه! السلام علی جبریل! السلام علی رسوله! حضور ﷺ نے فرمایا: السلام علی اللّٰه نہ کہو کیونکہ اللہ خود سلام ہے' لیکن تم یہ پڑھو: ''التحیات للّٰه والصلوات والطیبات''۔

السَّلَامُ، وَلَكِنْ قُولُوا: التَّحِيَّاتُ لِلَّهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ، السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللَّهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللَّهِ الصَّالِحِينَ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ

